সহজ

উর্দূ কী তেছরী কিতাব

আঞ্জুমানে হেমায়েতে ইসলাম লাহোর

বাংলা অনুবাদ ও শব্দার্থসহ

اردو کی تیسری کتاب

انجمن حمایت اسلام لاہور

সম্পাদনা

হাফেয মাওলানা মুহাম্মদ আবুল খায়ের

এদারাতুল মাআরিফ

মাদরাসা দারুর রাশাদ, মীরপুর, ঢাকা।

আল-কাউসার প্রকাশনী

পাঠক বন্ধু মার্কেট
৫০,বাংলাবাজার, ঢাকা।

ইসলামী টাওয়ার
১১, বাংলাবাজার, ঢাকা।

ফোন ঃ ৭১৬৫৪৭৭, মোবা ঃ ০১৭৬৮৫৭৭২৮

সূচীপত্র

বিষয়	পৃষ্ঠা
আল্লাহ তা'আলার প্রসংশা	৫
রাসূলুল্লাহ (সা.) এর আলোচনা	৮
আল্লাহর সৃষ্ট জীব	৪০
প্রাণীসমূহ	
হাড় বিশিষ্ট প্রাণী	৪১
স্তন্যপায়ী প্রাণী	৪১
হরিণ	৪৩
বানর	৪৪
বাঘ	৪৬
পাখী	৪৮
জল ও স্থল উভচর প্রাণী	৫৫
হাড়বিহীন প্রাণী	৬০
উদ্ভিদ জগত	৬৪
বটবৃক্ষ	৬৪
পিপিল	৬৬
শীশম	৬৮
কঙ্কর	৬৯
শোরহ (পটাশ)	৭০
তামা	৭১
চরিত্র গঠন	
ধর্মের নিয়মানুবর্তীতা	৭৩
ঘটনা	৭৩
পূণ্যের বীজ বপন	৭৬
একতা ও শত্রুতা	৭৮
এ সম্পর্কে কয়েকটি ঘটনা	
প্রথম ঘটনা	৮০
দ্বিতীয় ঘটনা	৮১
তৃতীয় ঘটনা একতার উপকার	৮৩
চতুর্থ ঘটনা ঃ শত্রুতার ক্ষতি	৮৪
পঞ্চম ঘটনা ঃ পরস্পরের সাহায্য	৮৫
ষষ্ঠ ঘটনা ঃ অনৈক্যের পরিণতি	৮৬

একতা সম্পর্কে আল্লাহ তা'আলার নির্দেশ

কালিমা তায়্যিবা ৯৭
আল্লাহ এক ৯৮
সত্যবাদী কখনো মিথ্যা কথা বলে না ১০২
একটি ঘটনা ১০৩
আল্লাহ তা'আলাই ইবাদতের উপযুক্ত ১০৪
আল্লাহ তা'আলারই ইবাদত করা উচিত ১১৫

এবাদত চার প্রকার

নামাজ ১১৬
রোজা ১১৬
যাকাত ১১৭
হজ্জ....................................... ১১৭
রাসূল কাকে বলে ১১৮
রাসূলের প্রয়োজন কি ১১৮
মুহাম্মদ (সা.) আল্লাহ তা'আলার রাসূল ১২০

পদ্যাংশ

আল্লাহ তা'আলার কদরত ১২১
মুনাজাত ১২৪
না'তে রাসূল ১২৫
রাসূলুল্লাহ (সা.) এর প্রতি মহব্বত ১২৬
দরূদ শরীফ পড়ার গুরুত্ব ১২৭
ভালো মানুষের সাথে ওঠা বসা ১২৭
যতটা পার নেক কাজ কর....................................... ১২৮
ইলমের পরিচয় ১২৯
একতা ১৩০
সকালে উঠা ১৩০
বন্ধুত্ব কার সাথে করা উচিত ১৩১
সাহসিকতার কাজ ১৩২
উপদেশ ১৩৬
আমার আল্লাহ আমার সাথে আছেন....................................... ১৩৮
চেষ্টা করুন ১৪১

সমাপ্ত

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی مَااَنْعَمَ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَمَّابَعْدُ

حمد

خدائے تعالیٰ ایسا صانع اور حکیم ہے کہ اس کی حکمتوں کو نہ کوئی زبان بیان کر سکے نہ کوئی قلم لکھ سکے اور نہ کوئی عقل پورے طور پر سمجھ سکے۔ دنیا میں جتنی چیزیں ہیں خواہ ہمیں نظر آتی ہیں، خواہ نہیں۔ پہلے ان میں سے ایک بھی نہ تھی نہ کوئی آدمی تھا نہ جانور نہ زمین تھی نہ آسمان۔ نہ دنیا تھی نہ دنیا کی چیزیں۔ صرف وہی ایک پاک خدا تھا۔ اس نے اپنی کامل حکمت سے آسمان وزمین کو پیدا کیا۔ آسمان پر چاند، سورج، اور ستارے بنا ئے۔ زمین پر پہاڑ کھڑے کئے۔ دریا بہائے، درخت اگائے سبز سبز گھاس کے فرش بچھا ئے اور ان سے فائدہ اٹھانے کو چیونٹی سے لے کر ہاتھی تک۔ پسو سے لے کر شترمرغ تک ہزاروں جانور پیدا کئے جن میں سب سے افضل انسان ہے۔ سب سے پہلے انسان ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام کو بنایا، پھر ہماری ماں حضرت حوا علیہا السلام کو پیدا کیا اور جب انہیں زمین پر مل کر رہنے کا حکم دیا تو یہ بھی سمجھا دیا کہ تم دونوں اپنی اولاد سمیت دنیا میں رہو سہو،

বঙ্গানুবাদ ঃ আল্লাহ তা'আলা এরূপ প্রস্তুতকারী এবং দার্শনিক যে, তার বৈজ্ঞানিক তথ্য না কেউ ভাষায় বর্ণনা করতে পারে, না কেউ কলম দ্বারা লিখে শেষ করতে পারে। না কোন জ্ঞানী সম্পূর্ণ বুঝতে পারে। পৃথিবীতে যত প্রকার জিনিস আছে, যা আমাদের দৃষ্টিগোচর হয় বা হয় না, প্রথমে এগুলোর একটিও ছিল না, না কোন মানুষ ছিল, না কোন প্রাণী, না মাটি ছিল, না আকাশ ছিল, না পৃথিবী ছিল, না পৃথিবীর কোন বস্তু, কেবলমাত্র আল্লাহ তা'আলাই ছিলেন। তিনি নিজে সম্পূর্ণ বিজ্ঞান ভিত্তিক আকশ ও পৃথিবীকে সৃষ্টি করেছেন। আকাশের উপর চন্দ্র, সূর্য এবং তারকামণ্ডলী সৃষ্টি করেছেন। পৃথিবীর উপর পাহাড় স্থাপন করেছেন, সবুজ ঘাসের বিছানা বিছিয়েছেন এবং এ থেকে উপকার পাওয়ার জন্য ক্ষুদ্র ক্ষুদ্র পিপীলিকা থেকে নিয়ে হাতী পর্যন্ত, মশা থেকে নিয়ে উট পাখি পর্যন্ত হাজার হাজার প্রাণী সৃষ্টি করেছেন। যাদের মধ্যে মানুষ শ্রেষ্ঠ। সর্ব প্রথম মানুষ আমাদের আদি পিতা হযরত আদম (আঃ) কে সৃষ্টি করেছেন। অতঃপর আমাদের মাতা হাওয়া (আঃ) কে সৃষ্টি করেছেন। যখন তাদের পৃথিবীতে মিলেমিশে থাকবার আদেশ দিলেন তখন একথাও বুঝিয়ে দিলেন যে, তোমরা দুজনে নিজের সন্তান সন্ততিসহ পৃথিবীতে বসবাস করবে।

শব্দার্থ ঃ صانع (ছানে) প্রস্তুত কারক বা শিল্পী, چیونٹی (চিউটি) পিপীলিকা, شترمرغ (শুতর মুরগ)-উটপাখি, افضل (আফযল)-উত্তম, پسو (পিশও)- মশা।

مگر میری بندگی میں غفلت نہ کرو۔ کسی کو میرا شریک نہ بناؤ میرے سوا کسی کو اپنا مالک نہ سمجھو۔ جو حکم دوں اسے مانو، جس کام سے منع کروں اسے نہ کرو۔ جب حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد بہت بڑھ گئی تو زمین کے مختلف حصوں میں جابسی۔ یہ لوگ زمین پر جابجا پھیل گئے تھے ان میں سے بہتیرے تو ایسے تھے جو اپنے پیدا کرنے والے کے احسانوں کو جانتے تھے۔ اس نے جو احکام حضرت آدم علیہ السلام کو دیئے تھے انہیں مانتے تھے مگر کچھ ایسے بھی نکلے جنھوں نے اپنے حقیقی مالک کو بھلا دیا۔ اس کی پرستش سے منہ موڑا۔ اس کے حکموں کو نہ مانا۔ اور اپنی ہوا و ہوس کو پورا کرنے کی دھن میں لگے رہے۔ دنیا میں جب کبھی خدا کے ایسے نافرمان بہت بڑھ گئے، تب اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے ان کی ہدایت کے لئے اپنے خاص بندوں کو پیدا کیا تا کہ وہ ان کو اللہ تعالیٰ کی مہربانیاں جتائیں اس کی خوشنودی حاصل کرنے کا طریقہ بتائیں۔ اس کے عذاب سے ڈرائیں اور انہیں برے کاموں سے بچائیں۔ خدائے تعالےٰ کے خاص بندے ان کو سمجھاتے تھے۔ کہ تمہارا اصلی اور حقیقی مالک وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا وہی تمہیں روز کھانے کو دیتا ہے۔ اولاد بخشتا ہے۔ پیار کر کے وہی تمہیں روز کھانے کو دیتا ہے

বঙ্গানুবাদ ঃ কিন্তু আমার ইবাদতে অমনোযোগী হবে না। কাউকে আমার অংশীদার বানাবে না। আমাকে ছাড়া অন্য কাহাকেও প্রভু জানবে না। যা আদেশ দিব তাহা মানবে। যে কাজ নিষেধ করব তাহা করবে না। যখন আদম (আঃ) এর সন্তান সন্ততি বৃদ্ধি পেল, তখন তারা পৃথিবীর বিভিন্ন প্রান্তে বসবাস করতে শুরু করল। এসব লোকেরা পৃথিবীর উপর চারিদিকে ছড়িয়ে পড়ল। এদের মধ্যে এমনও ভাল মানুষ ছিল যারা সৃষ্টিকারী প্রভুর অনুগ্রহ সম্পর্কে জানত। তিনি যে আদেশগুলি হযরত আদম (আঃ) কে দিয়েছিলেন সেগুলি মানতেন। কিন্তু এদের মধ্যে কিছু মানুষ বের হল যারা আপন সত্য প্রভুকে ভুলে গেল। তারা ইবাদত থেকে মুখ ফিরিয়ে নিল। তাঁর আদেশগুলি অমান্য করল এবং নিজের লোভলালসা পূরণ করারধ্যানে লেগে গেল। পৃথিবীতে যখন ঐ রকম অনেক অবাধ্যের সংখ্যা বাড়তে লাগল। তখন আল্লাহ তা'আলা আপন করুণাতে তাদেরকে পথ দেখানোর জন্য নিজের খাছ বান্দাদের সৃষ্টি করলেন। যাতে তারা আল্লাহ্‌র করুণাগুলির স্মরণ করে দেবে। তাঁর সন্তুষ্টি লাভ করার পন্থা বলবে। তার শাস্তির ভয় দেখাবে এবং তাদের যাবতীয় খারাপ কাজ থেকে বাঁচাবে। আল্লাহ তা'আলার খাছ বান্দাগণ তাদের বোঝাতেন যে, তোমাদের আসল ও প্রকৃত প্রভু তিনি যিনি তোমাদের সৃষ্টি করেছেন। তিনিই তোমাদের প্রতিদিনের আহার দিয়ে থাকেন।

শব্দার্থ ঃ غفلت অমনযোগী, شریک - অংশীদার। مختلف حصوں - বিভিন্ন অংশে, جابسی -এখানে ওখানে বসবাস করা, جابجا এখানে ওখানে সর্বত্র, حقیقی -সত্য, پرستش (পরস্তেশ)- ইবাদত করা, ہوا ہوس - কামনা বা বাসনা,

اولا د بخشتا ہے۔ بیمار کر کے وہی تندرست کرتا ہے۔ اسی نے رات اور دن بنائے ہیں کہ رات کے وقت آرام کرتے ہو، دن کو محنت مزدوری کر کے روزی کما تے ہو۔ وہی مالک جب چاہتے ہے تمہیں مار دیتا ہے۔ جب تک اس کی مرضی ہوتی ہے تم زندہ رہتے ہو۔ پس جس پاک ذات کی یہ عظمت اور یہ شان ہے واجب ہے کہ تم اس کے حکموں کو مانو اس کی عبادت کرو۔ اور جن کاموں سے وہ منع کرتا ہے ان سے با زرہو۔ اور جن کے کرنے کا حکم دیتا ہے انہیں کرو۔

خدائے تعالیٰ کے یہ خاص بندے جو خدا کے رسول اور نبی کہلاتے ہیں۔ ہمیشہ گمر اہوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ دکھاتے رہے اور ان سب میں آخری رسول وہ ہیں جن کی امت میں ہم ہیں اور جن کا مبارک نام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ آپ کا کچھ حال تو تم اردو کی دوسری کتاب میں پڑھ چکے ہو کچھ اب تمہیں سناتے ہیں دل لگا کر سنو۔ اور خوب یاد رکھو۔ اور جہاں تک ہو سکے ان کی بتائی ہوئی باتوں کی پیروی کرو۔

বঙ্গানুবাদ ঃ সন্তান সন্ততি দান করে থাকেন। রোগ দিয়ে তিনি রোগ মুক্ত করেন। তিনি রাত দিন সৃষ্টি করেছেন যে, রাতে আরাম করে থাক। দিনে শ্রম ও মুজুরী খেটে রুজী উপার্জন করতে পার। সেই প্রভু যখন ইচ্ছা তোমাদের মেরে ফেলেন, যতক্ষণ তাঁর ইচ্ছা হয় তোমরা জীবিত থাক, সুতরাং যে পবিত্র সত্ত্বা এত বড় শ্রেষ্ঠত্ব এবং মহাত্বের অধিকারী, তোমাদের উচিত তাঁর আদেশগুলি মানা ও তাঁর ইবাদত করা। আর যে সব কাজ হতে নিষেধ করেন, তা থেকে বিরত থাক এবং যে কাজগুলি আদেশ করেন সেগুলি কর। আল্লাহ তা'আলার এসব খাছ বান্দা যাদেরকে আল্লাহর রাসূল (সঃ) বা নবী বলা হয়, সর্বদাই (তারা) পথভ্রষ্টদের আল্লাহর রাস্তা দেখান। আর তাদের মধ্যে শেষ রাসূল তিনিই যার উম্মত আমরা এবং যার পবিত্র নাম হযরত মুহাম্মদ মোস্তফা (সঃ)। হযরত (সঃ) এর কিছু বর্ণনা তোমরা উর্দূ দোছরী কিতাবে পড়েছ। এখন কিছু তোমাদের শোনানো হচ্ছে। মন দিয়ে শোনো, এবং খুব স্বরণ রাখ।এবং যথাসম্ভব এ বর্ণনীয় কথাগুলির অনুসরণ কর।

শব্দার্থ ঃ مہربانی (মেহেরবানী)- দয়ালু, حدایت (হেদায়াত) সত্যপথ বা পরিচালনা, خوشنودی (খোশনুদি) - সন্তোষ বা আশান্দ, تندرست (তনদরস্ত)- সুস্থতা, عظمت (অজমত)- শ্রেষ্ঠত্ব।

جناب رسول خدا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر

عرب ایک ملک کا نام ہے جس میں اونٹ بہت ہوتے ہیں۔ وہ یہاں سے بہت دور مغرب کی طرف ہے۔ اس میں مکہ ایک شہر ہے جس کے درمیان خانۂ کعبہ ہے۔ یہ وہ پاک گھر ہے جسے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے خدائے تعالیٰ کے حکم سے اس کی عبادت کے واسطے بنایا تھا۔ اور اب ہم اسی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں شہر مکہ کو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے بسایا تھا۔ اپ بھی وہیں رہتے تھے اور آپ کی اولاد بھی وہیں بسی، اور آپ کے مذہب پر چلتی رہی۔ مگر آخر کار ان میں بے دینی پھیل گئی یہاں تک کہ خانۂ کعبہ میں بھی جو عبادت کا خاص مقام اور بڑا مقدس گھر ہے۔ مٹی اور پتھر کی مورتیں جنھیں بت کہتے ہیں رکھی گئیں اور ان کی پوجا ہونے لگی۔ اس وقت نہ صرف مکہ میں بتوں کی پوجا ہوتی تھی بلکہ دنیا کے سارے ملکوں میں یا تو بت پوجے جاتے تھے یا ایسے عقیدے پھیل گئے تھے جن میں خدئے تعالیٰ کے ساتھ اوروں کو بھی شریک سمجھا جاتا تھا

রাসূলুল্লাহ (সা.) এর আলোচনা

বঙ্গানুবাদ ঃ আরব একটি দেশের নাম। যেখানে উট বেশী হয় । তা এখান থেকে অনেক দূরে পশ্চিম দিকে। তার মধ্যে মক্কা একটি শহর, যার মাঝখানে কা'বা ঘর। এটা সেই পবিত্র ঘর, যা হযরত ইব্রাহীম (আঃ) এবং তার পুত্র ইসমাইল (আঃ) আল্লাহ্‌র আদেশে তাঁর ইবাদত করার জন্য তৈরি করেছিলেন। বর্তমানে আমরা তার দিকে মুখ করে নামাজ পড়ে থাকি। মক্কা শহর হযরত ইসমাইল(আঃ) আবাদ করেছিলেন।তিনি সেখানেই থাকতেন এবং তার সন্তান সন্ততিগণও সেখানে বসবাস করতেন এবং তার ধর্মের উপর চলতে লাগলেন। কিন্তু শেষের দিকে তাদের মধ্যে অধর্ম ছড়িয়ে পড়ল । এমন যে, কাবা ঘরেও যা ইবাদত করার জন্য নির্দিষ্ট এবং অতি পবিত্র ঘর, মাটি এবং পাথরের মূর্তি যাকে প্রতিমা বলা হয়, রাখা হয়েছিল এবং তার পূজা হতে লাগল। ঐ সময় শুধু মক্কাতেই প্রতিমা পূজা হত না, বরং পৃথিবীর সমস্ত দেশে হয়ত বা প্রতিমা পূজা হত নতুবা এমন বিশ্বাস ছড়িয়ে পড়েছিল, যার মধ্যে আল্লাহ্‌র সাথে অন্যদেরকেও অংশীবাদী বোঝান হত।

শব্দার্থ ঃ بسایا تھا - আবাদ করেছিলেন, آخر کار - শেষের দিকে, مقدس گھر - অতি পবিত্র ঘর, بت - প্রতিমা, عقیدے - বিশ্বাস,

اس حالت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے حضرت اسمعیل علیہ السلام کے گھرانے میں ہمارے رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو پیدا کیا جن کی پاک تعلیم کی وجہ سے دنیا کے ایک بڑے حصہ سے بت پرستی کا نام ونشان تقریبا بالکل مٹ گیا۔ اور صرف خدائے واحد ہی کی پرستش، ہونے لگی۔ مکہ میں حضرت اسمعیل علیہ السلام کی اولاد کے لوگ بڑی بہتات سے بستے تھے۔ اور وہی سارے ملک عرب میں معزز سمجھے جاتے تھے۔ اور وہی خانہ کعبہ کے متولی بھی تھے ان میں سے عبد المطلب ایک بڑا امیر تھا جو اپنے زمانہ میں مکہ کا سردار تھا۔ اس کے بیٹے عبداللہ کے یہاں ایک مبارک بیٹا پیدا ہوا جن کا نام انہوں نے محمد ﷺ رکھا۔ اس وقت عیسیٰ (علیہ السلام) کے آسمان پر چلے جانے کے بعد سوا پانچ سو برس گذر چکے تھے اور عرب کے پاس ہی ملک فارس میں نوشیروان عادل سلطنت کرتا تھا جو بڑا مشہور بادشاہ تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابھی پیدا نہیں ہوئے تھے کہ آپ کے والد فوت ہو گئے، اس لئے آپ کی پرورش آپ کی والدہ ماجدہ نے کی، جن کا نام آمنہ تھا۔ جب آپ چھ سات برس کے ہوئے تو والدہ کا سایہ بھی سر سے اٹھ گیا اور آپ اپنے دادا عبدالمطلب کے پاس رہنے لگے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ ঐ অবস্থায় আল্লাহ তা'আলা নিজ দয়াবশতঃ হযরত ইসমাইল (আঃ) এর বংশের মধ্যে হতে আমাদের রাসূলুল্লাহ (সঃ) কে সৃষ্টি করলেন। যার পবিত্র শিক্ষার দ্বারা পৃথিবীর একটি বড় অংশ হতে প্রতিমা পূজারীদের নাম নিশানা একেবারে মুছে গেল এবং একমাত্র এক আল্লাহর আরাধনা হতে লাগল। মক্কাতে হযরত ইসমাইল(আঃ) এর বংশের লোক বেশীর ভাগ বসবাস করে আসছিল এবং তাদেরকেই পুরো আরবে সম্মানিত মনে করা হত। এবং তারাই কাবা গৃহের মোতাওয়াল্লী (জিম্মাদার) ছিলেন। এদের মধ্যে আব্দুল মোত্তালেব নামে একজন বড় নেতা ছিলেন । যিনি নিজের যুগে মক্কার সরদার ছিলেন। তার পুত্র আব্দুল্লাহ হতে একটি পবিত্র পুত্র সন্তান জন্মলাভ করল, যার নাম তিনি মুহাম্মদ (সঃ) রেখেছিলেন। ঐ সময় ঈসা (আঃ) আকাশে চলে যাওয়ার পর সোয়া পাঁচশত বছর অতীত হয়ে গেছে এবং আরবের নিকটেই ফরাসী দেশে নওশেরান নামক একজন ন্যায়পরায়ণ রাজত্ব করতেন, যিনি খুব বড় বিখ্যাত বাদশাহ ছিলেন। হযরত নবীজী তখনও জন্মলাভ করেননি এমতাবস্থায় তার পিতা মারা গেলেন। সে কারণে হুজুর (সঃ) এর লালন-পালন তার পবিত্রতমা মাতা করলেন। যার নাম আমিনা ছিল। যখন নবীজীর বয়স ৬/৭ বছর হল, তখন তার মাথার উপর থেকে মাতৃ স্নেহ উঠে গেল এবং নবীজী নিজের দাদা আব্দুল মোত্তালেবের নিকট থাকতে লাগলেন।

শব্দার্থ ঃ گھرانے - বংশের, تعلیم - শিক্ষা, بت پرستی - প্রতিমা পূজারী, بالکل - একেবারে, بہتات - বেশিরভাগ, معزز - সম্মানিত, متولی - জিম্মাদার, عادل سلطنت - ন্যায়পরায়ণ রাজত্ব,

دو برس کے بعد وہ بھی انتقال کر گئے۔ اور انہوں نے آپ کی پرورش کا انتظام اپنے بیٹے ابو طالب کے سپرد کیا۔ ابو طالب حضرت کے باپ کے سگے بھائی اور اپنی قوم کے ایک بڑے رئیس تھے۔ وہ آپ کو اپنے بیٹوں سے بھی زیادہ عزیز رکھتے تھے اور آپ کی خبر گیری اچھی طرح کیا کرتے تھے۔ جب حضرتؐ کی عمر بارہ برس کی ہوئی تو ابو طالب تجارت کے واسطے ملک شام میں گئے اور آپ کو اپنے ساتھ لے گئے ملک شام عرب سے شمال کی طرف واقع ہے وہاں اس زمانہ میں عرب کے لوگ تجارت کے واسطے جایا کرتے تھے۔ اسی ملک میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور دوسرے بہت سے پیغمبر ہوئے ہیں۔ غرض اس سفر میں ایک نیک بخت عیسائی نے آپ کو دیکھا۔ چوں کہ اس نے آپؐ کا نام اور آپؐ کی تعریف اپنی کتابوں میں پڑھی تھی اس لئے دیکھتے ہی پہچان لیا اور ابو طالب سے کہا کہ تمہارے بھتیجے میں وہ نشانیاں پائی جاتی ہیں جو آخری زمانہ کے پیغمبر کے واسطے بھیجی ہوئی کتابوں میں لکھی ہیں۔ اور شام میں یہودی بستے ہیں وہ ان کے دشمن ہیں ایسا نہ ہو انھیں مار ڈالیں۔ اس لئے مناسب ہے کہ تم انہیں لے کر واپس چلے جاؤ۔ ابو طالب نے اس کی بات مان لی اور وہیں پاس کے شہر میں اپنا مال بیچ کر مکہ کو واپس چلے گئے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ দুই বছর পর তিনিও মারা গেলেন।এবং তিনি হুজুর (সঃ) এর লালন পালনের ব্যবস্থা নিজের পুত্র আবু তালেবের উপর ন্যস্ত করলেন। আবু তালেব নবীজীর পিতার আপন ভাই এবং নিজ গোত্রের বড় সরদার ছিলেন। তিনি নবীজীকে নিজ পুত্র অপেক্ষা বেশী ভালবাসতেন এবং নবীজীকে দেখাশুনা ভালভাবেই করতেন। যখন নবীজীর বয়স ১২ বছর হল তখন আবু তালেব ব্যবসার উদ্দেশ্যে শাম দেশে গেলেন এবং হযরত (সঃ) কে সঙ্গে নিয়ে গেলেন। শাম দেশ আরবের উত্তর দিকে অবস্থিত। সেখানে পূর্বকালের আরবের লোকেরা ব্যবসার উদ্দেশ্যে যাতায়াত করতেন। ঐ দেশে হযরত ইবরাহীম (আঃ) এবং অন্যান্য অনেক পয়গম্বর হয়েছিলেন। মোট কথা এই সফরে একজন সৎ চরিত্রবান ঈসায়ী (পাদ্রী) হযরত (সঃ) কে দেখলেন। কেননা ঈসায়ী পণ্ডিত হযরত (সঃ) এর নাম এবং তার পরিচয় নিজের ধর্মীয় পুস্তকসমূহে পড়েছিলেন। এইজন্য দেখামাত্র নবীজীকে চিনতে পারলেন, এবং আবু তালেবকে বললেন যে, তোমার ভাতিজার মধ্যে ঐ সমস্ত নির্দেশনাবলী পাওয়া যাচ্ছে যা শেষ জামানায় পয়গম্বর সম্পর্কে নাজেলকৃত কিতাবগুলির মধ্যে লেখা আছে এবং শাম দেশে ইয়াহুদীদের বসবাস, তারা তার শত্রু, এরূপ না হয় যে, তাকে মেরে ফেলে। এজন্য উচিত যে, তুমি ওকে নিয়ে ফিরে যাও। আবু তালেব তার কথা মেনে নিলেন এবং পার্শ্ববর্তী শহরে নিজের মালামাল বিক্রয় করে মক্কায় ফিরে গেলেন।

শব্দার্থ ঃ پرورش - লালনপালনের, سپرد - ন্যস্ত, رئیس - সরদার, غرض - মোটকথা, مناسب - উচিত।

اس کے بعد حضرتؐ کی نیک بختی اور نیک چلنی کی بہت شہرت ہوئی اور آپ کی امانت داری کی وجہ سے آپ کا لقب ہی ''امین'' ہوگیا۔ اس زمانہ میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا ایک بڑی مالدار عورت تھیں وہ اپنا مال لوگوں کو تجارت کے واسطے دیا کرتی تھیں۔ چنانچہ انہوں نے بھی آں حضرتؐ کی امانت داری اور خوش معاملگی کی شہرت سنی اور اپنے ایک غلام کے ساتھ شام کی طرف تجارت کے واسطے بھیجا۔ اس سفر میں بھی ایک اور مرد عیسائی نے وہی نشانیاں دیکھ کر پہچان لیا اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنھا کے غلام سے کہا، کہ انہیں شام میں نہ لے جا۔ وہاں کے یہودی ان کے دشمن ہیں، ایسا نہ ہو کہ انہیں مار ڈالیں۔ اس کے بعد حضرتؐ تجارت کا مال وہیں کسی پاس کے شہر میں بیچ کر واپس ہوئے۔ اور انہوں نے مال کے بیچنے میں بڑی عقلمندی سے کام لیا۔ سفر میں واپس آتے وقت آپؐ سے بہت سے معجزات ظہور میں آئے جنہیں دیکھ کر آپؐ کے ساتھیوں کو بہت تعجب ہوا جب آپ مکہ میں واپس آئے تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنھا کے سامنے ان کے غلام نی سارا حال بیان کیا۔ انہوں نے یہ باتیں سن کر آنحضرتؐ سے نکاح کی درخواست کی جس کو حضورؐ نے منظور کرلیا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তার পর হযরত (সঃ) এর ভাল ব্যবহার এবং ভাল আচরণ খুব প্রসিদ্ধি লাভ করল এবং হযরত (সঃ) এর আমানাত দারীর কারণে (গচ্ছিত মাল বিশ্বস্ততার সাথে রাখা) আমীন (বিশ্বাসী) তাঁর উপাধি হয়েছিল। তৎকালীন হযরত খাদীজা (রাঃ) একজন ধনাঢ্য মহিলা ছিলেন। তিনি নিজের মালপত্র লোকদেরকে ব্যবসার জন্য দিতেন, সুতরাং তিনি হযরত (সঃ) এর আমানাতদারী এবং সুন্দর ব্যবহারের সুখ্যাতির কথা শুনতে পেলেন, তিনি তাঁকে নিজের চাকরের সাথে শাম দেশে ব্যবসার জন্য পাঠালেন। ঐ ভ্রমনে একজন খ্রিষ্টান পাদ্রী সেই নিদর্শনাবলী দেখে চিনতে পারলেন এবং খাদিজা (রাঃ) এর গোলামকে বললেন যে, তাকে শ্যামদেশে নিয়ে যাবে না। সেখানকার ইয়াহুদীরা তার শত্রু, এরূপ না হয় যে, তাকে মেরে ফেলে। এর পর নবীজী ব্যবসার মালপত্র ঐখানে পাশ্ববর্তী শহরে বিক্রয় করে ফিরে আসলেন এবং তিনি মালপত্র বিক্রয়ের সময় খুব বুদ্ধিমত্তার পরিচয় দিলেন। সফর থেকে ফিরে আসার সময় নবীজীর অনেক (মু'জিযা) আশ্চর্যজনক ঘটনা প্রকাশ পেল। যা দেখে নবীজীর সাথীদের অবাক লাগল। যখন নবীজী মক্কায় ফিরে আসলেন, তখন হযরত খাদিজা (রাঃ) এর সামনে তার চাকর সমস্ত ঘটনা বর্ণনা করল। তিনি এসমস্ত শুনে নবীজীকে বিবাহ করার জন্য দরখাস্ত করলেন। যা নবীজী মঞ্জুর করলেন।

শব্দার্থ ঃ نیکی - ভাল আচরণ, چنانچہ - সুতরাং, نشانیاں - নিদর্শনাবলী, بڑی عقلمندی - খুব বুদ্ধিমত্তা, معجزات - আশ্চর্যজনক ঘটনা।

حضور کے ہاں حضرت خدیجہؓ سے دو لڑکے پیدا ہوئے جو بچپن ہی میں فوت ہو گئے
چار لڑکیاں بھی ہوئیں جن میں سب سے چھوٹی لڑکی کا نام حضرت فاطمہ رضی اللہ
عنھا ہے۔ ان سے آپ کو بڑی محبت تھی۔ حضرتؐ کی عمر پینتیس سال کی ہوئی تو مینھ
کے پانی سے ایسا سیلاب آیا کہ خانۂ کعبہ کی دیواریں بالکل خراب ہو گئیں اس لئے مکہ
والوں نے پہلی عمارت کو گرا کر نئی عمارت بنانی شروع کی مکہ کے بڑے بڑے امیروں
اور شریفوں کے ساتھ حضرت بھی پتھر اٹھا کر لاتے تھے۔ اور عمارت کے بنانے میں ان
کے ساتھ مل کر سب کام کاج کیا کرتے تھے۔ کعبہ شریف کی دیوار میں حجر اسود (سیاہ
پتھر) رکھا ہوا تھا جسے حضرت آدم علیہ السلام جنت سے اپنے ساتھ لائے تھے۔ خانہ کعبہ
کی تعمیر کے وقت اس بات پر تکرار ہوئی کہ اس پتھر کو کون اٹھا کر اس جگہ پر رکھے۔ وہاں
سب قومیں یہی چاہتی تھیں کہ اس پتھر کو اٹھا کر ہم رکھیں۔ آخرکار بہت سے جھگڑے
قضیے کے بعد یہ بات قرار پائی کہ جو شخص سب سے پہلے سویرے ہی خانہ کعبہ میں آئے
وہ جس طرح چاہے کرے۔ خدا کی قدرت! جو شخص سب سے پہلے وہاں آیا وہ آ
نحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہی تھے، لوگوں نے انہیں دیکھ کر بڑی خوشی ظاہر کی اور
کہا کہ یہ ''الامیں'' ہیں اور ہم ان کے حکم پر راضی ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ হুজুরের (সঃ) হযরত খাদিজা (রাঃ) হতে দুটি পুত্র সন্তান জন্মলাভ করে। যা শিশু অবস্থায় মারা যায়। চারটি কন্যা সন্তান জন্মেছিল, যার মধ্যে সর্ব কনিষ্ট কন্যার নাম হযরত ফাতেমা (রাঃ)। তাকে হযরত (সঃ) খুব ভালবাসতেন। হযরত (সঃ) এর বয়স ৩৫ বৎসর হলে তখন বৃষ্টির পানিতে এই রকম প্লাবন এসেছিল যে, কাবাঘরের দেওয়াল একেবারে নষ্ট হয়ে গেল। যার কারণে মক্কাবাসীরা পূর্বের নির্মিত সৌধকে ফেলে দিয়ে নূতন সৌধ তৈরি করতে আরম্ভ করলেন। মক্কার বড় বড় নেতা ও সম্মানীতদের সাথে হযরত (সঃ) পাথর তুলে আনতেন এবং সৌধ নির্মাণ কাজে তাদের সাথে মিলে সমস্ত কাজ করতেন। কাবা শরীফের দেওয়ালে হাজারে আসওয়াদ একটি কাল পাথর রাখা ছিল, যা হযরত আদম (আঃ) বেহেশত হতে নিজের সাথে করে এনেছিলেন। কাবা গৃহ পুনঃনির্মাণ কালে এ কথার বিতর্ক সৃষ্টি হল যে, ঐ পাথরটি কোন ব্যক্তি তুলে নির্দিষ্ট জায়গায় রাখবে। ওখানকার সকল গোত্রের নেতারা এ ইচ্ছা প্রকাশ করতে লাগল যে, এই পাথর আমরা তুলে রাখব। অবশেষে অনেক বিতর্ক ও বাক বিতণ্ডার পর এই সিদ্ধান্ত গৃহীত হল যে, যে ব্যক্তি সকলের প্রথমে সকালে কাবা গৃহে উপস্থিত হবে তিনি যেমনে ইচ্ছা করবেন, আল্লাহ্‌র অসীম ক্ষমতা! যে ব্যক্তি সবার প্রথমে উপস্থিত হলেন, তিনি ছিলেন হযরত মুহাম্মদ (সঃ)। লোকেরা তাঁকে দেখে বড় খুশী প্রকাশ করল এবং বলল উনি "বিশ্বাসী" আমরা ওর আদেশে রাজী থাকব।

শব্দার্থ ঃ بچپن [illegible], [illegible], قبیلہ গোত্রের, آخرکار - অবশেষে, [illegible]

آنحضرتؐ نے اپنے چادر مبارک میں اس مقدس پتھر کو رکھا۔ اور چادر مبارک کے چاروں کونے مکہ کی چار بڑی بڑی قوموں کے ایک ایک آدمی کے ہاتھ میں دیئے۔ اور سب مل کر اسے وہاں تک اٹھالائے جہاں اسے رکھنا چاہئے تھا۔ پھر حضرتؐ نے اس پاک پتھر کو اپنی چادر مبارک سے نکال کر اس کی جگہ پر رکھ دیا۔ گویا اس وقت آپ نے اپنے اس پاک دین کی بنیاد رکھی جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے آپ کے پاس آنے والا تھا۔ بچپن ہی سے حضرت کی طبیعت غور و فکر کی طرف مائل تھی اور آپ کو اکیلا بیٹھ کر خدا کا دھیان کرنا بہت پسند تھا۔ رفتہ رفتہ آپ کا یہ معمول ہو گیا کہ کچھ دنوں کا کھانا لے کر مکہ سے باہر چلے جاتے اور شہر سے تھوڑی ہی دور پر ایک پہاڑ ہے جسے کوہ حرا کہتے ہیں، اس کے غار میں جا بیٹھتے اور دنیا کی ساری چیزوں کا خیال چھوڑ کر خدائے تعالےٰ کی عبادت کیا کرتے۔ جب آنحضرتؐ کی عمر چالیس برس کی ہوگئی تو ایک دن آپ اپنی عادت کے مطابق کوہ حرا کے غار میں خدائے تعالےٰ کی یاد کر رہے تھے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام آپ کے پاس وحی لے کر آئے اور کہا کہ ''اے محمدؐ! پڑھو''! حضرتؐ نے فرمایا کہ ''کیا پڑھوں؟ میں تو لکھنا پڑھنا نہیں جانتا۔'' جبرئیل علیہ السلام نے حضورؐ کو اپنے سینے سے دبا کر بھینچا،

বঙ্গানুবাদ ঃ হযরত (সঃ) নিজের পবিত্র চাদর খানার উপর পবিত্র পাথরখানা রাখলেন এবং চাঁদরের চারটি কোনা মক্কার চার বড় বড় গোত্রের লোকদিগের এক একজনের হাতে দিলেন এবং সকলে একত্রে ঐ পর্যন্ত তুলে আনলেন, যেখানে রাখার দরকার ছিল। অতঃপর হযরত (সঃ) ঐ পবিত্র পাথরটি নিজে চাদর থেকে বের করে যথাস্থানে রেখে দিলেন। মনে হল ঐ সময় হযরত (সঃ) নিজের পবিত্র ধর্মের ভীত স্থাপন করলেন। যা আল্লাহ্‌র পক্ষ হতে হযরত (সঃ) এর নিকট আসার ছিল। শিশুকাল হতে হযরত (সঃ) এর স্বভাব চিন্তা ভাবনার প্রতি নিবিষ্ট ছিল এবং নির্জনে একা বসে বসে খোদার চিন্তায় মগ্ন থাকতে খুব ভালবাসতেন। ধীরে ধীরে হযরত (সঃ) এর এ অভ্যাস হয়ে গেল যে, কিছুদিনের খাদ্য নিয়ে মক্কার বাইরে চলে যেতেন এবং শহর হতে অল্প দূরে একটি পাহাড় যাকে হেরা পর্বত বলা হয়, উহার গুহায় গিয়ে বসতেন এবং দুনিয়ার সব চিন্তা ভাবনা ছেড়ে দিয়ে আল্লাহ্‌র ইবাদত করতেন। যখন হযরত (সঃ) এর বয়স ৪০ বছরে উত্তীর্ণ হল, তখন একদিন হযরত (সঃ) নিজের অভ্যাস মত হেরা গুহায় আল্লাহ্‌র স্মরণ করছিলেন এমন সময় হযরত জিবরাইল (আঃ) হযরত (সঃ) এর নিকট ঐশীবাণী নিয়ে এলেন এবং বললেন যে, হে মুহাম্মদ (সঃ) পড়ো! হযরত (সঃ) বললেন, কি পড়ব? আমি তো লেখাপড়া জানি না। জিবরাইল (আঃ) হযরত (সঃ) কে নিজের বুকে চেপে দিয়ে ছেড়ে দিলেন

শব্দার্থ ঃ اٹھالائے - তুলে আনলেন, بنیاد - ভীত স্থাপন, غور و فکر - চিন্তাভাবনা, اکیلا - নির্জনে একা, رفتہ رفتہ - ধীরে ধীরে, چالیس - ৪০ বছরে, دبا کر بھینچا - চেপে দিয়ে।

اور حسب سابق تین دفعہ ایسے ہی کیا۔ حضورؐ وہی عذر فرماتے رہے اور جبرئیل ہر بار آپ کو سینے سے لگا کر بھینچتے رہے۔ تیسری دفعہ بھینچنے سے حضور کے سینہ مبارک میں مکمل علمی روشنی آ گئی۔ اس کے بعد جبرئیلؑ نے حضور کو سورۂ علق کی یہ پہلی آیتیں پڑھائیں:۔ (اِقْرَءْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۔ اِقْرَءْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۔ اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۔ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۔)

پھر جبرئیل علیہ السلام نے وہاں خدا کے حکم سے پانی کا ایک چشمہ پیدا کیا اور حضورؐ کو وضو کرنا بتایا۔ اور نماز کی دو رکعتیں پڑھوائیں۔ جب یہ سب کچھ ہو چکا تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کوہ حرا سے اپنے گھر تشریف لائے اور اپنی بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنھا سے سارا حال بیان کیا وہ آپؐ کو اپنے چچا کے بیٹے ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں اور ان کے روبرو سارا حال بیان کیا۔ ورقہ ایک فاضل آدمی تھا۔ وہ ان کتابوں کو جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے پیغمبروں پر نازل ہو چکی تھیں، خوب جانتا تھا۔ چنانچہ توریت اور انجیل کا ترجمہ عربی زبان میں کیا کرتا تھا۔ اور بڑے بڑے یہودی اور عیسائی فاضلوں سے حضرتؐ کی نبوت کی خبر سن چکا تھا۔ وہ یہ حال سن کر بولا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এবং হিসাব মত তিনবার ঐরূপে বলতে লাগলেন। হযরত (সঃ) ঐরূপে আপত্তি দর্শাতে লাগলেন। আর জিবরাইল (আঃ) প্রতিবার হযরত (সঃ) কে বুকের মধ্যে চাপ দিতে লাগলেন। তৃতীয়বার চাপ দেওয়ার পর হযরত (সঃ) এর পবিত্র দৃষ্টিতে জ্ঞানের জ্যোতি পরিপূর্ণ এসে গেল। তারপর হযরত জিবরাইল (আঃ) হুজুর (সঃ) কে সূরা আলাকের প্রথম পাঁচটি আয়াত পড়ালেন। পুনরায় হযরত জিবরাইল (আঃ) আল্লাহ্‌র আদেশে ওখানে পানির ঝর্ণা সৃষ্টি করলেন এবং হুজুর (সঃ) কে অযু করার কথা বলে দিলেন ও দু'রাকায়াত নামায পড়ালেন। যখন এসব কিছু হল তখন হুজুর (সঃ) হিরা পর্বত হতে নিজের বাড়ি আসলেন এবং নিজের বিবি হযরত খাদিজা (রাঃ) কে সব ঘটনা বললেন। তিনি তার চাচার পুত্র অরকা বিন নওফেলের কাছে নিয়ে গেলেন, এবং ওর সম্মুখে সমস্ত ঘটনা বললেন। অরাকা একজন জ্ঞানী ব্যক্তি ছিলেন, তিনি ঐ সব কিতাবগুলি, যা আল্লাহ তা'আলার নিকট হতে পয়গম্বরগণের প্রতি অবতীর্ণ হয়েছিল, খুব ভাল জানত। এমনকি তাওরাত এবং ইনজীলের অনুবাদ আরবী ভাষায় করতে পারত এবং বড় বড় ইয়াহুদী এবং খ্রিষ্টান পাদ্রী পণ্ডিতগণের কাছে থেকে হযরত (সঃ) এর নবুওয়াতের খবর শুনেছিলেন, তিনি এই ঘটনা শুনে বললেন,

শব্দার্থ ঃ بھینچتے -চাপ দিতে লাগলেন, مکمل علمی روشنی - জ্ঞানের জ্যোতি পরিপূর্ণ, چشمہ - পানির ঝর্ণা, روبرو - সম্মুখে, فاضل آدمی - জ্ঞানী ব্যক্তি,

"اے محمد! تمہیں مبارک ہو کہ جبرئیل فرشتہ جو موسیٰ علیہ السلام اور دیگر پیغمبروں پر نازل ہوا تھا وہ تم پر بھی نازل ہوا۔ اس کے تھوڑے دن بعد پھر وحی نازل ہوئی اور لگاتار آتی رہی اور حضرت جبرئیلؑ خدائے تعالیٰ کے حکموں کو حضرتؐ کے پاس لاتے رہے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو خدا کی عبادت اور توحید کی طرف ترغیب دیتے رہے۔ حضرتؐ کی نبوت پر سب سے پہلے نوجوانوں میں ابوبکر۔صدیق رضی اللہ عنہ ایمان لائے جو قبیلہ قریش میں بڑے شریف اور نامی آدمی تھے اور عورتوں میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سب سے پہلے مشرف باسلام ہوئیں اور لڑکوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سب سے پہلے اس نعمت سے مالا مال ہوئے۔ ان کے بعد قوم قریش کے اور کئی معزز آدمی بھی آنحضرت صلعم پر ایمان لائے پھر آہستہ آہستہ اور لوگ بھی آپ صلعم کے پاک دین میں شامل ہوتے چلے گئے۔ عرب کے اکثر لوگ مٹی اور پتھر کی مورتیں بنا کر انہیں پوجتے تھے۔ انہیں سے اپنی مرادیں مانگتے پھر اپنی لڑکیوں کو پیدا ہوتے ہی مار ڈالتے۔ اور ہزاروں گناہ کیا کرتے۔ آپؐ ان کو ان کاموں سے منع کیا کرتے اور سمجھاتے کہ اللہ کو ایک جانو۔ اس کے حکموں کو مانو، اس کا کسی کو شریک نہ بناؤ صرف اللہ ہی کی بندگی کرو۔

বঙ্গানুবাদ ঃ হে মুহাম্মদ! তোমাকে অভিনন্দন, যে জিব্রাইল ফেরেস্তা মুছা (আঃ) এবং অন্যান্য পয়গম্বরগণের নিকট অবতীর্ণ হয়েছিলেন তিনি তোমার নিকট অবতীর্ণ হয়েছেন।তার কিছুদিন পর পুনরায় অহী অবতীর্ণ হল এবং অনবরত (অহী) আসতে লাগল। হযরত জিবরাইল (আঃ) আল্লাহ্র আদেশগুলি হযরত (সঃ) এর নিকট আনতে লাগলেন এবং রাসূলুল্লাহ (সা.) মানুষদিগকে আল্লাহ্র ইবাদত এবং একত্ববাদের প্রতি প্রেরণা দিতে থাকলেন। হযরত (সঃ) এর নবুওয়াতের প্রতি যুবকদের মধ্যে সর্বপ্রথম আবু বকর সিদ্দিকী (রাঃ) ঈমান আনলেন। যিনি কোরাইশ গোত্রের মধ্যে নামীদামী ব্যক্তি ছিলেন। মহিলাদের মধ্যে হযরত খাদিজা (রাঃ) সর্বপ্রথম স্বসম্মানে ইসলাম গ্রহণ করলেন এবং ছেলেদের মধ্যে হযরত আলী (রাঃ) সর্বপ্রথম এ অনুগ্রহের পরিপূর্ণতা লাভ করলেন। তারপর কোরাইশ গোত্রের কতক সম্মানীয় লোকেরাও হযরত (সঃ) এর প্রতি বিশ্বাস আনলেন। পুনরায় ধীরে ধীরে অন্যান্য লোকেরা হযরত (সঃ) এর ধর্মের মধ্যে সংযুক্ত হতে লাগল। আরবের অধিকাংশ মানুষেরা মাটি ও পাথরের মূর্তি তৈরি করে তাকে পূজা করত। তার নিকট নিজের ইচ্ছা গুলি চাইত। এরপর শিশুকন্যা জম্মালে মেরে ফেলত, এবং হাজার হাজার পাপ করে চলত। হযরত (সঃ) তাদেরকে এ সমস্ত কাজগুলি হতে নিষেধ করতেন এবং বুঝাতেন যে, আল্লাহকে এক জান, তার আদেশগুলি মান, তাকে কাউকেও তাঁর অংশীদার বানাবে না। একমাত্র আল্লাহরই ইবাদত কর,

শব্দার্থ ঃ لگاتار - অনবরত, ترغیب - প্রেরণা, قبیلہ قریش - কোরাইশ গোত্রের, مشرف باسلام - স্ব সম্মানে ইসলাম গ্রহণ, مورتیں - পরিপূর্ণতা, شریک -অংশীদার, بندگی - ইবাদত।

مٹی اور پتھر کی مورتیاں کی پوجا چھوڑ دو۔ وہ لوگ آپ کی ان باتوں سے خفا ہوتے۔ اور آپ کو اس بات سے منع کرتے مگر آپ اپنے پاک خدا پر بھروسہ کر کے اپنے نیک کاموں میں لگے رہتے اور جس کام کے واسطے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مقرر کیا تھا اس میں کوشش کئے جاتے۔ مکہ والوں نے آپ کی اس سچی اور پاک تعلیم کی کچھ قدر نہ کی اور الٹے آپ سے ناراض ہو گئے۔ ایک مرتبہ سب مل کر آپ کے چچا ابو طالب کے پاس آئے اور کہا کہ ''تمہارا بھتیجا ہمارے مذہب کو برا کہتا ہے، اور ہمارے معبودوں کی جنہیں ہم پوجتے ہیں بے عزتی کرتا ہے۔ ہم تمہارے لحاظ سے انہیں کچھ نہیں کہتے تم اسے سمجھا دو۔ کہ وہ ان باتوں کو چھوڑ دے نہیں تو ہم بہت بری طرح پیش آئیں گے۔ ابو طالب نے آپ کو بلایا اور جو کچھ ان لوگوں نے کہا تھا وہ سب آپؐ سے کہہ سنایا۔ آپ نے فرمایا، اے میرے پیارے چچا! خواہ تم میری مدد کرو یا نہ کرو میں اپنے اس فرض منصبی کو کبھی نہ چھوڑوں گا اور جس خدا نے مجھ کو پیدا کیا، پیغمبر بنایا اس کے حکموں کو سناؤں گا اور جن چیزوں کو یہ لوگ ناحق پوجتے ہیں میں ان کو کبھی نہ مانوں گا اور ان لوگوں کو بھی سمجھاؤں گا کہ یہ بت جن میں نہ عقل ہے نہ فکر، نہ ہمت ہے نہ طاقت،

বঙ্গানুবাদ ঃ মাটি এবং পাথরের পূজা করা ছেড়ে দাও। ঐ সমস্ত লোকেরা হযরত (সঃ) এর কথাগুলির জন্য রাগান্বিত হত এবং হযরত (সঃ) কে ঐ কথাগুলি বলতে নিষেধ করত। কিন্তু হযরত (সঃ) আল্লাহ্‌র উপর ভরসা করে নিজে ভাল কাজের মধ্যে লেগে থাকতেন এবং যে কাজের জন্য আল্লাহ তা'আলা নবীজীকে নিয়োগ করেছিলেন, তাতে চেষ্টা করে যেতেন। মক্কাবাসীরা নবীজীর সত্য এবং পবিত্রতম শিক্ষা-দীক্ষার প্রতি অসন্তুষ্ট হয়ে পড়ল। একবার সকলে মিলে নবীজীর চাচা আবু তালেবের নিকট আসল এবং বলল যে, তোমার ভ্রাতুস্পুত্র আমাদের ধর্মকে মন্দ বলে এবং আমাদের প্রভুদিগকে যাদেরকে আমরা আরাধনা করে থাকি, তাদেরকে অসম্মান করছে। আমরা তোমার সম্মানার্থে ওকে কিছু বলছি না। তুমি তাকে বুঝিয়ে দাও যে, সে ঐ কথাগুলি বলা ছেড়ে দিক । তাহা না হলে আমরা খুব খারাপ ব্যবহার করব।আবুতালেব নবীজীকে ডাকলেন এবং যা কিছু ঐ সব লোকেরা বলেছিল, তা সব নবীজীকে বলে শুনালেন। নবীজী বললেন, হে আমার শ্রদ্ধাভাজন চাচা! আপনার ইচ্ছা হয় আমাকে সাহায্য করুন বা না করুন, আমি আমার দায়িত্বপূর্ণ আদেশ পালন কখনই ছাড়ব না। যে আল্লাহ আমাকে সৃষ্টি করেছেন, পয়গম্বর বানিয়েছেন, তার আদেশগুলি শুনাব, আর যে জিনিসগুলির এই লোকেরা অসত্য পুজা করে থাকে আমি তাকে কখনই মানব না বরং ঐ সব লোকদের বুঝাব যে, এই প্রতিমা যার মধ্যে না কোন জ্ঞান, না কোন চিন্তা, না কোন সাহস, না শক্তি আছে।

শব্দার্থ ঃ چھوڑ دو - ছেড়ে দাও, خفا - রাগান্বিত, مقرر کیا - নিয়োগ করেছিলেন, ناراض - অসন্তুষ্ট, مذہب - ধর্ম, فرض منصبی - দায়িত্বপূর্ণ আদেশ পালন,

وہ تمہیں کسی کام میں مدد نہیں دے سکتے۔ کسی مصیبت سے نہیں بچا سکتے۔ تمہاری کسی مراد کے بر لانے کی قدرت نہیں رکھتے وہ ہرگز اس قابل نہیں کہ انہیں اپنا معبود جانو، اور مالک سمجھو۔ جس طرح تم خدا کی جان دار مخلوق ہو، وہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی بے جان چیزیں اور تمہارے ہاتھوں کی بنائی ہوئی صورتیں ہیں۔ تم میں عقل ہے۔ سمجھ ہے۔ چل پھر سکتے ہو۔ ایک دوسرے کو مدد دینے کو توفیق رکھتے ہو بولتے اور سنتے ہو۔ وہ ان باتوں سے محروم ہیں پھر تم ان کی پوجا کیوں کرتے ہو؟ اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ میں تو ان کو یہی سچی اور پاک تعلیم دوں گا۔ لوگ جو چاہیں سو کریں۔ مجھے امید ہے کہ میرا خدا جس کا فرمان میں پورا کر رہا ہوں میری مدد کرے گا۔ اور ان کی شرارتوں سے مجھے بچائے گا۔' یہ سن کر آپ کے چچا ابو طالب نے کہا کہ اے میرے پیارے بھائی کے بیٹے کچھ خوف نہ کر۔ کسی سے بھی نہ ڈر۔ تو اپنا کام کئے جا۔ ان کی مجال نہیں کہ تجھے جھڑک سکیں یا تجھ پر کچھ زیادتی کر سکیں۔ تو اپنے کام میں سچا ہے اور سب سے بڑھ کر امین ہے۔ تیرا دین سارے دینوں سے اچھا ہے۔ ایک دفعہ ایسا بھی ہوا کہ مکہ والوں نے مشورہ کر کے آپ سے کہلا بھیجا کہ "تم بڑے بزرگ ہو۔ ہماری قوم میں بہت عزت رکھتے ہو مگر افسوس ہے کہ ہمارے دیوتاوں کی مذمت کرتے ہو۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তারা তোমাদের কোন কাজে সাহায্য করতে পারে না। কোন বিপদে উদ্ধার করতে পারে না। তোমাদের ইচ্ছাকে পূরণ করার ক্ষমতা রাখে না। তারা কখনও এর উপযুক্ত নয় যে , তাদেরকে নিজেদের মা'বুদ জানব এবং প্রভু বুঝব। যেমন তোমারা খোদার সৃষ্টি জীব, তেমন এ পদার্থগুলিও আল্লাহর নির্জীব সৃষ্টি। এগুলো তোমাদের তৈরিকৃত প্রতিকৃতি তোমাদের জ্ঞান আছে ,বুঝ আছে, চলাফেরা করতে পার, একে অন্যের সাহায্য করার সামর্থ রাখ, বলতে পার ও শুনতে পাও। তারা এ সব হতে বঞ্চিত। এর পরেও তোমরা ওদের কেন পূজা করছ? তার পর নবীজী বললেন, আমিতো ওদের সত্য ও পবিত্র শিক্ষা দিব। লোকেরা যা ইচ্ছা তা করুক। আমার আশা যে, আমার প্রভু যার আদেশ পূরণ করছি, আমার সাহায্য করবেন এবং এদের দুষ্টামী হতে আমাকে বাঁচাবেন। এই কথা শুনে নবীজীর চাচা আবু তালেব বললেন যে, হে আমার স্নেহভাজন ভ্রাতুষ্পুত্র কোন ভয় কর না । কাউকে একবিন্দু ভয় পেও না। তুমি তোমার কাজ করেই যাও, ওদের শক্তি নাই যে, তোমাকে ধমক দিতে পারে বা তোমার প্রতি অত্যাচার করতে পারে। তোমার কথার মধ্যে সত্যতা আছে এবং সবচাইতে বড় বিশ্বাসী। তোমার ধর্ম সব ধর্ম হতে শ্রেষ্ঠ। একবার এমন হল যে, মক্কাবাসীরা পরামর্শ করে নবীজীকে বলে পাঠাল যে, তুমি বড়ই মহান, আমাদের বংশের মধ্যে সম্মান রাখ, কিন্তু দুঃখের বিষয় যে, আমাদের দেবতাগুলির অপবাদ কর।

শব্দার্থ ঃ مصیبت - বিপদে, جان دار مخلوق - সৃষ্টি জীব, توفیق - সামর্থ, محروم - বঞ্চিত, مدد - সাহায্য, مجال - শক্তি, جھڑک سکیں - ধমক দিতে পারে, مشورہ - পরামর্শ।

ہمیں ان کی پوجا سے روکتے ہو۔ اور اس سبب سے تم نے ہمیں جدا جدا کر دیا ہمیں آپس میں لڑا دیا۔ اس لئے ہم لوگ چاہتے ہیں کہ اگر تمہاری یہ خواہش ہے کہ تمہارے پاس بہت سا مال اور نعمت جمع ہو جائیاور تم بڑے دولت مند بن جاؤ تو ہم تمہیں اپنی دولت دیتے ہیں کہ کسی کے پاس نہ ہواور اگر تمہارا یہ منشا ہے کہ ہم لوگ تمہیں اپنا بادشاہ بنالیں تو اس بات پر بھی راجی ہیں۔ اور اگر تمہیں کوئی بیماری ہے جس کے سبب سے تم ایسی باتیں کرتے ہو تو ہم علاج کرنے کو تیار ہیں"۔ آپ نے جواب دیا، نہ میں دولت کا بھوکا ہوں اور نہ بادشاہی کا خواہاں۔ نہ مجھے کوئی بیماری ہے نہ کسی طرح کا کوئی لالچ میں تو خدا کا رسول ہوں اور اس واسطے آیا ہوں کہ تمہیں اس کے عذاب سے ڈراؤں۔ اس کی مہربانیوں کی خوش خبری سناؤں۔ اگر تم نے میرا کہا مانا تو اس دنیا میں بھی آرام سے رہو گے اور آخرت میں بھی خوشی دیکھو گے۔ اور اگر تم نے میری نصیحتوں کو نہ مانا اور مجھے جھوٹا جانا تو میں تمہاری اس زیادتی پر صبر کروں گا۔ اور تمہارا معاملہ اپنے خدائے پاک پر چھوڑ دوں گا اور وہ میری اور تمہاری باتوں کا فیصلہ کرے گا۔ جو کتاب میں تمہیں سناتا ہوں وہ خدائے رحمٰن اور رحیم کی دی ہوئی ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ আমাদের তাদের পূজা করতে বাধা দাও। একারণে তুমি আমাদেরকে পৃথক পৃথক করে দিয়েছ। আমাদের নিজেদের মধ্যে বিভেদ সৃষ্টি করে দিয়েছ। এজন্য আমরা চাচ্ছি যে, যদি তোমার এ ইচ্ছা হয় যে, তোমার কাছে ধন সম্পদ প্রচুর হোক এবং তুমি বড় ধনী হও, তবে আমরা তোমাকে এত পরিমাণ ধন-সম্পদ দিব যে, যা অন্য কারোর কাছে হবে না। আর যদি তোমার এও ইচ্ছা হয় যে, আমরা তোমাকে নিজেদের বাদশাহ বানিয়ে নিই, তা হলে আমরা ঐ কথায় রাজি আছি। আর যদি তোমার কোন রোগ হয়ে থাকে যার কারণে তুমি এরূপ কথাগুলি বলছ তা হলে আমরা চিকিৎসা করাতে প্রস্তুত আছি। নবীজী উত্তর দিলেন আমি সম্পদের ক্ষুধার্থ নই, বাদশাহ হবার ইচ্ছা নাই, আমার কোন রোগ নাই, আমার না কোন লালসা আছে। আমি আল্লাহ্‌র রাসূল এবং এজন্য এসেছি যে, তোমাদের তার শাস্তি হতে ভীতি প্রদর্শন করব, তার দয়াশীলতার সুসংবাদ শুনাব। যদি তোমরা আমার কথা মেনে নাও, তাহলে তোমরা এই পৃথিবীতে সুখ স্বচ্ছন্দে থাকতে পারবে এবং পরকালে শান্তি দেখতে পাবে। আর যদি তোমরা আমার উপদেশ না মান এবং আমাকে মিথ্যাবাদী মনে কর তবে আমি তোমাদের শক্তি প্রয়োগের উপর ধৈর্য ধারণ করব এবং তোমাদের ব্যাপার আমার খোদার উপর ছেড়ে দেব। তিনি আমার ও তোমাদের কথার বিচার করবেন। যে কিতাব আমি তোমাদের শুনাচ্ছি, তা দয়াবান ও দয়াশীল আল্লাহ্‌র প্রেরিত।

শব্দার্থ ঃ خواہش - ইচ্ছা, منشا - ইচ্ছা, علاج - চিকিৎসা, لالچ - লালসা, جھوٹا - মিথ্যাবাদি।

وہ عربی زبان میں ہے جو تمہاری زبان ہے۔ تاکہ تم اس کو سمجھ سکو اس میں اس شخص کے واسطے خوش خبری ہے جو اسے مانے اور جو اسے نہ مانے اسے یہ کتاب اللہ کے عذاب سے ڈراتی ہے لیکن افسوس ہے کہ بہتیرے آدمی اس سے منہ موڑتے ہیں۔ اس کو نہیں سنتے۔ اس کے حکموں پر نہیں چلتے۔ ان پر افسوس ہے جو بتوں کو پوجتے ہیں اور خدا ئے تعالیٰ کو نہیں مانتے۔ قیامت کے دن پر ایمان نہیں لاتے مگر یاد رکھو جو لوگ ایمان لائیں گے اور اچھے کام کریں گے وہ ہمیشہ فائدے میں رہیں گے۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا، کہ "میں نے جو کچھ کہا، تم نے سنا۔ اب تم جو چاہو سو کرو، تمہیں اختیار ہے۔" جب مکہ والوں کو یقین ہو گیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کام اور ہمارے دین کی برایاں کرنے سے باز نہ آئیں گے۔ اور یہ بھی دیکھ لیا کہ بہت سے لوگ آپ کے دین میں شامل ہوتے جاتے ہیں تو وہ آپ کے اور آپ کے اصحاب کے سخت دشمن ہو گئے اور انہوں نے آپ کو اور مسلمانوں کو سخت تکلیفیں دینی شروع کیں لیکن جب تک آپ کے چچا ابو طالب زندہ رہے ان کے خوف سے حضرت رسول خدا ﷺ کو تو سخت تکلیفیں نہیں پہنچا سکتے تھے مگر اکثر غریب اور بے کس مسلمانوں پر سخت ظلم کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ بہت سے مسلمان ان کافروں کے ظلموں سے شہید ہو گئے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তা আরবী ভাষায় যা তোমাদের ভাষা। যাতে তোমরা বুঝতে পার। তাতে ঐ ব্যক্তির জন্য সুসংবাদ যে তা মানবে এবং যে তাকে মানবে না তাদের প্রতি এই কিতাব আল্লাহ্‌র শাস্তির ভীতি প্রদর্শন করে। কিন্তু দুঃখের বিষয় অধিকাংশ মানুষ তা হতে মুখ ফিরিয়ে নেয়। তা শোনে না, তাঁর আদেশের উপর চলে না। তাদের প্রতি বড় দুঃখ হয় যে, যারা প্রতিমা পূজা করে এবং আল্লাহকে মানে না । কেয়ামতের দিনের কথা বিশ্বাস করে না । কিন্তু মনে রেখ যে, যে সমস্ত লোক ঈমান আনবে এবং ভাল কাজ করবে, সে সর্বদা ভাল অবস্থায় থাকবে। এরপর নবীজী বলেন, আমি যা কিছু বললাম তোমরা শুনলে, এখন তোমরা যা ইচ্ছা তা কর যা তোমাদের পছন্দ। যখন মক্কাবাসীদের দৃঢ় বিশ্বাস হল যে, নবীজী নিজের কাজ এবং তাদের ধর্মকে নিন্দা করতে বিরত হবে না, এবং এও দেখল যে, অনেক মানুষ নবীজীর ধর্মে শামিল হতে চলেছে, তখন নবীজীর এবং তার ছাহাবিদের কঠিন শত্রু হয়ে গেল এবং তারা নবীজীকে ও মুসলমানদের কঠিন কষ্ট দিতে শুরু করল। কিন্তু যতক্ষণ হযরতের চাচা আবু তালেব জীবিত ছিলেন,তার ভয়ে হযরত রাসূলুল্লাহ (স.) কে কঠিন কষ্ট দিতে পারত না। কিন্তু অধিকাংশ গরীব ও অসহায় মুসলমানদের উপর কঠিন অত্যাচার করত। এমন কি অনেক মুসলমান কাফেরদের অত্যাচারে শহীদ হয়ে গেল।

শব্দার্থ ঃ خوش خبری - সুসংবাদ, ڈراتی - ভীতি প্রদর্শন করে, ہمیشہ - সর্বদা, اختیار - ইচ্ছা, باز نہ - বিরত, تکلیفیں - কঠিন কষ্ট, بے کس -অসহায়।

جن مسلمانوں نے مکہ والوں کے ہاتھوں سخت مصیبتیں اٹھائیں اور طرح طرح کی تکلیفیں سہیں ان میں سے ایک حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی تھے جو ایک بت پرست کے زرخرید غلام تھے۔ وہ ان کو بہت تکلیفیں دیتا تھا۔ اس کی غرض یہ تھی کہ اسلام کو چھوڑ کر پھر بت پرست ہو جائیں۔ مگر وہ ایسے عالی ہمت اور سچے مسلمان تھے کہ ان سب مصیبتوں کو جھیلتے تھے۔ لیکن جس پاک اور سچے دین کو انہوں نے قبول کیا تھا اسے ہرگز نہ چھوڑتے تھے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بت پرست مالک کبھی ان کے گلے میں رسی باندھ کر لڑکوں کے حوالے کر دیتا۔ وہ رسی کو پکڑ کر انہیں گلی کوچوں میں لئے پھرتے۔ یہاں تک کہ رسی کی رگڑ سے ان کا جسم لہولہان ہو جاتا۔ کبھی انہیں لوہے کی زرہ پہنا کر دھوپ میں بٹھا دیتا تھا۔ کبھی مکہ سے باہر لے جاتا اور تپتی ہوئی ریت پر ننگا کر کے لٹا دتیا۔ اور تپتے ہوئے پتھر ان کے سینے پر رکھ دیتا۔ کبھی جانوروں کی کچی کھال میں انہیں باندھ دیتا اور دھوپ میں بٹھا کر لکڑیوں سے ایسا پٹواتا کہ وہ کھال ٹکرے ٹکرے ہو جاتی اور ان کے بدن سے لہو کے فوارے چلنے لگتے۔ پھر یہی نہیں کہ مار پیٹ پر ہی بس کرتا۔ بھوک پیاس سے الگ تنگ کرتا۔ کھانے کو روٹی پینے کو پانی نہ دیتا۔ یہ بھوک پیاس کے مارے بلکا کرتے۔ مگر وہ ذرا بھی رحم نہ کرتا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ যেসব মুসলমানরা মক্কাবাসীদের হাতে কঠিন দুঃখ যন্ত্রণা ভোগ করেছেন, বিভিন্ন কষ্ট সহ্য করেছেন, তাদের মধ্যে একজন বেলাল (রাঃ) ছিলেন। যিনি একজন মূর্তি পুজারীর অর্থের বিনিময়ে ক্রয়কৃত চাকর ছিলেন। সে তাকে খুব কষ্ট দিত। তার উদ্দেশ্য এটাই ছিল যে, ইসলাম ধর্মকে ছেড়ে দিয়ে পুনরায় মূর্তি পূজারী হয়ে যাক। কিন্তু তিনি এমন উচ্চ উদ্দীপনা এবং খাটি মুসলমান ছিলেন যে, ঐসমস্ত দুঃখ কষ্টগুলি সহ্য করতেন। কিন্তু তিনি যে পবিত্র সত্য দীনকে গ্রহণ করে ছিলেন, তা কখনই ছাড়েননি। হযরত বেলাল (রাঃ) এর প্রতিমা পূজাকারী প্রভু কখনও তার গলায় দড়ি বেঁধে দিয়ে ছেলেদের হাতে তুলে দিত, তারা দড়ি ধরে অলিতে গলিতে টেনে টেনে বেড়াত । এমন কি দড়ির ঘর্ষণে তার শরীর রক্তাক্ত হয়ে যেত। কখনও তাকে লোহার শিকল পরিয়ে রোদে বসিয়ে দিত। কখনও মক্কার বাইরে নিয়ে যেত, তপ্ত বালুতে বিবস্ত্র করে শুইয়ে দিত। কখনও জীব-জন্তুর কাঁচা চামড়ার মধ্যে পুরে বেধে দিত এবং রৌদ্রের মধ্যে বসিয়ে দিয়ে কাঠ দ্বারা এমন পেটান পেটানো হত যে, ঐ চামড়া ছিড়ে টুকরা টুকরা হয়ে যেত ও শরীর দিয়ে রক্তের ফোয়ারা ঝরত। শুধু এই নয় যে, মার-পিঠ করে বন্ধ করত ক্ষুধা পিপাসায় পৃথক কষ্ট দিত। খাবার রুটি পান করার পানি পর্যন্ত দিত না। এতে ক্ষুধা ও তৃষ্ণায় ছটফট করত। কিন্তু তারা এক বিন্দু পরিমাণ দয়া করত না।

শব্দার্থ ঃ مصیبتیں - দুঃখযন্ত্রণা, بت پرست - মূর্তি পুজা, عالی ہمت - উচ্চ উদ্দীপনা, لہولہان ہو جاتا - রক্তাক্ত হয়ে যেত, تپتی ہوئی ریت - তপ্ত বালুতে, لہو کے فوارے - রক্তের ফোয়ারা,

جاڑے میں ساری رات ننگا کر کے صحن میں باندھے رکھتا۔ گرمی میں سارے
سارے دن دھوپ میں بٹھائے رکھتا۔ غرض وہ بے درد طرح طرح کے سخت ظلم کرتا تھا
مگر حضرت بلال رضی اللہ عنہ ایسے صابر اور حضرتؐ کے سچے عاشق تھے کہ کبھی کوئی برا کلمہ
منہ سے نہ نکالتے۔ جب بولتے احد احد کا کلمہ منہ سے نکلتا۔ ایک دفعہ ان کا مالک انہیں
اسی طرح مار رہا تھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے گزرے وہ اس سچے
مسلمان کی تکلیف نہ دیکھ سکے اسی وقت ان کو ان مالک سے خرید لیا اور پھر آزاد کر دیا۔
جب غریب مسلمانوں پر اس قسم کی سختیاں حد سے زیادہ بڑھ گئیں اور کتنے ہی مسلمان
ان ظلموں اور مصیبتوں سے شہید ہو گئے تو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی
اجازت سے بہت سے مسلمان مکہ چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔ جہاں شہر مکہ ہے اس سے
مغرب کی طرف پاس ہی ایک سمندر ہے اور اس سمندر کے مغربی کنارے پر ایک اور
ملک ہے جس کا نام حبش ہے، حضرت محمد کے زمانہ میں وہاں کا بادشاہ عیسائی تھا اور اس کا
لقب نجاشی تھا، یہ سب مسلمان جو ملکے سے نکلنے پر مجبور ہو چکے تھے ہجرت کر کے اس
ملک میں چلے گئے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ শীতের মধ্যে সারা রাত্র উলঙ্গ করে আঙ্গিনায় বেঁধে রাখত। গরমের মধ্যে সারা দিন রৌদ্রে বসিয়ে রাখত। মোটকথা তারা সীমাহীন যন্ত্রণাদায়ক বিভিন্ন ধরনের অত্যাচার করত কিন্তু হযরত বেলাল (রাঃ) এমন ধৈর্যশীল ও নবীজীর খাটি প্রেমিক ছিলেন যে, কখনও তিনি খারাপ কথা মুখ দিয়ে বের করতেন না । যখন বলতেন "আহাদুন" "আহাদুন" কথা মুখ দিয়ে বের হত। একবার তার প্রভু তাকে অনুরুপভাবে প্রহার করছিল, হযরত আবুবকর (রাঃ) তার পাশ দিয়ে গেলেন, তিনি ঐ খাটি মুসলমানের কষ্ট সহ্য করতে না পেরে ঐ সময় তাকে ওর প্রভুর নিকট হতে ক্রয় করে নিলেন এবং পুনরায় মুক্ত করে দিলেন। যখন গরীব মুসলমানদের প্রতি এধরনের অত্যাচারের সীমা ছাড়িয়ে গেল এবং অনেক মুসলমান ঐ অত্যাচার ও দুঃখ কষ্টের মধ্য দিয়ে শহীদ হয়ে গেল। তখন রাসূল (সঃ) এর অনুমতি নিয়ে অনেক মুসলমান মক্কা ছাড়তে বাধ্যহল। মক্কা শহর যেখানে অবস্থিত তার পশ্চিম প্রান্তে নিকটে একটি সমুদ্র আছে, এবং সমুদ্রের পশ্চিম তীরে একটি অন্য দেশ আছে, যার নাম হাবশা। হযরত মোহাম্মদ (সঃ) এর জামানায় সেখানকার বাদশাহ ঈছায়ী ছিল এবং তার উপাধি নাজ্জাশী ছিল। সে সব মুসলমান যারা মক্কা ছাড়তে বাধ্য হয়েছিল , তারা স্বদেশ ত্যাগ করে ঐ দেশে চলে গেল।

শব্দার্থ ঃ سخت ظلم - সীমাহীন যন্ত্রণাদায়ক, صابر - ধৈর্যশীল, ایک دفعہ - একবার, خرید لیا - ক্রয় করে নিলেন, حد سے - সীমা ছাড়িয়ে, مغرب - পশ্চিম প্রান্তে, لقب - উপাধি.

مکہ کے بت پرستوں نے جب یہ حال دیکھا تو نجاشی کے پاس اپنے سردار بھیجے اوران سے درخواست کی کہ یہ لوگ جو ہمارے ملک سے بھاگ کر آپ کے پاس آئے ہیں، آپ انہیں ہمارے حوالہ کردیں۔ منصف مزاج بادشاہ نے ان سے جواب میں کہا۔ یہ لوگ میری پناہ میں آگئے۔ شایان ہمت وجوانمردی نہیں کہ ان کو واپس دوں تم چلے جاؤ میں ان کو تمہیں نہیں دوں گا اس کے بعد نجاشی کو اسلام کی صداقت معلوم ہوگئی تو وہ بھی مسلمان ہوگیا مسلمانوں کی اس ہجرت کے بعد حضرت کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور قوم قریش کے ایک بڑے سردار حضرت عمرؓ بڑے بہادر عالم وفاضل آدمی تھے اور قوم قریش کے لوگ بڑے بڑے کاموں میں ان سے مشورہ کیا کرتے تھے۔ اور ایسے کاموں میں ان کو اپنا پیشوا جانتے تھے۔ چنانچہ حضرت رسول خداؐ کی مخالفت میں بھی انہوں نے آپس میں جو کچھ مشورہ کیا تھا اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہی کی تجویز کو زیادہ وقعت دی تھی حضرت عمرؓ کو آپؐ سے اتنی زیادہ مخالفت تھی، پھر بھی ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ وہ اپنی بہن فاطمہ رضی اللہ عنہا سے سورہ 'طہا' کی آیتیں سن کر بیتاب سے ہوگئے۔ اور کہنے لگے کہ جس پاک ذات کا یہ کلام ہے، مناسب نہیں کہ اس کی عبادت میں قصور کیا جائے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ মক্কার প্রতিমা পূজারীরা যখন এ অবস্থা দেখল, তখন নাজ্জাশীর কাছে নিজেদের সর্দারকে পাঠাল এবং তার নিকট দরখাস্ত করল যে, এসব লোক যারা আমাদের দেশ হতে পালিয়ে আপনার কাছে এসেছে, আপনি ওদের আমাদের কাছে ফিরিয়ে দিন। ন্যায়পরায়ণ বাদশাহ তাদের উত্তরে বলেন, এ সমস্ত লোকেরা আমার আশ্রয়ে এসেছে, সাহসীকতা ও পৌরুষ নয় যে, তাদের ফিরিয়ে দিব। তোমরা চলে যাও, আমি ওদেরকে তোমাদের কাছে দেব না। তারপর নাজ্জাশী ইসলামের সত্যতা অবগত হলেন, তখন তিনিও মুসলমান হয়ে গেলেন। মুসলমানদের এই হিজরতের পর, নবীজীর চাচা হামজা (রাঃ) এবং কোরাইশ গোত্রের এক বড় সরদার হযরত ওমর (রাঃ) বড়ো বীর পুরুষ ও জ্ঞানী ব্যক্তি ছিলেন। কুরাইশ গোত্রের লোকেরা বড় বড় কাজের জন্য তার কাছে পরামর্শ নিত। এধরনের কাজের মধ্যে তাকে নিজেদের নেতা মনে করত। সুতরাং নবীজীর বিরুদ্ধে তারা নিজেদের মধ্যে যে সব পরামর্শ করেছিল তার মধ্যে হযরত ওমর (রাঃ)এর বিবেচনাকে বেশী সম্মান দিয়েছিল। হযরত ওমরের (রাঃ) নবীজীর প্রতি এত শত্রুতা ছিল যে, তথাপিও একদিন হঠাৎ এমন হল যে , তিনি নিজের ভগ্নি ফাতেমার কাছ থেকে "সূরা ত্বা-হা" এর আয়াত শুনে বড় ব্যকুল হয়ে গেলেন এবং বলতে লাগলেন যে, যে মহান সত্তার এই মহান বাণী, ঠিক নয় যে, তার ইবাদতে ত্রুটি করা যায়।

শব্দার্থ ঃ حوالہ کردیں - ফিরিয়ে দিন, پناہ - আশ্রয়, جوانمردی - পৌরুষ নয়, مشورہ - পরামর্শ, پیشوا - নেতা, تجویز - বিবেচনা, بیتاب - ব্যাকুল.

اس کے بعد کلمہ پڑھا اور سچے دل سے مسلمان ہو گئے۔ اب وہی حضرت عمرؓ جو آپ کے دشمن تھے اپنی تلوار گردن میں ڈالے آپ کی خدمت میں آئے، اس وقت آپ شہر کے باہر کوہ صفا کے قریب ایک مکان میں تشریف فرما تھے حضرت عمرؓ نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ آپؐ نے کھولنے کا حکم دے دیا۔ آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس آتے دیکھ کر ان کا استقبال کیا اور عمرؓ کا دامن کھینچ کر فرمایا، کس ارادے سے آئے ہو اے عمرؓ! کیا لڑتے رہو گے جب تک تم پر کوئی مصیبت نازل نہ ہو جائے" حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ "یا رسول اللہ! میں مسلمان ہونے اور خدا اور اس کے رسولؐ پر ایمان لانے کے لئے آیا ہوں" یہ سن کر آپ بہت خوش ہوئے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کلمہ پڑھا کر مسلمان کیا اور جو لوگ اس وقت بیٹھے تھے انہوں نے ایسی بلند آواز سے تکبیر (اللہ اکبر) کہی کہ اس کا غلغلہ شہر والوں کے کانوں تک پہنچا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ بات مناسب نہیں کہ مٹی اور پتھر کی ناچیز مورتوں کی پوجا تو کھلم کھلا ہو اور دنیا کے پیدا کرنے والے پاک خدا کی بندگی چھپ کر کی جائے۔ اور یہ سچا مذہب چھپا رہے۔ آپ بے کھٹکے باہر نکل کر نماز پڑھئے اور لوگوں کو ہدایت کیجئے

বঙ্গানুবাদ ঃ তারপর কালেমা পড়লেন এবং খাটি মনে মুসলমান হয়ে গেলেন। এখন সেই ওমর (রাঃ) যিনি নবীজীর শত্রু ছিলেন, নিজের তরবারী কাঁধে নিয়ে নবীজীর সামনে উপস্থিত হলেন। ঐসময় নবীজী শহরের বাইরে ছাফা পর্বতের নিকটবর্তী একটি গৃহে অবস্থান করছিলেন। হযরত ওমর(রাঃ) দরজায় নক করলেন। নবীজী দরজা খোলার আদেশ দিলেন, নবীজী ওমর (রাঃ) কে নিজের কাছে আসতে দেখে তার অভ্যর্থনা করলেন এবং হযরত ওমর (রাঃ) এর জামার আঁচল (আচল) টেনে বললেন, কি উদ্দেশ্যে এসেছ হে ওমর? তুমি কি লড়াই করতে থাকবে? যতক্ষণ পর্যন্ত তোমার উপর কোন বিপদ নেমে না আসে! হযরত ওমর (রাঃ) উত্তর দিলেন যে, হে আল্লাহ্র রাসূল। আমি মুসলমান হতে এবং আল্লাহ ও তাঁর রাসূলের প্রতি ঈমান আনার জন্য এসেছি। একথা শুনে হযরত (সঃ) খুব সন্তুষ্ট হলেন এবং হযরত ওমর (রাঃ) কে কালেমা পড়িয়ে মুসলমান করলেন। আর যে সব লোক ঐ সময় বসা ছিলেন, তারা এমন উচ্চস্বরে তকবীর ধ্বনি দিলেন যে, তার শব্দধ্বনি শহর বাসীদের কানে পর্যন্ত পৌছে গেল। তারপর হযরত ওমর (রাঃ) বললেন, এটি ঠিক না যে, মাটি এবং পাথরের মূল্যহীন মূর্তিগুলির পূজা প্রকাশ্যে হবে, আর পৃথিবী সৃষ্টিকারী পবিত্র আল্লাহর ইবাদত গোপন করে করতে হবে। সত্য ধর্ম গোপন থাকবে। আপনি বিনা বাধায় বের হয়ে নামায পড়ুন এবং লোকদের পথ প্রদর্শন করুন।

শব্দার্থ ঃ دروازہ کھٹکھٹایا - দরজায় নক করলেন, استقبال - অভ্যর্থনা, کھینچ - টেনে, بلند آواز - উচ্চস্বরে, غلغلہ - শব্দধ্বনি, کھلم کھلا ہو - প্রকাশ্যে হবে।

یہ سن کر رسول خدا ﷺ اپنے اصحاب سمت خانہ کعبہ کی طرف چلے اور حضرت عمرؓ ننگی تلوار لئے آپ کے آگے آگے ہو لیئے جب لوگوں نے حضرت عمرؓ کا یہ حال دیکھا تو پوچھا تیرے پیچھے کون ہے؟ انہوں نے کلمہ پڑھا اور کہا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہیں اور جو کوئی تم میں سے اب گستاخی کرے گا تو یہ تلوار ہے اور اس کا خون پھر حضرت رسول خدا ﷺ نے اصحاب سمیت دل جمعی سے خانہ کعبہ کا طواف کیا اور ظاہر ہو کر نماز پڑھی۔ جب مکہ والوں نے دیکھا کہ نجاشیؓ نے ان کی درخواست نا منظور کر دی اور مسلمان وہاں جا کر آرام سے رہنے سہنے لگے۔ ادھر قبیلۂ قریش کے دو بڑے مشہور سردار حضرت حمزہؓ اور حضرت عمرؓ بھی مسلمان ہو گئے تو ان کے غصہ اور دشمنی کی آگ بھڑک اٹھی اور انہوں نے جناب رسول خدا ﷺ کے شہید کر ڈالنے کی تجویز کی مگر ابو طالب کے سامنے ایک بھی پیش نہ گئی۔ کچھ دنوں کے بعد ابو طالب اور حضرت خدیجہؓ دونوں نے ایک دوسرے کے بعد وفات پائی۔ اس وقت آنحضرتؐ کی نبوت کا دسواں سال تھا۔ آپ کو ان دونوں کی وفات سے غم پر غم ہوا۔ اور اسی واسطے اس برس کو عام الحزن یعنی غم کا سال کہتے ہیں۔ حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد آپ کا نکاح سودہ بنت زمعہؓ اور عائشہ بنت ابی بکرؓ کے ساتھ ہوا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ একথা শুনে রাসূলুল্লাহ (সা.) নিজের (ছাহাবী) সাথীদের নিয়ে কাবা গৃহের দিকে চললেন এবং হযরত ওমর (রাঃ) খোলা তরবারী নিয়ে নবীজীর আগে আগে চললেন। যখন লোকেরা হযরত ওমর (রাঃ) এর এ অবস্থা দেখল তখন জিজ্ঞাসা করল তোমার পিছনে কে আছেন? তারা কালেমা পড়লেন এবং বললেন, হযরত মোহাম্মদ (সঃ) আছেন। তোমাদের মধ্যে যে কেউ খারাপ ব্যবহার করবে, তা হলে এই তরবারী এবং তার রক্ত। অতঃপর নবীজী ছাহাবীদের এক সঙ্গে প্রশান্ত মনে কাবা গৃহ প্রদক্ষিণ করলেন এবং প্রকাশ্যে নামায পড়লেন। যখন মক্কাবাসীরা দেখল যে, নাজ্জাসী তাদের দরখাস্ত কবুল করল না, এবং মুসলমানেরা ওখানে গিয়ে আরামের সাথে বসবাস করছে। অপর দিকে কুরাইশ গোত্রের দুজন বিখ্যাত সরদার হযরত হামজা (রাঃ) ও হযরত ওমর (রাঃ) মুসলমান হয়ে গেছেন। এতে তাদের ক্রোধ এবং শত্রুতার আগুন জ্বলে উঠল এবং তারা জনাব নবীজীকে শহীদ করার জন্য পরিকল্পনা করল। কিন্তু আবু তালেবের সামনে কেউই এগিয়ে আসল না। কিছুদিন পর আবুতালেব ও খাদিজা (রাঃ) দুজনেই একের পর এক ইন্তেকাল করলেন। নবীজীর ঐ সময় নবুওয়াতের দশম বৎসর ছিল। নবীজী ঐ দুজনের মৃত্যুতে যারপর নাই দুঃখ পেলেন। এজন্য ঐ বছরকে (আমুল হুজন) অর্থাৎ দুঃখের বছর বলা হয়। হযরত খাদিজা (রাঃ) এর মৃত্যুর পর হযরত (সঃ)এর বিবাহ ছওদা বিনতে যাম'আ এবং আয়শা বিনতে আবুবকর (রাঃ) এর সাথে হয়েছিল।

শব্দার্থ ঃ ننگی تلوار - খোলা তরবারী, گستاخی کرے - খারাপ ব্যবহার, سمیت دل - প্রশান্ত মনে, رہنے سہنے - বসবাস করছে, بھڑک اٹھی - জ্বলে উঠল, غم پر غم ہوا - যারপর নাই দুঃখ পেলেন।

اور ابو طالب کی جگہ ابولہب جو آپ کا چچا تھا اور ہمیشہ آپ کی مخالفت کیا کرتا تھا۔ آپ کا حامی بنا۔ لیکن جب اس نے سنا کہ آپ ان لوگوں کو دوزخی بتاتے ہیں جو بت پرستی کرتے تھے اور انہیں میں آپ کے دادا عبدالمطلب بھی تھے تو بہت ناراض ہوا اور وہ بھی اور لوگوں کے ساتھ آپ کو تکلیف دینے اور ضرر پہنچانے میں شریک ہوگیا اور آپؐ کو یہاں تک دق کیا کہ آپ کا مکہ میں رہنا مشکل ہوگیا۔ اس لئے آپ مکہ کو چھوڑ کر اس کے اردگرد قصبات میں تشریف لے گئے اور وہاں جا کر ہدایت کرنی شروع کی، مگر لوگ بھی آپ سے سختی سے پیش آئے اور اس قدر تنگ کیا کہ آپؐ کو مکہ ہی واپس آنا پڑا، اور مکہ والوں میں سے ایک شخص جس کا نام مطعم بن عدی تھا آپ کا حامی اور مددگار رہنا۔ ملک عرب میں ہمیشہ سے رسم چلی آتی تھی کہ سارے ملک سے لوگ خانۂ کعبہ میں حج کے لئے آتے تھے۔ حضرت رسول خدا ﷺ نے اس موقع پر ہزاروں آدمیوں کے جمع ہونے کو غنیمت سمجھ کر اپنا یہ قاعدہ بنا رکھا تھا کہ عرب کے مختلف قبیلوں میں جاتے اور وہاں ان کے سامنے کھڑے ہو کر وعظ و نصیحت فرماتے اور انہیں اپنی طرف متوجہ کرکے کہتے۔ اے لوگو! جس خدا نے تم کو پیدا کیا اور جو تمہیں روزی دیتا ہے۔ زندہ رکھتا ہے مارتا ہے اس کی بندگی کرو۔

বঙ্গানুবাদ ঃ আবু তালেবের স্থানে আবু লাহাব যিনি নবীজীর চাচা ছিলেন, এবং সর্বদাই নবীজীর বিরোধিতা করে আসছিল, তিনি নবীজীর পৃষ্ঠপোষক হলেন। কিন্তু যখন তিনি শুনলেন যে, নবীজী ঐ সব লোকদের দোজখী বলেছে, যারা প্রতিমা পূজা করছে এবং তাদের মধ্যে নবীজীর দাদা আব্দুল মোত্তালেবও ছিলেন, তখন খুব অসন্তুষ্ট হলেন এবং তিনিও অন্যান্য লোকদের সাথে নবীজীকে কষ্ট দিতে এবং ক্ষতি করতে শরিক হয়ে গেলেন এবং হযরত (সঃ) কে এত পরিমাণ কোণঠাসা করল যে, নবীজীর মক্কায় থাকা দুরূহ হয়ে পড়ল। এজন্য তিনি মক্কা ছেড়ে তার আসে পাশে ছোট শহরে চলে গেলেন এবং সেখানে গিয়ে (হেদায়েত) দীনের প্রচার শুরু করলেন। কিন্তু ঐ সমস্ত লোকেরাও নবীজীর প্রতি কঠোর ব্যবহার করল এবং এত পরিমাণ হেয় প্রতিপন্ন করল যে, নবীজীকে পুনরায় মক্কাতেই ফিরে আসতে হল এবং মক্কাবাসীদের মধ্যে একজন ব্যক্তি যার নাম মুতইম বিন আ'দী ছিল, তিনি নবীজীর পৃষ্ঠপোষক ও সাহায্যকারী হলেন। আরব দেশে সর্বদা রীতিনীতি চলে আসছিল যে, সারা দেশ হতে লোক কাবা গৃহে হজ্জ করার জন্য আসত। হযরত রাসূলুল্লাহ (স.) ঐ উপযুক্ত সময়ে হাজার হাজার মানুষের সমাবেশকে গনীমত মনে করে নিজের এই নিয়ম তৈরি করে রেখে ছিলেন যে, আরবের বিভিন্ন গোত্রে যেতেন এবং সেখানে তাদের সামনে দাড়িয়ে (ওয়ায নসীহত) সৎ উপদেশ দিতেন। তাদেরকে নিজের দিকে দৃষ্টি আকর্ষণ করে বলতেন, হে লোক সকল ! যে খোদা তোমাদের সৃষ্টি করেছেন, যিনি তোমাদের (রুজী) খাদ্য দিয়ে থাকেন, জীবিত রাখেন, মেরে ফেলেন, তার ইবাদত কর।

শব্দার্থ ঃ حامی - পৃষ্ঠপোষক, ضرر - ক্ষতি, دق - কোণঠাসা, رسم - রীতিনীতি, متوجہ - দিকে।

اسے واحد جانو، اس کا کسی کو شریک نہ بناؤ، مٹی اور پتھر کی مورتیں جنھیں تم پوجا کرتے ہو وہ اپنے بدن پر سے مکھی اڑانے کی بھی طاقت نہیں رکھتیں، پھر کس برتے پر انہیں مالک سمجھ کران کی بندگی کرتے ہو؟ اس نالائق کام کو چھوڑ دو۔ جب آپ کی نبوت کا گیارھواں سال شروع ہوا، تو اتفاقا مدینہ کے ایک مشہور قبیلہ کے آدمی حج کے دنوں میں حضرتؐ کے پاس حاضر ہوئے اور آپ کا وعظ سنا۔ وہ اپنے شہر کے یہودیوں سے سن چکے تھے کہ ان دنوں ایک پیغمبر ظاہر ہونے والا ہے پس انہوں نے آپؐ کا کلام سن کر یقین کرلیا کہ آپ وہی پیغمبر ہیں جن کا یہودی ذکر کیا کرتے ہیں اور اپنے وطن میں آکر مدینہ والوں کو آپؐ کی حالات سے خبر دی۔ دوسرے سال مدینہ کے بارہ آدمی حج کے دنوں میں مکہ آئے اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر ایمان لائے اور ان باتوں سے توبہ کی کہ آئندہ ہم کسی کو خدا کا شریک نہ جانیں گے، چوری چکاری نہ کریں گے، جھوٹ نہ بولیں گے۔ مفلس وفقیر ہو جانے کے خوف کو دل میں لاکر اولاد نہ ماریں گے اور خدا اور رسولؐ کے حکم سے منہ نہ موڑیں گے، آپؐ نے فرمایا کہ اگر تم ان وعدوں کو پورا کرو گے، اور جو کہتے ہو اس پر چلو گے تو تمہیں بہشت میں جگہ ملے گی۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তাকে এক জান, তাকে কারও শরীক বানাবে না। মাটি ও পাথরের মূর্তি যেগুলোকে তোমরা পূজা করে থাক তারা নিজের শরীরের উপর হতে মাছি তাড়ানোর ক্ষমতা রাখে না । তবে কিসের ওপর তাকে প্রভু মনে করে আরাধনা করে থাক? ঐ বাজে কাজ ছেড়ে দাও। যখন নবীজীর নবুওয়াতের একাদশ বৎসর শুরু হল, তখন ঘটনাক্রমে, একটি বিখ্যাত গোত্রের মানুষ হজ্জের দিনে নবীজীর কাছে উপস্থিত হল এবং নবীজীর উপদেশ শুনল, তারা নিজের শহরে ইয়াহুদীদের কাছে হতে শুনেছিল যে, ঐ সময়ে একজন পয়গম্বর আবির্ভাব হবে। অতএব তারা নবীজীর মুখনিশ্রিত বাণী শ্রবণ করে বিশ্বাস করল যে, নবীজী সেই পয়গম্বর যা ইয়াহুদীরা বলাবলি করত এবং নিজের দেশে এসে মদীনাবাসীদের নবীজীর অবস্থার কথা ঘোষণা করল। দ্বিতীয় বৎসরে মদীনা হতে বারোজন লোক হজ্জের দিনে মক্কায় আসল এবং নবীজীর খেদমতে উপস্থিত হয়ে ঈমান আনল এবং ঐ সব কথাগুলি হতে তওবা করল যে, আগামীতে আমরা কাউকেই আল্লাহর অংশীদার জানবো না। চুরি ডাকাতি করবো না, মিথ্যা কথা বলবে না, গরীব ও কাঙ্গাল হওয়ার ভয় অন্তরে এনে সন্তান হত্যা করবো না এবং আল্লাহ ও তার রাসূলের আদেশ হতে মুখ ফেরাবো না। নবীজী বললেন যে, তোমরা যদি এই প্রতিশ্রুতিগুলি পালন করতে পার, যা তোমরা বলছ, তার উপর যদি চল, তাহলে তোমাদের বেহেস্তে জায়গা মিলবে।

শব্দার্থ ঃ طاقت - ক্ষমতা, اتفاقا - ঘটনাক্রমে, آئندہ - আগামীতে, مفلس وفقیر - গরীব ও কাঙ্গাল, وعدوں - প্রতিশ্রুতিগুলি।

اور خدائے تعالیٰ کے وجود کا انکار کرو گے یا اس کے ساتھ کسی کو شریک سمجھو گے تو خدا کے غضب میں گرفتار ہو گے اور ان کے سوا کوئی اور گناہ کر بیٹھو گے تو اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے تمہارا گناہ بخش دے یا اس کے عوض عذاب کرے مصعب بن عمیرؓ ایک یہودی جوان تھے جو اپنے ماں باپ کے لاڈلے بیٹے تھے، وہ بھی مسلمان ہو گئے تھے اور انہوں نے بھی مکہ والوں کے ہاتھ سے بہت سی مصیبتیں اٹھائی تھیں اور جس قدر قرآن مجید اس وقت تک حضرت پر اترا تھا وہ سب انہیں یاد تھا اس لئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ والوں کو قران مجید سکھانے اور اسلام کی تعلیم دینے کے واسطے انہیں مقرر کیا، چنانچہ مدینہ کے جو بارہ آدمی آکر مسلمان ہوئے تھے ان کے ساتھ انھیں مدینہ بھیج دیا۔ مصعب بن عمیرؓ نے مدینہ میں آکر لوگوں میں اسلام کا وعظ کہنا اور قرآن مجید سنانا شروع کیا۔ جو لوگ خدا کا پاک کلام سنتے اسلام قبول کر لیتے۔ چنانچہ ہوتے ہوتے بہت سے آدمی مسلمان ہو گئے۔ ان دنوں سعد بن معاذ مدینہ کا سردار تھا۔ جب اس نے یہ خبر سنی، تو ان کو وعظ کہنے سے روکنا چاہا۔ اور ان کے پاس ایک دو آدمی اس واسطے بھیجے کہ وہ وعظ نہ کہیں۔ جب ان دو آدمیوں نے مصعبؓ سے خدا کا کلام سنا تو وہ بھی مسلمان ہو گئے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ আর যদি আল্লাহর অস্তিত্বকে অস্বীকার করে যাও অথবা তার সাথে কাউকে অংশীদার মনে করতে থাক, তাহলে আল্লাহর অভিশাপে পতিত হবে। আর যদি উহা ছাড়া অন্য কোন পাপ করে, তাহলে আল্লাহর অধিকার আছে, তোমাদের পাপ মার্জনা করে দিতে পারেন বা তার পরিবর্তে শাস্তি দিতে পারেন।মুসআব বিন ওমায়ের (রাঃ) একজন ইয়াহুদী যুবক ছিলেন, যিনি তার পিতামাতার আদরের সন্তান ছিলেন, তিনিও মুসলমান হয়েছিলেন এবং তিনিও মক্কাবাসীদের হাতে অনেক কষ্ট সহ্য করেছিলেন। আর সে সময় যে পরিমাণ কুরআন মজীদ নবীজীর প্রতি অবতীর্ণ হয়েছিল, তা সবই তার মুখস্ত ছিল। এজন্য রাসূলুল্লাহ (স.) মদীনাবাসীদের কুরআন শিখানো এবং ইসলামিক শিক্ষা দেওয়ার জন্য তাকে নির্দিষ্ট করলেন। অতঃপর মদীনা হতে যে ১২ জন মানুষ এসে মুসলমান হয়েছিল তাদের সাথে তাকে মদীনায় পাঠিয়ে দিলেন। মুসআব বিন ওমায়ের (রাঃ) মদীনায় এসে লোকদের ইসলামের উপদেশ দিতেন ও কুরআন মজীদ শোনাতে শুরু করলেন। যেসব লোক আল্লাহর পবিত্র কালাম শুনত ইসলাম কবুল করে নিত । এভাবে ক্রমান্বয়ে অনেক মুসলমান হয়ে গেল। ঐ সময়ে সা'দ বিন মা'আজ মদীনার সরদার ছিলেন। যখন তিনি এখবর শুনলেন তিনি তার (ওয়ায) উপদেশ দেওয়া হতে বাধা দিতে চাইলেন এবং তার কাছে দু একজন লোক এজন্য পাঠাল যে, যাতে তিনি যেন ওয়ায না করেন। যখন ঐ দুজন লোক মুসআবের নিকট হতে আল্লাহর কালাম শুনলেন, তখন তারাও মুসলমান হয়ে গেলেন।

শব্দার্থ ঃ اختیار ہے - অধিকার, عوض - পরিবর্তে, لاڈلے - আদরের, تعلیم - শিখানো, سردار - সরদার।

آخر کار سعد غصے میں بھرا ہوا مصعبؓ کے پاس آیا اور کہا۔ کہ کیوں ہمارے گھروں میں آتے ہو اور ہماری غریب رعایا کی عقل بگاڑتے ہو۔ سعد کی پھوپھی کے بیٹے اسعدؓ جو مسلمان ہو چکے تھے بولے کہ تم بڑے عقلمند اور ذی ہوش آدمی ہو ذرا یہاں بیٹھ جاؤ اور جو کچھ یہ کہتے ہیں اسے سنو۔ اگر وہ تمہیں پسند ہو تو اسے قبول کرلو۔ اور اگر ان کی باتیں تمہیں پسند نہ آئیں تو پھر جو تم کہو گے ہم وہی کریں گے۔ یہ سن کر سعدؓ بیٹھ گیا اور مصعبؓ قرآن مجید پڑھنے لگے۔ جب وہ چپ ہوئے تو سعدؓ ایمان لایا اور اپنی قوم کے سارے مردوں اور عورتوں کو بلا کر پوچھا، کہ سچ بتاؤ کہ میں کیسا آدمی ہوں اور تم مجھے کیسا آدمی سمجھتے ہو؟ سب نے کہا کہ تم ہمارے سردار ہو۔ سب سے اچھے آدمی ہو۔ اور تمہاری عقل پر ہمیں اعتماد ہے، تم جو کہو ہم اسے ماننے کے لئے تیار ہیں۔ سعدؓ نے کہا۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ خدا اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور اپنے پرانے مذہب کو چھوڑ دو یہ سن کر ان کے قبیلے کے سب آدمی اسی دن مسلمان ہو گئے۔ اور اس کے بعد ان لوگوں کی تلقین سے اور لوگوں نے بھی اسلام قبول کیا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے تیرھویں سال میں حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ مدینہ کے بہت سے لوگوں کے ساتھ حج کو آئے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ শেষ পর্যন্ত সা'দ অত্যন্ত রাগান্বিত হয়ে মুসআবের কাছে আসলেন এবং বললেন যে, কেন আমাদের বাড়ীতে আস? এবং আমার গরীব প্রজাদের বিবেককে বিকৃত কর? সা'দের ফুফীর পুত্র আসয়াদ (রাঃ) যিনি মুসলমান হয়েছিলেন, তিনি বললেন যে, তুমি বড় জ্ঞানী ও বিচক্ষণ পুরুষ, এখানে বসে পড়, এবং যা কিছু বলছে তাহা শ্রবণ কর। যদি তোমার পছন্দ হয়, তাহলে মেনে নাও, আর যদি ওর কথাগুলি তোমার পছন্দ না হয়, তাহলে পুনরায় তুমি যা বলবে, আমরা তা-ই করব। একথা শুনে সা'দ বসে গেলেন এবং হযরত মুসআব কুরআন মজীদ পড়তে লাগলেন। যখন তিনি বন্ধ করলেন, তখন সা'য়াদ ঈমান আনলেন এবং নিজের গোত্রের সকল নারী-পুরুষকে ডেকে জিজ্ঞাসা করলেন, সত্য করে বল, আমি কী রকম ব্যক্তি এবং তোমরা আমাকে কেমন মানুষ মনে কর? সবাই বললেন যে, তুমি আমাদের নেতা, সবার থেকে উত্তম ব্যক্তি, এবং তোমার বিবেকের প্রতি আমাদের বিশ্বাস আছে, তুমি যা বলবে আমরা মেনে নিতে প্রস্তুত আছি। সা'দ বললেন, আমি তো একথাই বলছি যে, আল্লাহ ও তার রাসূলের প্রতি ঈমান আন এবং নিজেদের পুরানো ধর্ম ছেড়ে দাও। এই কথা শুনে তার গোত্রের সব মানুষেরা সে দিনই মুসলমান হয়ে গেল এবং তাদের ধর্মীয় প্রচারণায় অন্যান্য লোকেরাও ইসলাম কবুল করলেন। আল্লাহ তায়ালা তাদের সকলের উপর সন্তুষ্ট হলেন। রাসূলুল্লাহর (স) নবুওয়াতের ত্রয়োদশ বৎসরে হযরত মুছআব বিন ওমায়ের (রাঃ) মদীনার অনেক মানুষের সাথে হজ্জে আসলেন।

শব্দার্থ ঃ غصے - রাগান্বিত, بگاڑ - বিকৃত, بلا کر - ডেকে, اچھے - উত্তম, قبیلے - গোত্রের। تیرھویں سال - ত্রয়োদশ বৎসরে,

ان میں سے جو مسلمان تھے وہ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کی زیارت سے دلوں کو روشن کیا۔ ایک رات مکہ سے باہر پہاڑیوں میں یہ سب مسلمان جمع ہوئے اور حضرت رسول خدا ﷺ بھی ان کے پاس تشریف لائے۔ آپ کے چچا عباسؓ جو اس وقت مسلمان نہیں ہوئے تھے وہ بھی آ گئے۔ اور انہوں نے مدینہ والوں سے کہا کہ محمد (ﷺ) میرا بھتیجا ہے، اور وہ مجھے ساری خلقت سے عزیز ہے۔ اور اگر تم نے اس کا دین قبول کیا ہے اور اس پر ایمان لائے ہو اور چاہتے ہو کہ اسے اپنے شہر میں لے جاؤ اور تمہیں اپنے او پر اعتماد ہے کہ تم اس کے ساتھ جو وعدے کرو گے اسے پورا کر کے دکھاؤ گے تو بہت مبارک ہے،، نہیں تو ابھی کہہ دو، ایسا نہ ہو کہ اسے وہاں لے جاؤ اور اس کے ساتھ جو وعدہ کرتے ہو اسے پورا نہ کرسکو اور ہمیں اپنا دشمن بنا لو سب نے کہا جو کچھ تم نے کہا ہم نے سنا۔ اور ہم نے اپنے مذہب کو چھوڑ چکے اور سچے دل سے حضرت ﷺ پر ایمان لا چکے ہیں اب ہم کبھی اپنے عہد سے نہ پھریں گے اور جو کچھ حضرتؐ فرمائیں گے اس کی دل و جان سے تعمیل کریں گے، اس کے بعد انہوں نے حضرتؐ کی خدمت میں عرض کی کہ جو عہد آپ ہم سے لینا چاہتے ہیں لے لیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তাদের মধ্যে যিনি মুসলমান ছিলেন, তিনি নবীজীর খেদমতে উপস্থিত হলেন এবং নবীজীর দর্শন লাভে অন্তরসমুহ আলোকিত করলেন। একদা রাত্রে মক্কার বাইরে পাহাড়ী অঞ্চলে এসব মুসলসান একত্রিত হল হুজুর (সা)ও আসলেন এবং হযরত রছুল (সঃ) এর চাচা আব্বাছ (রাঃ) যিনি তখনও মুসলমান হয়নি, তিনিও উপস্থিত হলেন এবং তিনি মদীনাবাসীদের বললেন, মুহাম্মদ (সঃ) আমার ভ্রাতুষ্পুত্র সে আমার নিকট সকল সৃষ্ট হতে প্রিয় এবং যদি তোমরা তার ধর্ম গ্রহণ করে থাক এবং তার উপর বিশ্বাস স্থাপন করে থাক, আর যদি তাকে নিজের দেশে নিয়ে যাওয়ার ইচ্ছা হয়, এবং তোমাদের নিজেদের প্রতি দৃঢ় বিশ্বাস থাকে যে, তোমরা তার সাথে যা অঙ্গীকার করবে, তা পুর্ণ করে দেখাবে, তাহলে বেশ ভাল কথা, নতুবা এখনই বলে দাও। এমন যেন না হয় যে, তাকে সেখানে নিয়ে যাও এবং আমাদেরকে নিজেদের শত্রু বানিয়ে নাও। সকলেই বললেন যা কিছু আপনি বললেন, আমরা শুনলাম, আমরা আমাদের ধর্মকে ছেড়ে দিয়েছি ও খাঁটি মনে নবীজীর প্রতি ঈমান এনেছি, এখন আমরা নিজেদের প্রতিশ্রুতি কখনও ভঙ্গ করবেন না। যা কিছু হযরত (সঃ) বলবেন উহা মনে প্রাণে পালন করব, তারপর তারা নবীজীর কাছে নিবেদন করলেন যে, যে অঙ্গীকার আমাদের নিকট হতে গ্রহণ করতে চাইবেন, গ্রহণ করতে পারেন।

শব্দার্থ ঃ روشن کیا - আলোকিত, تشریف - উপস্থিত হওয়া, عزیز - প্রিয়, عرض - নিবেদন।

آپ نے پہلے تو قرآن مجید کی کچھ آیتیں پڑھیں پھر فرمایا۔ خدائے تعالیٰ کا عہد تو یہ ہے کہ اس کی عبادت کرو۔ اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ سمجھو اور میرا عہد یہ ہے کہ مجھے میرے کام میں مدد دو۔ میں لوگوں کو جس مذہب کی تعلیم دیتا ہوں اس کو پھیلانے میں جو لوگ میرے مزاحم ہوں ان کے شر اور فساد کو روکو۔ اور جو میں کہوں اسے مانو، میرے حکم کے ہر حال میں پابند رہو۔ امیری اور غریبی میں اپنی توفیق کے مطابق مال اور دولت اللہ کی راہ میں دین کے پھیلانے کے واسطے خرچ کرو۔ نیک کام کرو۔ اور برے کاموں سے بچو، اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو۔ جب میں تمہارے پاس شہر میں آوں، میری مدد کرو۔ اور مصیبتوں میں بھی میرے حامی رہو۔ جن سے تم اپنے بال بچوں اور خویش و اقارب کو بچایا کرتے ہو۔ سب نے کہا یا رسول اللہ! ہم اس عہد پر قائم رہیں گے لیکن ایک عرض ہماری بھی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ جب خدائے تعالیٰ آپ کی مدد کرے اور آپؐ سب دشمنوں پر غالب آجائیں اور کسی کا خوف واندیشہ نہ رہے تو ایسا نہ ہو۔ کہ آپ ہمیں چھوڑ کر واپس چلے آئیں۔ آپ نے ہنس کر فرمایا ایسا نہیں ہوگا، میں تمہارا اور تم میرے۔ میرا مرنا جینا تمہارے ساتھ ہوگا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ নবীজী প্রথমে কুরআন মজীদ হতে কিছু আয়াত পাঠ করে পুনরায় বললেন, খোদাতায়ালার অঙ্গীকার এটাই যে, তার ইবাদত কর এবং কোন বস্তুকে তার অংশীদার মনে করবে না এবং আমার প্রতিশ্রুতি এই যে, আমাকে আমার কাজে সাহায্য করবে, আমি লোকদেরকে যে ধর্মের শিক্ষা দেই তার প্রচার প্রসারে যারা আমার বিরুদ্ধাচারী হবে, তাদের অন্যায় ও ক্ষতি করা হতে বাধা দিবে, এবং আমি যা বলব তা মানবে। আমার আদেশকে সর্বঅবস্থায় মানতে থাক। ধনী ও গরীব অবস্থাতে নিজের সাধ্যনুযায়ী ধন-সম্পদ আল্লাহর রাস্তায় দীন প্রচারের জন্য খরচ করবে। সৎকাজ করবে ও মন্দ কাজ হতে বাঁচবে। এবং কোনও তিরস্কারকারীর তিরস্কারকে ভয় করবে না, আমি যখন তোমাদের শহরে আসব আমাকে সাহায্য করবে এবং দুঃখ কষ্টের মধ্যেও আমার সাহায্যকারী থাকবে। যেমনরূপে তোমরা নিজেদের সন্তান সন্ততি ও আত্মীয়-স্বজনদের রক্ষা করে থাক। সবাই বললেন হে আল্লাহর রাসূল (স.) আমরা এ অঙ্গীকারে অটল থাকব, কিন্তু একটি আবেদন আমাদেরও আছে, আর তা হল, যখন আল্লাহ তা'আলা আপনাকে সাহায্য করবেন এবং আপনি সকল শত্রুদের উপর জয়ী হবেন এবং কারও ভয় ভীতির সম্ভাবনা থাকবে না। তখন এমন যেন না হয় যে, আপনি আমাদের ছেড়ে চলে আসেন। নবীজী মুচকি হেসে বললেন এমনটা হবে না। আমি তোমাদের, তোমরা আমার, আমার জীবন, মরণ, তোমাদের সাথে হবে।

শব্দার্থ ঃ عہد - ওয়াদা, مزاحم - বিরুদ্ধাচারী, مزاحم - প্রচারের, پھیلا - সাহায্য, حامی - সাহায্য, اقارب - আত্মীয়-স্বজন, غالب - জয়ী।

میری قبر تمہاری قبروں میں ہوگی۔ اور میرا گھر تمہاری گھروں میں۔ جن کے ساتھ تم لڑوگے۔ میں بھی لڑوں گا، جن کے ساتھ صلح کروگے، میں بھی کروں گا۔ جب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ والوں سے یہ عہد و پیمان کر چکے تو مکہ کے رہنے والوں کو بھی اس کی خبر ہوگئی۔ وہ اور بھی برافروختہ ہوئے اور انہوں نے آپؐ کے شہید کرنے کا مشورہ کیا۔ اور یہ تجویز طے ہوئی کہ ہر قوم میں سے ایک ایک آدمی جمع ہوکر حضورؐ کے دروازہ پر مسلح کھڑے رہیں، اور جب حضورؐ باہر نکلیں تو سب کے سب ایک ہی دفعہ حملہ کرکے آپ کو شہید کردیں۔ اکثر صحابہؓ تو پہلے ہی ہجرت کر چکے تھے، کفار کے مشورہ کے بعد اللہ نے حضورؐ کو بھی ہجرت کی اجازت عطا فرمائی۔ اجازت کے بعد آپؐ ابوبکر صدیقؓ کے پاس تشریف لے گئے، اور ہجرت کی خوش خبری سنائی۔ ابوبکر صدیقؓ نے دو سواریاں پہلے سے خرید لی تھیں اور ایک غلام کو اجرت پر رہبری کے لئے مقرر کیا، اور اونٹنیاں اس کے حوالہ کیں کہ فلاں تاریخ کو فلاں مقام پر اونٹنیاں لے آئے۔ اور آپس میں رات کو ملنے کے لئے جگہ مقرر کردی گئی۔ جس رات کو آپ ہجرت کرنے والے تھے کفار حسب مشورہ دروازہ پر جمع ہوگئے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ আমার কবর, তোমাদের কবরের মধ্যে হবে এবং আমার ঘর তোমাদের ঘরগুলির মধ্যে হবে। যাদের সাথে তোমরা লড়াই করবে, আমিও লড়াই করব। যাদের সাথে সন্ধি করবে, আমিও করব। যখন নবীজী মদীনাবাসীদের নিকট হতে এসমস্ত অঙ্গীকার ও প্রতিশ্রুতি করে নিলেন, তখন মক্কাবাসীদের কাছে এখবর পৌঁছে গেল। তারা আরও রাগান্বিত হল। তারা নবীজীকে শহীদ করার পরামর্শ করল এবং এই সিদ্ধান্তে উপনীত হল যে, প্রত্যেক গোত্র থেকে এক একজন মানুষ একত্রিত হয়ে, নবীজীর ঘরের দরজায় অস্ত্র নিয়ে বর্মপরা অবস্থায় দাড়িয়ে থাকবে এবং নবীজী যখন বের হবে তখন সকলে একসাথে আক্রমণ করে হযরতকে শহীদ করে দিবে। অধিকাংশ ছাহাবীগণ পূর্বেই স্বদেশ ত্যাগ করেছিলেন। কাফেরদিগের পরামর্শের পর আল্লাহ তা'আলা নবীজীকে হিজরতের অনুমতি দিলেন। অনুমতি পাওয়ার পর, নবীজী আবুবকর সিদ্দিক(রাঃ) এর কাছে চলে গেলেন এবং হিজরতের সুসংবাদ শুনালেন। হযরত আবুবকর সিদ্দিক (রাঃ) পূর্ব হতে দুটি বাহন ক্রয় করে রেখেছিলেন ও একটি গোলামকে পারিশ্রমিকের বিনিময়ে পথ নির্দেশের জন্য নির্দিষ্ট করলেন এবং দুটি উট তাকে বরাত দিলেন যে, অমুক তারিখে অমুক স্থানে উট দুটি নিয়ে আসবে এবং পরস্পর রাত্রে একত্রিত হবার স্থান নির্দিষ্ট করে দিলেন। যে রাতে নবীজীর হিজরত করার কথা ছিল, কাফেররা পরামর্শমত দরজার সামনে একত্রিত হল,

শব্দার্থ ঃ صلح - সন্ধি, پیمان - প্রতিশ্রুতি, مشورہ - পরামর্শ, اجازت - অনুমতি, خرید - ক্রয়, اجرت - পারিশ্রমিক, حسب مشورہ - পরামর্শমত।

آپ ؐ نے حضرت علیؓ کو بستر پر سونے کا حکم فرمایا۔ حضرت علیؓ کو کیا عذر تھا، وہ تو جان دینے کے لئے بھی تیار تھے حکم پاتے ہی کپڑا تان کر حضورؐ کے بستر پر لیٹ گئے۔ آپ ؐ نے حضرت علیؓ کو تسلی دی اور مٹھی بھر مٹی لے کر چند آیات کلام مجید پڑھ کر مٹی کفار کی طرف پھینکی، جو کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے سب کے سروں پر جا گری اور سب غافل ہو گئے۔ اسی وقت حضورؐ ان کے درمیان سے نکل کر ابو بکرؓ کے پاس پہنچے، وہ پہلے سے مقام مقررہ پر منتظر تھے، انہیں ساتھ لے کر مکہ سے شمال کی طرف ثور نامی ایک پہاڑ کی طرف روانہ ہو گئے اور غار کو صاف کر کے حضورؐ کو اندر لے گئے۔ جس غار میں چھپنے کا ارادہ تھا وہاں پہنچے تو حضرت ابو بکر صدیقؓ خود غار کے اندر چلے گئے۔ اور غار کو صاف کر کے حضورؐ کو غار کے اندر لے گئے۔ اور حضرت رسول خدا ﷺ حضرت ابو بکرؓ کے زانو پر سر رکھ کر سو گئے۔ ادھر کفار ظالم ساری رات دروازے پر حضور کا انتظار کرتے رہے، صبح تک جب حضورؐ باہر تشریف نہ لائے تو آپ کے گھر میں داخل ہوئے، لیکن آپ کو نہ پایا اور حضرت علیؓ کو آپ کے بستر پر دیکھ کر پوچھا کہ آپ کے نبی کہاں گئے؟

বঙ্গানুবাদ ঃ নবীজী হযরত আলী (রাঃ) কে নিজের বিছানায় শুয়ে থাকার আদেশ দিলেন। হযরত আলীর (রাঃ) তাতে কি আপত্তি থাকবে! তিনি জীবন দেওয়ার জন্যও তৈরি ছিলেন। আদেশ পাওয়া মাত্র কাপড় মুড়ি দিয়ে নবীজীর বিছানায় শুয়ে গেলেন। নবীজী হযরত আলী (রাঃ) কে শান্তনা দিলেন এবং একমুষ্টি মাটি নিয়ে কালাম পাকের কয়েকটি আয়াত পড়ে কাফেরদের দিকে ছুড়ে দিলেন, যা আল্লাহ্‌র হুকুমে সকলের মাথার উপর পড়ল এবং সবাই অন্যমনোষ্ক হয়ে পড়ল। ঐ সময় নবীজী তাদের মাঝখান হতে বের হয়ে আবু বকর (রাঃ) এর কাছে পৌছালেন। তিনি পূর্ব থেকেই যথা স্থানে অপেক্ষা করছিলেন। তাকে সঙ্গে করে মক্কা হতে উত্তরে "ছওর" নামক এক পাহাড়ের দিকে রওনা হয়ে গেলেন। গুহাকে পরিস্কার করে নবীজীকে ভিতরে নিয়ে গেলেন। যে গুহাতে লুকোনোর ইচ্ছা ছিল, সেখানে পৌছালেন তখন আবুবকর (রাঃ) নিজে গুহার মধ্যে প্রবেশ করলেন এবং গুহাকে পরিস্কার করে হুজুর (সঃ) কে গুহার মধ্যে নিয়ে গেলেন এবং নবীজী হযরত আবুবকর (রাঃ) এর রানের উপর মাথা রেখে শুয়ে গেলেন। অপরদিকে অত্যাচারী কাফেররা রাতভর দরজার কাছে নবীজীর জন্য অপেক্ষা করছিল।যখন নবীজী সকাল পর্যন্ত বের হলেন না। তখন তারা নবীজীর ঘরে প্রবেশ করল কিন্তু নবীজীকে পেল না এবং হযরত আলী (রাঃ) কে নবীজীর শয্যায় দেখতে পেয়ে জিজ্ঞাসা করল যে, তোমার নবী কোথায় গেছে?

শব্দার্থ ঃ لیٹ - শুয়ে, پھینکی -ছুড়ে দিলেন, اندر - ভিতরে।

انھوں نے فرمایا اپنے نبی کا حال خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ یہ سن کر نہایت ہی شرمسار ہو کر یقین کر لیا کہ آپ مدینہ کی طرف چلے گئے ہیں۔ ہر چارا طرف میں انہوں نے آپ کو تلاش کرنا شروع کر دیا، تا کہ آپ کو مدینہ نہ جانے دیں۔ اور پکڑ کر شہید کر ڈالیں۔ یہ لوگ آپؐ کو تلاش کرتے ہوئے اس غار کے منہ پر آپہنچے جہاں آپ حضرت ابو بکرؓ سمیت بیٹھے تھے۔ مگر خدائے تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے اس غار کے منہ پر ایسے سامان پیدا کر دیئے جن سے اہل مکہ کو یقین ہو گیا کہ اس میں کوئی آدمی نہ ہو گا۔ ان میں سے ایک یہ تھا کہ مکڑی نے غار کے منہ پر جالا تن دیا تھا۔ اور کبوتر نے انڈے دے دیئے تھے۔ غرض تین دن تک آپ غار میں رہے اور حضرت ابو بکر کے بیٹے عبد اللہؓ اور ان کے غلام عامرؓ آپؐ کے پاس کھانے پینے کی ضروری چیزیں پہنچاتے رہے اور اہل مکہ کے مشوروں سے خبر دیتے رہے۔ تیسرے دن وہی شخص جسے حضرت ابو بکرؓ نے پہلے ہی مقرر کر رکھا تھا، دو اونٹ لایا اور حضرت ابو بکرؓ مع اپنے غلام عامرؓ ایک اونٹ پر سوار ہوئے اور ایک پر جناب سید البشرؐ رونق افروز ہو کر عبد اللہ بن اریقط کے ساتھ مکہ مکرمہ

বঙ্গানুবাদ ঃ তিনি বললেন আমার নবীর অবস্থা আল্লাহই ভাল জানেন। এই কথা শুনে অবশেষে খুবই লজ্জিত হয়ে বিশ্বাস করল যে, নবীজী মদীনার দিকে চলে গেছেন, চতুর্দিকে তারা নবীজীকে অনুসন্ধান করতে শুরু করে দিল। যাতে নবীজী মদীনায় যেতে না পারে এবং ধরে ফেলে হত্যা করা যায়। এসব লোকেরা নবীজীকে অনুসন্ধান করতে করতে সেই গুহার মুখের উপর এসে পৌঁছাল, যেখানে নবীজী এবং হযরত আবুবকর (রাঃ) একসাথে বসে ছিলেন। কিন্তু আল্লাহ তা'আলার মেহেরবানীতে ঐ গুহার মুখের উপর এমন জিনিসপত্র সৃষ্টি করে দিলেন যাতে মক্কাবাসীদের বিশ্বাস জন্মাল যে, এর মধ্যে কোন মানুষ থাকতে পারে না। তন্মধ্যে একটি ছিল এই যে, মাকড়সা গুহার মুখে জাল বুনে দিয়েছিল এবং কবুতর ডিম দিয়েছিল। মোটকথা নবীজী তিনদিন পর্যন্ত গুহার মধ্যে ছিলেন এবং হযরত আবুবকর (রাঃ) এর পুত্র আব্দুল্লাহ (রাঃ) ও তার চাকর আমর(রাঃ) নবীজীর কাছে খাদ্য সামগ্রী ও প্রয়োজনীয় জিনিসপত্র পৌঁছাতে থাকে এবং মক্কাবাসীদের পরামর্শগুলির খবর দিতে থাকে। তৃতীয় দিনে সেই ব্যক্তি যাকে হযরত আবুবকর (রাঃ) প্রথম থেকে নিয়োগ করে রেখে ছিলেন, দুটি উট আনলেন এবং হযরত আবুবকর (রাঃ) নিজের চাকর আমরের সাথে একটি উটের উপর চড়লেন এবং আরেকটির উপর জনাব মুহাম্মদ (সঃ) (জাঁকজমক ভাবে) আব্দুল্লাহ বিন আরিকাতের সাথে মক্কা মোকাররমা

শব্দার্থ ঃ حال - অবস্থা, تلاش - অনুসন্ধান, سمیت - একসাথে, جالا تن - জাল বুনে,

زادھا اللہ شرفا کو حسرت کی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔ راہ میں ایک بڑھیا کے گھر آپ کا گذر ہوا وہاں ایک دبلی سی بکری بندھی ہوئی تھی۔ آپ نے اس بڑھیا سے پوچھا اجازت ہو تو میں اسکا دودھ دوہ لوں؟ اس نے کہا قربان جاؤں، میں تو اجازت دیتی ہوں، مگر اس دبلا پے میں دودھ کہاں؟ آپؐ نے اللہ کا نام لے کر اسے دوہنا شروع کیا تو اس قدر دودھ نکلا کہ سب نے پیٹ بھر کر پیا اور اس بڑھیا کے گھر میں بھی بہت سا دودھ بچ گیا۔ یہ حال دیکھ کر بڑھیا اور اس کا خاوند ایمان لے آئے۔ جب مدینہ والوں کو خبر ہوگئی کہ آپ شہر کے نزدیک آگئے ہیں تو بہت سے لوگ آگے کے استقبال کو آئے، اور بڑی تعظیم وتکریم کے ساتھ خوشی خوشی آپؐ کو شہر میں لے گئے۔ سب سے پہلے آپؐ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر رہے پھر وہاں ایک مسجد بنوائی جسے مسجد نبویؐ کہتے ہیں۔ اور اب وہاں ایک بڑی عالی شان عمارت بن گئی ہے۔ جب آپ کے رہنے کے واسطے گھر، وعظ ونصیحت کرنے اور نماز پڑھنے کے واسطے مسجد بن گئی تو آپ وہاں جا رہے اور اپنے اہل وعیال کو بھی مکہ سے مدینہ میں بلا لیا۔ اس کے بعد آپ اپنی وفات تک مدینہ ہی رہے

বঙ্গানুবাদ ঃ যাকে আল্লাহ উচ্চ মর্যাদা দান করেছেন, তা ব্যথিত অন্তরে দেখতে দেখতে মদীনার দিকে চললেন। পথিমধ্যে এক বুড়ির গৃহ হযরত (সঃ) অতিক্রম করেন সেখানে একটি দুর্বল বকরি বাঁধা ছিল। হযরত (সঃ) ঐ বুড়িকে জিজ্ঞাসা করলেন, অনুমতি পেলে আমি তার দুধ দোহন করে নেব। বুড়ি বলল, কুরবান হোক, আমিতো অনুমতি দিচ্ছি, কিন্তু এই দুর্বল রোগাক্রান্ত ছাগলের মধ্যে দুধ কোথায়? তিনি আল্লাহর নাম নিয়ে উহা দোহন করতে শুরু করলেন, তা হতে এত পরিমাণ দুধ বের হল যে, সকলেই পেট ভরে পান করলেন এবং ঐ বুঁড়ির ঘরেও অনেক দুধ অবশিষ্ট থাকল। এ অবস্থা দেখে বুড়ি ও তার স্বামী ঈমান আনলেন। যখন মদিনাবাসীদের কাছে খবর পৌছাল যে, হযরত (সঃ) শহরের নিকটবর্ত্তি এসে গেছেন, তখন বহু মানুষ হযরত (সঃ)কে অভ্যর্থনার জন্য আসল এবং খুব সম্মানের সাথে আনন্দ চিত্তে নবীজীকে শহরে নিয়ে গেলেন। সর্বপ্রথমে নবীজী আবু আয়ূব আনছারী (রাঃ) এর গৃহে থাকলেন। অতঃপর সেখানে একটি মসজিদ নির্মাণ করলেন। যাকে মসজিদে নববী বলে এবং এখন সেখানে বিশাল উঁচু অট্টালিকা নির্মিত হয়ে গেছে। যখন নবীজীর বসবাসের জন্য গৃহ, ওয়ায নছীহত ও নামায পড়ার জন্য মসজিদ নির্মাণ হয়ে গেল, তখন নবীজী সেখানে চলে গেলেন এবং নিজের পরিবার পরিজনদের মক্কা থেকে মদীনায় নিয়ে আসলেন। এরপর নবীজী নিজের মৃত্যু পর্যন্ত মদীনায় থেকে গেলেন

শব্দার্থ ঃ گذار ہوا - অতিক্রম, دبلی - দুর্বল, خاوند - স্বামী, عالی شان عمارت - বিশাল উঁচু অট্টালিকা।

اور اپنے پاک مذہب اسلام کو پھیلاتے رہے۔ یہ بات عرب کے بت پرستوں اور عیسائیوں و یہودیوں کو بہت ناگوار گزری اور وہ آپ سے ہمیشہ جنگ کرتے رہے۔ مگر آخرکار حضرت نے مکہ کو فتح کیا اور وہاں کے سب لوگ مسلمان ہو گئے اور آپؐ نے ان سے بہت اچھا سلوک کیا۔ بعد اس کے عرب کے اور قبیلے بھی آہستہ آہستہ ایمان لائے۔ آپ کے سامنے ہی سارے عرب میں آپ کا سچا اور پاک مذہب اسلام بہت اچھی طرح پھیل گیا اور آپؐ نے ۶۳ برس کی عمر میں ۱۱ھ میں وفات پائی اور مدینہ ہی میں آپ کا مزار مقدس بنا۔ مکہ میں جو کچھ آپؐ پر گزرا وہ تم سب سن چکے، مدینہ کے مفصل حالات اگلی کتاب میں لکھے جائیں گے۔ لڑکو! تم نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات سنے ان سے تمہیں اپنے مذہب کی بہت سی باتیں معلوم ہو گئی ہوں گی، کچھ ان میں سے تمہارے یاد دلانے کو یہاں لکھی جاتی ہیں خوب غور سے پڑھو اور ان پر عمل کرو۔ (۱) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں عرب کے لوگوں کی اخلاقی حالت اچھی نہ تھی۔ وہ شرک اور بت پرستی کرتے تھے۔ آپؐ نے ان کو سمجھایا کہ خدا ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی نے سب کو پیدا کیا۔ اس کے سوا کوئی اس لائق نہیں کہ ہم اس کی بندگی کریں۔ اس سے اپنی مرادیں مانگیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এবং নিজের শ্বাশ্বত ধর্ম ইসলাম প্রচার করতে থাকেন। ব্যাপারটি আরবের প্রতিমা পূজারী এবং ইয়াহুদী-খ্রিষ্টানদের কাছে খুবই অসন্তোষজনক মনে হল এবং তারা নবীজীর সাথে সর্বদা যুদ্ধ করতে থাকল। কিন্তু পরিশেষে নবীজী মক্কা জয় করেন এবং তথাকার লোকেরা সকলেই মুসলমান হয়ে গেল এবং নবীজী তাদের সাথে খুবই ভাল ব্যবহার করলেন। তার পরে আরবের অন্য গোত্রগুলি ধীরে ধীরে ঈমান আনল। নবীজীর সামনেই সমস্ত আরবে নবীজীর সত্যতম ও পবিত্রতম ধর্ম ইসলাম খুব সুন্দরভাবে ছড়িয়ে পড়ল এবং নবীজী ৬৩বৎসর বয়সে ১১তম হিজরীতে এন্তেকাল করলেন এবং মদীনাতেই নবীজীর পবিত্রতম মাজার শরীফ নির্মিত হয়। মক্কাতে নবীজীর উপর যা কিছু ঘটে, তাহা তোমরা সব শুনেছ। মদীনার বিস্তারিত অবস্থার কথা পরবর্তি খণ্ডে লেখা হবে। ছেলেরা! তোমরা নবীজী এর অবস্থা শুনলে, এতে তোমরা নিজ ধর্মের অনেক কথা জেনে থাকবে। তন্মধ্যে কিছু তোমাদের স্মরণ রাখার উদ্দেশ্যে এখানে লেখা হচ্ছে, খুব মনযোগ দিয়ে পড়ো এবং এর উপর আমল কর। ১ হযরত (সঃ) এর সময়ে আরবের মানুষদের চারিত্রিক অবস্থা ভাল ছিল না, তারা শিরক এবং প্রতিমা পূজা করত। নবীজী তাদেরকে বুঝালেন যে, আল্লাহ এক, তার কোন শরীক নাই। তিনি সবকিছু সৃষ্টি করেছেন। তিনি ব্যতীত অন্য কেউ উপযুক্ত নাই যে, আমরা তার ইবাদত করব, তার কাছে নিজের মনঃবাসনা প্রার্থনা করি।

শব্দার্থ ঃ بت پرستوں - প্রতিমা পূজারী, فتح - জয়, مقدس - পবিত্রতম, غور سے - মনোযোগ, اچھی نہ تھی - ভাল ছিল না।

وہی ایک اکیلا خدا سب جگہ حاضر و ناظر ہے۔ وہ سب کی ضرورتوں کو جانتا ہے۔ سب کی مرادیں برلاتا ہے۔ ہر ایک چیز کی پوری نگہبانی کرتا ہے۔ اس کے سوا کوئی بھی اس لائق نہیں کہ اسے پوجیں یا اسے اپنا خدا سمجھیں۔

۲۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بچپن ہی سے ایسے راست گو اور امانت دار تھے کہ لوگوں میں الامین کے نام سے مشہور تھے۔ ہر ایک آدمی آپ کی خوش خلقی اور نیک عادتوں سے خوش تھا۔ جس زمانہ میں آپ پیغمبر ہوئے اور لوگوں کے جھوٹے معبودوں کی برائیاں بیان کیں تو لوگ آپ کے دشمن ہو گئے۔ اس زمانہ میں بھی لوگ آپ کی نیک خصلتوں کے مداح تھے۔ اور جب کبھی کوئی ناواقف آپ کا حال پوچھتا تو وہ آپ کی تعریف کرتے۔ پس ہر ایک مسلمان کا خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا ہو، عورت ہو یا مد ہو یہ فرض ہے کہ وہ اپنے سچے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرے اور ایسا نیک بن جائے کہ خدا اور رسول اس سے رضی ہوں اور دوست تو دوست دشمن بھی اس کی تعریف کریں۔ اس کو اچھا جانیں اور اس کی عزت کری

বঙ্গানুবাদ ঃ তিনি এক, এক আল্লাহ সব স্থানে হাযির থাকেন এবং দেখেন, তিনি সবার প্রয়োজনগুলি জানেন, সবার ইচ্ছাকে পুরণ করেন, প্রত্যেক জিনিসকে সম্পূর্ণ রক্ষা করেন। তিনি ব্যতীত অন্য কেউ উপযুক্ত নাই যে, তাকে উপসনা করি বা তাকে নিজের প্রভু মনে করি।

২। রাসূলুল্লাহ (সা.) ছোটবেলা হতে এমন সত্যবাদী ও আমানাতদার ছিলেন যে, লোকদের মধ্যে আলআমীন অর্থাৎ বিশ্বাসী নামে প্রসিদ্ধি লাভ করেছিলেন। প্রত্যেক মানুষ তার সৎ চরিত্র ও সৎ স্বভাবে মুগ্ধ ছিলেন। যে সময় তিনি পয়গম্বর হয়েছিলেন এবং লোকদের মিথ্যা দেবতাদের জঘণ্যতা বর্ণনা করলেন তখন লোকেরা নবীজীর শত্রু হয়ে গেল। সে সময়েও মানুষ নবীজী এর উত্তম আচরণের প্রশংসা করত। আর যখন কোন অজ্ঞাত ব্যক্তি নবীজী সম্পর্কে জিজ্ঞাসা করত, তখন তিনিও হযরতকে প্রশংসা করতেন। প্রত্যেক মুসলমান চাই সে বড় হোক বা ছোট হোক, নারী হোক বা পুরুষ প্রত্যেকের জন্য আবশ্যক হল তিনি নিজের সত্য নবীকে অনুসরণ করবেন এবং এমন সৎ বনে যাবেন যে, আল্লাহ ও রাসূল তার উপর সন্তুষ্ট হয় এবং বন্ধুতো বন্ধুই শত্রুও যেন তার প্রশংসা করে। তাকে ভাল মনে করে এবং তার সম্মান করে।

শব্দার্থ ঃ ضرورتوں - প্রয়োজনগুলি, مشہور - প্রসিদ্ধ, مداح تھے - মুগ্ধ, ناواقف - অজ্ঞাত, پیروی - অনুসরণ, عزت - সম্মান।

(۳) آپؐ کو اور آپؐ کے پیرووں کو مکہ کے لوگوں نے بہت ستایا، سخت تکلیفیں دیں یہاں تک کہ بعض مسلمانوں کو شہید کر دیا گیا۔ اکثر اپنے وطن کو چھوڑ کر اور ملکوں کو چلے گئے۔ اور آخر کار آپ کو بھی اپنا پیارا وطن چھوڑنا پڑا مگر آپؐ ایسے متحمل تھے کہ ان مصیبتوں کو جھیلتے۔ مگر اف تک نہ کرتے۔ اور بڑے صبر سے تکلیفیں سہتے پس ہر مسلمان کو چاہئے کہ خدا کے راستے میں جب اس پر کوئی مصیبت آئے تو گھبرا نہ جائے، کسی طرح کا شکوہ شکایت نہ کرے اور بڑے صبر سے اسے سہے۔

۴۔ جیسا کہ تم نے پڑھا آپؐ نے ہزاروں مصیبتیں سہیں، لاکھوں دکھ اٹھائے، مگر جس نیک کام کو شروع کیا تھا اسے ہرگز نہ چھوڑا۔ اور جب تک اسے پورا نہ کر لیا آرام نہ لیا پس ہمیں بھی چاہئے کہ جس کام کو شروع کریں اگرچہ تکلیف بھی سہیں اور مصیبتیں اٹھائیں مگر اس کام کو پورا ہی کریں۔

۵۔ آپؐ نے اپنے ہم وطنوں کو جو تعلیم دی، اور برے کاموں سے روکا۔ اس سے آپؐ کو اپنا نام مشہور کرنا یا عزت جتا کر دولت پیدا کرنا یا بادشاہ بننا یا بادشاہ کہلانا یا اسی قسم کی کسی اور غرض کا پورا کرنا ہرگز مقصود نہ تھا،

বঙ্গানুবাদ ঃ (৩) নবীজী এবং তার অনুসরণকারীদের প্রতি মক্কাবাসীরা অনেক অত্যাচার করল, কঠিন কষ্ট দিল, এমনকি কতক মুসলমানকে শহীদ করে দিল। অধিকাংশ নিজের মাতৃভূমি ত্যাগ করে অন্য দেশে চলে গেল এবং অবশেষে নবীজীকেও নিজের প্রিয় মাতৃভূমি ত্যাগ করতে হল। কিন্তু নবীজী এমন সহিষ্ণু ছিলেন যে, ঐসব দুঃখ কষ্টকে সহ্য করতেন। কিন্তু উফ্ শব্দ পর্যন্ত করতেন না। বড়ই ধৈর্যের সাথে কষ্ট সহ্য করতেন। অতএব প্রত্যেক মুসলমানের উচিত যে, আল্লাহর পথে যখন তাদের উপর কোন বিপদ এসে পড়বে, তখন সে যেন ঘাবড়িয়ে না যায়। কোন প্রকার অভিযোগ না করে এবং ধৈর্যের সাথে তাহা সহ্য করে।

(৪) যেমন তোমরা পড়েছ, নবীজী হাজার হাজার কষ্ট সহ্য করেছেন, লক্ষ লক্ষ দুঃখ মেনে নিয়েছেন, কিন্তু যে ভাল কাজ আরম্ভ করেছিলেন, তা কখনও ছেড়ে দেন নাই এবং যতক্ষণ পর্যন্ত সম্পূর্ণ না করেছেন, বিশ্রাম নেন নাই। অতঃপর আমাদেরও উচিত, যে কাজ শুরু করব যদিও কষ্ট সহ্য করতে হয় এবং দুঃখ বরণ করতে হয়, কিন্তু সে কাজ সম্পূর্ণ করব।

(৫) নবীজী নিজের দেশবাসীকে যে শিক্ষা দিয়ে গেছেন এবং মন্দকাজে বাধা দিয়েছেন, তাতে নবীজীর নিজের নাম প্রসিদ্ধ করা বা মান সম্মানের কথা বলে সম্পদ উপার্জন করা বা বাদশাহ হওয়া, বাদশাহ বলা বা এই ধরনের কোন উদ্দেশ্য পূরণ করার ইচ্ছা তার কখনই ছিল না

শব্দার্থ ঃ ستایا - অত্যাচার, چھوڑ کر - ত্যাগ করে, متحمل - সহিষ্ণু, شکوہ شکایت - অভিযোগ, پورا - সম্পূর্ণ,

بلکہ آپؐ نے خیال کیا کہ یہ لوگ اگر باطل طریقوں اور بیہودہ عقیدوں پر قائم رہیں گے تو عذاب آخرت کے مستحق ہوں گے اور دوزخ کی آگ میں جلیں گے۔ وہ اور بھی بہت سے برے کام کیا کرتے تھے۔ اور آپس میں بھی بے ایمانی اور بے انصافی کا برتاؤ کرتے تھے۔ چھوٹی چھوٹی بچیوں کو پیدا ہوتے ہی مار ڈالتے اپنے نوکروں پر زیادتی کرتے تھے۔ پس آپ کو خدا کی طرف سے یہ کام سپرد ہوا تھا کہ آپ ان لوگوں کے سامنے ان کے برے برتاؤ اور برے عقیدوں کی برائی بیان کریں اور اپنے مقدور کے موافق انہیں ان سے روکیں سو آپؐ نے ایسا ہی کیا اور لاکھوں آدمیوں کو بچالیا جو دوزخ کی آگ میں گرنے والے تھے، پس تمہیں بھی چاہئے کہ جب کسی کو برا کام کرتے دیکھو یا کسی کو مصیبت میں گرفتار پاؤ سچے دل سے اس کی مدد کرو اچھے طریق سے اس کو گناہ سے بچاؤ اور جو کام کرو خدا کی خوشنودی کے واسطے کرو، لوگوں کے دکھاوے یا اپنی غرض کو پورا کرنے کے لئے ہرگز نہ کرو۔

۶۔ مکہ میں جتنے لوگ مسلمان ہوئے ان میں سے کوئی ایسا نہ تھا کہ وہ ڈر کے مارے مسلمان ہوا ہو یا کسی طرح کا لالچ اس کو دیا گیا ہو۔ بلکہ یہ سب لوگ سچے دل سے مسلمان ہوئے۔ کسی طرح کا دباؤ ان پر نہیں ڈالا گیا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ বরং নবীজী মনে করলেন যে, এ সমস্ত মানুষ যদি মিথ্যা মতবাদের এবং খারাপ মতবাদের উপর প্রতিষ্ঠিত থাকে তবে পরকালে শাস্তির উপযুক্ত হবে এবং দোজখের আগুনে পুড়তে থাকবে। তারা আরও অনেক খারাপ কাজ করত এবং ছোট ছোট সন্তানদের ভূমিষ্ট হওয়ার প্রাক্কালেই মেরে ফেলত, নিজের চাকরদের উপর অত্যাচার করত এবং নিজেদের মধ্যে বেইমানী ও অন্যায় ব্যবহার করত । অতঃপর নবীজীর উপর আল্লাহর পক্ষ হতে এই কাজ অর্পিত হয়েছিল যে, তিনি (সঃ) ঐ সমস্ত মানুষের সামনে তাদের খারাপ ব্যবহারের এবং খারাপ মতবাদের খারাবি বর্ণনা করবেন এবং নিজের সাধ্যনুযায়ী তাদেরকে উহা হতে বাধা প্রদান করবেন। সুতরাং নবীজী এ রকমই করলেন।লক্ষ লক্ষ মানুষকে উদ্ধার করলেন, যারা দোযখের আগুনে নিক্ষেপ হতে যাচ্ছিল। অতএব তোমাদের উচিত, যখন কাউকেও খারাপ কাজ করতে দেখবে, বা বিপদগ্রস্ত পাবে, তখন মনে প্রাণে, তার সাহায্য করবে। সুন্দর পদ্ধতিতে তাকে পাপ হতে বাচাবে এবং যে কাজ করবে, আল্লাহর সন্তুষ্টি লাভের উদ্দেশ্যে করবে। লোক দেখানো বা নিজের উদ্দেশ্য পূরণের জন্য কখনও করবে না।

(৬) মক্কাতে যত মানুষ মুসলমান হয়েছিল, তাদের মধ্যে এমন কেউ ছিল না যে, ভয় ভীতিতে মুসলমান হয়েছিল অথবা কোন রকম লোভ লালসা দেওয়া হয়েছিল বরং ঐ সমস্ত মানুষ খাঁটি মনে মুসলমান হয়েছিল। কোন রকম চাপ সৃষ্টি তাদের প্রতি করা হয়নি

শব্দার্থ ঃ بے انصافی - অন্যায়, سپرد - অর্পিত, خوشنودی - সন্তুষ্টি, لالچ - লোভ,

اور نہ کوئی لالچ دیا گیا۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلایا گیا ہے وہ اپنے دعوے میں بالکل جھوٹے ہیں۔ کیونکہ سینکڑوں آدمی جو مکہ میں مسلمان ہوئے تھے ان کو تو گلی کوچوں میں پھرنا اور آرام سے گھر میں بیٹھنا بھی مشکل ہو گیا تھا۔ اور مسلمانوں کے دشمنوں ہی کا زور تھا۔ پس ایسے وقت میں ان پر حضرت کا کوئی دباؤ نہ تھا۔ ہاں اگر ڈر تھا تو خدا کا اور اس کے عذاب کا اندیشہ تھا تو اپنے برے کاموں اور برے عقیدوں کی سزا کا یہی سبب تھا کہ وہ مسلمان ہو گئے اور انہوں نے آخرت کے عذاب کے سامنے دنیا کی مشکلوں اور قوم کی ملامتوں کو کچھ نہ سمجھا اور ہمیشہ کے لئے آگ میں جلنے کو پسند نہ کیا اور دنیا کی چندروزہ زندگی کی مصیبتوں کو خوشی سے سہا، خدا ان سب پر رحم کرے اور اپنی بخشش کے سائے میں رکھے۔ اور ہمیں توفیق دے کہ ہم لوگ اپنے بزرگوں کی پیروی کریں، اور آخرت کے دن انہیں کے ساتھ اٹھیں۔ اور ہمیشہ انہیں کے ساتھ رہیں، امین۔

۷۔ حضرت رسول خدا ﷺ اکثر خدا کا یہی کلام جسے ہم کلام اللہ یا قرآن مجید کہتے ہیں، لوگوں کو سناتے تھے۔ ہر وقت اسی کو پڑھتے تھے۔ اور اسی کلام پاک کو سن کر لاکھوں مسلمان ہوئے ایمان لائے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এবং কোন লোভ দেখানো হয়নি। যে সব মানুষেরা এসব কথা বলে যে, ইসলাম তরবারীর জোরে প্রসারিত হয়েছে, তারা তাদের নিজের দাবীতে একেবারেই মিথ্যা। কেননা অসংখ্য মানুষ যারা মক্কাতে মুসলমান হয়েছিল, তাদের অলি গলিতে ঘোরা ফেরা এবং গৃহে আরামে বসে থাকা মুশকিল ছিল এবং মুসলমানদের শত্রুদেরই প্রভাব ছিল। অতএব এমন পরিস্থিতিতে তাদের উপর নবীজী (সঃ) এর কোন চাপ সৃষ্টি ছিল না, ভয় থেকে থাকলে তা ছিল আল্লাহর এবং তার আজাবের। সন্দেহ ছিল নিজের মন্দ কাজের, খারাপ মতবাদের শাস্তির। এটাই কারণ ছিল যে তারা মুসলমান হয়েছিল। এবং তারা পরকালের শাস্তির কাছে দুনিয়ার কষ্টগুলি ও গোত্রের নিন্দাবাদ কিছুই মনে করেনি এবং অনন্তকাল আগুনে পুড়তে পছন্দ করেনি এবং কয়েকদিনের দুনিয়ার জীবনে দুঃখ কষ্টকে খুশী মনে সহ্য করেছিল। আল্লাহ তাদের প্রতি রহমত করুন এবং নিজের করুণার ছায়াতলে রাখুন। আমাদের তাওফিক দান করুন যেন, আমরা বুর্জগগণের পথ অনুসরণ করতে পারি এবং পরকালে তাদের সাথে উঠতে পারি ও সর্বদাই তাদের সাথে থাকতে পারি।

(৭) রাসূলুল্লাহ (সঃ) অধিকাংশ সময় আল্লাহর এই কালাম যাকে আমরা কালামুল্লাহ্ বা কুরআন মজিদ বলে থাকি, মানুষদের শুনাতেন। সবসময় তা-ই পড়তেন এবং এই পবিত্র কালাম শুনে লক্ষ লক্ষ মানুষ মুসলমান হয়েছিল ও ঈমান এনেছিল।

শব্দার্থ ঃ دعوے - দাবীতে, آرام - আরামে, زور - প্রভাব, دباؤ - চাপ, ملامتوں - নিন্দাবাদ, بخشش - করুণার,

پس ہر ایک مسلمان کو چاہئے کہ وہ اس کتاب پاک کو پڑھے اور کوشش کرے کہ اس کا مطلب اور اس کے معنی سمجھنے کے قابل ہو جائے۔ تا کہ خدائے تعالیٰ کے جو حکم اس میں لکھے ہیں ان کو سمجھ سکے۔ اور ان حکموں کو نہ ماننے کی جو سزا خدائے تعالیٰ نے مقرر کی ہے اس سے بچنے کی کوشش کرے تا کہ اس کے دل میں نور ایمان پیدا ہو۔

اللہ کی مخلوق

ہم دنیا کی چیزوں پر جس قدر خیال کرتے، ان کے فائدے سنتے اور حالات سے واقف ہوتے جاتے ہیں اسی قدر اللہ تعالیٰ قدرت اور اس کی مہربانی کا نقش دل پر بیٹھتا چلا جاتا ہے۔ ان چیزوں کی ہزاروں قسمیں ہیں اور ہر ایک قسم کی چیزیں لاکھوں کڑوروں ہی نہیں، بلکہ گنتی سے باہر ہیں۔ اور وہ پاک پروردگار ان سب کی غور و پرداخت کرتا اور انہیں بڑھاتا ہے۔ حیوانات کو ہر روز روزی دیتا ہے۔ ان سب کی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔ پس جس پاک ذات کی ایسی قدرت اور ایسی مہربانی ہے اس کا شکر کوئی کیوں کر ادا کرے اور اس کی مہربانی کا کوئی کیوں کر نہ اقرار کرے۔ بعض چیزوں کا بیان تم اردو کی دوسری کتاب میں پڑھ چکے ہو، اب بعض اور چیزوں کا حال بھی پڑھو، اور خوب یاد رکھو۔

বঙ্গানুবাদ ঃ অতএব প্রত্যেক মুসলমানের উচিত যে, সে ঐ পবিত্র কিতাব পড়বে ও চেষ্টা করবে উহার অর্থ এবং উদ্দেশ্য বুঝবার উপযুক্ত হতে। যাতে এ কিতাবে আল্লাহর যে আদেশ লিখিত আছে, তা বুঝতে সক্ষম হয় এবং তার আদেশ লঙ্ঘনকারীর যে শাস্তি নির্দিষ্ট করেছেন, তা হতে পরিত্রাণ পাওয়ার চেষ্টা করবে। যাতে তার অন্তরে ঈমানের নূর সৃষ্টি হয়।

আল্লাহর সৃষ্ট জীব

আমরা পৃথিবীর বস্তু গুলির প্রতি যে পরিমাণ লক্ষ্য করি, ওগুলোর উপকারীতা শুনি এবং অবস্থার সাথে পরিচিত হতে থাকি, ঐ পরিমাণ আল্লাহর কুদরত এবং করুণার প্রতিচ্ছবি মনের উপর অংকিত হতে থাকে। ঐসব জিনিসগুলি হাজার হাজার রকমের আছে। প্রত্যেক প্রকারের জিনিস লক্ষ কোটি নয় বরং গণনার বাইরে এবং তিনি পবিত্র পরওয়ারদেগার ঐসকল বিষয়ে গভীর চিন্তাভাবনার ও বিবেচনার সাথে করেন এবং এগুলোকে বৃদ্ধি করেন। প্রাণীদেরকে প্রত্যহ আহার দান করেন। এদের সব প্রয়োজনাদি পূরণ করেন। অতএব যে পবিত্রতম সত্তা এরকম ক্ষমতাবান ও দয়াবান তার কৃতজ্ঞতা কেউ কেমন করে আদায় করবে? এবং তার (দয়া) কৃপাকে কেহ কেমন করে অস্বীকার করবে? কতক জিনিসের বর্ননা তোমরা উর্দূ দোছরীতে পড়ে থাকবে। এখানে আরও কতক জিনিসের অবস্থা পড়ো এবং ভালভাবে স্মরণ রাখ।

শব্দার্থ ঃ کوشش - চেষ্টা, مقرر - নির্দিষ্ট, واقف - পরিচিত, مہربانی - করুণা, داخت - বৃদ্ধি, خوب - ভালভাবে।

حیوانات

دنیا میں سارے جانور دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جن کے بدن میں ہڈی ہوتی ہے۔ جیسے گھوڑا، ہاتھی، شیر، بھیڑیا، چڑیا، طوطا، کبوتر، وغیرہ دوسرے وہ جن کے بدن میں ہڈی نہیں ہوتی جیسے کینچوا، جونک، سنکھ، گھونگے۔

ہڈیدار جانور

ہڈی دار جانوروں کی پانچ جماعتیں ہیں۔ اول دودھ پلانے والے۔ دوسرے پرندے۔ تیسرے رینگنے والے جانور چوتھے خشکی اور تری، دونوں میں رہنے والے جانور۔ پانچویں مچھلیاں۔ اب ہم ہڈی دار جانوروں کی پانچوں جماعتوں کا کچھ حال بیان کرتے ہیں۔ بن ہڈی کے جانوروں کا پھر ذکر کرینگے۔

ا۔ دودھ پلانے والے جانور

جو جانور اپنے بچوں کو چھاتی یا تھنوں سے دودھ پلا کر پالتے ہیں وہ سب اسی قسم میں شامل ہیں۔ ان کا خون گرم ہوتا ہے۔ پھیپھڑوں سے سانس لیتے ہیں اور بچے دیتے ہیں۔ ان میں سے اکثر تو زمین پر رہتے ہیں۔ جیسے گائے، بھینس، چھچھوندر، شیر، ہاتھی وغیرہ۔ درختوں پر جیسے لنگور، بندر، گلہری وغیرہ۔ ایک دو ایسے ہیں جو ہوا میں اڑ سکتے ہیں

প্রাণীসমূহ

বঙ্গানুবাদ ঃ পৃথিবীতে সমস্ত জীব দুই প্রকার (প্রথম) যাদের শরীরে হাড় থাকে, যেমন: ঘোড়া, হাতী, বাঘ, ভেড়া, পাখী, তোতা, কবুতর ইত্যাদি। (দ্বিতীয়) যাদের শরীরে হাড় নাই, যেমন ঃ কেঁচো, জোঁক, শাখ, ঘুন ইত্যাদি।

হাড় বিশিষ্ট প্রাণী

বঙ্গানুবাদ ঃ হাড়যুক্ত প্রাণী পাঁচ শ্রেণীতে বিভক্ত। (১) স্তন্যপায়ী (২) ডানা যুক্ত পাখী (৩) সরীসৃপ (৪) জলে, স্থলে উভচর প্রাণী (৫) মৎস। এখন আমরা হাড়যুক্ত প্রাণীর পাঁচ দলের অবস্থা বর্ণনা করব। হাড়বিহীন প্রাণীর কথা পরে বর্ণনা করব।

স্তন্যপায়ী প্রাণী

বঙ্গানুবাদ ঃ যে সব প্রাণী নিজের বুকের বা স্তনের দুধ পান করিয়ে বচ্চচা লালন পালন করে থাকে তা সব এ শ্রেণীর অন্তর্ভুক্ত। এদের রক্ত গরম হয়। ফুসফুসের দ্বারা শ্বাসপ্রশ্বাস নেয় এবং বাচ্চা দেয়। এদের মধ্যে অধিকাংশ মাটির উপর বসবাস করে। যেমন : গাভী, মহিষ, ছুচো, বাঘ, হাতী ইত্যাদি। গাছের উপর যথা- হুনুমান, বানর, কাঠবিড়াল ইত্যাদি। দু একটি এমন আছে যারা বাতাসে উড়তে পারে।

শব্দার্থ ঃ وغیرہ - ইত্যাদি, جیسے - যেমন, حال - অবস্থা, چھاتی - বুকের, پھیپھڑوں - ফুসফুস।

جیسے چمگادڑ۔ بعض پانی میں جیسے ویل، سوس وغیرہ۔ ان کی اکثر چار ٹانگیں ہوتی ہیں۔ دو اگلی، دو پچھلی۔ جن میں ایک ایک پاؤں ہوتا ہے، ہر ایک پاؤں میں کم سے کم ایک اور زیادہ سے زیادہ پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ یہ بھی یاد رکھو کہ بعض کے اگلے پاؤں کے بجائے ہاتھ ہوتے ہیں اور بعض کی اگلی ٹانگیں ہی ہاتھ کہلاتی ہیں۔ ان جانوروں میں سے کسی کے دو تھن ہوتے ہیں۔ کسی کے چار۔ کسی کے اس سے بھی زیادہ۔ دانت عموماً سب کے ہوتے ہیں۔ مگر دو ایک ایسے بھی ہیں جنکے دانت بالکل نہیں ہوتے۔ ان کی کھال پر کہیں نہ کہیں چھوٹے یا بڑے بال ضرور ہوتے ہیں۔ مگر بعض کی پیٹھ پر خار ہوتے ہیں۔ اور بعض کی پشت پر مچھلی کے سے چھلکے۔ جتنے جانور زمین پر رہتے ہیں اور دودھ پلانے والے ہیں ان کے اکثر چار پاؤں ہوتے ہیں اسی واسطے وہ چوپائے کہلاتے ہیں۔ بعض چوپائے ایسے ہیں جو جنگل کی گھاس پات کھا کر گزارہ کرتے ہیں اور اسی واسطے ان کو چرندے، یعنی چرنے چگنے والے جانور کہتے ہیں۔ ان میں سے جو آدمیوں کے زیادہ کام آتے ہیں اور انہیں میں رہتے سہتے ہیں، ان کو مویشی کہتے ہیں۔ جیسے گائے، بھینس، بھیڑ، بکری، اونٹ وغیرہ۔ بعض چوپائے ایسے بھی ہیں جو اور جانوروں کو مار کر ان کا گوشت کھاتے ہیں۔ اور اسی پر اپنا گزارہ کرتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ যেমন বাদুড়, কতক পানিতে যথা কুমির, শোষক, ইত্যাদি। এগুলোর প্রায় চার পা হয়, দুটি সামনে দুটি পিছনে, যাতে এক একটি পা হয়। প্রত্যেক পাতে কম করে একটি এবং অধিক হতে অধিক পাঁচটি আঙ্গুল হয়। এ-ও মনে রেখো যে, কতক প্রাণীর সামনের পায়ের স্থলে হাত হয় আবার কিছু প্রাণীর সামনের পাকে হাত বলে। এসব প্রাণীদের মধ্যে কোনটির দুটি স্তন হয়। কোনটির চারটি কোনটির আরও বেশি। দাঁত প্রায় সবারই হয়ে থাকে। কিন্তু দু'একটি এমনও হয়ে থাকে যেগুলোর একেবারেই দাঁত হয় না। তবে কোনটির পেটে খার হয়। আবার কোনটির পিঠে মাছের মত ছিলকা হয়। যত প্রাণী মাটির উপর বসবাস করে এবং দুধপান করায় তারা প্রায় চার পাঁ বিশিষ্ট হয়। এজন্য তাদের চতুষ্পদ জন্তু বলে। কতক চতুষ্পদ জন্তু এমনও আছে, যারা জঙ্গলে ঘাস পাতা খেয়ে জীবন ধারণ করে। এজন্য এদের চরনশীল অর্থাৎ বিচরণশীল পশু বলে। তারা মানুষের অনেক কাজে আসে এবং তাদের সাথেই থাকে। ওগুলোকে গৃহপালিত পশু বলে। যেমন ঃ গাভী, মহিষ, ভেড়া, বকরি, উট ইত্যাদি। কতক চতুষ্পদ পশু এমনও আছে যারা অন্য পশুদের হত্যা করে, এদের গোশত ভক্ষণ করে এবং তার উপর নিজের জীবিকা নির্বাহ করে।

শব্দার্থ ঃ زمین - মাটি, چوپائے - গবাদি, گزارہ - জীবিকা,

ایسے جانوروں کو درندے، یعنی چیڑ پھاڑ کر کھانے والے جانور کہتے ہیں. جیسے شیر، بھیڑیا وغیرہ۔ جو جانور مویشی کہلاتے ہیں ان میں سے بعض کا حال تم اردو کی دوسری کتاب میں پڑھ چکے ہو۔ چرندے جانوروں میں سے ہرن اور درخت نشیں دودھ پلانے والوں میں سے بندر تم نے دیکھا ہوگا۔ درندوں میں شیر کا نام بھی سنا ہوگا۔ آؤ اب کچھ ان کا بیان بھی سنو

ہرن: جنگلی جانوروں میں بڑا ہی خوبصورت اور بکری کی طرح بہت ہی غریب ہے۔ دنیا کی اکثر قومیں اس کا گوشت کھاتی ہیں بعض درندے جانور بھی اسے کھاتے ہیں اس کی کھال بہت کام کی چیز ہے۔ ہندو اسے مرگ چھالا (ہرن کی کھال) کہتے ہیں۔ اور بہت پاک سمجھتے ہیں۔ ان کے بڑے بڑے تپسوی (عابد) اس کا بستر بناتے ہیں۔ مسلمان بھی اسے کام میں لاتے ہیں۔ اور اکثر فقیر لوگ جو ہمیشہ سفر میں رہتے ہیں اپنے پاس رکھتے ہیں۔ اسے بچھا کر اس پر بیٹھتے ہیں اور اسی پر نماز پڑھ لیتے ہیں فقیروں کے سوا اور لوگ بھی اس کی جانمازیں بناتے ہیں۔ اور گھروں میں رکھتے ہیں۔ اس کے سینگ بھی آدمی کے کام آتے ہیں۔ اکثر پیشہ ور اپنے پاس رکھتے ہیں۔ مگر بعض لوگ اس کے لمبے سینگوں کو سجاوٹ کے لئے دیواروں پر لگایا کرتے ہیں۔ یہ سن کر تم دل میں کہتے ہو گے کہ آدمی بھی اسے گوشت، کھال اور سینگوں کے لئے مارتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এধরনের পশুকে হিংস্র অর্থাৎ ফেড়ে চিরে ভক্ষণকারী পশু বলে। যেমন ঃ বাঘ, নেকরে ইত্যাদি। যে সব প্রাণীকে গবাদি পশু বলে এদের কতক গুলির অবস্থা তোমরা উর্দু দুছরী কিতাবে পড়েছো। চরনশীল পশুদের মধ্যে হরিণ এবং গাছের উপর বাসা বেঁধে বাসকারী স্তন্যপায়ী প্রাণীদের মধ্যে বানর তোমরা দেখে থাকবে । হিংস্রদের মধ্যে বাঘের নাম তোমরা শুনে থাকবে। এসো এখন এদের কিছু বর্ণনা শোনাব।

হরিণ ঃ বন্যপ্রাণীদের মধ্যে হরিন খুব সুন্দর এবং ছাগলের মত খুব দুর্বল। পৃথিবীতে অনেক জাতির লোকেরা এদের গোশত খেয়ে থাকে। কতক হিংস্র পশুও তাকে খেয়ে থাকে। তার চামড়া খুব মূল্যবান জিনিস, হিন্দুরা তাকে "মৃগছাল" বা হরিণের চামড়া বলে থাকে এবং খুব পবিত্র মনে করে। তাদের বড় বড় তাপসী (আবেদ) তার বিছানা তৈরী করে। মুসলমানরাও তাকে কাজে লাগায়। অনেক দরবেশ লোক যারা সবসময় ভ্রমণে থাকে, নিজের কাছে রাখে। উহা বিছিয়ে তার উপর বসে এবং তার উপর নামাজ পড়ে। দরবেশ ব্যতীত অন্য লোকেরাও উহা জায়নামায বানিয়ে থাকে এবং ঘরে রেখে দেয়। তার শিং মানুষের কাজে লাগে। অনেক পেশাদার নিজের কাছে রাখে। কিন্তু কতক মানুষ তার লম্বা লম্বা শিং, সজ্জা বা পরিপাটের জন্য দেওয়ালে লাগিয়ে রাখে। একথা শুনে তোমরা মনে মনে বলবে যে, মানুষেরাও তার গোশত, চামড়া এবং শিং এর জন্য হত্যা করে থাকে।

শব্দার্থ ঃ خوبصورت - খুব সুন্দর, غریب - দুর্বল, کھال - চামড়া, فقیر - দরবেশ, سجاوٹ - সজ্জা, سامان - অবলম্বন,

درندے جانور بھی اسے پھاڑ کھاتے ہیں۔ پھر اتنے دشمنوں سے بچ رہنے کے لئے اس کے پاس کوئی سامان بھی ہے؟ ہاں اللہ تعالیٰ نے اس کو لمبی گٹھیلی ٹانگیں اور ہلکا جسم عطا کیا ہے، جس کی بدولت وہ اتنی تیزی سے بھاگتا ہے کہ مشکل ہی سے کسی کے ہاتھ آتا ہے۔ اور اگر کوئی دشمن اس کے نزدیک پہنچ بھی جائے تو سینگوں سے مار ڈالتا ہے۔ جن کی نوک بہت تیز ہوتی ہے اور اسے برچھی کا کام دیتی ہے۔

بندر: تم نے تماشا گروں کے ساتھ بندر بندریا کو دیکھا ہوگا۔ اس کی شکل آدمی سے بہت ملتی جلتی ہے۔ بلکہ ایک بات میں تو آدمی سے بھی بڑھا ہوا ہے۔ وہ کیا؟ اس کے دونوں پاؤں بھی دونوں ہاتھوں کے برابر ہی کام دیتے ہیں۔ یہ بات کسی اور جانور میں نہیں۔ دم نہ ہو تو سچ مچ جنگلی آدمی سمجھا جائے کیسے تماشے کرتا ہے، ڈگڈگی بجاتا ہے، بانکے سورما سپاہیوں کی طرح اکڑ اکڑ کر چلتا ہے۔ بکرے پر سوار ہوتا ہے۔ اچھلتا، کودتا، ناچتا اور قلابازیاں کھاتا ہے۔ جو چیز ہاتھ لگ جائے لے بھاگتا ہے۔ لوگوں کی نقلیں اتارتا ہے۔ ایسا منھ بناتا ہے کہ دیکھ کر ہنسی آتی ہے۔ یہ باتیں سن کر تم دل میں کہتے ہوگے کہ وہ بڑا شریر ہے۔ ہاں اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ دنیا کے سب جانوروں سে زیادہ شریر ہے۔ جس گاؤں میں ان کی کثرت ہوتی ہے وہاں کے لوگوں کو بہت دق کرتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ হিংস্র পশুরাও তাকে চিরে ফেঁড়ে খেয়ে থাকে। এত শত্রুদের থেকে বেঁচে থাকার জন্য এদের কাছে কোন অবলম্বন কি আছে? হাঁ আল্লাহ তায়ালা তাকে লম্বা পায়ের গিট এবং হাল্কা শরীর দান করেছেন। যার দ্বারা এগুলো এত দ্রুত পালাতে পারে যে, খুব কষ্টেই কারও হাতে ধরা পড়ে। যদি কোন শত্রু এদের কাছে পৌঁছে যায় তবে শিং দ্বারা মেরে ফেলে। তাদের শিং ছুরির মত ধারাল এবং উহা তাদের বর্শার (বল্লমের) কাজ দেয়।

বানর ঃ তোমরা কৌতুক কারীদের সাথে নারী, পুরুষ, বানর দেখে থাকবে। তার আকৃতি মানুষের সাথে অনেকটা সাদৃশ বরং একটি ব্যাপারে মানুষের দিক থেকে এগিয়ে, সেটা কি ? এদের উভয় পা-ই উভয় হাতের সমান কাজ করে। ইহা অন্য কোন পশুর মধ্যে নাই। লেজ না থাকলে বাস্তবিক বন্যমানুষ ভাবা যেত। কেমন কৌতুক করে, ডুগডুগী বাজায়, ফুলবাবু সিপাহীর মত একেঁবেকেঁ চলতে থাকে। বকরির উপর চড়ে থাকে, উড্ডীয়মান হয়, লাফালাফি করে নাচতে থাকে এবং ডিগবাজী খায়। যে জিনিস হাতে পায়, নিয়ে পালিয়ে যায়। মানুষের মত নকল করে হেয় করে। মুখ এমন বিকৃত করে, দেখলে হাসি পায়। একথা শুনে তোমরা মনে মনে বলবে যে, সে বড় বদ। হাঁ তাতে কোন সন্দেহ নেই যে, সে দুনিয়ার সব পশুদের চেয়ে বড় বদমায়েশ। যে গ্রামে এদের আধিক্য, তথাকার লোকদের বড়ই বিরক্ত করে।

শব্দার্থ ঃ تماشا گروں - কৌতুক কারীদের, اکڑ اکڑ - এঁকেবেঁকে, بڑا شریر - বদমায়েশ,

شاید ہیں کوئی چیز بچ رہتی ہوگی جسے یہ خراب نہ کریں۔ اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ لوگوں کے سامنے سے آنکھ بچا کر چیز اٹھا لے جاتے ہیں جب ایسی جگہ پہنچ جاتے ہیں جہاں مالک ان کا کچھ نہ کر سکے تو کبھی منھ چڑاتے ہیں اور کبھی بھبکیاں دیتے ہیں، کبھی منھ بنا کر نقلیں اتارتے ہیں۔ غرض طرح طرح کی شرارتیں اور ایسی ایسی حرکتیں کرتے ہیں کہ انہیں دیکھ کر آدمی حیران رہ جاتا ہے۔ یہ سب کچھ تو ہے، لیکن اس میں ایک بڑ اوصف بھی ہے، وہ کیا؟ مالک کا ہر وقت فرماں بردار رہتا ہے۔ جو کہے منتا ہے۔ اور جس کام کے لئے اشارہ کرے جھٹ وہی کرنے لگتا ہے۔

بچو! تم اس سے شرارتوں کا سبق نہ لو۔ بلکہ فرمانبرداری کی نیک عادت سیکھو۔ خدائے تعالیٰ جس نے تمہیں پیدا کیا ہے اس کے حکم کو مانو۔ ماں باپ کے کہنے پر چلو استاذ جو تمہیں پڑھاتا اور عقل کی باتیں سکھاتا ہے، اس کے فرماں بردار رہو۔ بڑے بھائی بہن اور دوسرے لوگوں کی جو تم سے بڑے ہیں اسی طرح اطاعت کرو جس طرح ماں باپ کی۔ اگر تم کسی کے یہاں نوکر ہو جاؤ تو اس کے حکم پر چلو۔ اس کی فرماں برداری کو اپنا سب سے پہلا کام سمجھو۔ ان باتوں سے تمہاری عزت ہوگی۔ تم دنیا کی نظروں میں بھی بچو گے۔ اور خدا کے ہاں بھی عزت پاؤ گے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ প্রায় খুব কম জিনিসই বেঁচে থাকে যেগুলো এরা নষ্ট করে না। অনেকটা এরকম হয় যে, লোকের সামনে হতে চোখের পলকে জিনিস উঠিয়ে নিয়ে যায়, যখন এমন জায়গায় পৌছে যায় যে, যেখানে তার প্রভু কিছুই করতে পারে না। তবে কখনও মুখ বিকৃত করে কখনও ভয় ভীতি দিয়ে থাকে। কখনও মুখ ভ্যাঙ্গাচিয়ে ভাড়াঁমী করতে করতে নেমে আসে। মোট কথা, বিভিন্ন প্রকার দুষ্টামীতে এমন ভাব ভঙ্গি করে যে তাকে দেখে মানুষ হতবুদ্ধি হয়ে পড়ে। এতদসত্ত্বেও তার একটি বড় গুণ আছে। সেটি কী? সে সর্বদা মালিকের বাধ্য থাকে। যা বলে তাই মানে। যে কাজের জন্য ইঙ্গিত করে, তাৎক্ষণিক সে কাজ করতে আরম্ভ করে।

প্রিয় ছেলেরা! তোমরা তার খারাপ অভ্যাস থেকে শিক্ষা গ্রহণ করো না বরং বাধ্যগত থাকার ভাল অভ্যাস শিক্ষা কর। আল্লাহ তা'আলা যিনি তোমাদের সৃষ্টি করেছেন তাঁর হুকুম মেনে চল। মাতা পিতার কথা মেনে চল। শিক্ষক যিনি তোমাদেরকে পড়ালেখা করান এবং জ্ঞানের কথা শিক্ষা দেন তাদের বাধ্য থাক। বড় ভাই বোন এবং অন্যান্য যারা তোমাদের চেয়ে বড়, তাদের কথা মেনে চল। যদি তুমি কোথাও কর্মচারী হও তাহলে মালিকের কথামত চল এবং তার বাধ্য থাকা সর্ব প্রথম কাজ মনে করবে। এতে তোমার সম্মান বাড়বে তুমি দুনিয়ার মানুষের দৃষ্টিতে গণ্য এবং আল্লাহর কাছে ইজ্জত পাবে।

শব্দার্থ ঃ بڑا اصوف - বড় গুণ আছে, فرماں بردار - বাধ্য, عادت - অভ্যাস, عقل - জ্ঞান, اطاعت - মেনে চলা।

شیر: یہ دنیا کے سب جانوروں میں بڑا طاقتور اور شہ زور ہے۔ ایسا خوبصورت اور بانکا کہ پنجرے میں بند ہو تو اس کے دیکھنے سے جی نہیں بھرتا۔ گہرا زرد اور چمکیلا رنگ ہے اور اس پر سیاہی مائل دھاریاں، مگر پیٹ، چھاتی اور گردن کی پشم اور گلے کے دونوں طرف کے لمبے لمبے بال سفیدی لئے۔ اس کی خوراک گوشت ہے۔ اکثر مویشی کا شکار کرتا ہے۔ کبھی کبھی جنگلی درندوں کو بھی مارتا ہے۔ آدمی پر بہت کم حملہ کرتا ہے۔ ہاں اگر اس کے گوشت کی چاٹ لگ جائے تو اس کی گھات میں لگا رہتا ہے۔ اس کا پنجہ، اس کی آنکھیں، اس کے کان، اور اس کی زبان بالکل بلی کے سے ہوتے ہیں۔ جس طرح بلی اندھیرے میں سب کچھ دیکھ لیتی ہے اور ذرا بھی آہٹ ہو تو جھٹ سن لیا کرتی ہے۔ اسی طرح یہ گھپ اندھیرے میں سب کچھ دیکھ سکتا ہے ذرا سی آہٹ ہو تو سن لیتا ہے۔ زبان کھوردرے ہے۔ ہڈیوں میں گوشت چمٹا رہے تو اس سے کھرچ لیتا ہے۔ پنجہ کے نیچے نرم گوشت ہوتا ہے۔ چلتا ہے تو پاؤں کی آہٹ نہیں معلوم ہوتی۔ بلی کو پکڑ کر اس کا پنجہ دیکھو تو ناخن کہیں نظر ہی نہ آئیں گے۔ ہاں غصہ میں ہوگی تو لمبے لمبے، ٹیڑھے اور نشتر سے ناخن نکالے گی۔ شیر کے ناخنوں کا بھی یہی حال ہے۔ چلتے پھرتے اور بیٹھتے وقت اندر کھینچے رکھتا ہے۔ جب ضرورت ہوتی ہے باہر نکالتا ہے۔

বাঘ ঃ এটি দুনিয়ার সর্বপ্রকার প্রাণী অপেক্ষা শক্তিশালী। এমন সুন্দর যে, খাচায় বন্দী অবস্থায় তাকে দেখলে মন জুড়ায় না। কড়া হলুদ এবং চকচকে রঙের হয় তার উপর কিছুটা কাল ডোরা থাকে। কিন্তু পেট বুক এবং ঘাড়ের গর্দানের পশম এবং গলার দুই দিকে লম্বা লম্বা সাদা চুল থাকে। তার খাদ্য গোশত। অধিকাংশ সময় বন্যপশু শিকার করে। মানুষের প্রতি কম-আক্রমন করে। হাঁ তবে যদি মানুষের গোশতের স্বাদ পেয়ে যায় তবে তার পিছনে গোপনে লেগে থাকে। তার পাঞ্জা, চোখ, কান, জিহ্বা অবিকল বিড়ালের মত হয়। বিড়াল যেমন আধারে সবকিছু দেখতে পায় এবং সামান্য পরিমাণ শব্দ হলে দ্রুত শুনতে পায়, ঐরূপে সে গভীর অন্ধকারের মধ্যে সবকিছু দেখতে পায় সামান্যতম শব্দ শুনতে পায়। জিহ্বা, কর্কশ বা অমসৃণ। হাড়ের সাথে মাংস লেগে থাকলে তাহা তার দ্বারা চেটে নেয়। পাঞ্জার নিচে নরম মাংস হয় চলার সময় পায়ের শব্দ শোনা যায় না। বিড়ালকে ধরে তার পাঞ্জা দেখলে তবে নখ কখনও দেখা যাবে না। হাঁ তবে রাগালে লম্বা লম্বা বাঁকা চিরে ফেলার মত নখ বের হবে। বাঘের নখগুলিও ঐরকম। চলাফেরা এবং বসবার সময় ভিতরে টেনে রাখে। যখন প্রয়োজন হয় বের করে।

শব্দার্থ ঃ طاقتور - শক্তিশালী, جی نہیں بھرتا - মন জুড়ায় না, خوراک - খাদ্য, حملہ - আক্রমণ, بالکل - অবিকল, کھوردرے - কর্কশ, آہٹ -শব্দ।

شیر اگرچہ موذی او ہیبت ناک جانور ہے۔ چھوٹے چھوٹے جانور تو کیا، آدمی اور ہاتھی تک اس سے ڈرتے ہیں۔ دھاڑتا ہے تو سب کا دل دہل جاتا ہے۔ مگر اس میں ایک عمدہ صفت بھی ہے کہ آدمی کو اس کا حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ شیر صرف اپنا کیا ہوا شکار کھاتا ہے۔ دوسرے کا مارا ہوا نہیں کھاتا۔ ہاں اوروں کے لئے کچھ چھوڑ دیتا ہے خدائے تعالیٰ نے جن آدمیوں کو طاقت دی ہے اور کما سکتے ہیں انہیں بھی چاہئے کہ آپ کمائیں۔ خود کھائیں۔ اوروں کو کھلائیں۔ یہ نہیں کہ اوروں کے کمائے ہوئے پر نظر رکھیں۔ یہ کاہلوں اور بے غیرتوں کا کام ہے۔ بعض لوگ شیر کے ناخن چاندی سونے میں منڈھ کر تعویز بناتے ہیں اور بچوں کے گلے میں باندھتے ہیں۔ اور سمجھتے ہیں کہ اس سے نظر یا آسیب کا خلل نہیں ہوتا یہ بھی کہتے ہیں کہ جس کے پاس اس کی موچھیں ہوں، اس میں ایک عجیب طاقت آجاتی ہے۔ لیکن پکے مسلمان ایسی باتوں کے معتقد نہیں۔ وہ تکلیف یا ضرر سے بچانے والا سوائے خدا کے کسی کو نہیں سمجھتے۔ اسی واسطے اس قسم کی باتوں کو شرک سمجھتے ہیں اور ان سے ایسے ہی بچتے ہیں جیسے خدا کے سوا کسی اور کی پرستش سے۔ شیر کا گوشت حرام ہے۔ مگر کھال کام کی ہے۔ اسے اکثر فقیرا اپنے پاس رکھتے ہیں۔ بڑے بڑے امیرا اپنے نیچے بچھاتے ہیں۔ لیکن غرور کی راہ سے کوئی اپنے کام میں لائے تو یہ جائز نہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ বাঘ যদিও ক্ষতিকারক এবং আতঙ্ক সৃষ্টিকারী জন্তু। ছোট ছোট জন্তুতো দূরের কথা, মানুষ এবং হাতী পর্যন্ত তাকে ভীষণ ভয় করে। গর্জন করলে সবার অন্তর কেঁপে যায়। কিন্তু তার মধ্যে চমৎকার একটি গুণ আছে। মানুষদের উহা হতে শিক্ষা নেওয়া খুব প্রয়োজন। বাঘ একমাত্র নিজের শিকার করা জন্তু খায়। অন্যের শিকার করা জন্তু খায় না। হাঁ অন্যের জন্য কিছু রেখে দেয়। আল্লাহ তায়ালা যে সব মানুষের শক্তিদান করেছেন এবং উপার্জন করতে পারে তাদের উচিত নিজের উপার্জনকৃত সম্পদ নিজে খাবে এবং অপরকে খাওয়াবে। এ ঠিক নয় যে অপরের উপার্জনকৃত সম্পদের প্রতি দৃষ্টি নিবদ্ধ রাখবে। ইহা অকর্মন্য ও লজ্জাজনক কাজ। অনেকে বাঘের নখ রূপা ও সোনার সাথে (মোড়ক) মিশ্রিত করে তাবিজ বানায়। বাচ্চাদের গলায় বেঁধে দেয় এবং মনে করে যে উহা বদনজর বা (প্রেতাত্মা) বিপদে ক্ষতি করতে পারবে না এবং এও বলে যে যার কাছে তার গোঁপ থাকবে,তার মধ্যে আশ্চর্যজনক শক্তি আসবে। কিন্তু পাক্কা মুসলমান এ কথাতে বিশ্বাস করে না। তারা দুঃখ কষ্ট বা ক্ষতি হতে বাচানোর মালিক একমাত্র আল্লাহ ছাড়া অন্য কাউকেও বুঝে না। এ জন্য ঐসব বিষয়াগুলি শিরক মনে করে এবং তা থেকে এমন ভাবে বেচেঁ চলে, যেভাবে আল্লাহ ছাড়া অন্য কারও পাসনা থেকে। বাঘের মাংস হারাম, কিন্তু চামড়া খুবই কাজের। অনেক ফকিরেরা নিজের কাছে রাখে। বড় বড় ধনীরা নিজে নিচে বিছায়, কিন্তু অহংকারের পন্থায় কোন কাজে লাগালে তাহা বৈধ বা জায়েজ নয়।

শব্দার্থ ঃ عمدہ - গোঁপ, موچھیں - معتقد - বিশ্বাস, غرور - অহংকার,

۲۔ پرندے : پروں والے جانور جو اڑ سکتے ہیں، پرندے کہلاتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں ایک پانی میں رہنے والے، جیسے بگلا، بطخ، مرغابی وغیرہ۔ دوسرے خشکی میں رہنے والے جیسے چڑیا، طوطا، کوا، باز وغیرہ۔ خدائے تعالیٰ نے ان جانوروں کو عجیب حکمت سے بنایا ہے۔ دیکھو تم کوئی چیز زمین سے اوپر ہوا میں پھینکو تو وہ بے سہارے کہیں نہیں ٹھہر سکتی، تم خود اوپر اچھلو تو بے سہارے دم بھر کے لئے بھی زمین سے اوپر نہیں ٹھہر سکتے۔ مگر سب پرندے ہوا ہی میں چلتے ہیں۔ اسی میں رہتے ہیں۔ یہ مانا کہ ہر وقت ہوا میں نہیں رہتے۔ کبھی درختوں پر گھونسلے بنا کر ان میں رہتے ہیں کبھی درختوں پر بیٹھ جاتے ہیں اور میوے کھاتے ہیں۔ بعض زمین ہی پر رہتے اور بہت کم اڑتے ہیں۔ جیسے مرغ، مور، وغیرہ۔ مگر جس طرح ہم زمین پر کوسوں دور چلے جاتے ہیں یہ ہوا میں اڑتے اڑتے کہیں کے کہیں نکل جاتے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا بدن سبک بنایا ہے۔ پر لگائے ہیں جن کے ذریعہ سے یہ ہوا میں اڑ سکتے ہیں۔ سارے کے سارے پر پیچھے کی طرف جھکے رہتے ہیں تا کہ اڑتے وقت ہوا نہ رکنے پائے۔ ان کے دونوں بازو ہوا میں ٹھہرنے کے واسطے بڑے اچھے اوزار ہیں ان کی دم بھی انہیں بہت فائدے دیتی ہے جس طرح کشتی کو پتوار سے جدھر چاہتے ہیں موڑ لیتے ہیں۔

২- পাখী ঃ পাখাযুক্ত প্রাণী যেগুলো উড়তে পারে সেগুলোকে উড়নেওয়ালা পাখী বলে। উহা দু প্রকার (১) পানিতে বসবাসকারী যথা, বক, হাঁস, জলফুক্কুট ইত্যাদি (২) স্থলে বসবাসকারী যথা, পাখী, তোতা, কাক, বাজপাখী ইত্যাদি। আল্লাহ তা'আলা ঐসব জন্তুদের অদ্ভুত জ্ঞান দিয়ে সৃষ্টি করেছেন। দেখ! তুমি কোন জিনিস মাটি থেকে উপরে বাতাসে ছুড়ে দিলে তা বিনা ভরে কোথাও দাড়াতে পারে না। তুমি নিজে উপরের দিকে লাফ দিলে বিনা ভরে এক মুহূর্তও মাটি থেকে উপরে দাড়াতে পারবে না। কিন্তু সব পাখীরা বাতাসেই চলে থাকে, উহাতেই থাকে। এটা মনে করবে না যে, সব সময় বাতাসের মধ্যে থাকে। কখনও গাছের উপর ছোট বাসা বেঁধে তার মধ্যে বাস করে। কখনও গাছের উপর বসে যায় এবং ফল খেয়ে থাকে। কতক মাটিতেই থাকে এবং খুব কম উড়ে যেমন মোরগ, ময়ূর ইত্যাদি। কিন্তু যেভাবে আমরা মাটিতে কিছুদূর চলে যাই, তারা হাওয়াতে উড়তে উড়তে কোথাও না কোথাও চলে যায়। কারণ হল, আল্লাহ তায়ালা এদের শরীর হাল্কা পাতলা করেছেন, পাখা লাগিয়েছেন, যার দ্বারা তারা হাওয়াতে উড়তে পারে। সব পাখাগুলি পিছনের দিকে ঝুকে থাকে যাতে উড়ার সময় হাওয়া বাঁধা না পায়। এদের দুটি বাজু বাতাসের মধ্যে থাকার কারণে বড় সুন্দর হাতিয়ার। এদের লেজ খুব উপকার করে যেমন: নৌকা হাল দ্বারা যেদিকে ইচ্ছা সেদিকে ঘুরতে পারে।

শব্দার্থ ঃ جواڑ - উড়তে, عجیب حکمت - অদ্ভুত জ্ঞান, گھونسلے হালকা,

اسی طرح پرندے اڑتے وقت اپنی دم کی بدولت جدھر چاہتے ہیں مڑ جاتے ہیں۔ پرندوں کے دانت نہیں ہوتے وہ چونچ سے دانے دنکے توڑ کھاتے ہیں بعض ثابت کے ثابت نگل جاتے ہیں۔ چونچ کے نیچے ایک تھیلی سی ہوتی ہے، جسے پوٹا کہتے ہیں۔ اس میں دانہ جمع ہوکر نرم ہو جاتا ہے اور پھر معدہ میں پہنچ کر ہضم ہو جاتا ہے۔ خشکی کے جانوروں میں ایسے بھی ہیں جو درختوں پر رہا کرتے ہیں۔ ان کی چونچ گول موٹی نوکیلی اور مضبوط اور نوک تیز۔ پنجے ایسے ہوتے ہیں کہ درخت کی ٹہنیاں آسانی سے پکڑ سکتے ہیں۔ ان میں اکثر کی تین انگلیاں ہوتی ہیں اور ایک پیچھے۔ کسی آبی جانور مثلاً چنیا بطخ کو پکڑ کر دیکھو تو معلوم ہو جائے گا کہ اس کے پنجے میں چار انگلیاں ہوتی ہیں ایک پیچھے مڑی ہوئی اور تین سامنے جن میں ایک جھلی پھیلی ہوئی ہے۔ اس سے سارا پنجہ چپٹا ہوکر ایک پنکھا سا معلوم ہوتا ہے۔ یہ پنجے ان جانوروں کو تیرنے میں بہت مدد دیتے ہیں۔ مگر زمین پر چلتے وقت دق بھی بہت کرتے ہیں۔ بعض آبی جانوروں کی دم کے پاس ایک چھوٹی سی تھیلی بھی رہتی ہے۔ اس کے اندر ایک چیز تیل کی مانند ہوتی جب وہ اس تیل کو اپنے پروں پر لگا لیتے ہیں تو ان کا بدن پانی سے بالکل نہیں بھیگتا۔ جس طرح پیپل، انار وغیرہ۔ درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں اور پھر نئے جکل آتے ہیں،

বঙ্গানুবাদ ঃ ঐরূপে পাখী উড়ার সময় নিজের লেজের দ্বারা যেদিকে ইচ্ছে সেদিকে ঘুরে যেতে পারে। পাখীদের দাঁত হয় না। তারা শস্যদানা খুটে ভেঙ্গে খায়, কতক শক্ত হতে শক্তকে গিলে খায়। ঠোটের নীচে একটি থলে হয়, যাকে পাকস্থলী বলে। তার মধ্যে দানা জমা হয়ে নরম হয়ে যায়। পুনরায় পাকস্থলিতে গিয়ে হজম হয়ে যায়। স্থলচর প্রাণীদের মধ্যে এমনও আছে, যারা গাছের উপর বসবাস করে। এদের ঠোট মোটা, তীক্ষ্ণ এবং শক্ত ও নখ ধারালো। পাঞ্জা এমন যে, গাছের ডাল সহজে ধরতে পারে। তাতে অনেকাংশ তিন আঙ্গুল বিশিষ্ট হয় এবং একটি পিছনে। কোন জলজন্তু যেমন চিনা হাঁসকে ধরে দেখলে বুঝতে পারবে যে তার নিচেতে চার আঙ্গুল হয়ে থাকে একটি পিছনে মোড়া, অপর তিনটি সামনে ঝুলে ছড়িয়ে থাকে। উহাতে সকল পাঞ্জা চেপ্টা হয়ে একটি পাথার মত মনে হয়। এই পাঞ্জা ঐ জন্তুদের সাতাঁরে খুব সাহায্য করে। কিন্তু মাটির উপর চলার সময় খুব বিরক্তি বোধ করে। কতক জলজ প্রাণীর লেজের কাছে একটি ছোট থলেও থাকে, তার ভিতর এক প্রকার তেলের মত হয়, যখন সে ঐ তেল নিজের পাখা গুলোয় লাগিয়ে নেয়, তখন তার শরীর পানিতে মোটেই ভিজে না। যেমনঃ পিপুল, ডালিম ইত্যাদি। বৃক্ষের পাতা ঝরে যায় এবং পুনরায় নতুন ভাবে গজায়।

শব্দার্থ ঃ تھیلی -থলে, پوٹا - পাকস্থলি, بطخ - হাঁস, تیر - সাতার, دق - বিরক্তি, بالکل - মোটেই, جکل - গজায়।

اسی طرح پرندوں کے پر، ہر سال گر جاتے ہیں اور ان کی جگہ نئے پر نکل آتے ہیں۔ پرندوں کی اس حالت کو کریز کہتے ہیں۔ جو پرندے کیڑے مکوڑے اور دانے دنکے کھا کر جیتے ہیں وہ آپس میں بڑے اتفاق سے رہتے سہتے ہیں۔ آدمی سے بھی رل جاتے ہیں اور اس کے بہت کام آتے ہیں۔ کبوتر، طوطا، بلبل، مرغ وغیرہ اسی قسم کے جانور ہیں۔ بعض پرندے ایسے بھی ہیں جو جانوروں کا شکار کر کے کھاتے ہیں۔ ان کی تیز اور مڑی ہوئی چونچ اور ٹیڑھے ناخن شکار کی ہوئی چیز کے نوچنے پھاڑنے کے لئے بڑے اچھے اوزار ہیں۔ شکاری پرندے پہاڑ کی چوٹیوں اور جنگلوں میں گھونسلے بنا کر رہتے ہیں اور غیر پرندے کو اپنے پاس بھٹکنے بھی نہیں دیتے ہیں۔ باز، جرہ، شکرہ، بہری، لگڑ، چیل، الو، گدھ، عقاب وغیرہ اسی قسم کے پرندے ہیں۔ ان میں سے باز، جرہ، عقاب، شکرہ بڑے جری اور قیمتی ہوتے ہیں۔ باز تو مادہ ہے اور جرہ اس کا نر مگر مادہ نر کی نسبت بڑی او طاقتور ہوتی ہے۔ پرندے دودھ پلانے والے جانوروں کی طرح بچے نہیں دیتے ان کے بچے بڑی مشکل سے نکلتے اور پلتے ہیں۔ مادہ انڈے دیتی ہے اور کتنے ہی دن تک برابر ان پر بڑے صبر سے بیٹھی رہتی ہے۔ بہت کم کھاتی پیتی ہے کبھی کبھی نر بھی انڈوں پر بیٹھتا ہے مگر اکثر مادہ ہی سیتی ہے۔ نر اسے چوگا پہنچاتا ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ ঐরূপ পাখীদের পাখা প্রতি বছর পড়ে যায় এবং উক্ত জায়গায় নতুন পাখা বের হয়ে আসে। পাখীদের ঐ অবস্থা কে নতুন পালক বলে। যেসব পাখী পোকা মাকড় এবং শস্যদানা খুটে খেয়ে জীবন ধারণ করে, তারা নিজেরা বড় দলবদ্ধভাবে বসবাস করে। মানুষদের দিকে ঝুঁকে পড়ে এবং উহাতে অনেক কাজে আসে। কবুতর, তোতা, বুলবুল, মোরগ ইত্যাদি ঐ প্রকারের প্রাণী। কতক পাখি এমনও আছে। যারা জন্তুদের শিকার করে খায়। তার তিক্ষ্ণ ধারালো সরু গোলাকৃত ঠোট এবং বাঁকা নখ শিকার করা বস্তুকে চিরে ফেড়ে ফেলার বড় সুন্দর হাতিয়ার। শিকারী পাখী পাহাড়ের চূড়া ও জঙ্গলে বাঁসা বেঁধে থাকে এবং অন্যান্য পাখীদেরকে নিজের নিকটবর্তী হতে দেয় না। বাজ, বাজপাখী, বাজপাখীর মত শিকারী পাখী, হিংস্রপাখী, চিল, পেচা, শকুন, ঈগল ইত্যাদি এই ধরনের পাখী। এদের মধ্যে বাজ, বাজপাখী, শিকারী পাখী শকুন, বড়ো সাহসী এবং দামী হয়। বাজতো পুরুষ হয় এবং বাজপাখী তার নারী। কিন্তু পুরুষ নারী থেকে বড় এবং শক্তিশালী হয়। পাখীরা দুধ পানকারী প্রাণীদের মত বাচ্চা দেয় না। এদের বাচ্চা বড় কষ্টের সাথে বের হয় এবং পালন করে। মেয়ে পাখী ডিম পাড়ে এবং অনেক দিন পর্যন্ত তার উপর ধৈর্যের সাথে বসে থাকে। খুব কম খাওয়া দাওয়া করে, কখনও কখনও পুরুষেরা ডিমের উপর বসে, কিন্তু অধিকাংশ সময় মাদীরা তা দেয়। পুরুষ তার খাদ্য যোগান দেয়।

শব্দার্থ ঃ رل - ঝুকে, اوزار - হাতিয়ার, مادہ - পুরুষ, مشکل - কষ্টের,

کیونکہ اگر مادہ انڈوں پر سے بچے نکلنے سے پہلے ذرا بھی ہٹے، اور سینے میں فرق پڑ
ے تو انڈا سردی کھا کر گندہ اور خراب ہو جائے۔ اور بچہ نہ نکلے۔ کیا شان ایزدی ہے۔
تازہ انڈا لے کر توڑو تو اس میں سے زردی کے سوا جو سفیدی کی تہہ کے اندر ہوتی ہے اور
کچھ بھی نہیں ہوتا۔ جب مادہ سیتی ہے اور اس کے پروں کی گرمی سے انڈے پک جاتے
ہیں تو خدا کی قدرت سے انڈوں کے اندر بچے بن جاتے ہیں۔ ان میں جان بھی پڑ
جاتی ہے۔ وہ اندر سے چونچ مار مار کر انڈوں کو کھٹکتے ہیں اور نکل آتے ہیں۔ ماں باپ
ان کو بڑی محنت سے پالتے ہیں۔ دانہ پانی لاتے ہیں۔ انہیں کھلاتے ہیں جب وہ اپنے
آپ چگنا اور اڑنا سیکھ جائے ہیں تو ان سے الگ ہو جاتے ہیں۔ کسی پرندے کا ایک ہی
انڈا ہوتا ہے، کسی کے دو اور کسی کے اس سے زیادہ مگر مرغی او بطخ تو بیسیوں انڈے دیتی
ہیں اور بعض ایسی ہوتی ہیں جو مہینوں انڈے دیئے چلی جاتی ہیں۔ غور کر کے دیکھو تو پر
ندوں سے بھی انسان کے بڑے بڑے کام نکلتے ہیں دیکھو! مرغ، مرغیاں، کلنگ، قاز،
کبوتر، تیتر، بٹیر، وغیرہ کا گوشت اور انڈے کھاتے ہیں۔ بڑے مزیدار ہوتے ہیں
کبوتر، تیتر، مرغ، بٹیر اور بعض دوسرے جانوروں کا شوربا بہت سی بیماریوں کی دوا ہے۔
مرغی کا انڈا بھی مفید ہے۔ جسم میں خون پیدا کرتا ہے اور بڑی طاقت بخشتا ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ কেননা যদি মাদী ডিমের উপর থেকে বাচ্চা বের হওয়ার আগে সামান্যতম সরে যায় এবং তা দেওয়ায় বিঘ্ন ঘটে, তবে ঠান্ডা লেগে ডিম দুর্গন্ধ এবং নষ্ট হয়ে যায় এবং বাচ্চা বের হয় না। আল্লাহর কী মহীমা, টাটকা ডিম নিয়ে ভাঙ্গলে তার মধ্যে হলুদ রং ব্যতীত যা সাদা রং এর ভাঁজ ভিতরে হয়, অন্য কিছু হয় না। যখন মাদী তা দেয় এবং তার পাখার গরমে ডিম পেঁকে যায় তখন আল্লাহর কুদরতে ডিমের মধ্যে বাচ্চা জন্ম হয়ে যায়, তার মধ্যে জীবন এসে যায়। সে ভিতর থেকে নেড়ে নেড়ে শব্দ করে, এবং বের হয়ে আসে। মা বাপ বড় কষ্ট করে তাদের পালন করে। দানা পানি নিয়ে এসে এদের খাওয়ায়। যখন সে নিজে খাদ্য খেতে এবং উড়তে শিখে যায়, তখন এদের থেকে আলাদা হয়ে যায়। কোন কোন পাখীর ডিম, একটা হয়, কারও দুটি এবং কারও আরও বেশী। কিন্তু মুরগী এবং হাঁস বিশটি করে ডিম পাড়ে এবং কতক এমনও আছে যারা মাসের পর মাস ডিম দিয়ে যায়। চিন্তা করে দেখো, তবে পাখীরাও মানুষের বড় বড় কাজে আসে। দেখ! মোরগ মুরগী বড় জাতের মোরগ, রাজহাস, কবুতর, তিতির পাখী, বটির ইত্যাদির মাংস এবং ডিম খেয়ে থাকি। খুব সুস্বাদু হয়। কবুতর, তিতির পাখী, মোরগ, বটির এবং কতক অন্য জন্তুর সুরা (ঝোল) অনেক রোগের ঔষধ। মুরগীর ডিমও উপকারী, শরীরে রক্ত তৈরি করে এবং খুব শক্তি যোগায়।

শব্দার্থ ঃ سردی - ঠান্ডা, زردی - হলুদ রং, چگنا - খাদ্য, مزیدار - সুস্বাদু, مفید - উপকারী।

بعض پرندوں کے نرم نرم پر تکئے اور توشکوں میں روئی کے بدلے بھرتے ہیں۔ شتر مرغ جو تمام دنیا کے پرندوں سے بڑا ہے اور افریقہ میں ہوتا ہے اس کے پر یورپ میں بڑی قیمت پاتے ہیں۔ کیونکہ وہاں کے لوگ زیبائش کے لئے ٹوپیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ مور کو دیکھ کر خدا کی قدرت یاد آتی ہے اس پر کسی خوبصورتی کے ساتھ گلکاری ہو رہی ہے۔ مختلف رنگ پاس پاس کیسے بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ بچوں کو اس کا پر مل جاتا ہے تو بہت خوش ہوتے ہیں۔ ایک ایک کو دکھاتے ہیں۔ اپنی کتابوں میں رکھتے۔ اور جب پڑھتے ہیں ایک ایک حرف پر رکھتے چلے جاتے ہیں۔ ان پروں سے مورچھل بھی بناتے ہیں جو متبرک مکانوں اور امیروں کے گھروں میں مکھیاں اڑانے کے کام آتے ہیں۔ شکاری جانوروں کو سدھاتے ہیں۔ وہ شکار پکڑتے ہیں مگر مار نہیں ڈالتے۔ جیتا ہی پکڑ کر مالک کے پاس لے آتے ہیں مالک ذبح کر کے آپ کھاتے ہیں انہیں بھی کھلاتے ہیں۔ باز، شکرہ، لگڑ، بہری اسی قسم کے جانور ہیں۔ ان کا شکار بڑے تماشے کا ہوتا ہے، یہ نکموں کا کام ہے۔ جن کو اس کا چسکا پڑ جاتا ہے۔ وہ اور کام کے نہیں رہتے۔ اور ہر وقت اسی میں لگے رہتے ہیں۔ نہ خدا کی یاد نہ گھر بار کی فکر۔ وہ ہر وقت درندوں کی طرح شکار کے لئے جنگلوں میں پڑے رہتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ কতক পাখীর নরম নরম পাখার বালিশ এবং তোষকে তুলার পরিবর্তে ভরে দেয়। উট পাখী যা পৃথিবীর সব পাখীদের চেয়ে বড় এবং আফ্রিকা দেশে হয়, তার পাখা ইউরোপ দেশে বড় (কদর) দাম পায়। কেননা সেখানকার লোকেরা সজ্জার জন্য টুপী ও অন্যান্য বস্তুতে লাগায়। ময়ূরকে দেখলে কুদরতে খোদার স্বরণ হয়। তার পাখা কত সুন্দর শিল্পী কারুকার্য করা হয়েছে! বিভিন্ন রঙ পাশাপাশি কত সুন্দর মনে হয়, বাচ্চারা ঐ পাখা পেলে খুব আনন্দ পায়। এক এক জনকে দেখায়, নিজের বইয়ের মধ্যে রাখে এবং যখন পড়া শুনা করে, এক একটি অক্ষরের উপর রেখে চলে যায়। এদের পাখার দ্বারা (ময়ুর ছর) (আত্নরক্ষার ব্যূহ) তৈরি করে। যা পবিত্র ঘরগুলতে এবং ধনীদের ঘরগুলোতে মাছি তাড়ানোর কাজে আসে। শিকারী জন্তুদেরও পোষ মানানো হয়। সে শিকার ধরে মেরে ফেলে না। জীবন্ত ধরে প্রভুর কাছে নিয়ে আসে। প্রভু জবেহ করে নিজে খায়, তাকেও খাওয়া যায়। বাজ, শিকাড় লগড় বহরী ঐ প্রকার জন্তু। এদের শিকার (তামাশা) দর্শনীয় হয়, ইহা অকর্মন্যদের কাজ। যারা ঐ কাজ অভ্যাস করে ফেলেছে, তারা অন্য কাজে থাকে না। সর্বদা এতে লেগে থাকে। না আল্লাহ্‌র স্বরণ, না ঘরবাড়ির চিন্তা, তারা সর্বদা হিংস্রদের মত শিকার করার জন্য জঙ্গলে পড়ে থাকে।

শব্দার্থ ঃ زیبائش - সজ্জা, گلکاری - কারুকার্য, متبرک - পবিত্র, جیتا ہی - জীবন্ত,

کوے، چیل، گدھ وغیرہ جانور جو اور کسی کام نہیں آتے، بے فائدہ وہ بھی نہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ ہمیں اور پرندوں سے زیادہ ان سے فائدہ ہے۔ شہروں اور گاؤں کے آس پاس جو گندی، غلیظ اور مردار چیزیں پڑی رہتی ہیں وہ انہیں کھا پی کر صفائی کا حق ادا کر تے ہیں۔ اگر ایسے جانور نہ ہوتے تو یہ غلیظ چیزیں پڑی پڑی سڑ جاتیں اور ان سے ہو اخراب ہو جاتی اور ایسی بیماری پھیلتی کہ گاؤں کے گاؤں اور شہر کے شہر بیماری کے مارے اجڑ جاتے۔ کوا، چڑیا، طوطا، مرغ وغیرہ جو دانے دنکے، پھل، پھول او چھوٹے چھوٹے کیڑے کھاتے ہیں۔ کھیتی اور باغوں کا کچھ نقصان بھی کرتے ہیں۔ مگر سچ پوچھو تو نقصان کی نسبت فائدہ زیادہ پہنچاتے ہیں۔ کیونکہ کھیتی کے بے شمار چھوٹے کیڑوں کو مار کر کھاتے ہیں۔ یہ نہ کھاتے تو کیڑے فصل کا ستیاناس کر دیتے۔ بچوں والی چڑیا تو ان کیڑوں کے لئے ایک آفت ہے۔ وہ اور اس کا چڑا ہفتہ میں کئی ہزار کیڑے مار ڈالتے ہیں۔ مسجدوں او مقبروں کے گنبدوں پر تم نے کبھی کبھی چھوٹے چھوٹے پودے اگے ہوئے دیکھے ہوں گے، دل میں سوچتے ہو گے کہ ان کو وہاں کسی نے لگایا؟ بات یہ ہے کہ وہاں بھی یہی پرندے ان پودوں کے بیج پہنچاتے ہیں۔ کوئی پھل کھا کر بیٹ کرتے ہیں تو بیج ان کی بیٹ میں نکلتے ہیں اور وہ درازوں میں رہ جاتے ہیں

বঙ্গানুবাদ ঃ কাক, চিল, শকুন ইত্যাদি জন্তু যারা অন্য কোন কাজে আসে না, তারাও অনর্থক নয়, সত্য কথা এই যে, অন্য পাখীদের থেকে তারা আমাদের বেশী উপকার করে। শহর এবং পল্লীর আসে পাশে যে দুর্গন্ধ দূষিত এবং মৃত জিনিস পড়ে থাকে তারা সেগুলো খেয়ে পরিস্কারের কর্তব্য পালন করে। যদি এরকম জন্তু না হত তবে এ দূষিত জিনিস পড়ে পড়ে ছড়িয়ে যেত এবং তাতে বাতাস দূষিত হয়ে এমন রোগ ছড়িয়ে যেত যে গ্রামের পর গ্রাম, শহরের পর শহর রোগের কারণে উজাড় হয়ে যেত। কাক, চড়াই, তোতা, মোরগ, ইত্যাদি যারা শস্যদানা, ফল, ফুল এবং ছোট ছোট পোকা মাকড় খায়, ক্ষেত খামার এবং বাগানের ক্ষতিও করে। কিন্তু সত্য কথা বলতে কি ? ক্ষতির পরিবর্তে উপকারই বেশী করে। কেননা, ক্ষেতের অসংখ্য কীট পতঙ্গ মেরে খায়, সেগুলো না খেলে তবে কীটপতঙ্গ ফসলকে সর্বনাশ করে দিত। ক্ষুদ্র পাখীতো ঐ কীট পতঙ্গের বিপদ। তারা এক সপ্তাহে কয়েক হাজার পতঙ্গ মেরে ফেলে। মসজিদগুলোতে এবং কবরসমূহের গম্বুজের উপর তোমরা কখনও কখনও ছোট ছোট চারা গাছ গজাতে দেখে থাকবে। মনের মধ্যে চিন্তা জাগবে যে, তাকে এখানে কে লাগিয়েছে? ব্যাপার হল, ওখানে ঐ পাখীরা ঐ চারার বীজ পৌঁছায়, কেহ ফল খেয়ে পায়খানা করে, তবে বীজ এদের পায়খানার মধ্যে থেকে বের হয় এবং তাহা দরজা গুলির ফাকে থেকে যায়,

শব্দার্থ ঃ بے فائدہ - অনর্থক, اجڑ جاتے - উজাড় হয়ে যেত, کیڑے - পোকামাকড়, نقصان -ক্ষতি, آفت - বিপদ گنبدوں - গম্বুজ,

ان پر مٹی پڑ جاتی ہے اور اس مٹی میں بیج مل جاتے ہیں اور اگ آتے ہیں۔ اسی طرح کبھی کبھی پہاڑوں پر درخت اگا کرتے ہیں۔ اور سمندروں میں جہاں سیکڑوں کوس تک پانی ہی پانی ہوتے ہے۔ کبھی پانی ہٹ کر کوئی ٹیلہ نکل آتا ہے اور پرندے اس پر آبیٹھتے ہیں اور بیٹ کر دیتے ہیں اور ہوتے ہوتے وہ ٹیلہ ایک ٹاپو بن جاتا ہے۔ اور پرندوں کی بدولت بعض درختوں کے بیج بھی وہاں پہنچ جاتے ہیں، جن سے درخت پیدا ہو جاتے ہیں اور ٹاپو سر سبز ہو جاتا ہے۔

۳۔ رینگنے والے جانور : اس قسم کے بعض جانور تو قد و قامت میں بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔ جیسے گرگٹ چھپکلی وغیرہ۔ بعض چکی کے پاٹ کی طرح گول جیسے کچھوا۔ بعض بہت بڑے جیسے گھڑیال۔ دودھ پلانے والے جانوروں اور پرندوں کا خون سرخ اور گرم ہوتا ہے مگر ان کا ایسا نہیں ہوتا۔ وہ سبک، پھیکے رنگ کا اور سرد ہوتا ہے۔ کچھوے نہ تو لمبوترے ہوتے ہیں اور نہ ان کے منہ میں دانت ہوتے ہیں۔ مگر اس قسم کے باقی سب جانوروں کے جسم گول، لمبے اور دمدار ہوتے ہیں۔ اور سب کے جبڑوں میں دانت ہوتے ہیں وہ انہیں کھانے میں کچھ مدد نہیں دیتے، البتہ گرفت کے کام آتے ہیں۔ کچوا اور گھڑیال وغیرہ پانی میں۔ سانپ زمین میں یا بلوں کے اندر رہتے ہیں

বঙ্গানুবাদ ঃ উহাতে মাটি লেগে যায় ঐ মাটিতে বীজ মিশে যায় এবং চারা গাছ গজিয়ে উঠে। ঐরূপে কখনও কখনও পাহাড়ের উপর গাছ জন্মে, এবং সমুদ্রের মাঝে যেখানে শত শত ক্রোশ পানি আর পানি হয়। পানি সরে গিয়ে কোন উচু জায়গা বের হয়ে পড়ে এবং পাখীরা ওখানে এসে বসে এবং পায়খানা করে দেয়, ধীরে ধীরে ঐ উঁচু জায়গা একটি দ্বীপ তৈরি হয়ে যায় এবং পাখীদের দ্বারা কতক গাছের বীজ ওখানে পৌছে যায়, যাতে গাছ জন্ম নেয় এবং দ্বীপটি সবুজ ও শ্যামল হয়ে যায়। ঐ প্রকার কতক জন্তু আকারে খুব ছোট হয়। যেমন ঃ গীরগিট, টিকটিকি ইত্যাদি। কতক চাক্কীর পাটের মত গোল। যেমন ঃ কেঁচো। কতক খুব বড় যেমন ঃ কুমীর। স্তন্যপায়ী জন্তু এবং পাখীদের রক্ত লাল এবং গরম হয়। কিন্তু উহাদের এমন হয় না। তারা হালকা ফ্যাকাশে রঙ এবং শীতল হয়। কেঁচো না লম্বা হয়, না তার মুখে দাঁত হয়। কিন্তু ঐ ধরনের অন্যান্য সব জন্তুদের শরীর গোল, লম্বা এবং লেজ আকারে হয়। এবং সকলের চোয়ালে দাঁত হয়, তবে তা খাওয়ার কোন সাহায্য করে না। অবশ্য ধরার কাজে আসে।কেচোঁ এবং কুমীর ইত্যাদি পানিতে, সাপ মাটিতে অথবা বালির ভিতর থাকে।

শব্দার্থ ঃ اگ গজিয়ে ওঠে, کوس - ক্রোশ, ٹاپو - দ্বীপ, گھڑیال - কুমির, جبڑوں - চোয়াল,

اور پانی میں بھی پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے بعض مینڈک کی طرح بولتے ہیں اور بعض بالکل نہیں بولتے۔ کسی کے چار پاؤں ہوتے ہیں جیسے گرگٹ، کسی کے ہوتے ہیں نہیں، جیسے سانپ۔ یہ سب پرندوں کی طرح انڈے دیتے ہیں مگر ان پر بیٹھ کر سیتے نہیں۔ اکثر گرم جگہ میں انڈے دیتے ہیں۔ وہ گرمی سے پک جاتے ہیں اور بچے نکل آتے ہیں۔ یہ انڈے بچوں کی ذرا بھی حفاظت نہیں کرتے۔ وہ صرف خدا کے بھروسے پر رہتے ہیں۔ بعض خاص زہریلے سانپوں کے بچے پیٹ ہی میں انڈوں سے نکل آتے ہیں۔

۴۔ خشکی اور تری دونوں میں رہنے والے جانور

اول تو ایسے جانور بہت کم ہیں جو پانی کے نیچے، اور خشکی کے اوپر بخوبی جی سکیں۔ ان میں سے مینڈک عام پایا جاتا ہے، اس کا موٹا اور بے ڈھنگا بدن ہے۔ بڑا سا منھ موٹی موٹی آنکھیں، نرم نرم بجی کھال، یہ بہت چپچپا، اور ٹھنڈا ہوتے ہے۔ اسی واسطے نہ دیکھنے میں کچھ خوبصورت ہے۔ نہ ہاتھ لگانے کے قابل، مگر پھر بھی اس میں کئی باتیں بہت عجیب وغریب ہیں۔ اول تو یہی کہ جس طرح زمین پر ادھر ادھر پھدکتا اور چھلانگیں مارتا پھرتا ہے، اسی طرح آسانی کے ساتھ پانی میں بھی تیرتا پھرتا ہے۔

বঙ্গানুবাদঃ এবং পানিতেও পাওয়া যায়। তার মধ্যে কতক ব্যাঙের ন্যায় ডাকে। আবার কোনটি একেবারেই ডাকে না। কাহারোর চার পাঁ হয় যেমন গীরগীট। আবার কোনটির মোটেই হয় না যেমনঃ সাপ। উহারা সকলেই পাখীদের মত ডিম দেয়, কিন্তু তার উপর বসে তাপ দেয় না। অধিকাংশ গরম জায়গায় ডিম পাড়ে এবং গরমে পেঁকে যায় ও বাচ্চা বের হয়ে আসে। এরা ডিম ও বাচ্চাকে হেফাযত করে না। এরা একমাত্র খোদার উপর ভরসা করে। কতক খাটি বিষধর সাপের বাচ্চাগুলি পেটের মধ্যেই ডিম থেকে বের হয়ে আসে।

জল ও স্থল উভচর প্রাণী

প্রথমতঃ এরকম জন্তু খুব কম আছে। যারা পানির নিচে এবং শুষ্ক ভূমির উপর মনমত ভালভাবে জীবন ধারণ করে। এদের মধ্যে সাধারণত ব্যাঙ পাওয়া যায়। এদের মোটা এবং অদ্ভুত রকমের শরীর হয়, মুখ খুব বড়, মোটা মোটা চোখ এবং নরম মসৃণ চামড়া। ইহা খুব চটপটে ও ঠাণ্ডা হয়, এজন্য দেখতে না খুব ভাল না হাত লাগানোর উপযুক্ত। কিন্তু তবুও উহাতে কতক আশ্চর্য ও অদ্ভুত গল্প আছে। প্রথমত এই যে, যেভাবে মাটির উপর এদিকে ওদিকে লাফালাফি করে ঘোরাফেরা করে, ঐরূপ পানিতেও সহজে সাতাঁর দিয়ে ঘোরাফেরা করে।

শব্দার্থ ঃ مینڈک - ব্যাঙ, چپچپا - চটপটে,

دوسرے پانی میں غوطہ مارتا ہے تو ہماری تمہاری طرح دو چار منٹ میں اس کا دم نہیں رک جاتا۔ وہ پہروں اندر ہیں مزے سے بیٹھا رہتا یا تیرتا رہتا ہے،

تیسرے پانی نہ رہے یا بہت سردی ہو تو کبھی تالاب کے کنارے نیچے کی مٹی میں۔ کبھی ندی نالوں اور نہروں کے کنارے نیچے کی مٹی میں یہ اسی طرح پھرتے رہتے ہیں جیسے کوئی پڑا سوتا ہے۔ اور اسی حالت میں مہینوں پڑے رہتے ہیں۔ جب برسات آتی ہے تو اس خواب غفلت سے بیدار ہوتے ہیں اور ٹراٹرا کر سارا جنگل سر پر اٹھا لیتے ہیں۔

چوتھے پھرتیلا اور چالاک ایسا ہے کہ اپنے سے بیس گنی اونچائی اچھل جاتا ہے۔

پانچویں سب سے عجیب بات یہ ہے کہ وہ مینڈک کی صورت میں پیدا نہیں ہوتا۔ انڈے سے مچھلی کی صورت میں نکلتا ہے۔ تم نے تالابوں اور جوہڑوں میں بارہا دیکھا ہوگا کہ تمہارے آتے ہیں سیاہ رنگ کی چھوٹی چھوٹی مچھلیاں جھنک دکھا دکھا کر پانی کی طرف جاتی ہیں، وہ اصل میں مینڈک کے بچے ہوتے ہیں۔ تھوڑے دنوں کے بعد ان کا دھڑ موٹا ہونے لگتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ پچھلی ٹانگیں اور ہاتھ نظر آنے لگتے ہیں آخرکار آٹھ ہفتے میں پورے مینڈک بن جاتے ہیں۔ یہ کیڑے مچھروں کا شکار کر کے کھاتے ہیں۔ اس واسطے ان کا گھر میں ہونا مفید ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ দ্বিতীয়তঃ পানির মধ্যে ডুব মারে, তাতে তোমার আমার মত দু চার মিনিটে নিঃশ্বাস ফুরিয়ে যায় না। তারা রাত দিন তার মধ্যে আরামের সাথে বসে থাকে কিংবা সাতাঁর দিতে থাকে। তৃতীয়ত ঃ পানি না থাকলে অথবা খুব ঠাণ্ডা পড়লে, তবে কখনও পুকুরের ধারে মাটির মধ্যে, কখনও নদী নালা এবং সমুদ্রের ধারেমাটির মধ্যে এরা এরূপভাবে ঘোরাফেরা করে যেমন, কোন প্রতিবেশী। ঐ অবস্থায় মাসাধিক কাল পড়ে থাকে। যখন বর্ষা এসে যায় তখন উহারা অলস তন্দ্রা হতে জেগে উঠে এবং ঘ্যাঁ ঘ্যাঁ করে সমস্ত জঙ্গল মাথায় তুলে রাখে। চতুর্থত ঃ ফুর্তি এবং চালাক চতুর এমন হয় যে, নিজের থেকে বিশগুণ উচুঁ হয়ে লাফাতে থাকে।

পঞ্চমত ঃ সব থেকে আশ্চর্য ব্যাপার এই যে, এরা ব্যাঙের আকারে জন্ম হয় না। ডিম থেকে মাছের আকারে বের হয়ে আসে। তোমরা পুকুরে এবং ঝোপ জঙ্গলে বার বার দেখে থাকবে। তোমার আসা দেখে কাল রঙ্গের ছোট ছোট মাছগুলো ঝলক দেখিয়ে পানির দিকে যেতে থাকে। তারা আসলে ব্যাঙের বাচ্চা। কিছুদিন পর এদের ধড় মোটা হতে থাকে। পুনরায় ধীরে ধীরে পিছনের পা এবং হাত দেখা যেতে থাকে। অবশেষে আট সপ্তাহের মধ্যে সম্পূর্ণ ব্যাঙ তৈরি হয়ে যায়। এরা পোকামাকড়, মশা শিকার করে খায়। এজন্য এদের ঘরের মধ্যে হওয়া উত্তম,

শব্দার্থ ঃ غوطہ -ডুব মারে, رک - ফুরিয়ে, خواب - তন্দ্রা, ٹراٹرا - ঘ্যাঁ ঘ্যাঁ, اچھل - লাফাতে, جوہڑوں - ঝোপজঙ্গলে,

مگر خرابی یہ ہے کہ وہ خود سانپوں کی مزیدار خوراک ہیں وہ خود ان کی تلاش میں رہتے ہیں۔ پس گھروں میں جب مینڈک بہت ہوں تو خیال رکھنا چاہئے کہ کہیں سانپ ادھر ادھر نہ ہو۔

۵۔مچھلیاں: ہڈی دار جانوروں کی چوتھی قسم مچھلیاں ہیں۔ وہ صرف پانی ہی میں رہ سکتی ہیں جس طرح ہم ہوا سے نکل کر پانی میں زندہ نہیں رہ سکتے اسی طرح وہ پانی سے باہر ہوا میں نہیں جی سکتیں۔ اگر مچھلی کو پانی سے باہر نکالو اور زمین پر چھوڑ دو تو وہ وہیں تڑپ تڑپ کر دم بھر میں مر جائے گی۔ مچلیوں میں یہ عجیب بات ہے کہ ان کے پھیپھڑ نہیں ہوتا۔ اسی واسطے وہ ہڈی دار جانوروں کی طرح پھیپھڑے سے ناک اور منھ کی راہ سے دم نہیں لیتیں۔ ان کی گردن پر دونوں طرف سوراخ ہوتے ہیں، جن پر گلابی رنگ کے ریشوں کی خمدار جھالریں اوپر تلے لگی ہوتی ہیں انہیں گلپھڑے کہتے ہیں۔ خدا کی قدرت دیکھو کہ یہی گلپھڑے پھیپھڑوں کا کام دیتے ہیں اور انہیں سے وہ سانس لیتی ہیں۔ ان کی آنکھیں خدائے تعالیٰ نے اس حکمت سے بنائی ہیں کہ وہ پانی میں سب کچھ دیکھ سکتی ہیں، منھ سے بول نہیں سکتیں۔ کان ہوتے ہی نہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کی حکمت دیکھو کہ آواز سن لیتی ہیں۔ سدھاتے ہیں تو گھنٹے کی آواز سنتے ہی پانی میں اکٹھی ہو جاتی ہیں

বঙ্গানুবাদ ঃ কিন্তু বিপদ এইটা যে তারা নিজেরাই সাপের মজাদার খোরাক। তারা নিজেরাই এদের সন্ধানে থাকে। অতঃপর ঘরে ব্যাঙ বেশী হলে সতর্ক থাকা দরকার যে, কোথাও সাপ এদিকে ওদিকে না থাকে। হাড়যুক্ত জন্তুর মধ্যে চতুর্থ প্রকার মাছ। তারা একমাত্র পানিতে থাকতে পারে। আমরা যেমন বাতাস হতে বের হয়ে পানিতে জীবিত থাকতে পারি না। ঐ রকম তারা পানি হতে বাইরে বাতাসের মধ্যে জীবিত থাকতে পারে না। যদি মাছকে পানি হতে বের কর এবং মাটিতে ছেড়ে দাও তবে তারা সেখানেই ছটফট করতে করতে শ্বাস বন্ধ হয়ে মারা যাবে।মাছের দল সম্পর্কে চমকদার কথা এই যে, এদের ফুসফুস হয় না। এজন্য হাড়যুক্ত জন্তুদের মত ফুসফুসের সাথে নাক ও মুখের রাস্তা দিয়ে শ্বাস নেয় না। এদের ঘাড়ে দুটি ছিদ্র হয়, যার উপর গোলাপী রঙের (শুশ্রু) দাঁড়ির মত বাঁকা বাঁকা উপর প্রান্তে লেগে থাকে। তাকে গালাসী বলে। আল্লাহর কুদরত দেখ! ঐ গালাসী ফুসফুসের কাজ করে এবং তার দ্বারা তারা শ্বাস গ্রহণ করে। এদের (দৃষ্টি) চোখগুলি আল্লাহ তা'আলা এমন রহস্যজনকভাবে সৃষ্টি করেছেন যে, তারা পানির মধ্যে সবকিছু দেখতে পায়। মুখ দিয়ে কথা বলতে পারে না। কিন্তু আল্লাহর রহস্য দেখ!শব্দ ঠিকমত শুনতে পায়। শিক্ষা পেলে ঘন্টার আওয়াজ শুনলেই পানির ভিতর এক জায়গায় জড়ো হয়ে যায়।

শব্দার্থ ঃ خوراک - খাদ্য, جی - জিবীত, تڑپ تڑپ - ছটফট, پھیپھڑا - ফুসফুস, سوراخ - ছিদ্র, منھ - মুখ, بول - কথা, اکٹھی - জড়ো হওয়া,

ان کے بدن پر پرندوں کی طرح پر بھی ہوتے ہیں۔ کسی کے تھوڑے کسی کے زیادہ۔ اکثر کے دونوں گلپھڑوں کے پاس ایک ایک پر ہوتا ہے، یہ چھاتی کے پر کہلاتے ہیں۔ ان کے دو پر اور ہوتے، وہ پیٹ کے پر ہیں۔ پیٹھ کی دھار پر بھی اکثر دو پر ہوتے ہیں جو پیٹھ کے پر کہلاتے ہیں۔ دم کے پاس بھی نیچے کو ایک پر ہوتا ہے جو پیچھے کا پر کہلاتا ہے۔ یہ سب پر اسے پانی میں تلار کھتے ہیں اور تیرنے میں بہت مدد دیتے ہیں۔ چھاتی کے پر تو اس کے ہاتھ سمجھو اور پیٹ کے پر پاؤں۔ یہ اسے اوپر نیچے آنے جانے میں بہت مدد دیتے ہیں مگر اس مطلب کے واسطے اکثر مچھلیوں میں ایک جھلی کا پھکنا بھی ہوتے ہے جسے پھلاتی ہیں تو آسانی سے اوپر کی طرف آجاتی ہیں۔ سکڑ لیتی ہیں تو نیچے چلی جاتی ہیں، جس طرح تو بنے یا مشک کے سہارے آدمی دریا میں آسانی سے تیر سکتا ہے، اسی طرح یہ مچھلیاں پھکنے کی مدد سے آسانی سے تیرتی رہتی ہیں۔ چھاتی کے پروں سے وہ جس طرح اوپر آتی ہیں، اسی طرح پیچھے بھی ہٹ جاتی ہیں۔ اور یہ پر انہیں یہی فائدہ نہیں دیتے، بلکہ جس طرح ہم ہاتھوں سے کسی چیز کو معلوم کر لیتے ہیں، وہ بھی ان پروں سے ٹٹول لیتی ہیں۔ مچھلی اگر چہ پروں کو ہلا کر تیرتی ہے مگر اس مطلب کے لئے پیٹھ کی ہڈی کا ہلانا بھی آگے بڑھنے میں بہت مدد دیتا ہے اور دم تو تیرنے کا سب سے اچھا آلہ ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এদের দেহের উপর পাখীদের মত পাখা হয়। কোনটির কম, কোনটির বেশী। অধিকাংশ দুই গালাসীর পাশে এক একটি পাখা হয়। ইহাকে বক্ষ স্থলের পাখা বলে। এদের দুটি পাখা আরও হয়, উহা পেটের পাখা, পিঠের ধারে উপরে দুটি পাখা বেশী হয়, যা পিঠের পাখা বলে। লেজের কাছে নিচে একটি পাখা হয়, যাকে পিছনের পাখা বলা হয়। এসব পাখাগুলি এদের পানির মধ্যে ভাসমান রাখে এবং সাঁতারে খুব সাহায্য করে। বুকের পাখাকে তার হাত মনে কর এবং পিঠের পাখাকে পা। ইহা উপর-নিচে চলাফেরায় খুব সাহায্য করে। কিন্তু এজন্য অধিকাংশ মাছের মধ্যে পাতলা চামড়ার ফুলকো হয় যাকে ফুলাতে থাকে, তখন সহজে উপরে আসতে পারে। চুপসে নিলে তবে নিচে চলে যায়। যেমনভাবে বয়া বা মোশকের সাহায্যে মানুষ সাগরে সহজে সাঁতার দিতে পারে। ঐ রকম এসব মাছেরা ফুলকের সাহায্যে সহজে সাঁতার দিতে থাকে। বুকের পাখা দ্বারা তারা যেভাবে উপরে আসে, তেমনিভাবে পিছনে ফিরে যায় এবং এই পাখা এদের শুধু এতটুকুই উপকার করে না বরং যেভাবে আমরা হাতের দ্বারা কোন কিছু অনুভব করি, তারাও এই পাখাগুলির দ্বারা (অনুসন্ধান) খোঁজ করে। মাছ যদিও পাখা হেলিয়ে সাঁতার কাটে, কিন্তু উহার উদ্দেশ্যে পিঠের হাড় হেলানো ও অগ্রসর হতে সহায়তা করে এবং লেজ তো সাঁতারের সব থেকে সুন্দর যন্ত্র।

শব্দার্থ ঃ پر بھی - পাখা, دم - লেজ, ٹٹول - খোজ করা,

جدھر موڑنا ہو اسی طرف دم مار کر جھٹ مڑ جاتی ہے۔ آگے جانا ہو تو اسے دونوں طرف مارتی ہے، اور پانی میں اس طرح جاتی ہے جیسے ہوا میں تیر۔ مچھلیاں لاکھوں ہی انڈے دیتی ہیں۔ وہ دھوپ میں پڑے رہتے ہیں۔ جب پک جاتے ہیں تو ان سے بچے نکل آتے ہیں۔ کتنی ہی مچھلیاں ایسی بھی ہیں جن کے بچے پیٹ کے اندر ہی انڈوں سے نکل آتے ہیں، پھر پیدا ہوتے ہیں۔ دودھ پلانے والے اور پرندے جانوروں کی طرح مچھلی کا لہو گرم نہیں ہوتا، بلکہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔ ان کے رنگ، شکل اور قد و قامت میں بڑا اختلاف ہے۔ کوئی بہت ہی چھوٹی ہے اور کوئی بہت ہی بڑی۔ کسی کی شکل دیکھ کر ڈر لگتا ہے۔ اور بعض بہت خوبصورت ہوتی ہیں ان کی سنہری روپہلی رنگت دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی صنعت یاد آجاتی ہے اور بے اختیار منھ سے نکل جاتا ہے۔ سبحان اللہ۔

سب تو نہیں مگر اکثر مچھلیوں کا گوشت حلال ہے۔ انہیں ذبح کئے بغیر ہی کھاتے ہیں۔ بعض ملکوں کے لوگ جو سمندر کے کنارے رہتے ہیں انہیں پر اپنا گزارہ کرتے ہیں۔ ہڈیوں کے زیور اور کئی طرح کے اوزار بنتے ہیں۔ گوشت کھاتے ہیں۔ کبھی تازہ اور کبھی سوکھا ہوا۔ سکھانے کی بھی کئی ترکیبیں ہیں۔ کبھی یوں ہی سکھاتے ہیں۔ کبھی نمک لگا کر چھوڑتے ہیں۔ بہتیری مچھلیوں کا اچار ڈالتے ہیں بعض کا تیل نکالتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ যেদিকে ঘোরার দরকার পড়ে সেদিকে লেজ মেরে দ্রুত ঘুরে যায়। পানির মধ্যে এমন ভাবে চলে, যেমন বাতাসের মধ্যে তীর চলে। মাছেরা লক্ষ লক্ষ ডিম দেয়, উহা রৌদ্রে পড়ে থাকে, যখন পেকে যায় তখন উহা হতে বাচ্চা বের হয়ে আসে। কতক মাছ এমনও আছে, যাদের বাচ্চা পেটের ভিতরেই ডিম থেকে বের হয়ে আসে। স্তন্যপায়ী এবং পাখী জাতীয় প্রাণীদের মত মাছের রক্ত গরম হয় না। বরং ঠাণ্ডা হয়। এদের রঙ আকৃতি এবং দেহের গঠন প্রণালী বড় বিতর্কিত। কোনটা খুব ছোট এবং কোনটা খুব বড়। কোনটির আকৃতি দেখে ভয় লাগে এবং কতক খুব সুন্দর হয়। এদের সোনালী, রুপালী রঙ দেখে আল্লাহ্‌র নৈপুণ্যতার স্মরণ হয় এবং বিনা দ্বিধায় মুখ থেকে বের হয়ে আসে "ছোবহানাল্লাহ্‌" (আল্লাহ মহান পবিত্র)।

সব মাছ নয়, অধিকাংশ মাছের মাংস হালাল। বিনা জবেহতে উহাদের খেয়ে থাকি। কতক দেশের মানুষ সমুদ্রের ধারে বসবাস করে, উহাদের উপরেই জীবন ধারণ করে। হাড়ের দ্বারা অলঙ্কার এবং বিভিন্ন প্রকারের হাতিয়ার বানায়। মাংস খায়, কখনও টাটকা, কখনও শুকনা। শুকানোর কতকগুলি নিয়ম আছে। কখনও উনুনে ও রোদ্রে শুকায়, কখনও লবণ লাগিয়ে ছেড়ে দেয়। ভাল ভাল মাছগুলিকে চাটনি দেয়, কতক মাছের তেল বের করে।

শব্দার্থ ঃ دھوپ - রৌদ্র, پک - পাকা, پیدا - জন্ম নেওয়া, دودھ پلانے - স্তন্যপায়ী, لہو - রক্ত, صنعت - নৈপুণ্যতা, زیور - অলঙ্কার, ترکیبیں - নিয়ম,

جو بدمزہ تو ہوتا ہے مگر بڑی طاقت دیتا ہے اور اکثر بیماریوں کو بہت فائدہ بخشتا ہے۔ غرض یہ لوگ خود بھی مچھلی کی مختلف چیزوں کو استعمال میں لاتے ہیں۔ اور تجارت کے طور پر اوروں کے ہاتھ بھی بیچتے ہیں۔ جس سے بہت دولت کماتے ہیں۔

بن ہڈی کے جانور : ایسے جانور بھی کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ مثل سنکھ، گھونگھے، جونک، کیڑے، مکوڑے، پتنگے وغیرہ، اگر چہ خدائے تعالٰی کی شان اور حکمت سب چیزوں مین نظر آتی ہے۔ مگر پھر بھی ان کیڑوں کو دیکھنے سے جو زمین، پانی اور ہوا میں بے شمار ہیں۔ بہت ہی تعجب ہوتا ہے۔ ان کی شکل وصورت، ان کی جوانی، ان کا بچپن اور ان کا بڑھاپا، ان کی آنکھیں، ان کے پر، ان کا اڑنا اور ان کا دم لینا، اور سب جانوروں سے نرالی قسم کا ہے۔ قد میں تو بہت ہی چھوٹے اور بے مقدار ہیں مگر ایسے بڑے بڑے کام کرتے ہیں کہ انہیں دیکھ کر ان کے بنانے والے پاک خدا کی صنعت سمجھنے میں عقل دنگ رہ جاتی ہیں۔ اب ہم تمہیں ان کے بدن کے ہر ایک حصے کا تھوڑا تھوڑا حال سناتے ہیں۔ اس سے تمہیں معلوم ہو جائیگا کہ ان کا ہر ایک عضو اور جانوروں کی نسبت ایک نئی طرح کا ہے۔ ان میں سے اکثر کے تین حصے ہیں۔ سر، سینے والا حصہ، پیٹ والا حصہ۔

বঙ্গানুবাদ ঃ যা অরুচিকর হয়, কিন্তু বড় শক্তি আনে এবং অনেক রোগীদের খুব উপকার হয়। ফলত ঃ এইসব মানুষ নিজেরাই মাছকে বিভিন্ন জিনিসের ব্যবহারে নিয়ে আসে এবং ব্যবসায়িক ভিত্তিতে অন্যের কাছে বিক্রি করে। যার দ্বারা বহু সম্পদ উপার্জন হয়।

হাড়বিহীন প্রাণী

এ ধরনের জন্তু কয়েক প্রকারের হয়। যথা শামুক, কেঁচো, জোঁকপোকা, মাকড়সা, পতঙ্গ ইত্যাদি। যদিও আল্লাহর মহিমা এবং শিল্পী নৈপুন্যতা সব জিনিসের মধ্যে দেখা যায়। তদুপরি ঐসব পোকামাকড় দেখার দ্বারা যা মাটিতে, পানিতে এবং বাতাসের মধ্যে অগণিত আছে। খুব আশ্চর্য হতে হয়। এদের আকার আকৃতি, এদের যৌবন এদের শৈশব ও প্রৌঢ়কাল, চোখ, পাখা, এদের উড়ে যাওয়া ও শ্বাস নেওয়া অন্য সব জন্তুদের থেকে পৃথক ও অদ্ভুত প্রকারের। উচ্চতা তো অনেক ছোট, এবং বিশ্রি আকারের। কিন্তু এমন বড় বড় কাজ করে যে এদের দেখে তার সৃষ্টিকারী খোদার নৈপুণ্যতা বোঝার মধ্যে বিবেককে দংশন (বা আহত) করে। এখন আমরা তোমাদের তার দেহের প্রত্যেক অংশ কিছু কিছু শোনাব। তাতে তোমরা জানতে পারবে যে, এদের প্রত্যেক অঙ্গ অন্য জন্তুদের তুলনায় এক নতুন ধরনের। তারা অধিকাংশ তিন অংশে বিভক্ত। মাথা, বুক, পেটের অংশ।

শব্দার্থ ঃ کماتے - উপার্জন, بے شمار -অগণিত, بڑھاپا -স্বচ্ছ, دنگ - আশ্চার্যান্বিত

سر میں پیشانی پر دو شاخیں سی ہیں جس طرح ہم ہاتھوں سے کسی چیز کو معلوم کر سکتے ہیں وہاں سے ہر چیز کو ٹٹول لیتے ہیں۔ زبان گو چھوٹی سی ہے مگر ہاتھی کی سونڈ جیسی ہے اسی کو آدمی یا جانور کے بدن میں چبھو کر خون چوستے ہیں پھولوں کا رس نکالتے ہیں کسی اور جانور کے دو سے زیادہ آنکھیں نہیں ہوتیں مگر ان کی اس قدر ہیں کہ شمار ہی نہیں ہو سکتیں، اگرچہ ظاہر میں سر کے دائیں، بائیں دو ہی نظر آتی ہیں مگر دو بے انتہا آنکھوں سے مل کر بنی ہیں بعض ایسے بھی ہیں جن کے سر پر تین تین اور چھوٹی چھوٹی آنکھیں بھی ہیں یہی وجہ ہے کہ منھ پھیرے بغیر ایک ہی وقت میں سب طرف دیکھ سکتے ہیں اور بڑی مشکل سے پکڑے جاتے ہیں۔ سینے والے حصے میں کسی کے چھوٹے چھوٹے صاف شفاف چار باریک پر ہیں، کسی کے دو۔ تماشا یہ ہے کہ انہیں چھوٹے چھوٹے پروں سے وہ بہت جلدی اڑتے ہیں یہاں تک کہ مکھی گھنٹہ بھر میں تیس میل اڑ کر جا سکتی ہے ان میں جو بھنبھناہٹ ہے وہ پروں کی آواز ہے۔ ٹانگیں بھی اسی حصہ میں ہیں، چھ سے کم تو کسی کے ہوتے ہی نہیں۔ بعض کے سو سے بھی زیادہ ہیں۔ ہڈی دار جانور پھیپھڑے یا گلپھڑے سے دم لیتے ہیں ان کے نہ پھیپھڑا ہے نہ گلپھڑا۔ تم حیران ہوتے ہو گے کہ پھر وہ کہاں سے دم لیتے ہیں؟ سنو! ان میں سے بعض کے تو پیٹ میں ایک نلی سی ہوتی ہے

বঙ্গানুবাদ ঃ মাথায় কপালের উপর দুটি শুড় আছে, যেভাবে আমরা হাতের দ্বারা কোন জিনিস ধরি তারা তার দ্বারা প্রত্যেক জিনিসের সন্ধান নেয়। মুখ ছোট, কিন্তু হাতির শুড় যেমন হয়, তার দ্বারা মানুষ বা জন্তুর শরীর ফুটিয়ে রক্ত চুষে নেয়। ফুলের রস বের করে। অন্য কোন প্রাণীর দু'টির অধিক চোখ হয় না। কিন্তু ওর এত অধিক পরিমাণ যে, গণনা করা যায় না। যদিও বাহ্যত মাথার ডানে বামে দুটিই নজরে আসে। কিন্তু এই দুটি অগণিত চোখ মিশ্রিত হয়ে গঠিত। কতক এমনও আছে যার মাথার উপর তিন তিনটি ছোট ছোট চোখ আছে। এজন্য মুখ না গুড়িয়ে একই সময়ে সবদিকে দেখতে পারে এবং খুব কষ্টে ধরা পড়ে। বুকের অংশতে কোনটির ছোট ছোট সাদা ও স্বচ্ছ চারটি পাতলা পাখা আছে। আবার কারও দুটি, মজার ব্যাপার এই যে, তারা ছোট ছোট পাখা দ্বারা খুব দ্রুত উড়তে পারে। এমনকি মাছি ঘন্টায় তিরিশ মাইল উড়ে যায়। তার মধ্যে যে ভোঁ ভোঁ আওয়াজ হয় তাহা পাখার শব্দ। পা-ও তার অংশে হয়। ছয়ের কম তো কোনটিরই হয় না। অনেকের শতাধিকও হয়। হাড়যুক্ত জন্তু ফুসফুস বা কানকো দ্বারা শ্বাস গ্রহণ করে, কিন্তু এদের না ফুসফুস না কানকো আছে। তোমরা হতবুদ্ধি হয়ে পড়বে যে, তবে এরা কিভাবে শ্বাস গ্রহণ করে। শোনো! এদের মধ্যে অনেকের পেটের মধ্যে নালী হয়, যার দ্বারা শ্বাস গ্রহণ করে।

শব্দার্থ ঃ ٹٹول - খোজ করা, سونڈ -হাতির শুড়, بے انتہا -সীমাহীন, شفاف -পরিচ্ছন্ন, بھنبھناہٹ -গুঞ্জন, গুনগুন, ভনভনানি, گلپھڑے - ফুসফুস,

جس سے دم لیتے ہیں اور اکثر ایسے ہیں کہ سانس لینے کے لئے ان کے پیٹ اور سینہ والے حصہ میں مہین مہین سوراخوں کی قطاریں ہوتی ہیں۔ عام مکھیاں، گبریلے، مچھر، شہد کی مکھیاں، بھیڑیں، چیونٹیاں، جھینگر، پروانے، ٹڈیاں، تیتریاں، کھٹمل، پسو اور سینکڑوں اور جانور ایسے ہیں کہ ان کی بچپن کی شکل جوانی میں بدل کر کچھ اور ہی بن گئی ہے جو بچپن کی شکل سے بالکل مختلف ہے، پھر بڑھاپے میں وہ بھی بدل گئی اور ایک نئی صورت بن گئی ہے۔ غرض ان کے بچپن، ان کی جوانی اور ان کے بڑھاپے کی شکلیں ایک دوسرے سے بالکل نہیں ملتیں۔ یہاں تک کہ اگر ایک ہی قسم کا ایک بچہ، ایک جوان، اور ایک بوڑھا کیڑا لو تو تم ہرگز یہ نہ پہچان سکو گے کہ وہ ایک ہی قسم کے کیڑے ہیں۔ یہ گوشت یا کسی پودے پر انڈے دیتے ہیں جن سے کرم کی صورت میں بچے نکلتے ہیں، وہ وہیں پلتے ہیں، مگر جو بچے پودوں پر ہوتے ہیں وہ جڑوں، پتوں، پھلوں اور پھولوں کو بہت خراب کرتے ہیں، ذرا بڑے ہوتے ہیں تو اپنی خوراک چھوڑ کر زمین پر گر پڑتے ہیں۔ پھر یا تو زمین پر بیٹھ جاتے ہیں یا کوئی بچاؤ کی الگ جگہ ڈھونڈ لیتے ہیں اور وہیں پڑے پڑے اپنا پہلا پوست اتار کر دوسری حالت بدلتے ہیں۔ اس وقت وہ لمبے لمبے کیڑے بن جاتے ہیں مگر ایک خول کے اندر بند ہوتے ہیں اور مردار کی طرح پڑے رہتے ہیں

বঙ্গানুবাদ ঃ অনেকের এরকম আছে যে শ্বাস নেওয়ার সময় পেট এবং বুকের অংশের মধ্যে সূক্ষ্ম সূক্ষ্ম ছিদ্র শ্রেণীবদ্ধ থাকে। সাধারণ মাছি, পাখা যুক্ত সাদা রঙের পোকা, মশা, মৌমাছি, ভীমরুল, পিপড়ে, ঝিঙ্গুর, ফড়িং, টিড্ডি, তীতর, ছারপোকা, বিছা, এবং শতকোটি প্রাণী এমন আছে যে তারা শৈশবের চেহারাকে যৌবনে পরিবর্তন করে অন্য কিছু হয়ে যায়। যা শৈশবের চেহারার সম্পুর্ণ বিপরীত। পুনরায় বৃদ্ধকালেও পাল্টে ফেলে এবং এক নতুন আকৃতির বনে যায়। ফলে এদের শৈশব ও যৌবন এবং এদের বৃদ্ধা চেহারার একে অপরের মধ্যে একবারেই মিলে না। এমনকি একই রকমের একটি বাচ্চা, একটি যুবক ও একটি বৃদ্ধ পোকা ধরে এনে তুমি কখনও চিনতে পারবে না যে উহা একই রকমের পোকা ছিল। এরা মাংস বা কোন চারাগাছের উপর ডিম পাড়ে। কীটের আকারে বাচ্চা বের হয়। সেখানেই পালিত হয়। কিন্তু যে বাচ্চা চারা গাছের উপর হয়, তার শিকড়, পাতা, ফুল, এবং ফলগুলি একেবারে নষ্ট করে দেয়, সামান্য বড় হলেই নিজের খাদ্য ছেড়ে মাটিতে পড়ে যায়। পরে মাটিতে বসে থাকে বা বেঁচে থাকার অন্য জায়গা খুজে নেয়। সেখানে পড়ে থেকে প্রথমে (খোসা) আবরণ পাল্টে অন্য আকৃতি ধারণ করে। তখন সে লম্বা লম্বা পোকা হয়ে যায়, কিন্তু একটি আবরণের মধ্যে আবদ্ধ থাকে এবং মৃতের মত পড়ে থাকে।

শব্দার্থ ঃ مہین مہین -সূক্ষ্ম সূক্ষ্ম , شکل -আকৃতি , مختلف - ভিন্ন ভিন্ন, بہت خراب -খুব খারাপ , ڈھونڈ -তালাশ , پوست -ত্বক, চামড়া।

نہ ہلتے ہیں نہ چلتے ہیں۔ نہ کچھ کھاتے پیتے ہیں اندر ہی اندر پر اور بازو نکالتے اور تھوڑے عرصے بعد تیسری حالت بدلنے کو پوست پھاڑتے ہیں اور وہ شکل بناتے ہیں جس کے نام سے مشہور ہوتے ہیں۔ ان میں سے اکثر تو ہمیں بہت تنگ کرتے ہیں۔ کوئی ڈنک مار کر بدن میں ایسا زہر چھوڑ دیتا ہے کہ اس سے بڑی تکلیف ہوتی ہے کوئی کاٹ کاٹ کر سجا دیتا ہے۔ مگر سچ پوچھو تو ان نقصانوں کے ساتھ بہت سے فائدے بھی پہنچاتے ہیں جن سے کوئی اور فائدہ یا آرام نہیں۔ وہ گندی اور غلیظ چیزوں ہی کو کھا کر ہمیں بیماری سے بچاتے ہیں اور اس خدمت کے باعث ہمارے واسطے خدائے تعالیٰ کی دی ہوئی ایک بڑی نعمت ہوتے ہیں۔ بن ہڈی کے ایسے جانور جو ہمیں فائدہ ہی پہنچاتے ہیں۔ ان میں سے ریشم کا کیڑا ہزاروں لاکھوں روپے کا ریشم بنتا ہے۔ جس سے نفیس اور قیمتی کپڑے بنے جاتے ہیں۔ ہمارے مذہب میں عورتوں کو خالص ریشم کا کپڑا پہننا جائز ہے۔ مگر مردوں کو نہیں۔ ہاں آدھا ریشم اور آدھا سوت کا ہو تو مضائقہ نہیں۔ شہد کی مکھیاں شہد بناتی ہیں جو بڑی قیمتی اور مفید شئے ہے اور موم بھی ان ہی کے چھتے سے نکلتا ہے یہ بھی ہمارے بہت کام آتا ہے۔ بھڑیں ایک قسم کی مصری بناتی ہیں۔ تم نے کبھی کبھی کھائی ہوگی، کیسی میٹھی ہوتی ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ নড়াচড়া করে না, কিছু খাওয়া দাওয়া করে না, ভিতরে ভিতরেই পাখা ও অন্যান্য বাহু বের হয় এবং কিছুদিন পরে তৃতীয় আকৃতি ধারণ করে থাকে আবরণ ফেটে পড়ে এবং সে, যে আকার ধারণ করে, সে নামে প্রসিদ্ধ হয়ে পড়ে। এদের মধ্যে অনেকে আমাদের বিপদ ডেকে আনে, কখনও হুল ফুটিয়ে শরীরে এমন বিষ ঢেলে দেয় যে, তাতে খুব কষ্ট হয়।কোনটি কেটে কুটে তছনছ করে দেয়। সত্যি কথা বলতে কী ঐ ক্ষতির সাথে অনেক উপকারও পাওয়া যায়। যাতে অন্য কোন উপকার বা শান্তি নাই। তারা দুর্গন্ধ এবং দূষিত জিনিস খেয়ে আমাদের রোগ মুক্ত করে। ঐ সেবা করার কারণে আমাদের দেওয়া আল্লাহ্‌র এক বড়ো সম্পদ। হাড় বিহীন এধরনের জীব আমাদের উপকারে আসে, এদের মধ্যে রেশমের পোকা হাজার, লক্ষ টাকার রেশম উৎপন্ন করে। যার দ্বারা উন্নত মানের ও মূল্যবান কাপড় তৈরি করা হয়। আমাদের ধর্মে মেয়েদের রেশমের কাপড় পরা জায়েজ আছে। কিন্তু পুরুষের জন্য নয়, হ্যাঁ অর্ধেক রেশম, অর্ধেক সূতা হলে অসুবিধে নেই। মৌমাছি মধু বানায়, যা অতি মূল্যবান এবং উপকারী জিনিস এবং মোমও তার চাক থেকে বের হয়। ইহাও আমাদের অনেক কাজে আসে। ভীমরুল বা বোলতা এক প্রকার মিছরী বানায়। তোমরা কখনও হয়ত খেয়ে থাকবে। কতই না মিষ্টি!

শব্দার্থ ঃ تنگ -সংকীর্ণ, বিপদগ্রস্ত , ڈنک - বোলতা বা বিচ্ছুর হুল, زہر -বিষ, خدمت - সেবা , نفیس -সূক্ষ্ম, খাটি, মূল্যবান, মনোরম , مضائقہ -ক্ষতি , چھتے - মৌচাক ,

ان کا چھتہ بھی بے فائدہ نہیں۔ اسے جلا کر کئے فائدہ مند دواؤں میں ڈالتے ہیں۔ لاکھ کے کیڑے سے لاکھ کا رنگ بنتا ہے جس سے کپڑے رنگتے ہیں۔ لکڑی کی چیزوں پر خوبصورت خوبصورت رنگ چڑھاتے ہیں۔ قرمزی کیڑے سے قرمزی رنگ بنتا ہے جو بہت کام آتا ہیمکڑی بھی بن ہڈی کے جانوروں میں سے ہے۔ مگر نہ وہ تین حالتیں بدلتی ہے، نہ اس کے بدن کے تین حصے ہیں، اس کا سر اور سینہ والا حصہ ایک ہی ہے۔ یہ بھی ریشم کے کیڑ کی طرح اپنے اوپر جالا بنتی ہے، لیکن افسوس کہ بنتا ہوتا ہے اور کسی کام میں نہی آسکتا ہے البتہ کبھی کسی بیماری میں اسے دوا کے طور پر کام میں لاتے ہیں۔

نباتات: حیوانات کی طرح نباتت کی بھی کئی قسمیں ہیں مگر ابھی تم ان کو سمجھ نہیں سکتے اس لئے ہم اس بیان کو چھوڑ کر تمہیں کچھ مشہور درختوں کے فائدے اور خدائے تعالیٰ کی وہ نعمتیں بتاتے ہیں جو اس نے ہم کو ان کے پیدا کرنے سے عطا کی ہیں۔

بڑ: - یہ بڑا شان دار درخت ہے۔ ہندوستان کے سوا اور کہیں نہیں ہوتا۔ پنجاب میں اسے بوہڑ کہتے ہیں۔ اس کا پیڑ بہت اونچا اور بہت پھیلا ہوا ہوتا ہے، بعض بڑا اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ ان کے سایہ میں سوسو اور دو دوسو آدمی آرام کر سکتے ہیں بعض لوگ اسے پوجتے ہیں مگر ہمیں صرف اس خدا کی پرستش کرنی چاہیے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তার চাক অনর্থক নয়, তাকে জ্বালিয়ে কতক মূল্যবান ঔষধে মিশায়। লক্ষ লক্ষ পোকার দ্বারা লক্ষ লক্ষ রঙ তৈরি হয়। যার দ্বারা কাপড় রঙ করে। কাঠের জিনিসের উপর সুন্দর সুন্দর রঙ লাগায়। লাল রঙের পোকার দ্বারা তীব্র লাল রঙ তৈরি করে, যা অনেক কাজে আসে। মাকড়সাও হাড়বিহীন প্রাণীদের মধ্যে গণ্য। কিন্তু এরা না তিন অবস্থায় বদলায়, না এদের দেহের তিনটি অংশ আছে। এদের মাথা এবং বুকের অংশ এক। এরাও রেশম পোকার মত নিজের উপর জাল বুনে। কিন্তু দুঃখের বিষয় যে, দুর্বল হয় এবং কোন কাজে আসে না। যদিও কখনও কারও রোগে তাকে ঔষধরূপে কাজে লাগানো হয়।

উদ্ভিদ জগত ঃ জীব-জন্তুদের মত উদ্ভিদও কয়েক প্রকারের হয়। কিন্তু এখন তোমরা তা বুঝতে পারবে না। এজন্য আমরা এ বর্ণনা বাদ দিয়ে তোমাদেরকে কিছু প্রসিদ্ধ গাছের উপকার এবং আল্লাহর সেইসব অবদানের কথা বলব। যা তিনি আমাদের জন্য সৃষ্টি করেছেন।

বটবৃক্ষ ঃ এটি বড় বিশাল গাছ। হিন্দুস্থান ছাড়া অন্য কোথাও হয় না। পাঞ্জাবে তাকে বহিড় বলে। তার গুড়ি খুব উচু এবং বিস্তৃত হয়। কতক বটগাছ এত বড় হয় যে, তার ছায়ায় শত শত এবং দুই, দুই শত মানুষ বিশ্রাম করতে পারে। কতক মানুষ একে পূজা করে। কিন্তু আমাদের একমাত্র আল্লাহর ইবাদত করা উচিত।

শব্দার্থ ঃ بے فائدہ - অনর্থক, لکڑی کی چیزوں -কাঠের জিনিস , جالا -যন্ত্রণা , پیڑ -(পেড়) বৃক্ষ, গাছ, (পীড়) পীড়া, যন্ত্রণা, রোগ , صرف -শুধুমাত্র।

جس نے سب چیزوں اور سارے جہاں کو پیدا کیا۔ مانا کہ اس درخت کے سایہ میں ہمیں بہت آرام ملتا ہے اس لئے ہمیں چاہئے کہ اس درخت کی نگرانی اور پرورش کریں، یہ نہیں کہ اس کی ٹہنی یا پتا توڑیں تو گنہگار بنیں،، یا اس کی پرورش کرتے کرتے ایسے کام کرنے لگیں کہ خدائے تعالیٰ کے قصوروار بنیں۔ اس مٰیں پھول نہیں آتا۔ گول سا پھل لگتا ہے جسے بڑبٹا کہتے ہیں۔ اسے توڑو تو اندر سے انجیر کی شکل کا نکلتا ہے۔ پہاڑی بڑ کا پھل تو پک کر انجیر کی طرح میٹھا بھی ہو جاتا ہے۔ اور آدمیوں کے کھانے میں آتا ہے مگر اور جگہ اسکا پھل کھانے کام کا نہیں ہوتا اکثر اس میں اڑنے والے کیڑے بھی ہوتے ہیں۔ بہتیرے پرندے اسے بڑے مزے سے کھاتے ہیں۔ ان کے واسطے بڑ کا پھل خوان نعمت ہے۔ جتنا چاہیں کھائیں۔ نہ کسی کا خوف نہ کھٹکا۔ بڑ کا پتا یا ڈالی توڑو تو دودھ نکلے گا۔ یہ کام کی چیز ہے اس سے بڑی مفید دوائیں بناتے ہیں۔ اس میں بڑا لیس ہوتا ہے۔ ذرا سا انگلی میں لگا کر اٹھاؤ اور دیکھو کہاں تک نکلتا چلا جاتا ہے بعض لوگ اس کے لیس کو بلو کر لاسا بناتے ہیں اور اس سے جانور پکڑتے ہیں۔ تم نے دیکھا ہوگا کہ بڑ میں سینکڑوں رسیاں سی لٹکا کرتی ہیں انہیں بڑ کی داڑھی کہتے ہیں۔ بعض دفعہ یہ لٹک کر زمین تک آجاتی ہیں اور رفتہ رفتہ ان کے بڑے بڑے موٹے تنے بن جاتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ যিনি সব জিনিস এবং সমগ্র পৃথিবীকে সৃষ্টি করেছেন। নিঃসন্দেহে এ গাছের ছায়াতে আমরা খুব আরাম পাই, আমাদের উচিত, উক্ত গাছকে পরিচর্যা এবং লালন পালন করা। এটা ঠিক নয় যে, তার ডালপালা ও পাতা ছিড়ে নেব, অথবা তাকে লালন পালন করতে করতে এমন কাজ করে ফেলি যে, আল্লাহর কাছে দোষী হই। এ গাছে ফুল আসে না, গোল গোল ফল হয়। যাকে বড়বুটা বলে। তা ভাঙ্গলে ভিতরে (পিয়ার) ডুমুরের মত জিনিসের হয়। পাহাড়ী বটের ফল তো পেঁকে পিয়ারার মত মিষ্টি হয় এবং মানুষের খাওয়ার কাজে আসে। কিন্তু অন্য জায়গার ঐ ফল খাওয়ার কাজে আসে না। তার মধ্যে অনেক উড়ন্ত পোকা হয়, অনেক পাখী তাকে খুশীর সাথে খায়। এদের জন্য বটের ফল নিয়ামতের খাঞ্চা স্বরূপ। যত ইচ্ছা খায়, না কারও আছে ভয় না আছে ভীতি। বটের পাতা বা ডাল ভাঙ্গলে তাহা হতে দুধ বের হয়। ইহা কাজের জিনিস, তার দ্বারা বড় উপকারী ঔষধ তৈরী হয়। উহাতে বড় আঠাযুক্ত হয়, সামান্য আঙ্গুলে লাগিয়ে উঠালে দেখবে কতদূর পর্যন্ত চলে যায়। কতক লোক এর দ্বারা আঠা বানায় এবং অতঃপর জন্তু ধরে। তোমরা দেখে থাকবে যে, বটগাছে কোটি কোটি দড়ি ঝুলছে, তাকে বটের ঝুরি বা দড়ি বলে। কখনও ইহা ঝুলে এসে মাটি পর্যন্ত লেগে যায়। ধীরে ধীরে বড় বড় মোটা গুড়ি তৈরী হয়,

শব্দার্থ ঃ نگرانی -পর্যবেক্ষণ, পাহারা , قصور -ক্রটি, দোষ , خوان نعمت -নিয়ামতের খাঞ্চা, پکڑتے ہیں -ধরে নেয় , مضبوط -শক্ত।

ان سے درخت مضبوط بن جاتا ہے اور زیادہ پھیلنے سے کمزور نہیں ہوتا۔ داڑھی کی لال لال کونپلیں بھی بڑے کام آتی ہیں۔ ان سے اکثر دوائیں بنائی جاتی ہیں۔

پیپل : یہ بھی بڑ کی طرح ہندوستان کا نامی درخت ہے اور یہاں کے سوا اور کہیں نہیں ہوتا۔ اونچائی میں بڑ کے برابر ہے مگر اس کی چھتری چھوٹی ہوتی ہے اور پھول اس میں بھی نہیں لگتا۔ چھوٹا سا گول پھل آتا ہے اسے پپلی کہتے ہیں۔ یہ آدمی کے کھانے کی نہیں ہوتی۔ پرندے اسے مزے سے کھاتے ہیں۔ ڈال ڈال پات پات پھرتے ہیں۔ پیپلیاں کترتے ہیں۔ کچھ کھاتے ہیں کچھ نیچے پھینک دیتے ہیں طوطوں کا جھنڈ پیپل پر بیٹھا ہوا ور تم اس کے نیچے جا نکلو، تو ایسا معلوم ہوگا کہ گویا پپلوں کا مینھ برس رہا ہے۔ اس کا پتا بہت ہی خوبصورت ہوتا ہے۔ اس کی سبزی اس کا کراراپن، اس کی چکناہٹ، دیکھنے کے لائق ہوتی ہے۔ شکل میں گول، نوکدار ہے، لڑکے اس کے پپیہے بناتے ہیں۔ پیپل کی لکڑی بودی ہوتی ہے۔ کہیں کہیں درازوں کے بنانے کے کام آتی ہے۔ اس کا سایہ بھی گھنا ہوتا ہے، مگر آم یا نیم کے برابر نہیں ہوتا۔ جب کبھی چارے کا توڑا ہوتا ہے۔ بعض جگہ اس کے پتے مویشوں کو کھلاتے ہیں۔ ٹہنیاں توڑ لاتے ہیں۔ مویشی پتے پتے کھا لیتے ہیں لکڑی چھوڑ دیتے ہیں۔ انہیں سکھا کر جلاتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তাতে গাছ শক্ত হয় এবং বেশী ছড়িয়ে পড়ায় দুর্বল হয় না। বটের ঝুড়িতে লাল লাল কচি পাতা বা কুঁড়ি বড় কাজে লাগে। এর দ্বারা অনেক ঔষধ তৈরি হয়।

পিপিল ঃ এটিও বটগাছের মত হিন্দুস্তানের নামকরা গাছ এবং এখানে ছাড়া অন্য কোথাও হয় না। উঁচু বটবৃক্ষের সমান। কিন্তু তার ছত্র ছোট হয়, ফুল হয় না, ছোট ছোট গোল ফল হয়, তাকে পীপলি বলে। ইহা মানুষের খাওয়ার কাজে লাগে না। পাখীরা উহা আনন্দ করে খায়। ডালে ডালে, পাতায় পাতায় ঘোরে। পীপলি ফল কাটে, কিছু খায়, কিছু নিচে ফেলে দেয়। তোতা পাখীর দল পীপলের উপর বসলে এবং তুমি তার নিচ দিয়ে গেলে তোমার এরকম মনে হবে যে, বোধ হয় পীপলের বৃষ্টিপাত হচ্ছে। তার পাতা খুব সুন্দর হয়, উহা সবুজ রঙের (শক্ত) আঁকা বাঁকা ও সৌন্দর্য দেখার মত। আকারে গোলাকৃতির হয়। ছেলেরা তা দিয়ে পালক বানায়। পীপলের ডাল হতে চারা হয়, কোথাও কোথাও দরজা তৈরীর কাজে লাগে। তার ছায়া ঘন হয় কিন্তু আম বা নিম গাছের মত হয় না। কোথাও আবার চারা গুচ্ছ হয়। কতক জায়গায় তার পাতা গৃহপালিত পশুদের খাওয়ায়। ডাল ভেঙ্গে আনে, পশুরা পাতা খেয়ে নেয়, কাঠ ছেড়ে দেয়, উহা শুকিয়ে জ্বালায়।

শব্দার্থ ঃ دوائیں -ওষধসমূহ, نامی -বিখ্যাত, پھر - পুনরায়, پھینک - ফেলে, برس -বছর, گھنا -ঘন, مویشوں -চতুষ্পদ জন্তু,

بعض لوگ بڑ سے بھی بڑھ کر اسے پوجتے ہیں مگر ہمارے مذہب میں خدائے تعالیٰ کے سوا کسی کو پوجنا اور اسے اپنا حاجت روا بنانا شرک ہے اور شرک کرنے والے پر دوزخ میں عذاب ہوگا۔ جس سے اسے نجات نہ ملے گی۔ بچو! تم کبھی شرک نہ کرنا۔ دوزخ کی آگ اور اس کے عذاب سے ڈرو۔ وہ دوزخ جہاں کی آگ سوئی کے ناکے کے برابر دنیا میں آئے تو سارا جہان جل بھن کر خاک سیاہ ہو جائے۔ وہ دوزخ جہاں کا تھوہر جو دوزخیوں کی غذا ہے اتنا کڑوا ہے کہ سارے جہان کی مٹھائیوں میں ذرا بھی ڈالا جائے تو مٹھاس کا نام ونشان تک نہ رہے۔ وہ دوزخ جہاں کے رہنے والوں کو پانی کی جگہ گرم پیپ اور گرم لہو پینے کو ملے گا۔ جسے پیتے ہی ہونٹ سوج جائیں گے۔ انتڑیاں جل کر پیٹ سے نکل پڑیں گی۔ وہ دوزخ جہاں کے قیدیوں کے ہاتھ پاؤں میں لوہے کی ایسی ہتھکڑیاں اور بیڑیاں ڈالی جائیں گی کہ اگر ان میں سے ایک بھی یہاں لائیں تو آدمی تو درکنار پہاڑ دب کر چکنا شور ہو جائیں وہ دوزخ جہاں کہ متکبر امیروں کی گردنوں مین بھڑکتی ہوئی آگ کے طوق ڈالے جائیں گے اور آگ ہی کے کوڑے ان کے مارے جائیں گے اسی مصیبت میں وہاں کے رہنے والوں کے بدن ہزار دفعہ جل بھن جائیں گے اور پھر نئے سرے سے بنا دیئے جائیں گے مگر وہ اس عذاب سے چھٹکارا نہ پائیں گے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ কতক মানুষ বটগাছ অপেক্ষাও অধিক এর পূঁজা করে। কিন্তু আমাদের ধর্মে আল্লাহ তা'আলা ছাড়া অন্য কারও আরাধনা করা এবং তাকে নিজের অভাব মোচনকারী স্বীকার করা শিরক এবং শিরককারীদের উপর দোজখের আজাব হবে। যার থেকে তার পরিত্রাণ মিলবে না। ছেলেরা! তোমরা কখনও শিরক করবে না, দোজখের আগুন এবং তার শাস্তি হতে ভয় কর। সেখানকার আগুন সূঁচের ছিদ্র পরিমাণে পৃথিবীতে আসলে সমস্ত পথিবী জ্বলে পুড়ে ছাই হয়ে যাবে। মাটি কালো হয়ে যাবে। ঐ দোজখে সেখানকার যাক্কুম বৃক্ষ বা কাঁটাযুক্ত বৃক্ষ দোজখবাসীদের খাদ্য হবে। এত তিতো যে, সমস্ত পৃথিবীর মিষ্টি যদি উহাতে ফেলা হয়, তবে মিষ্টির কোন নাম (গন্ধ) নিশানাও থাকবে না। উক্ত দোজখবাসীদের পানির বদলে গরম পূঁজ এবং গরম রক্ত মিলবে। যা পান করার সাথে সাথে, ঠোট ফুলে ছিদ্র হয়ে যাবে। নাড়ীভুড়ি জ্বলে পেট থেকে বের হয়ে পড়বে। দোজখী কয়েদীদের হাত পায়ে লোহার এমন কড়া ও পায়ে বেড়ী পরানো হবে যে, তাতে মানুষ তো দূরের কথা, পাহাড় পর্যন্ত জ্বলে চৌচির হয়ে যাবে। ঐ দোজখে যেখানে অহঙ্কারী দলপতিদের ঘাড়ে প্রজ্বলিত আগুনের শৃঙ্খল লাগানো হবে এবং আগুনেরই চাবুক দিয়ে মারা হবে। এ বিপদে সেখানে বসবাসকারীদের দেহ হাজার বার জ্বলে পুড়ে যাবে এবং পুনরায় নতুন ভাবে বানিয়ে দেওয়া হবে। তবুও তারা শাস্তি থেকে মুক্তি পাবে না।

শব্দার্থ ঃ حاجت روا بنا -অভাব মোচনকারী , سیاہ -কাল , کڑوا -তিতা , پیپ -পূঁজ , درکنار -পাশে , متکبر -অহঙ্কারী ,

روئیں یا پیٹیں کوئی فریاد نہ سنے گا۔ ان کے عذاب میں تخفیف نہ ہوگی۔ یہ سب چیز یں جن کا یہاں ذکر ہوا وہاں موجود ہیں۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے یہاں آگ، تھوہر، پیپ اور لہو پیدا کیا ہے۔ دوزخ میں اس نے یہ چیزیں بنائی ہیں اور یہاں کی نسبت وہاں کی آگ میں زیادہ جلن اور تھوہر میں زیادہ کڑواہٹ رکھی ہے۔ جس طرح دنیا کی چیزوں سے ہم انکار نہیں کر سکتے۔ اسی طرح کوئی وجہ نہیں کہ ہم دوزخ کی چیزوں سے انکار کریں۔ اگر کوئی شخص ان سے انکار کرے تو بیشک وہ خدائے تعالیٰ کی حکمت اور طاقت کو نہیں سمجھتا اور اس کی عظمت کو نہیں جانتا۔ خدایا! تو ہمیں ایسی باتوں سے بچا اور دوزخ کی آگ کے لائق نہ بنا۔ آمین ثم آمین۔

شیشم : پنجاب میں اس کو ٹالی یا ٹاہلی کہتے ہیں۔ اس کا درخت خاصا اونچا ہوتا ہے۔ گول گول چکنے پتے ہوتے ہیں۔ ان میں پیلی پیلی پھلیوں کے گچھے نکلتے ہیں، جو ایسے معلوم ہوتے ہیں گویا درخت نے بالیاں اور پتے پہن رکھے ہیں۔ اس کا درخت اکثر پانی کے قریب اگتا ہے۔ سایہ کے لئے سڑکوں پر لگایا جاتا ہے۔ تھوڑی عمر کا ہو تو اس کی لکڑی سفید اور اچھی مضبوط ہوتی ہے۔ گھن لگ جائے تو جلد نا کارہ ہو جاتی ہے۔ مگر پرانے درخت کی لکڑی ساری سیاہ ہوتی ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ বিলাপকারীর কোন সাহায্য প্রার্থনা শুনবে না। তাদের শাস্তি কম করা হবে না। এসব জিনিস এখানে যার আলোচনা করা হল সবই ওখানে বিদ্যমান। যেমনভাবে আল্লাহ তায়ালা এখানে আগুন, কাঁটাযুক্ত বৃক্ষ, পুঁজ, রক্ত সৃষ্টি করেছেন। দোজখের মধ্যেও তিনি এসব সৃষ্টি করেছেন এবং এখানকার তুলনায় ওখানকার আগুনের মধ্যে বেশী তেজ এবং কাঁটাযুক্ত বৃক্ষের মধ্যে বেশী তিক্ততা রাখা হয়েছে। যেমন ভাবে দুনিয়ার কোন জিনিস আমরা অস্বীকার করতে পারি না, ঐরূপ কোন উপায় নাই যে, দোজখের কোন জিনিসকে অস্বীকার করি। যদি কেউ তাঁকে অমান্য করে, তবে নিঃসন্দেহে সে আল্লাহর হেকমত ও ক্ষমতা সম্পর্কে বোঝে না এবং তার শ্রেষ্ঠত্ব সম্বন্ধে জানে না। হে খোদা! তুমি আমাদের এরকম ধারণা থেকে বাচাও! এবং দোজখের আগুনের উপযুক্ত কর না । "আমীন"! "ছুম্মা আমীন"!!

শীশম ঃ পাঞ্জাবে তাকে টালি বা টাহেলী বলে। ঐ গাছ বিশেষতঃ উঁচু হয়। গোল গোল তৈলাক্ত পাতা হয়। উহাতে হাতির সুড়ের মত ফুলের গুচ্ছ বের হয়। তা এরকম মনে হয় যেন, গাছ ও পত্র-পল্লব অলঙ্কারে সজ্জিত। এগাছ অধিকাংশ পানির কাছাকাছি জন্মায়। ছায়ার জন্য (সড়ক) রাস্তার ধারে লাগান হয়। কম বয়সের হলে তার কাঠ সাদা হয় এবং ভাল শক্ত হয় । ঘুন লাগলে তাড়াতাড়ি নষ্ট হয়ে যায়। কিন্তু পুরানো গাছের কাঠ সারযুক্ত কালো হয়।

শব্দার্থ ঃ طاقت -শক্তি, چکنے -চিকন , اُگنا -অঙ্কুরিত হওয়া , سفید -সাদা , ناکارہ -অধম ,

یہاں تک کہ چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں بھی توڑو تو کالی نکلیں گی۔ سیاہ لکڑی بہت مضبوط اور چکنی ہوتی ہے، اسے گھن نہیں لگتا۔ یہی مسبب ہے کہ اس سے ہزاروں کام کی چیزیں بناتے ہیں۔ رول، قلمدان اور صندوقچے اس کے بنتے ہیں۔ قسم قسم کی ڈبیاں، طرح طرح کے کھلونے، سادہ اور رنگین چارپائیاں اس کی بناتے ہیں۔ اس کے سوا اور بہتیرے کاموں میں آتی ہے۔ اسی واسطے بہت قیمت پاتی ہے۔

جمادات: جمادات میں کچھ مشہور چیزوں کا بیان تم اردو کی دوسری کتاب میں پڑھ چکے ہو۔ اب کچھ اور کام کی جمادات کا حال غور سے سنو اور خوب یاد رکھو۔

کنکر: سڑکوں کے کنارے کبھی مٹی کی کھردری کھردری ڈلیوں کے ڈھیر تم نے دیکھے ہوں گے۔ جانتے ہو وہ کیا ہیں۔ اور کیوں کر بنتے ہیں؟ یہ کنکر ہیں۔ جس طرح کھانڈ کے الائچی دانوں اور شکر پاروں کے ڈلے بندھ جاتے ہیں اسی طرح سخت مٹی کی ڈلیوں کے کھنگر سے بن جاتے ہیں۔ یہی کنکر کہلاتے ہیں۔ انہیں سڑکوں پر کوٹتے ہیں تو گرد غبار نہیں اڑتا۔ کیچڑ نہیں ہوتی۔ کہیں کہیں قبروں پر ان کو بچھاتے ہیں تو اس سے قبر مضبوط ہو جاتی ہے۔ بارش اور آندھی میں مٹی کے بہہ جانے یا اڑ جانے کا بہت کم خدشہ رہ جاتا ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এমনকি ছোট ছোট ডাল ভাঙ্গলে কালো কালো রঙ বের হয়। কালো কাঠ খুব শক্ত এবং মসৃণ হয়। উহাতে ঘুন লাগে না। একারণে তার দ্বারা হাজার রকমের কাজের জিনিস্ তৈরি হয়। রুল, কলম, দামী সিন্দুক তা দিয়ে তৈরি হয়। বিভিন্ন প্রকারের বাক্স, খেলনা, সাদা রঙিন খাট, তা দিয়ে তৈরি হয়। এছাড়াও আরও অনেক কাজে আসে। তার দ্বারা অনেক অর্থ উপার্জন হয়। জড় পদার্থ সমন্ধে কিছু প্রসিদ্ধ জিনিসের বর্ণনা তোমরা উর্দু দুছরী কিতাবে পড়ে থাকবে। এখন কিছু অন্য কাজে জড় পদার্থের অবস্থা মন দিয়ে শোনো এবং খুব মনে রাখো।

কঙ্কর ঃ রাস্তার ধারে কখনও মাটির ধারাল (কর্কশ) সুপারির মত ঢিবে দেখে থাকবে। জানো ঐগুলি কি? ইহা কঙ্কর ! যেভাবে লালচিনি, এলাচির দানা দিয়ে চিনির ছোট ছোট মোরব্বা তৈরি হয় । তদ্রুপ শক্ত মাটির টুকরাকে জ্বালিয়ে ইট বা পাথর তৈরি হয়। ইহাকে কাকর বলে। ঐগুলি রাস্তার উপর গুড়ো করে দেওয়া হয় যাতে ধুলা-বালি না উড়ে ও কাদা না হয়। কোথাও কোথাও কবরের উপর বিছায়। তাতে কবর মজবুত হয়। বর্ষা এবং প্রবল ঝড়ে মাটি সরে যাওয়া বা উড়ে যাওয়া থেকে অনেক কম ভয় থাকে।

শব্দার্থ ঃ ٹہنیاں -ডালগুলো , یاد رکھو -স্মরণ রাখবে , ڈلیوں - ছোট ঝুড়িসমূহ, غبار -ধুলাবালি , مضبوط -শক্ত , خدشہ -আশঙ্কা, ভয়।

کنکر پھونک کر چونا بناتے ہیں۔ امیر لوگ پختہ اور عالیشان مکان بنواتے ہیں تو اس میں مٹی کی جگہ چونا لگاتے ہیں جس سے مکان کی مضبوطی اور خوبصورتی بڑھتی ہے

شورہ: بعض دولت مند شادیوں پر سینکڑوں ہزاروں روپے دے کر آتشبازی بنواتے ہیں اور اسے چھوڑتے ہیں۔ اور گھر پھونک کر تماشا دیکھنے کے مصداق بنتے ہیں۔ مگر جو روپیہ خدا کی مرضی کے خلاف خرچ کیا جائے اور اس میں اللہ کی رضامندی کا خیال نہ ہو وہ اسراف میں داخل ہے اور اسراف کرنے والے کو خدائے تعالیٰ دوست نہیں رکھتا۔ اس آتشبازی چھوڑنے میں اپنے نام ونمود کے سوا اور کوئی غرض نہیں ہوتی اس لئے یہ بھی اسراف میں داخل ہے۔ پس ان لوگوں سے جو آتشبازی چھوڑ کے اسراف کرتے ہیں، ہمارا پاک پروردگار راضی نہیں تمہیں چاہئے کہ کبھی اسراف نہ کرو، تاکہ خدائے تعالیٰ تم سے ناراض نہ ہو۔ آتشبازی میں کئی چیزیں پڑتی ہیں، مگر ان میں شورا بڑا بھاری جزو ہے۔ جانتے ہو وہ کہاں سے آتا ہے اور کیونکر بنتا ہے؟ ہمارے ملک میں اکثر جگہ زمین پر سفید سفید کھار پھول آتا ہے۔ شورہ بنانے والے اسے سمیٹ کر اپنے کارخانہ میں لاتے ہیں ناندوں میں لکڑیاں رکھ کر گھاس پھونس بچھا دیتے ہیں اس پر وہی کھار پھول جو سمیٹ کر لاتے ہیں ڈال دیتے ہیں۔ اوپر سے پانی کی دھار چھوڑتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ কাকর জ্বালিয়ে চূন তৈরি হয়। ধনী লোকেরা পাঁকা এবং উচ্চ বাড়ি নির্মান করে। তখন তারা মাটির পরিবর্তে চূন লাগায়। যাতে বাড়ি শক্ত হয় এবং সৌন্দর্য বৃদ্ধি পায়।

শোরহ (পটাশ) ঃ কতক ধনীরা বিবাহ উৎসবে হাজার হাজার টাকা খরচ করে আঁতশ বাজি বানায়, এবং তাকে ছুড়ে দেয়। ঘর জ্বালিয়ে তামাশা দেখার পাত্র হয়। কিন্তু যে অর্থ আল্লাহর ইচ্ছার বিরুদ্ধে খরচ করা হয় এবং যার মধ্যে আল্লাহর সন্তুষ্টির লক্ষ্য থাকে না তা অপব্যয়ের মধ্যে গণ্য হবে এবং অপব্যয়কারীকে খোদাতায়ালা বন্ধু রাখে না। ঐ আঁতশবাজীর আয়োজনের মধ্যে নিজের নাম ফুটানো ছাড়া অন্য কোন উদ্দেশ্য থাকে না। এজন্য ইহাও অপব্যয়ের মধ্যে গণ্য। অতএব ঐসব লোক যারা আঁতশবাজী সংগ্রহ করে তাতে আমাদের প্রভু সন্তুষ্ট নন। তোমাদের উচিত যে, কখনও অপব্যয় না করা, যাতে খোদা তোমাদের প্রতি অসন্তুষ্ট না হন। আঁতশবাজীতে কয়েকটি জিনিস মেশানো হয়, কিন্তু তার মধ্যে পটাস ভারী অংশ। জানো উহা কোথা থেকে আসে ? এবং কি করে তৈরি হয় ? আমাদের দেশে অনেক জায়গায় মাটির লবণ বা সোডা জাতীয় ফুল উৎপাদন হয়। পটাস প্রস্তুতকারীরা উহা জড়ো করে নিজেদের কারখানায় নিয়ে আসে, নাদার মধ্যে কাঠকুটো রেখে ঘাস বিছিয়ে দেয়, তার উপর ঐ ক্ষারফুল যা জড়ো করে এনেছিল তাহা ফেলে দেয়, উপর থেকে পানির ফোয়ারা (ধারা) ছেড়ে দেয়।

শব্দার্থ ঃ پھونک -ফুঁ দেওয়া, اسراف -অপচয় , نام ونمود -নামকরা , کھار -লবণাক্ত , پانی کی دھار -পানির ফোয়ারা ,

کھار پانی میں گھل کر گھاس میں سے نیچے ناند میں ٹپک جاتا ہے۔ صرف ریت اور مٹی گھاس کے اوپر رہ جاتی ہے، اسے پھینک دیتے ہیں۔ ناند کے کھار والے پانی کو کڑاہی میں جوش دیتے ہیں۔ جوش کھا کر پانی تو اڑ جاتا ہے۔ سرد ہو کر کھار کی سفید سفید قلمیں جم جاتی ہیں، انہیں نکال کر بیچتے ہیں۔ یہی شورہ ہوتا ہے۔ منہ میں ڈالو تو تلخ سا معلوم ہوگا مگر زبان کو ٹھنڈا کر دے گا۔ اسی واسطے پانی ٹھنڈا کرنے کے کام آتا ہے۔ اکثر دواؤں میں بھی پڑتا ہے۔ اس کے کھلونے بناتے ہیں۔ بڑے سبک ہوتے ہیں۔ مگر سیل پہنچتے ہی پانی ہو جاتے ہیں۔ شورے کی سلائی بنا کر آنکھوں میں پھیرتے ہیں۔ بڑی ٹھنڈک پڑتی ہے۔ اس سے بارود بھی بناتے ہیں جس سے توپ اور بندوق چلاتے ہیں۔ بڑے بڑے بادشاہ جب آپس میں لڑتے ہیں تو لاکھوں من بارود توپ بندوق چلانے میں خرچ ہوتی ہے۔

تانبا۔ لوہے جتنا تو نہیں، مگر یہ بھی آدمی کے بہت کام آتا ہے۔ پائیاں، دھیلے اور پیسے اس کے بنتے ہیں۔ صندوقوں کے قبضے اور کجیاں اس کی ہوتی ہیں۔ کھانا پکانے کے برتن بھی اس سے بنتے ہیں۔ پانی پینے کے گلاس اسی کے بنتے ہیں۔ حقے اور ڈبے بھی بنتے ہیں۔ گھڑیال جو گرجوں۔ مندروں، مدرسوں اور دوسری عمارتوں میں بجائے جاتے ہیں۔ وہ بھی اس میں تھوڑی سی قلعی ملا کر بنا لئے جاتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ ক্ষার পানিতে মিশে ঘাসের মধ্যে থেকে নিচে নাঁদার মধ্যে ফোটা ফোটা পড়তে থাকে। একমাত্র বালি এবং মাটি ঘাসের উপর থেকে যায়। উহা ফেলে দেয়, নাঁদার ক্ষারযুক্ত পানি কড়াতে তাপ দিতে থাকে, তাপ পেয়ে পানি উড়ে যায়, ঠাণ্ডা হওয়ার পর পরিশোধিত সাদা সাদা ক্ষার জমে যায়, তাকে বের করে বিক্রি করে দেয়। একেই পটাস বলে। মুখে দিলে তিতো মনে হবে, কিন্তু জিহ্বাকে ঠাণ্ডা করে দিবে। এজন্যে পানি ঠাণ্ডা করার কাজে আসে। অধিকাংশ ঔষধে মিশানো হয় তা দিয়ে খেলনা তৈরি হয়। বড় হালকা হয়। ঠাণ্ডা পেলেই পানি হয়ে যায়। পটাস দিয়ে ছুরমা প্রস্তুত করে চোখে লাগায়, খুব ঠাণ্ডা অনুভূত হয়। তার দ্বারা বারুদও তৈরী করে। যার দ্বারা তোপ বা বন্দুক চালায়। বড় বড় রাজা বাদশাহরা যখন একে অপরের সাথে যুদ্ধ করে তখন লক্ষ লক্ষ মন বারুদ, তোপ বন্দুক চালানোর জন্য খরচ হয়।

তামা ঃ লোহার মত তো নয়। কিন্তু ইহাও মানুষের অনেক কাজে আসে। পাই-পয়সা, ঢোল, মুদ্রা উহা হতে তৈরি হয়। সিন্দুকের কব্জা এবং গোজা তা দিয়ে হয়। খাদ্য পাকানোর পাত্র তা দিয়ে তৈরি হয়। পানি পান করার গ্লাস, হুকা, এবং উহা থেকে তৈরি হয় ঘন্টা যা গির্জা, মন্দির, মাদ্রাসা, এবং অন্যান্য প্রাসাদগুলিতে বাঁজানো হয়। তাও এ দিয়েই সামান্য রাঙ বা বার্নিশ মিশিয়ে তৈরি করা হয়।

শব্দার্থ ঃ پھینک -ছুড়ে মারা, شورہ -লবণাক্ত, تلخ -তিতো, اکثر -অধিকাংশ, سبک - পাতলা, توپ - তোপখানা, گھڑیال -কুমির, قلعی -খনিজ,

ہندوؤں کے گھروں میں کھانا پکانے اور پانی پینے کے برتن پیتل ہی کے ہوتے ہیں۔ تم جانتے ہو پیتل کیا شئے ہے؟ وہ بھی تانبے ہی سے بنا ہے۔ اس میں دو حصے تانبا اور ایک حصہ جست ہوتا ہے۔ تنبے کا رنگ صاف سرخ ہوتا ہے جو کچھ سنہری جھلک مارتا ہے۔ اسے اول تو ہرے رنگ کا زنگ لگ جاتا ہے۔ دوسرے تھوڑی دیر ہاتھوں میں لئے رہو تو ایک قسم کی بدبو آنے لگتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے برتنوں پر قلعی کر الیتے ہیں، اگر ایسا نہ کیا جائے تو جلد میلے ہو جائیں اور زنگ لگ جائے جو ایک قسم کا زہر ہے۔ اگر وہ ذرا سا بھی کوئی کھالے تو مر جائے۔ یہ پنجاب اور ہندوستان کے پہاڑی علاقوں میں ملتا ہے۔ دنیا کے اور اکثر حصوں میں بھی ہوتا ہے۔ سونے چاندی کی طرح بیش قیمت نہیں ہوتا۔ کان میں اکثر اور چیزوں کے ساتھ نکلتا ہے۔ اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کھود کر نکالتے ہیں۔ انہیں تیز آگ میں گلاتے ہیں اور بڑی طول طویل ترکیب سے اسے علیحدہ کرتے ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ হিন্দুদের গৃহে খাদ্য পাকানো এবং পানি পান করার পাত্র পিতলেরই হয়। তোমরা জানো! পিতল কি জিনিস? উহাও তামা থেকে তৈরি। উহাতে দুটি অংশ তামা এবং একটি অংশে একপ্রকার ধাতু দিয়ে তৈরি হয়। তামার রঙ নিখুঁত লাল হয়। যা সোনালী ঝিলিক মারে। উহাতে প্রথমতঃ শ্যামল বর্ণের জঙ্গ লেগে যায়। দ্বিতীয়তঃ অল্প সময় হাতে রাখলে একপ্রকার দুর্গন্ধ এসে যায়। একারণে ঐ পাত্রের উপর রঙ করে নেয়। যদি এ রকম না করা হয়, তবে তাড়াতাড়ি ময়লা পড়ে যায় এবং জঙ্গ লেগে যায়। যা একপ্রকার বিষ, যদি উহা সামান্য খাওয়া পড়ে, তবে মারা যাবে। ইহা পাঞ্জাব এবং হিন্দুস্থানে পাহাড়ী এলাকায় পাওয়া যায়। পৃথিবীর অন্যান্য অনেক জায়গায় হয়ে থাকে। সোনা ও রুপার মত মূল্যবান হয় না। খনির মধ্যে প্রায় অন্য জিনিসের সাথে বাহির হয়। তার ছোট ছোট খণ্ড, খুড়ে বাহির করে। উহা জলন্ত আগুনে গলায় এবং বড় লম্বা লম্বা প্রণালীতে বাহির করে।

শব্দার্থ ঃ صاف - পরিষ্কার, بدبو -দুর্গন্ধ , زہر -বিষ , تیز آگ -জ্বলন্ত আগুণ, তেজস্বি আগুণ ,

اخلاق کی باتیں

۱۔ **مذہب کی پابندی :** گڈریا رات کے وقت بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کردیتا ہے۔ دن کو جنگل میں چرانے لے جاتا ہے اور انہیں اپنی حفاظت میں رکھتا ہے۔ بھیڑ بکریوں کو اختیار ہے جس طرح چاہیں چلیں، پھریں، اچھلیں، کودیں، کھائیں، پیئیں، بولیں، یا چپ رہیں۔ البتہ کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے کسی دوسرے کا یا خود اپنا نقصان ہو اسی طرح رات کو باڑے سے باہر نہ نکلیں۔ دن کو چرواہے کی حفاظت سے قدم باہر نہ رکھیں۔ ان باتوں میں ان کا اپنا ہی فائدہ ہے۔ کیونکہ اگر وہ یہ باتیں نہ مانیں تو اپنی جان کھو بیٹھیں اور جنگلی درندوں کا لقمہ بن جائیں۔ اور ان کا وہی حال ہو جو بھیڑ کے ایک بے وقوف بچے کا نیچے کی حکایت میں ہوا۔

حکایت۔ ایک گڈریا جنگل میں رہا کرتا تھا۔ اس کے پاس بہت سی بھیڑیں تھیں۔ جنہیں وہ رات کے وقت ایک باڑے میں بند کردیا کرتا تھا کہ درندوں سے بچی رہیں اس کے گلے میں بھیڑ کا ایک چھوٹا سا بچہ بھی تھا جو اکثر باڑے کے دروازے کی جھریوں سے نکل جاتا تھا۔ لیکن مالک اسے پکڑ کر بند کردیا کرتا تھا۔ ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ وہ شام کے وقت باڑے میں سے نکل گیا اور مالک کو خبر نہ ہوئی۔ چاندنی رات تھی۔

ধর্মের নিয়মানুবর্তীতা ঃ রাখালেরা রাতে ভেড়া ও বকরিগুলি বেড়ার মধ্যে বন্দি করে রাখে। দিনের বেলা জঙ্গলে চরাতে নিয়ে যায় এবং এদের নিজের হেফাজতে রাখে। ভেড়া ও বকরি গুলি তাদের ইচ্ছামত যেভাবে পারে চলাফেরা করে লাফায়, খেলা করে, খায়দায়, পান করে, ডাকে বা চুপ থাকে। যদিও কেউ এমন কাজ করে না যাতে অন্য কাহারো বা নিজের ক্ষতি হয়। এজন্য রাতে বেড়ার ভিতর হতে বাহির হয় না। দিনের বেলায় রাখালের হেফাজত হতে এক পাও বাইরে রাখে না। ঐসব ব্যাপারে তাদের উপকার আসে। কেননা যদি তারা ঐ কথাগুলি না মানে, তবে নিজের সংহার হবে এবং জঙ্গলী হিংস্রদের শিকার হবে এবং তাদের ঐ অবস্থা হবে যা এক বোকা ভেড়া শাবকের অবস্থা নিচের ঘটনায় প্রমাণ করে।

ঘটনা ঃ এক রাখাল জঙ্গলে বাস করত, তার কাছে অনেক মেষ পাল ছিল। যেগুলো সে রাতের বেলায় খোয়াড়ে বন্দি করে রাখত। যাতে হিংস্র জন্তু হতে বেঁচে যায়। ঐ দলের মধ্যে একটি বাচ্চা ভেড়া ছিল, সে বার বার বেড়ার ফটক বা জাফরি দিয়ে বেরিয়ে যেত। কিন্তু তার প্রভু তাকে ধরে বন্দি করে দিত। একদিন হঠাৎ এমন হল যে, সে সন্ধ্যা বেলায় বেড়ার মধ্যে দিয়ে বেরিয়ে গেল এবং মালিক জানতে পারল না। চাঁদনী রাত ছিল,

---

শব্দার্থ ঃ باڑے -(বাড়া) বাগান, نقصان -ক্ষতি , چروا -রাখাল , بیٹھیں -বসেছে , بے وقوف -আহম্মক ,

روشنی میں گھاس کی سبزی عجیب بہار دکھارہی تھی۔ بھیڑ کا بچہ اس کیفیت کو دیکھ کر بڑا
خوش ہوا اور اچھلتا کودتا بہت دور جنگل میں چلا گیا۔ لیکن جب وہاں اس نے سامنے سے
ایک بھیڑیا آتا دیکھا تو ڈر کے مارے اس کے اوسان خطا ہو گئے۔ اور ساری خوشیاں
رنج سے بدل گئیں۔ اس وقت اسے اپنے بارے کا خیال آیا اور اس کی قدر معلوم ہوئی۔
مگر اب کیا ہوسکتا تھا۔ وہ اس میں واپس جا نہیں سکتا تھا تھوڑی ہی دیر میں بھیڑیئے نے
آکر اسے دبالیا اور چیر پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ جس طرح گڈریئے نے بھیڑ بکر
یوں کے واسطے ایک جگہ مقرر کردی اور اس کے گرد باڑا بنادیا، اسی طرح مذہب نے بھی
آدمی کے واسطے ہر ایک کام میں جو وہ کرسکتا تھا حدیں مقرر کردی ہیں ان حدوں کے اندر
آدمی جس طرح چاہے رہے، کچھ روک ٹوک نہیں، بلکہ اس میں اس کا فائدہ ہے لیکن ان
حدوں کے باہر ہرگز نہ نکلے۔ اگر ایسا کرے گا تو جس طرح بھیڑیئے کا وہ بے وقوف بچہ
ہلاک ہوا یہ بھی عذاب الٰہی کی مصیبت میں پھنسے گا اور نامرادی کے جنگل میں ہلاک
ہوگا۔ تم جانتے ہو مذہب کیا ہے؟ وہ خدا کی فرماں برداری کا ایک طریقہ ہے جو محض
ہمارے فائدے کے لئے اس نے ہمیں رسول مقبولؐ کی معرفت بتایا ہے جس طرح
بھیڑیوں کے لئے باڑے میں یا چرواہے کی حفاظت میں رہنا ہی مفید ہے،

বঙ্গানুবাদ ঃ চাঁদের আলোতে সবুজ ঘাসের সৌন্দর্য বড়ই মনোহর দেখাচ্ছিল। ভেড়ার বাচ্চা এ অবস্থা দেখে খুব খুশী হল এবং লাফাতে লাফাতে সে জঙ্গলের মধ্যে অনেক দূরে চলে গেল। কিন্তু যখন তার সামনে একটি নেকড়ে বাঘ আসতে দেখল, তখন সে ভীতু হয়ে বিবেক হারিয়ে ফেলল এবং সমস্ত আনন্দ দুঃখে পরিণত হল। ঐ সময় তার নিজের বেড়ার কথা মনে পড়ল এবং তার মূল্য বা প্রয়োজনীয়তা বুঝতে পারল। কিন্তু এখন কি হবে? সে উহাতে ফিরে যেতে সক্ষম ছিল না। কিছুক্ষণ পর নেকড়ে এসে তাকে ধরে ফেলল এবং ফেড়ে চিরে টুকরা টুকরা করে দিল। রাখাল যেভাবে ভেড়া ও ছাগলের জন্য একটি জায়গা ঠিক করে দিয়েছিল এবং তার চারিদিকে বেড়া বেঁধে দিয়ে ছিল। এই রকমে ধর্ম মানুষের জন্য প্রত্যেক কাজের সীমা বেঁধে দিয়েছে। ঐ সীমার মধ্যে মানুষ যেভাবে ইচ্ছা থাকবে, কোন বাধা-নিষেধ নেই বরং এতে তার উপকার আছে। কিন্তু ঐ সীমার বাইরে কখনও হবে না। যদি এমন করে তবে যেভাবে বোকা ভেড়ার বাচ্চা ধংস হয়েছিল, তেমনি সেও আল্লাহর আযাবের বিপদে ফেসে যাবে এবং ব্যর্থতার জঙ্গলে ধংস হবে। তোমরা জান ধর্ম কি? উহা আল্লাহর অনুসরণের একটি (নিয়ম) পদ্ধতি, যা সম্পুর্ণ আমাদের উপকারের জন্য। ইহাই আমাদেরকে রসূলে মকবুল (সঃ) এর পরিচয় দিয়েছে। যেরকম ভেড়ার জন্য বেড়ার মধ্যে বা রাখালের হেফাজতে থাকা উপকার

শব্দার্থ ঃ روشنی -আলো, اچھلنا -লাফাতে লাফাতে, رنج -দুঃখ-কষ্ট , واپس - ফেরত , حدیں -সীমানা, اندر -ভিতরে , ہلاک -ধ্বংস, مذہب -ধর্ম, فرماں برداری -আনুগত্য ,

اسی طرح بلکہ اس سے بھی کئی درجے زیادہ مذہب کی اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں ہماری بھلائی اور بہتری ہے۔ کیونکہ جس پاک خالق نے ہم کو پیدا کیا، جان دی، عقل دی، زندگی بخشی، وہ ہماری ساری ضرورتوں، فائدوں، اور نقصانوں کو دنیا کے تمام عقلمندوں سے بہتر جانتا ہے۔ اور جب اس نے اپنے لطف عام سے ہمارے لئے ضروری چیزیں مہیا کر دی ہیں اور ماں باپ کے دل میں ہماری محبت ڈال دی ہے تو دنیا میں ہمارے جتنے خیر خواہ ہو سکتے ہیں وہ ان سب سے زیادہ ہماری بہتری کا خواہاں اور ہمارے فائدے کا طالب ہے۔ اور اسی واسطے اس نے ہم کو وہ باتیں سب بتا دی ہیں جن کے کرنے میں فائدہ اور نہ کرنے میں نقصان ہے۔ اسی طرح ان کاموں سے بھی اطلاع دے دی ہے۔ جن کے کرنے میں نقصان اور نہ کرنے میں فائدہ ہے۔ جب یہ بات ہے تو پھر جس امر کا وہ حکم دے اس کا کرنا اور جس سے وہ منع کرے اس سے باز رہنا ہمارے لئے بہت ضروری ہے۔ پس اے بچو! تمہیں چاہئے کہ اپنی کامل کوشش اور پوری توجہ سے ان حکموں کو معلوم کرو، جو اس نے تمہاری بھلائی کے واسطے دیئے ہیں اور ان حدود کے اندر رہو جو اس نے محض اپنے کرم سے تمہیں بدی کے درندوں سے بچانے کے لئے مقرر کر دی ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ ঐ রকম বরং তার চেয়েও কয়েক গুণ বেশী ধর্মকে এবং রাসূলে মকবুল (সঃ) কে অনুসরণের মধ্যে আমাদের উত্তম উপকার আছে। কেননা যে মহান পবিত্রতম সৃষ্টিকর্তা আমাদের সৃষ্টি করেছেন, জীবন দিয়েছেন, জ্ঞান বুদ্ধি দিয়েছেন, জীবন ধারণের ব্যবস্থা করেছেন। তিনি আমাদের দরকারী ও উপকারী এবং ক্ষতিসমূহ পৃথিবীর জ্ঞানীদের চেয়ে ভাল জানেন এবং যখন তিনি নিজে করুণা বশতঃ আমাদের সকলের জন্য দরকারী জিনিসগুলি সরবরাহ করে দিয়েছেন এবং পিতামাতার অন্তরে ভালবাসা ঢেলে দিয়েছেন। তখন পৃথিবীটা আমাদের নিকট যতই উত্তম জায়গা হোক না কেন, তিনি ঐসব থেকে আমাদের প্রতি বেশী আশাবাদী এবং আমাদের বেশী উপকার করতে ভালবাসেন। এজন্যে তিনি আমাদেরকে ঐ সব কথা বলে দিয়েছেন, যা করলে উপকার, না করলে ক্ষতি। তেমনি ভাবে ঐ কাজগুলি জানিয়ে দিয়েছেন যা করলে ক্ষতি, না করলে উপকার আছে। ব্যাপারটি যখন এমনই তখন পুনরায় যে কাজের প্রতি আদেশ করেন তা করা এবং যে কাজের প্রতি নিষেধ করেন তা থেকে বিরত থাকা আমাদের জন্য অতীব জরুরী। সুতরাং হে ছেলেরা! তোমাদের উচিত যে, নিজের পূর্ণ চেষ্টা এবং মনোযোগের সাথে তার আদেশগুলি অবগত হওয়া, যা তিনি তোমার মঙ্গলের জন্য দিয়েছেন। এবং তার সীমার মধ্যে থাকা যা তিনি যথার্থ নিজ করুণায় তোমাকে হিংস্রদের অনিষ্ট থেকে বাঁচার জন্য নিয়োজিত করেছেন।

শব্দার্থ ঃ اطاعت - আনুগত্য, مہیا - তৈরি, نقصان -ক্ষতি , باز رہنا -বিরত থাকা , کوشش - চেষ্টা, مقرر -নির্ধারণ ,

تم کو یہ حکم اور ان حدوں کی تفصیل اپنے مذہب اور اسلام کی سب سے بہتر کتاب کلام اللہ میں جسے تم روز پڑھا کرتے ہو ملے گی۔ محنت اور کوشش سے اس کے سمجھنے کی لیاقت پیدا کرو جو جو حکم اس میں لکھے ہیں ان کو عمل میں لاؤ تاکہ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی عزت پاؤ اور خدا کی نافرمانی کی سزا سے بچ جاؤ۔

۲۔ **نیکی کا بیج بوؤ :** کسان کو تو دیکھو۔ کس محنت سے بیج بوتا ہے۔ اول تو کھیت میں پانی دیتا ہے۔ جب زمین میں کسی قدر نمی آجاتی ہے۔ ہل چلا کر کھیت کی مٹی کو ہموار اور نرم کرتا ہے۔ کیونکہ سخت زمین میں بیج اگ ہی نہیں سکتا۔ پھر وہ آہستگی اور ہوشیاری کے ساتھ بیج کو زمین میں بکھیر دیتا ہے چھوٹی چھوٹی چڑیاں اسی تاک میں لگی رہتی ہیں کہ وہ دانے ڈالے اور یہ چن چن کر کھائیں۔ اگرچہ چڑیاں کھیت میں دانے چن کر بیج کا نقصان بھی کرتی ہیں مگر فائدہ بھی بہت پہنچاتی ہیں، کیونکہ وہ گبریلوں اور چھوٹے چھوٹے کیڑوں کو کھا جاتی ہیں جو وہاں پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور اگر وہ مارے نہ جائیں تو کھیت کو بہت ہی نقصان پہنچائیں۔ کسان بیج بکھیر کر اسے مٹی میں دبا دیتا ہے۔ اور پھر بھاری بیلن پھیر کر زمین کو ہموار کر دیتا ہے۔ کسان کو تو جو کچھ کرنا تھا اس میں سے بہت کچھ کر چکا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তোমাকে ঐ আদেশ এবং ইসলামের সব থেকে উত্তম কিতাব আল্লাহর কালামের মধ্যে যা তুমি পাঠ করলে পাবে। শ্রম এবং চেষ্টার মাধ্যমে তাকে বুঝার যোগ্যতা তৈরি কর। যা যা আদেশ তার মধ্যে লিখিত আছে, তা কাজে লাগাও, যাতে দুনিয়া এবং পরকালে সম্মান পাও এবং আল্লাহর অবাধ্যকারীদের শাস্তি থেকে বেঁচে যাও। পূণ্যের বীজ বপন কর- কৃষকদের দেখো, কত শ্রম দিয়ে বীজ বপন করে। প্রথমে জমিতে পানি দেয়, যখন মাটি পরিমাণ মত নরম হয়ে পড়ে তখন লাঙ্গল চালিয়ে ক্ষেতের মাটিকে সমান এবং নরম করে। কেননা শক্ত মাটিতে বীজ মাটির মধ্যে অঙ্কুরিত হতে পারে না। পুনরায় সে ধীরে এবং সাবধানের সাথে বীজ মাটিতে ছড়িয়ে দেয়। ছোট ছোট পাখী তার অপেক্ষায় থাকে যে, সে দানা ছড়াবে আর এ খুটে খুটে খাবে। যদিও পাখিরা ক্ষেতের দানাগুলি খুটে বীজের ক্ষতি করে। কিন্তু অনেক উপকারও আসে। কেননা তারা গোবরী এবং ছোট ছোট পোকাগুলি খেয়ে ফেলে যা ওখানে জন্ম নেয়। যদি ঐগুলি মারা না যায়, তবে ফসলের অনেক ক্ষতি হয়। কৃষক বীজ ছড়িয়ে মাটিতে চেপে দেয়, এবং পুনরায় ভারী (বেলুন) মই দিয়ে মাটিকে সমান করে দেয়। কৃষকের যা কিছু করার ছিল, তাতে অনেক কিছু করল।

শব্দার্থ ঃ لیاقت - উপযুক্ততা, ہموار -সমান , چن چن -কুড়িয়ে কুড়িয়ে, انتظار -অপেক্ষা, قول و فعل -কথা ও কাজ درخت- গাছ رضامندی - রাযি খুশি, عوض -বিনিময়, পরিবর্তে,

اب فصل کی تیاری کے لئے اسے آئندہ ہلکی بارش یا مناسب وقت پر پانی ملنے اور دھوپ کی کچھ گرمی پہنچنے کا انتظار ہے۔اور جب فصل تیار ہو جاتی ہے تو جیسا بیج اس کا بویا ہوا ہوتا ہے، کھیت کاٹ کر ویسا ہی پھل وہ اپنے گھر لاتا ہے۔ کسان کی طرح تم بھی ہر روز اپنے قول و فعل کا بیج بوتے رہو، اگر چاہتے ہو کہ آخرت مین اچھا پھل پاؤ اور دنیا میں عزت کے ساتھ رہو تو نیکی کا بیج بوؤ۔ برائی کا بیج بونے سے پرہیز کرو۔ کیونکہ جیسا بیج بوؤ گے ویسا ہی پھل پاؤ گے۔ 'جیسی کرنی ویسی بھرنی'۔ کلام اللہ میں ہے من عمل صالحا فلنفسه ومن ساء فعليها۔ ترجمہ جس نے نیک کام کیا اس کا فائدہ اسی کو ہے اور جس نے برائی کی اس کا عذاب اسی پر ہے۔ تمہیں یہ بھی معلوم ہوگا کہ جس درخت میں اچھا پھل نہیں لگتا وہ کاٹ کر جلا دیا جاتا ہے۔ اسی طرح تم بھی برائی کا بیج بوؤ گے تو قیامت کے دن عذاب الٰہی کی آگ میں ڈال دیئے جاؤ گے۔ پیارے بچو! بھلائی کرو تاکہ قیامت کے دن خدا کی رضامندی سے بہشت میں جگہ پاؤ۔ نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی جو تاکید کی گئی ہے یہ خدائے تعالیٰ کے حکم کے بموجب ہے کیونکہ وہ اپنے کلام پاک میں جا بجا فرماتا ہے نیکی کرو اور برائی سے بچو۔ اس مضمون کی آیتیں تو بہت سی ہیں مگر یہاں صرف ایک کا ترجمہ لکھا جاتا ہے،

বঙ্গানুবাদ ঃ এখন ফসল তৈরি হওয়ার জন্য আগামীতে হালকা বর্ষা অথবা সময়মত পানি পাওয়া এবং রৌদ্রের তাপ পাওয়ার অপেক্ষা করা। যখন ফসল তৈরি হয়ে যায় তখন যেমন তার বীজ বপন করা হয়েছিল, ক্ষেত কেটে ঐরকম ফল সে নিজের ঘরে তুলে। কৃষকদের মত তোমরাও প্রতিদিন নিজের কথাবার্তা ও কর্মকাণ্ডের বীজ বপন করতে থাক। যদি ইচ্ছা কর যে, পরকালে উত্তম ফল পাব এবং দুনিয়াতে সম্মানের সাথে থাকব, তাহলে পূণ্যের বীজ বপন কর। খারাপ বীজ বপন করা থেকে সংযমী হও, কেননা যেমন বীজ বপন করবে তেমন ফল পাবে। যেমন কর্ম তেমন ফল। আল্লাহর কুরআন পাকে আছে, "যারা নেক কাজ করল তার উপকার তারই এবং যারা অসৎ কাজ করল তার আজাব তারই"। তোমরা এও জানো যে, যে গাছে ভাল ফল হয় না তা কেটে জ্বালিয়ে দেওয়া হয়। তদ্রূপ তোমরাও খারাপ বীজ বপন করলে, তবে কিয়ামতের দিনে আল্লাহর আজাব ও আগুনের মধ্যে নিক্ষেপ করা হবে। প্রিয় ছেলেরা ! ভাল কাজ কর, যাতে কিয়ামতের দিন আল্লাহর সন্তুষ্টিতে বেহেস্তের মধ্যে স্থান পাও। পুণ্য করা এবং অন্যায় থেকে বাঁচার যে আদেশ করা হয়েছে, ইহা আল্লাহ তায়ালার হুকুম মতে করা হয়েছে। কেননা তিনি নিজের কালাম পাকের মধ্যে সর্বত্র বলেছেন, ভাল কাজ কর এবং খারাপ থেকে বাঁচ। এরকম আয়াত অনেক আছে। কিন্তু এখানে মাত্র একটির অর্থ লিখা হয়েছে।

শব্দার্থ ঃ جہاں -জগত, درجے -ধাপ, شیوہ -অভ্যাস , پیار -আদর, مصیبت -বিপদ , مدد کرنا -সাহায্য করা, یقین -আস্থা, বিশ্বাস, خواہش -ইচ্ছা, تقویت -সাহায্য, শক্তি, مشہور -প্রসিদ্ধ,

اس سے تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ نیکی کا عوض کیا ہے، اور بدی کی سزا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ ط لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى۔ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط

ترجمہ: جو کوئی خدا کے سامنے گنہگار ہو کر آیا اس کے لئے دوزخ ہے۔ جہاں نہ مرے گا، نہ جئے گا۔ اور جو کوئی ایمان لایا اور اس نے نیکی کی۔ اس کے لئے بڑے بڑے درجے ہیں۔ وہ ہمیشہ ایسے باغوں میں رہے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ الٰہی! ہمیں اور ہمارے بچوں کو ایسی توفیق دے کہ تیری رضا مندی ہمارا شیوہ ہو اور تیری خوشنودی ہمارا کام۔ دنیا و آخرت میں تیری لطف و کرم کا سایہ ہمیں راحت و آرام میں رکھے۔ آمین یارب العالمین۔

۳۔ **اتفاق اور نفاق:** اتفاق کیا ہے؟ آپس میں پیار اور محبت سے رہنا مصیبت کے وقت میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ آپس میں کوئی بات ایسی نہ ہونے دینا جس سے کسی کو رنج پہنچے۔ اگر کبھی کسی سے غلطی ہو بھی جائے تو اسے معاف کر دینا اور آئندہ اس کا خیال بھی دل میں نہ لانا۔ نفاق کیا ہے؟

বঙ্গানুবাদ ঃ তাতে জানতে পারবে যে পূণ্যের প্রতিদান কি? এবং অন্যায়ের শাস্তি কি? আল্লাহ তা'আলা বলেছেন। "যারা খোদার সম্মুখে পাপী হয়ে আসবে, তাদের জন্য রয়েছে দোজখ। যেখানে না মরবে, না বাঁচবে এবং যারা ঈমান আনল এবং সৎকাজ করল, তাদের জন্য রয়েছে উঁচু মর্যাদার স্থান। তারা সর্বদা এমন বাগিচার মধ্যে থাকবে যার তলদেশে নহর প্রবাহিত হবে।" হে পরোয়ারদিগার, আমাকে এবং আমাদের সন্তানদের এমন অনুগ্রহ দান কর যে, তোমার সন্তুষ্ট করা আমাদের অভ্যাস এবং তোমার তুষ্টকরা আমাদের কাজ হোক। দুনিয়া ও পরকালে তোমার দয়া ও করুনার ছায়ায় শান্তি ও আরামে রেখো। আমীন ইয়া রাব্বাল আলামীন।

একতা ও শত্রুতা ঃ একতা কি? পরস্পরের মধ্যে প্রেম ও ভালবাসার সাথে থাকা। বিপদে একে অপরের সাহায্য করা, পরস্পরের মধ্যে এমন কোন কথা না হতে দেওয়া, যাতে কারও দুঃখ হয়। যদি কারও থেকে কখনও ভুল হয়ে যায়, তবে তা মার্জনা করে দেওয়া এবং আগামীতে তার (চিন্তা) ধারণাও মনের মধ্যে না আনা। (কপটতা) শত্রুতা কি?

শব্দার্থ ঃ کوشش - চেষ্টা, اتفاق -ঐক্যমত , ترقی -উন্নতি , لیکچر -বক্তৃতা, دلہن - বৌ, نصیحت - উপদেশ, کھینچ -বিশুদ্ধ , حالت -অবস্থা , معاون -সাহায্যকারী।

لڑنا، جھگڑنا اور آپس میں دشمنی کرنا۔ ہمیں یقین ہے کہ تم اتفاق اور نفاق کے معنی سمجھ گئے ہوگے کہ اتفاق میں کیا خوبی ہے اور نفاق میں کیا برائی؟ اور تمہارے دل میں یہ خواہش بھی ضرور پیدا ہوگئی ہوگی کہ نفاق ہرگز نہ کریں۔ آپس مین اتفاق سے رہیں۔ لیکن اس مضمون کی چند حکایتیں بھی لکھی جاتی ہیں۔ امید ہے کہ ان سے تمہارے اس خیال اور یقین کو تقویت ہوگی۔

پہلی حکایت۔ اتفاق کی خوبی۔ نفاق کی برائی

انگریزوں کے ملک میں لور پول ایک مشہور شہر ہے۔ اس میں کچھ عرصہ سے اسلام پھیل چلا ہے۔ جس کی ابتدا یوں ہوئی کہ وہاں ایک مشہور انگریز مسٹر کوئیلم اسلام کی خوبیاں دیکھ کر مسلمان ہوئے، پھر ان کی ہمت اور کوشش سے اور انگریزوں نے بھی اسلام قبول کیا۔ یہ لوگ بڑے اتفاق اور محبت سے رہتے ہیں۔ ایک دوسرے کی امداد کرتے ہیں اور اپنے معمولی دینی ودنیاوی کاموں کے ساتھ رات دن جان ومال سے اسلام کی ترقی کی کوشش کررہے ہیں۔ ان کے اتفاق وکوشش کی برکتوں سے روز بروز انگریزوں کی ولایت میں مسلمانوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے لور پول میں ایک انجمن بھی قائم کی ہے۔ جس کا نام انجمن اسلام لور پول ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ লড়াই করা, ঝগড়া করা এবং পরস্পরের মধ্যে শত্রুতা করা। আমাদের বিশ্বাস আছে যে, তোমরা একতা এবং শত্রুতার অর্থ বুঝে থাকবে যে, একতার মধ্যে কত উপকার আছে এবং শত্রুতার মধ্যে কত ক্ষতি আছে। তোমাদের মনে এই ইচ্ছা অবশ্যই উদয় হবে যে, শত্রুতা কখনও করব না; পরস্পরের মধ্যে একতার সাথে থাকব। কিন্তু এ বিষয় কিছু ঘটনা উল্লেখ করা হচ্ছে। আশা করি তাতে তোমাদের ধারণা এবং বিশ্বাসের শক্তি যোগাবে। ইংরেজের দেশে লাওরপুল নামে এক প্রসিদ্ধ শহর আছে। ঐ শহরে কিছুকাল পর্যন্ত ইসলাম প্রচার চলছিল, যার সূচনা এভাবে হয় সেখানকার একজন প্রসিদ্ধ ইংরেজ "মিস্টার কোয়ালাম" ইসলামের সৌন্দর্য দর্শনে মুসলমান হয়েছিল। অতঃপর তার সাহসীকতায় এবং প্রচেষ্টায় আরও অনেক ইংরেজ ইসলাম কবুল করে। এইসব লোকেরা বড় একতা এবং মহব্বতের সাথে থাকত, একে অপরের সাহায্য করত এবং নিজে সাধারণ ভাবে দীন ও দুনিয়ার কাজের সাথে রাতদিন জান ও মাল দিয়ে ইসলামের উন্নতির প্রচেষ্টা করে যেত। এদের একতা ও প্রচেষ্টার বরকতে দিন দিন ইংল্যান্ড দেশে মুসলমানের সংখ্যা বাড়তে থাকে। তারা লাওরপুলে একটি সংঘও প্রতিষ্ঠা করেছিল. যার নাম "আঞ্জুমানে ইসলাম লাওরপুল"।

ایک مسجد بھی بنائی ہے۔ جہاں وہ مل کر نماز پڑھتے ہیں۔ اور ایک کالج کھولا ہے۔ جس میں مسلمان، انگریزوں کے بچے تعلیم پاتے ہیں۔ اس کالج کے طلباء، استاذوں کو شیخ الاسلام عبداللہ کوئیلم نے جن کو ہمارے ملک کے بعض بزرگوں نے کلیم اللہ کا خطاب دیا تھا۔ ایک لیکچر دیا اور اس میں اتفاق سے کام کرنے اور نفاق سے بچنے کی تاکید کی اور اس بارے میں ایک حکایت بھی سنائی جو تمہارے فائدہ کے لئے یہاں لکھی جاتی ہے۔

حکایت: ایک شخص کی شادی ہوئی، اس نے چاہا کہ دلہن کو نصیحت کرے، چنانچہ اسی غرض سے اس کو کمرے سے باہر لے گیا اور ایک لمبی رسی دکھا کر جو چھت کے اوپر لٹک رہی تھی کہا، تم یہاں ٹھہرو اور جب میں کہوں اسے زور سے کھینچ لینا۔ پھر آپ کمرے کی دوسری طرف چلا گیا اور اس رسی کے دوسرے سرے کو جو چھت کے اوپر سے اس طرف لٹک رہا تھا پکڑ کر دلہن سے کہا رسی کھینچو۔ اس نے بہتیرا زور لگایا مگر رسی نہ کھینچ سکی۔ یہ حالت دیکھ کر اس نے دلہن سے کہا "رسی چھوڑ دو۔ اس نے ایسا ہی کیا اب دوسری طرف سے اپنی دلہن کے پاس چلا آیا، اور اس سے پوچھا کیوں! رسی کھینچ لی؟ اس نے جواب دیا میں نے بہتیرا زور لگایا مگر وہ نہ کھینچ سکی۔ اس شخص نے کہا، جانتی ہو کیا بات ہوئی؟' دلہن نے جواب دیا 'نہیں'۔ اس نے کہا کہ۔

বঙ্গানুবাদ ঃ একটি মসজিদও তৈরি হল, সেখানে তারা মিলিত হয়ে নামায পড়ত এবং একটি কলেজ খুলেছিল। তাতে মুসলমান ইংরেজ ছেলেরা শিক্ষা পেত। ঐ কলেজের ছাত্রদেরকে শিক্ষক শায়খুল ইসলাম "কোয়েলাম" তাকে আমাদের দেশের কতক বুজুর্গগণ কলিমুল্লাহ উপাধি দিয়েছিল। তিনি একটি বক্তৃতায় একতার সাথে কাজ করা এবং শক্রতা থেকে বাঁচার তাকিদ করেন এবং এ ব্যাপারে একটি ঘটনা শুনালেন যা তোমাদের উপকারের জন্য এখানে লেখা হল।

ঘটনা ঃ এক ব্যক্তি বিবাহ করার পর সে ইচ্ছা করল যে, বিবিকে (নছিহত) উপদেশ দেবে। অতঃপর এই উদ্দেশ্যে তাকে কামরা থেকে বাইরে নিয়ে গেল, এবং একটি লম্বা দড়ি দেখাল, যা ছাদের উপর থেকে ঝুলে ছিল, তাকে বলল, তুমি এখানে দাড়াও এবং যখন বলব, উহাকে জোরে টানবে, পুনরায় সে কামরায় অপরদিকে চলে গেল, এবং ঐ দড়ির অপর মাথায় বা অংশে যা ছাদের উপর থেকে ঝুলে ছিল, বিবিকে বলল টানো, বিবি খুব জোড়ে টানতে লাগল, কিন্তু দড়ি টেনে আনতে পারল না। এই অবস্থায় সে বিবিকে বলল, দড়ি ছেড়ে দাও, সে তা-ই করল এবার সে অন্য দিক হতে নিজের বিবির কাছে এল, এবং বলল কী দড়ি টেনে নিলে? স্ত্রী জবাব দিল, আমি খুব জোর লাগিয়েছিলাম, কিন্তু টেনে নামাতে পারিনি। ঐব্যক্তি বলল জানো কি ব্যাপার? বিবি বলিল না সে বলল যে,

'میں اس رسی کو دوسری طرف سے زور کے ساتھ کھینچ رہا تھا۔اس لئے تم اسے نہ کھینچ سکی۔اچھا آؤاب دونوں مل کر کھینچیں۔جوں ہی دونوں نے مل کر ذرا سازور لگایا تو رسی کھینچ آئی۔اس پر مرد نے اپنی دلہن سے کہا۔'دیکھو!اگر ہم آپس میں اتفاق سے رہیں گے تو جس طرح یہ رسی بآسانی کھینچ آئی،اسی طرح ہر ایک کام خواہ کتنا ہی مشکل کیوں نہ ہو آسانی کے ساتھ کرلیا کریں گے۔لیکن اگر ہم میں اتفاق نہ ہو اور ہم ایک دوسرے کے معاون نہ رہے بلکہ مخالفت پر تل پڑے تو جس طرح یہ رسی ہم میں سے کسی طرف بھی نہ کھینچ آئی اسی طرح ہر ایک کام میں دونوں ہی ناکام ہوں گے اور ہمارا کوئی کام بھی نہ سنورے گا۔دلہن نے اس سے عمدہ سبق حاصل کیا اور جب تک جیتے رہے بڑے اتفاق سے رہے اور اس کی برکت سے ہمیشہ ہر ایک کام مین کامیاب ہوا گئے۔

دوسری حکایت: انگریزوں سے پہلے ہندوستان میں مسلمان بادشاہ تھے اور دہلی میں رہتے تھے۔یہ ذات کے مغل تھے۔ان میں سے پہلے چھ بادشاہ بڑے بااقبال تھے۔ان کے زمانہ میں سلطنت بڑے عروج پر تھی۔انہیں میں سے ایک کا نام اکبر تھا۔اووہ اگرچہ ان پڑھ تھا اور دین سے بھی اچھی طرح واقف نہ تھا۔مگر پھر بھی اس کی اکثر باتیں بہت اچھی تھیں۔ہم تمہیں اس کی ایک بات سناتے ہیں

বঙ্গানুবাদ ঃ আমি ঐ দড়ির অপর দিকে স্বজোরে টেনে ধরে ছিলাম। এজন্য তুমি টেনে আনতে পারনি। আচ্ছা এসো দুজনে মিলে টানি । যখনই দুজনে মিলে সামান্য জোড়া লাগাল, দড়ি নেমে আসল। তার পর স্বামী তার বিবিকে বলল, দেখ আমরা পরস্পরের মধ্যে যদি একতার সাথে থাকি, তবে যেরকম এই দড়ি সহজে চলে আসল তদ্রুপ প্রত্যেক কাজ যক বঠিনই হোক না কেন সহজ উপায়ে করে ফেলব। কিন্তু যদি আমাদের মধ্যে একতা না থাকে এবং আমরা একে অপরের সাহায্যকারী না হই বরং প্রতিদ্বন্ধীতায় লেগে পড়ি তবে যেরকম এই দড়ি আমাদের মধ্যে কোনদিকে টেনে আনতে পারিনি তদ্রুপ প্রত্যেক কাজের মধ্যে উভয়ে অকৃতকার্য হব এবং আমাদের কোন কাজও পরিপাটি করতে পারব না। বিবি এ থেকে মূল্যবান শিক্ষা গ্রহণ করল এবং যতদিন বেঁচে ছিল, বড় একতার সাথে ছিল এবং এর বরকতে প্রত্যেক কাজে সফলতা অর্জন করত।

দ্বিতীয় ঘটনা ঃ ইংরেজদের পুর্বে হিন্দুস্তানে মুসলমান বাদশাহ ছিল এবং দিল্লীতে থাকত। তারা মোগল বংশভুত ছিল। তাদের মধ্যে প্রথম ছয়জন বাদশা বড় সৌভাগ্যবান ছিল। তাদের জামানায় সাম্রাজ্য বড় প্রভাবশালী ছিল। এদের মধ্যে একজনের নাম ছিল আকবর। যদিও তিনি মুর্খ ছিলেন এবং দ্বীন সম্পর্কেও ভাল জ্ঞান রাখতেন না, কিন্তু তবুও তার কথাবর্তা ভাল ছিল। আমরা তোমাদের তার ঘটনা শুনাচ্ছি,

جس سے اتفاق کا فائدہ اور نفاق کا نقصان معلوم ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ جس وقت وہ مرنے لگا سب امیروں کو اپنے پاس جمع کیا اور ریشمی ڈوری سے بندھا ہوا تیروں کا بڑا سا مٹھا اٹھا کر ہر ایک کو باری باری سے دیا اور کہا کہ اسے توڑ دو۔ سب نے اسے لیا اور اپنی ساری طاقت اس کو توڑنے میں لگادی۔ مگر وہ ایسا مضبوط تھا کہ کوئی بھی اسے نہ توڑ سکا اور سب کی قوت اس کے مقابلہ میں ہیچ ثابت ہوئی۔

اس کے بعد بادشاہ نے اس ریشمی ڈوری کو جس سے وہ مٹھا بندھا ہوا تھا چاقو سے کاٹ کاٹ کر تیروں کو جدا جدا کر دیا اور سب کو ایک ایک تیر تقسیم کر کے حکم دیا کہ انہیں توڑ ڈالوں۔ امیروں نے ہاتھوں ہاتھ سب تیروں کو توڑ کر پھینک دیا۔ ایک بھی باقی نہ چھوڑا یہ دیکھ کر بادشاہ ذرا سنبھل بیٹھے۔ اور سب کو اپنی طرف متوجہ کر کے فرمانے لگے۔ میرے معزز امیرو! اتفاق کی طاقت دیکھو، جب تک یہ تیر ایک ڈوری سے اکٹھے بندھے ہوئے تھے تم میں سے کوئی بھی انہیں نہیں توڑ سکا۔ لیکن جب ڈوری ٹوٹ گئی اور وہ جدا جدا ہو گئے تو تم ان میں ایک بھی نہ چھوڑا اور سب توڑ ڈالے۔ اسی طرح اگر تم بھی اتفاق کی ڈوری سے بندھے رہو گے تو کسی دشمن کو یہ طاقت نہ ہوگی کہ تم پر غالب آسکے اور سلطنت کو نقصان پہنچا سکے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ যাতে একতার উপকার এবং শত্রুতার ক্ষতি সম্পর্কে জানা যায়। বর্ণিত আছে যে, যেসময় তিনি মৃত্যু শয্যায়, তখন সব সেনাপতিদের নিজের কাছে ডাকলেন এবং রেশমী সূতা দিয়ে বাঁধা তীরের বড় একমুঠো তুলে এক এক করে প্রত্যেককে দিলেন এবং বললেন, একে ভেংগে ফেল। সকলে উহা নিল এবং সমস্ত শক্তি দিয়ে উহা ভাঙ্গতে লেগে গেল, কিন্তু তাহা এত শক্ত যে, কেহই উহা ভাঙ্গতে পারল না এবং সবশক্তি তার প্রতিদ্বন্দ্বিতার কাছে মূল্যহীন বলে বিবেচিত হল। তার পর বাদশাহ ঐ রেশম সূতা যাতে মুঠো বাধা ছিল চাকু দিয়ে কেটে তীরগুলি আলাদা আলাদা করে দিল এবং সকলকে এক একটি তীর ভাগ করে দিয়ে আদেশ দিলেন যে, ভেঙ্গে ফেল। সেনাপতিগণ হাতে হাতে সবগুলি ভেঙ্গে ফেলে দিল। একটাও অবশিষ্ট ছিল না। তা দেখে বাদশাহ সামান্য নড়েচড়ে বসলেন এবং সকলকে নিজের প্রতি মনোযোগী করে বললেন, হে আমার মাননীয় সেনাপতিগণ, একতার ক্ষমতা দেখো, যতক্ষণ তীরগুলি একত্রে দড়ি দিয়ে বাধা ছিল, তোমাদের মধ্যে কেউই তা ভাঙ্গতে পার নাই। কিন্তু যখন দড়ি কেটে পৃথক পৃথক হয়ে গেল তখন তোমরা তন্মধ্যে একটাও রাখ নাই এবং সবগুলি ভেঙ্গেছো। ঐরূপ যদি তোমরা একতাকে দড়ির মত বেধে রাখতে পার তবে কোন শত্রুর এমন ক্ষমতা নাই যে, তোমাদের উপর জয়ী হবে এবং রাজত্বের ক্ষতি করবে।

لیکن اگر ڈیڑھ اینٹ کی مسجد جدا جدا بناؤ گے تو سب کے سب دشمنوں کا شکار ہو جاؤ گے اور سلطنت تباہ ہو جائے گی۔" پھر پچھتائے کیا ہوتے ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔

تیسری حکایت: اتفاق کا فائدہ: جب رسول خدا ﷺ نے وفات پائی، مدینہ کے مسلمانوں کے اتفاق سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ کے خلیفہ ہوئے، جب ان کی بھی وفات کا وقت قریب پہنچا تو سب نے ان سے درخواست کی کہ آپ ہی ہمارے لئے امیر تجویز کر دیں جو آپ کے بعد خلیفہ رسول اللہ ہوں، آپؓ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس اہم کام کے لئے انتخاب کیا۔ چنانچہ وہی خلیفہ ہوئے۔ ان کے زمانہ میں اسلام بہت دور دور تک پھیل گیا اور کتنی ہی سلطنتیں فتح ہوئیں۔ جب انہیں نے بھی وفات پائی تو مسلمانوں کی اتفاق رائے سے پہلے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ خلیفہ ہوئے مگر شام کے والی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ نہ مانا، جس پر دونوں میں مقابلہ ہوا اور آخر کار ملک تقسیم ہو گیا۔ امیر معاویہؓ شام و مصر کے فرماں روا ہوئے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ باقی ملک پر قابض رہے۔ اس زمانہ میں روم کے قیصر نے دونوں کی مخالفت سے فائدہ اٹھانا چاہا اور یہ ارادہ کیا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ملک پر حملہ کرے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ কিন্তু যদি দেড়খানা ইট দিয়ে পৃথক পৃথক মসজিদ নির্মাণ কর, তবে সবাই শত্রুর শিকার হয়ে পড়বে এবং রাজত্ব ধ্বংস হবে। তখন দুঃখ করে কি হবে যখন পাখি শস্যক্ষেতকে বিনষ্ট করে দিয়েছে।

৩য় ঘটনা একতার উপকার ঃ যখন রাসূলুল্লাহ্ (সঃ) মৃত্যুবরণ করলেন, মদীনার মুসলমানদের সর্বসম্মতিতে হযরত আবুবকর সিদ্দিক (রাঃ) তাদের খলীফা হলেন। যখন তাঁরও মৃত্যুর সময় উপস্থিত হল, তখন সকলে তাঁর কাছে দরখাস্ত করল যে আপনিই নির্দিষ্ট করে দিন যিনি আপনার পর রাসূলুল্লাহ্‌র খলীফা হবেন? হযরত আবুবকর (রাঃ) হযরত ওমর (রাঃ) কে উক্ত দায়িত্বপূর্ণ কাজে নির্বাচন করলেন। অতঃপর তিনিই খলিফা হলেন। তাঁর শাসনামলে, ইসলাম অনেকদূর প্রসারিত হয়েছিল এবং বহুদেশ বিজিত হয়েছিল। যখন তিনি ইন্তেকাল করলেন, তখন মুসলমানগণের ঐক্যমতে প্রথমে হযরত উসমান (রাঃ) পরে হযরত আলী (রাঃ) খলিফা হলেন। কিন্তু শামদেশের শাসক আমীর মুয়াবিয়া (রাঃ) হযরত আলী (রাঃ) কে খলিফা মানলেন না যে কারণে উভয়ের মধ্যে সংঘর্ষ হয়ে শেষ পর্যন্ত দেশ ভাগ হয়ে যায়। আমীর মুয়াবিয়া (রাঃ) শাম ও মিশরের বাদশাহ্ হলেন, এবং হযরত আলী (রাঃ) বাকী দেশগুলির উপর ক্ষমতাসীন হইলেন। তখন রোমের বাদশাহ ''কায়ছার'' উভয়ের প্রতিদ্বন্দ্বীতার মাঝে সুযোগ নিতে চাইল, এবং হযরত আলী (রাঃ) এর দেশের উপর আক্রমণ করার ইচ্ছা পোষণ করল।

امیر معاویہؓ کو اس ارادہ کی خبر ملی تو انہوں نے اسے لکھا۔ ’’میں نے سنا ہے کہ تم ہماری آپس کی مخالفت دیکھ کر حضرت علیؓ کے ملک پر حملہ کرنا چاہتے ہو، لیکن تمہیں آگاہ کئے دیتا ہوں کہ یہ ارادہ ہرگز نہ کرنا مجھ میں اوران میں جو معاملہ ہے میں اس کا کچھ خیال نہ کروں گا۔ اوران کی طرف سے سب سے پہلا سپہ سالار جو تمہارے مقابلہ کے لئے آئے گا۔ میں ہوں گا۔‘‘ یہ خط پڑھ کر قیصر روم اپنے ارادہ سے باز آیا۔ اور یہ دونوں مسلمان امیر اپنے اپنے ممالک میں حکومت کرتے رہے اور مخالفت سے کسی کو بھی نقصان نہ پہنچا۔ لیکن اگر امیر معاویہؓ ایسا نہ کرتے اور چپ چاپ بیٹھے تماشا دیکھتے تو ممکن تھا کہ قیصر روم مسلمانوں کو سخت نقصان پہنچاتا۔

چوتھی حکایت۔ نفاق کا نقصان: کسی ملک میں ایک بڑا مالدار آدمی رہتا تھا جب وہ مر گیا تو اس کے دونوں بیٹے مال کے مالک بنے، مگر نہ تو وہ آپس میں اتفاق سے رہ سکے اور نہ باہمی مشورت سے مال تقسیم کر سکے۔ کیونکہ جب دو حصے کئے جاتے تو ان میں سے کوئی نہ کوئی کہہ دیتا کہ میرا حصہ کم ہے اس طرح وہ مال کی تقسیم سے عاجز آگئے اور آخر مجبور ہو کر ایک تجربہ کار وکیل کے پاس مشورہ کے لئے گئے۔ اس نے ان کا سارا حال سن کر یہ صلاح دی کہ جتنی چیزیں تمہاری ملکیت میں ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ হযরত আমীর মুয়াবিয়া তার এ উদ্দেশ্য জানতে পেরে তিনি তার কাছে একটি পত্র লিখলেন, আমি শুনলাম তুমি আমাদের মধ্যে বিরোধ দেখে হযরত আলীর দেশের উপর আক্রমণ করতে ইচ্ছা করছো। কিন্তু তোমাকে সাবধান করে দিচ্ছি যে, এ ইচ্ছা কখনও করবেনা, আমার এবং তার মধ্যে যে (বিরোধ) ব্যাপার আছে, তার কোনও ভ্রুক্ষেপ করব না এবং তার পক্ষ থেকে সর্ব প্রথম যে সেনানায়ক তোমার বিরুদ্ধে আসবে সে আমি হব। এই পত্র পড়ে রোম সম্রাট কায়ছার নিজের ইচ্ছা ত্যাগ করলএবং এই দুজন মুসলমান বাদশাহ নিজ নিজ দেশে রাজত্ব করতে থাকল। এরকম কঠিন বিরোধ থাকা সত্ত্বেও কোন ক্ষতিসাধন হয়নি। কিন্তু যদি আমীর মুয়াবিয়া (রাঃ) এরকম না করতেন এবং চুপচাপ মজা দেখতেন, তবে সম্ভাবনা ছিল যে, রোম সম্রাট মুসলমানদের খুবই ক্ষতিসাধন করত।

৪র্থ ঘটনা ঃ শত্রুতার ক্ষতি ঃ কোন এক দেশে বড় ধনী ব্যক্তি ছিল। যখন সে মারা গেল, তখন তার দুই পুত্র সম্পদের মালিক হল। কিন্তু তারা পরস্পর একতাবদ্ধ ছিল না এবং নিজেরা পরামর্শ করে সম্পদ বন্টন করতে পারল না। কেননা যখন দু'ভাগ করা হত তখন তাদের মধ্যে কেউ না কেউ বলত আমার অংশ কম। যার ফলে তারা সম্পদ বন্টনে অক্ষম হল। এবং শেষ পর্যন্ত বাধ্য হয়ে একজন অভিজ্ঞ উকিলের পরামর্শ নেওয়ার জন্য গেল। তিনি এদের সম্পূর্ণ অবস্থা শুনে পরামর্শ দিলেন যে, যত জিনিস তোমাদের মালিকানায় আছে,

ان میں سے ہر ایک نصفا نصف کرلو۔ یہ تجویز انہیں بھی پسند آئی، اور گھر آکر اس کے مطابق عمل کیا۔ چنانچہ مکان، بستر، زیور، کھیت، نقد روپے، غرض ہر ایک چیز یہاں تک کہ مویشی کے بھی دو دو برابر ٹکڑے کر لئے اور اس طرح اپنی بہت سی جائداد بالکل ضائع کر دی لیکن اس سے بڑھ کر یہ کیا کہ ایک لونڈی کے بھی حصے کر ڈالے، جو ان کی شراکت میں تھی۔ بے گناہ انسان کا اس طرح مار ڈالنا انہیں کیوں کر بچا سکتا تھا۔ بادشاہ کو خبر ہوئی اور اس نے ان دونوں کو تو پکڑ کر پھانسی پر چڑھا دیا اور جرمانہ میں ساری جائداد ضبط کر لی۔

پانچویں حکایت۔ باہمی مدد: ایک اونچے پہاڑ کے نیچے دریا بہتا تھا جس کے کنارے ایک تنگ راستہ جاتا تھا۔ اتفاقاً دو بکرے اس راستے میں آمنے سامنے سے آئے۔ انہیں بڑی مشکل یہ پیش آگے گزر سکتا تھا کیونکہ ایک طرف سے انہیں بلند پہاڑ روکتا تھا۔ دوسری طرف دریا میں گر جانے کا اندیشہ تھا۔ اس حالت میں انہوں نے اتفاق اور باہمی مدد سے کام لیا۔ اور جس مصیبت میں پھنسے تھے اس سے نجات پائی، کیا کیا؟

বঙ্গানুবাদ ঃ তন্মধ্যে প্রত্যেকটি (আঁধা আঁধা) অর্ধেক অর্ধেক করে নাও। এই সিদ্ধান্ত তাদের পছন্দ হল এবং বাড়ীতে এসে ঐ অনুযায়ী কাজ করল। অতএব ঘর, বিছানা, অলংকার, ক্ষেত, নগদ টাকা, ইত্যাদি প্রত্যেক জিনিস এমনকি গৃহপালিত পশুকেও দু টুকরো করল এবং এভাবে নিজেদের অনেক সম্পত্তি একেবারে নষ্ট করে ফেলল। কিন্তু এর চেয়েও বড় মারাত্মক এই যে একটি ক্রীতদাসীকেও দু টকরা করল যে, তাদের অংশীদারের মধ্যে ছিল। নিষ্পাপ মানুষকে এভাবে হত্যা করে তারা কি করে বেঁচে থাকতে পারে। বাদশাহের কাছে খবর গেল এবং তিনি ঐ দুজনকে গ্রেফতার করে ফাঁসি দিয়ে দিলেন এবং জরিমানা করে সব সম্পত্তি ক্রোক করে নিল।

৫ম ঘটনা ঃ পরস্পরের সাহায্য ঃ একটি উঁচু পাহাড়ের তলদেশে নদী প্রবাহিত হত। যার কুল ঘেঁসে একটি সংকীর্ণ রাস্তা চলে গেছে। ঘটনাক্রমে দুটি বকরি ঐ রাস্তায় সামনা সামনি এসে পড়ল। তাদের বড় অসুবিধা এটাই দেখা দিল যে, রাস্তা সংকীর্ণ হওয়ার কারণে না কেহ পিছনে ফিরতে পারছে, না আগে বাড়তে পারে। কেননা একদিকে উচু পাহাড়, বাঁধার সৃষ্টি করছিল। অপরদিকে নদীতে পড়ে যাওয়ার আশংকা ছিল। এমতাবস্থায় তারা একতা ও পরস্পরের সহযোগিতার কাজ করল এবং যে বিপদে ফেঁসেছিল উহা হতে মুক্তি পেল। তারা কি করল?

کہ ایک بکرا تو راستہ میں لیٹ گیا اور دوسرا نرمی اور آہستگی سے اس کے اوپر پاؤں رکھ کر گزر گیا۔ اب لیٹے ہوئے بکرے کا راستہ صاف ہو گیا اور وہ اٹھ کر جہاں جانا تھا چلا گیا۔ اور اس طرح اتفاق اور باہمی مدد کی بدولت دونوں کی جان بچ گئی۔

چھٹی حکایت۔ نفاق کا نتیجہ: دو اور بکروں کی بات سن لو۔ وہ ایک جنگل میں چر رہے تھے۔ ان کے درمیان ایک چھوٹی سی ندی تھی جس کا پاٹ تو کچھ زیادہ نہ تھا۔ مگر نہایت گہری اور تیز رو تھی۔ لوگوں نے اس پر ایک لکڑی رکھ کر پار آنے جانے کا راستہ بنا لیا تھا۔ ان دونوں بکروں نے ندی سے پار اترنا چاہا اور اس ارادہ سے وہ بکرے تنگ پل پر آ گئے۔ ہر ایک نے یہ چاہا کہ میں پہلے پار اتر جاؤں اور اسی واسطے دونوں ہی لکڑی پر چڑھ گئے اور عین بیچ میں آ کر مڈبھیڑ ہو گئی۔ لیکن یہاں بھی انہوں نے اپنی خودسری اور بے مروتی کو نہ چھوڑا لگے زور سے ایک دوسرے کو ٹکر مار کر ہٹانے۔ جوں ہی آپس میں ٹکر ہوئی دونوں کے پاؤں پھسل گئے اور ندی میں گر کر ڈوب مرے۔ بچو! تم نے اتفاق کے فائدے اور نفاق کے نقصانات سنے۔ تمہیں چاہئے کہ ہمیشہ ہر ایک کے ساتھ محبت، پیار اور اتفاق سے رہو سہو۔ کبھی کسی سے جھگڑا فساد نہ کرو۔ اگر تم ایسا کرو گے تو سارا جہاں تمہارا دوست اور خیر خواہ رہے گا۔ اور تمہیں کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی۔

বঙ্গানুবাদ ঃ উহাদের মধ্যে একটি বকরি রাস্তার উপর শুয়ে পড়ল অপরটি নরম এবং সাবধানের সাথে ধীরে তার উপর পা রেখে চলে গেল। এখন শুয়ে থাকা বকরির রাস্তা পরিস্কার হয়ে গেল, সে উঠে যেখানে যাওয়ার ছিল চলে গেল এবং এভাবে একতা ও পরস্পরের সাহায্যের বদলে উভয়ের প্রাণ বেঁচে গেল।

৬ষ্ট ঘটনা ঃ অনৈক্যের পরিণতি ঃ আরও দুটি বকরির কথা শুনো। তারা একটি জঙ্গলে বিচরণ করছিল, তার মধ্যবর্তী একটি ছোট নদী ছিল। যার প্রশস্ততা খুব বেশী ছিল না, কিন্তু গভীরতা ছিল এবং প্রবল স্রোত ছিল। লোকেরা তার উপর একটি কাঠ দিয়ে আসা যাওয়ার রাস্তা তৈরি করেছিল। ঐ দুই বকরি নদী পার হতে ইচ্ছা করল এবং ঐ ইচ্ছাতে উক্ত বকরি দুটি সংকীর্ণ পুলের উপর উঠে পড়ল। প্রত্যেকে এটাই ইচ্ছা করল যে, আমি প্রথমে পার হব। এই উদ্দেশ্যে উভয়ে কাঠের উপর চড়ে বসল। চোখের পলকে সামনা সামনি এসে পড়ল। কিন্তু এখানে তারা নিজের অহংকার এবং নিজের (বেমূর্তি) অভদ্র আচরণ ত্যাগ না করে একে অপরকে ধাক্কা মেরে হঠাতে চাইল। যখনই নিজেদের মধ্যে ধাক্কা-ধাক্কি হল, উভয় পা পিছলে নদীতে পড়ে ডুবে মরল। ছেলেরা! তোমরা একতার উপকার, এবং অনৈক্যের ক্ষতিগুলো শুনলে। তোমাদের উচিত যে, সর্বদা প্রত্যেকের সাথে হৃদ্যতা, ভালবাসা এবং একতার সাথে বসবাস করবে, কখনও কারও সাথে ঝগড়া, ফ্যাসাদ করবে না। যদি তোমরা এরকম কর তবে সমস্ত পৃথিবী তোমাদের বন্ধুরূপে ভালবাসতে থাকবে এবং তোমাদের কোন প্রকার কষ্ট হবে না।

اس مضمون کے متعلق خدائے تعالیٰ کے حکم

اتفاق رکھنے اور نفاق سے بچنے کی خدائے تعالیٰ نے بھی تاکید کی ہے۔ چنانچہ اسلام میں جتنی بھی عبادتیں ہیں ان سب میں اتفاق کی ترغیب ہے اور نفاق کی ممانعت۔ دیکھو! سب سے بڑی عبادت نماز ہے۔ جس کو مسجد میں اور خاص کر جماعت کے ساتھ مل کر پڑھنے کی سخت تاکید ہے اور جان بوجھ کر بلا عذر جماعت سے علیحدہ رہنے پر عذاب آخرت کی وعید ہے۔ رمضان میں مفلس ہو یا دولت مند سب کو سارے دن کا بھوکا پیاسا رہ کر روزہ رکھنے کا حکم ہے۔ جس کی ایک بڑی غرض یہ ہے کہ سب کے سب بھوک پیاس کی مصیبت سے آگاہ ہوں اور مقدر کے موافق ان لوگوں کی امداد کا خیال رکھیں، جو فاقہ کی مصیبت میں گرفتار ہوں، اور اس طرح قوم کے باہمی اتفاق کا ثبوت دیں۔ ایسا ہی دولت مندوں کو حکم ہے کہ حج کریں کہ ان کو علاوہ اور فائدوں کے سفر کی صعوبتیں اور خشکی اور تری کے راستوں کی مصیبتیں معلوم ہوں اور مسافروں پر رحم کر کے اتفاق کے نشانات دکھانے کا موقع ملے۔ زکوٰۃ کا بھی بڑا منشا یہی معلوم ہوتا ہے کہ دولت مند غریبوں کی امداد و اعانت او اتفاق کی وجہ سے جو امداد ایک دوسرے کی ہو سکتی ہے اس کو ظہور میں لائیں۔

একতা সম্পর্কে আল্লাহর নির্দেশ

একতাবদ্ধ থাকা এবং অনৈক্য থেকে বাঁচার জন্য আল্লাহ তায়ালা নির্দেশ দিয়েছেন। অতএব ইসলামের মধ্যে যত ইবাদত এসেছে, ঐসবের মধ্যে একতার প্রতি প্রেরণা এবং অনৈক্য হতে নিষেধ করা হয়েছে। দেখ! সব থেকে বড় ইবাদত নামায। যা মসজিদে (নির্দিষ্ট) জামাতের সাথে পড়ার কঠোর তাগিদ দেওয়া হয়েছে এবং জেনে, বুঝে বিনা কারণে জামাত ত্যাগকারীদের উপর পরকালের শাস্তির বিধান রয়েছে। রমজান মাসে দরিদ্র বা ধনী সকলকেই দিনে ক্ষুধার্ত ও পিপাসিত থেকে রোজা রাখার আদেশ আছে। যার এক বড় উদ্দেশ্য এই যে, সকলেই ক্ষুত-পিপাসার কষ্ট অনুভব করুক এবং সাধ্য মত ঐ সব লোকদের সাহায্যের প্রতি খেয়াল রাখুক। যারা দারিদ্রতার কষ্টে নিমজ্জিত এবং এভাবে কওমের পরস্পরে একতার প্রমাণ দিক। ঐ রকমই ধনীদের প্রতি আদেশ আছে যে, হজ্জ করবে। তাহা ছাড়া অন্যান্য সুবিধাজনক সফরে (কষ্ট) দুর্দশা এবং শুকনো ও ভিজা কাঁদা রাস্তাগুলিতে কষ্ট অনুভব হোক এবং সফরকারীদের প্রতি দয়া দেখানো ও দলবদ্ধতার অভিজ্ঞতা অর্জন করুক। যাকাতের ক্ষেত্রে বড় এইটাই জানা যায় যে, ধনীরা গরীবের প্রতি যে সাহায্য ও সহানুভুতি এবং একতার কারণে যে, সহযোগিতা একে অন্যের প্রতি করে থাকে, তা ফুটিয়ে তোলে।

ان امور کے سوا صاف صاف لفظوں میں اتفاق کرنے کا حکم دیا ہے اور نفاق سے بچنے کی تاکید فرمائی ہے۔ چنانچہ ایک جگہ حکم ہے وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا (اللہ کی رسی مضبوط پکڑو۔ اور آپس میں پھوٹ مت ڈالو) اس کے بعد عرب کے مسلمانوں کو یہ بات یاد دلائی ہے کہ اسلام لانے سے پہلے تمہاری علیحدہ علیحدہ جماعتیں تھیں۔ ایک جماعت دوسری کے خون کی پیاسی تھی۔ پشتوں سے تمہاری باہم دشمنی چلی آتی تھی، جس کی وجہ سے سینکڑوں جانیں مفت میں ضائع ہوتی تھیں، لیکن جب تم ایمان لائے اس کی برکت سے اتفاق پیدا ہوا اور تم آپس میں بھائی بھائی بن گئے تو دیرینہ کینے تمہارے دلوں سے دھل گئے۔ پہلی حالت میں تم دوزخ کی آگ میں جھکنے کو تھے کہ جس سے بچ گئے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے۔ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُكُمْ ط (اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، آپس میں جھگڑا نہ کرو، اگر ایسا کرو گے تو تم سست ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا بگڑ جائے گی ان آیات سے جو باتیں معلوم ہوئیں ہیں ان کی تصدیق تجربے سے پہلے بتائی گئی ہے۔ پس تم ہر وقت اس کوشش میں رہو کہ تمہارا کسی سے جھگڑا فساد نہ ہو۔ سب کے ساتھ اتفاق اور محبت سے رہو۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এছাড়াও ঐসব আদেশ দিয়েছেন এবং শত্রুতা করা থেকে বিরত থাকার তাগিদ দিয়েছেন। অতএব কুরআন পাকে একস্থানে আদেশ আছে যে, "আল্লাহ্‌র দড়ি মজবুত করে ধর এবং নিজেদের মধ্যে মতভেদ (বিচ্ছেদ) সৃষ্টি করো না", এর পর আরব মুসলিমদের একথা স্মরণ করিয়ে দেওয়া হয়েছে যে, ইসলাম গ্রহণ করার আগে তোমরা পৃথক পৃথক দলে বিভক্ত ছিলে, একদল অন্য দলের রক্ত পিপাসু ছিলে, প্রথাগত ভাবে তোমাদের পরস্পরের মধ্যে শত্রুতা চলে আসছিল যার কারণে শত কোটি জীবন অনর্থক ধ্বংস হয়ে যেত। কিন্তু যখন তোমরা ঈমান আনলে তার বরকতে একতার জন্ম হল এবং তোমরা পরস্পরে ভাই ভাই হয়ে গেলে। পূর্বের শত্রুতা তোমাদের অন্তর থেকে মুছে গেল। প্রথম অবস্থায় তোমরা দোজখের আগুনের দিকে ঝুকেছিলে, যা হতে বেঁচে গেলে। অপর জায়গায় ইরশাদ হয়েছে, "আল্লাহ ও তার রাসূলের অনুসরণ কর পরস্পরের মধ্যে ঝগড়া কর না, যদি এরূপ কর, তবে তোমরা দুর্বল হয়ে পড়বে এবং তোমাদের কামনা বাসনা পাল্টে যাবে বা ক্ষতিগ্রস্ত হবে। উক্ত আয়াতে যে সব কথা জানতে পারলে, এর সত্যতার প্রমাণ অভিজ্ঞতার আলোকে পূর্বে বর্ণনা করা হয়েছে। অতএব তোমরা সর্বদা এই চেষ্টায় থাকবে যে, তোমাদের মধ্যে ঝগড়া ফাসাদ যেম না হয়। সকলের সাথে মিলে মিশে বন্ধু হয়ে থাকবে।

اس سے خدا کی خوشنودی بھی حاصل کرو گے اور دنیا میں بھی بڑے آرام اور چین سے گزارو گے۔ الہیٰ ہمیں اتفاق کی توفیق دے اور نفاق سے بچا۔ آمین: کسی گذری ہوئی یا نئی بات کا ذکر کرنے لگو تو ٹھیک اسی طرح بیان کرو جس طرح وہ ہوئی ہو۔ اس میں کمی بیشی نہ ہونے دو۔ کسی سے کچھ وعدہ کرو تو ضرور وفا کرو۔ جب کسی نیک کام کی نیت یا ارادہ کرو تو اس کو پورا کرنے پر مستعد ہو جاؤ اور جب تک پورا نہ ہو چین نہ لو۔ اس کے کرنے کی کوشش کئے جاؤ، جو بات تمہارے دل میں ہو ضرورت پڑے تو اسی کو ظاہر کرو اس کے خلاف نئی بات نہ بناؤ، تاکہ تمہارا ظاہر و باطن یکسا ہو، جو کام کرو لوگوں کے دکھاوے اور خوش کرنے کی نیت سے نہیں، بلکہ خدائے تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے واسطے کرو۔ دین کی باتوں کو نہ صرف زبان سے مانو بلکہ دل سے بھی اس پر یقین کر رکھو اور سچے دل سے احکام پر عمل کرو۔ نواہی سے بچو۔ اگر تم ایسا کرو گے تو صدیق کہلاؤ گے اور خداوند تعالیٰ نے جو صدیقوں کی تعریف کی ہے اور ان کے لئے آخرت میں اعلیٰ درجہ عطا کرنے کا جو وعدہ فرمایا ہے اس کے مستحق بنو گے، اور اگر ایسا نہ کرو گے تو جھوٹے اور کذاب کا برا خطاب ملے گا اور آخرت میں وہ عذاب اٹھانا پڑے گا۔ جو ایسے لوگوں کے واسطے خدائے تعالیٰ نے مقرر کر دیا ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ উহাতে খোদা সন্তুষ্ট হবে এবং দুনিয়াতেও বড় শান্তি ও নিশ্চিন্তে জীবন যাপন করবে। হে প্রভু আমাদের দলবদ্ধভাবে মিলে মিশে থাকার এবং অনৈক্য হতে বাঁচার তাওফিক দান করুন ‘‘আমীন’’।

অতীত হয়ে যাওয়া বা নতুন কোন কথা আলোচনা করার সময় এমনভাবে বর্ণনা কর, যেমনভাবে তা ঘটেছিল। তাতে কম বেশী করবে না। কারও সাথে অঙ্গীকার করলে তাহা অবশ্যই পূরণ করবে। যখন কোন ভাল কাজ করার ইচ্ছা করবে, তখন তা সম্পন্ন করার জন্য তৈরি হয়ে যাও। সম্পন্ন না করা পর্যন্ত বিশ্রাম নিবে না। যে বিষয় তোমাদের মনে উদয় হয় তা প্রকাশ কর। তার বিপরীত নতুন কথা বানাবে না। ভিতর ও বাহির যেন এক হয়। যে কাজ করবে লোক দেখানো এবং খুশী করার উদ্দেশ্যে করবে না। বরং খোদাতায়ালার সম্মতি এবং সন্তুষ্টির জন্য করবে। দ্বীনের কথা শুধু মুখে স্বীকার করবে না বরং অন্তরে তার প্রতি বিশ্বাস রাখবে এবং খাঁটি মনে তার আদেশ গুলি আমল করবে। যদি তুমি এরূপ কর, তবে তোমাকে সত্যবাদী বলবে এবং খোদাতায়ালা যে সত্যবাদীদের প্রশংসা করেছেন ও তাদের জন্য পরকালে উচ্চস্থান দান করার যে অঙ্গীকার করেছেন, তার যোগ্য হয়ে যাবে। যদি এরূপ না কর, তবে অসত্য এবং মিথ্যাবাদী উপাধি মিলবে। পরকালে তার আজাবে গ্রেফতার হবে। যা এরকম মানুষদের জন্য নির্দিষ্ট করে দিয়েছেন।

سچا آدمی جس طرح خدا کا پیارا ہوتا ہے اسی طرح لوگوں میں بھی معزز گنا جاتا ہے۔اور ہر ایک شخص اس کی تعظیم کرتا ہے بلکہ سچے لوگوں کی سچائی کی برکت سے بڑے بڑے شریر لوگ نیک بن جایا کرتے ہیں۔جیسا کہ اس کہانی سے واضح ہے۔

حکایت: ہندوستان کے مغرب میں پٹھانوں کا ایک ملک ہے جسے افغانستان کہتے ہیں۔اس سے پرلے مغرب میں ایک اور ملک ہے جس کا نام ایران ہے یا فارس ہے۔ وہاں فارسی زبان بولی جاتی ہے۔اس ملک کے مغربی کنارے پر ایران کا وہ صوبہ ہے جسے گیلان کہتے ہیں۔شیخ عبدالقادر گیلانی رحمتہ اللہ جو بڑے ولی اور خدا کے محبوب تھے وہیں پیدا ہوئے تھے۔ابھی وہ لڑکے ہی تھے کہ والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔کھیتی باڑی کر کے اپنی والدہ ماجدہ کی خدمت کیا کرتے تھے۔مگر اسی وقت سے ان کی طبیعت کھیل کود کی طرف سے اچاٹ ہوگئی تھی۔لکھنے پڑھنے میں مصروف رہتے تھے۔نماز روزہ وغیرہ فرضوں کے ادا کرنے میں بھی سستی نہ کرتے۔ایک دن کا ذکر ہے کہ وہ ہل چلا رہے تھے کہ انہیں اس کام سے سخت نفرت پیدا ہوئی اسی وقت والدہ ماجدہ کی خدمت میں آئے اور عرض کی میں چاہتا ہوں کہ بغداد میں جا کر علم پڑھوں اور خدائے تعالیٰ کے نیک بندوں کی زیارت سے فائدہ اٹھاؤں۔آپ مہربانی فرما کر مجھے اپنی خدمت سے معاف کریں

বঙ্গানুবাদ ঃ সত্যবাদী মানুষেরা যেভাবে খোদার প্রিয় হয়, তদ্রূপ মানুষের মাঝেও সম্মানীয় হয়। প্রতিটি ব্যক্তি তাকে সম্মান করবে, বরং সত্যবাদী মানুষের সততার বরকতে বড় বড় খারাপ মানুষ ভাল হয়ে যায়। যেমনটা এই ঘটনাতে জানা যায়। হিন্দুস্তানের পশ্চিমে পাঠানদের একটি দেশ আছে। যাকে আফগানিস্তান বলে, এর পশ্চিমে আরও একটি দেশ আছে,যার নাম ইরান বা পারস্য বলে। ওখানে ফার্সি ভাষায় কথা বলা হয়। ঐ দেশের পশ্চিম পাশে ইরানের একটি প্রদেশ আছে, যাকে গিলান বলে, শায়েখ আব্দুল কাদের জিলানী(রঃ) যিনি বড় অলী এবং আল্লাহর প্রিয়পাত্র ছিলেন, তিনি জন্মলাভ করেন। তখন তিনি ছোট ছিলেন, পিতার (ছায়া) স্নেহ মাথার উপর থেকে চলে গিয়েছিল। চাষ আবাদ করে নিজের মাতাকে সেবা করতেন । ঐসময় তার মন হতে খেলাধূলা উঠে গয়েছিল। লেখাপড়ায় মগ্ন থাকতেন, নামায রোযা ইত্যাদি ফরয কাজগুলি আদায় করতে আলস্যবোধ করতেন না। একদিনকার ঘটনা! তিনি চাষ করছিলেন। তাকে এ কাজ করা বড় খারাপ মনে হওয়ায় ঐসময় মায়ের সামনে উপস্থিত হলেন এবং নিবেদন করলেন, আমার ইচ্ছা যে, বাগদাদে গিয়ে বিদ্যা শিখি এবং আল্লাহ্‌র নেকবান্দাদের দর্শনে উপকৃত হই। আপনি অনুগ্রহ করে আপনার সেবা করা হতে ক্ষমা করুন।

شیخ رحمتہ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ نے جب انہیں اس ارادہ میں مستعد پایا تو اسی (۸۰) دینار کی ایک تھیلی نکال لائیں اور فرمایا کہ یہ تمہارا اور تمہارے بھائی کا حق ہے آدھا تمہارا اور آدھا اس کا پھر ان کے بھائی کے چالیس دینار تو رکھ لئے اور ان کے حق کے چالیس دینار ان کے لباس میں بغل کے نیچے سی دیئے اور یہ نصیحت کر کے رخصت کیا کہ "بیٹا! خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو کبھی جھوٹ نہ بولنا۔ والدہ ماجدہ سے جدا ہو کر شیخ رحمتہ اللہ علیہ ایک قافلہ کے ساتھ بغداد کو روانہ ہوئے۔ ابھی آدھی دور بھی نہیں گئے تھے ہمدان سے آگے تھوڑے فاصلے پر چالیس ڈاکو قافلے پر آن گرے اور ان لوگوں کو پکڑ کر مار دھاڑ کرنے اور مال واسباب چھیننے لگے۔ اسی حال میں ایک ڈاکو نے ان سے بھی پوچھا کہ میاں لڑکے "کچھ تمہارے پاس بھی ہے"؟ انہوں نے جواب دیا کہ "ہاں چالیس دینار ہیں" اس نے پوچھا کہ "کہاں" فرمایا۔ "میرے کپڑوں میں بغل کے نیچے سلے ہوئے ہیں۔" ڈاکو ان کی فقیرانہ صورت دیکھ کر سمجھا کہ ہنسی کر رہا ہے۔ اسی لئے ان سے کچھ نہ کہا اور آگے چلا گیا۔ تھوڑی دیر بعد ایک اور ڈاکو سے بھی یہی گفتگو ہوئی اور اس نے بھی یہ ہنسی کی بات سمجھی۔ جب قافلہ لٹ گیا اور ڈاکو اپنے سردار احمد بدوی کے پاس سارا مال لے گئے اور تقسیم ہونے لگی

বঙ্গানুবাদ ঃ শায়েখ রহমাতুল্লাহের মাতা যখন তাকে এ ইচ্ছায় অটল পেলেন, তখন ৮০ দিনারের একটি থলে বের করলেন এবং বললেন যে, ইহা তোমার এবং তোমার ভাইয়ের প্রাপ্য। অর্ধেক তোমার এবং অর্ধেক তার। তারপর তার ভাইয়ের জন্য ৪০দিনার রেখে দিলেন এবং তার প্রাপ্য ৪০ দিনার তার পোশাকের মধ্যে বগলের নিচে সেলাই করে দিলেন এবং এই উপদেশ দিয়ে বিদায় দিলেন যে, পুত্র! যা কিছুই ঘটুক না কেন কখনও মিথ্যা বলবে না। মাতার নিকট থেকে বিদায় নিয়ে শাইখ (রঃ) একটি কাফেলার সাথে বাগদাদে রওনা হলেন। তখনও বেশী দূর যান নাই, হামদানের পূবে অল্প দূরে ৪০জন ডাকাত পুরো কাফেলা ঘিরে ফেলে এবং ঐসব লোকদের মারধর করে মালপত্র ছিনিয়ে নিতে লাগল। এ অবস্থায় একজন ডাকাত তাকেও জিজ্ঞাসা করল যে, হে ছেলে! তোমার কাছে কিছু আছে? তিনি উত্তর দিলেন- হাঁ ৪০টি দীনার আছে, পুনরায় সে তাকে জিজ্ঞাসা করল কোথায়? তিনি বললেন, আমার কাপড়ে বগলের নিচে সেলাই করা আছে। ডাকাতটি তার ফকির বেশ দেখে মনে করল ঠাট্টা করছে। এজন্য তাকে কিছু বলল না এবং সামনে চলে গেল। কিছু পরে অন্য এক ডাকাতের সাথে একই কথা বার্তা হল, সেও ইহা ঠাট্টা মনে করল। যখন কাফেলা লুট হয়ে গেল এবং ডাকাতেরা নিজেদের সর্দার আহমদ বদুয়ির কাছে সমস্ত মালপত্র নিয়ে হাযির হল এবং বন্টন হতে লাগল,

تو باتوں ہی باتوں میں ان کا ذکر بھی آیا۔ سردار نے کہا۔ اسے پکڑ لاؤ۔'' چنانچہ ایک ڈاکو آیا اور انہیں پکڑ لے گیا۔ احمد نے پوچھا۔ ''تمہارے پاس کیا ہے''؟ فرمایا۔ ''چالیس دینار'' پھر اس نے سوال کیا۔ ''کہاں'' فرمایا ''میرے کپڑوں میں بغل کے نیچے سلے ہوئے ہیں۔'' یہ سن کر احمد نے حکم دیا بھلا دیکھو تو سہی ہیں بھی یا نہیں'' جب ڈاکوؤں نے کپڑا اپھاڑا۔ تو سچ مچ چالیس دینار نکل پڑے۔ یہ حال دیکھ کر سب حیران ہوئے اور احمد نے ان سے پوچھا۔ ''میاں لڑکے یہ بتاؤ جس چیز کو تم نے اتنی کوشش سے چھپایا تھا۔ ہمارے پوچھنے پر اسے کیوں بتا دیا شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا گھر سے چلتے وقت میری والدہ ماجدہ نے فرمایا کہ ہمیشہ سچ بولنا کبھی جھوٹ نہ بولنا۔ سو میں ان کے حکم کے خلاف نہیں کر سکتا۔'' ڈاکوؤں کا سردار یہ سن کر رو پڑا اور کہنے لگا ''تم تو اپنی ماں کے خلاف نہیں کر سکتے''۔ مجھ پر افسوس ہے کہ برسوں سے اپنے خالق اپنے پروردگار کی نافرمانی کر رہا ہوں اچھا تو میں نے تمہارے ہاتھ پر توبہ کی، آئندہ کبھی اپنے پاک خدا کی نافرمانی نہ کروں گا۔ یہ سن کر اور ڈاکوؤں نے بھی توبہ کی اور قافلے کا سارا اسباب واپس کر دیا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ তখন কথায় কথার মধ্যে শায়েখ (রঃ) এর ঘটনা এসে পড়ল। সরদার বলল তাকে নিয়ে এসো, অতএব একজন ডাকাত আসল এবং তাকে ধরে নিয়ে গেল। আহমদ জিজ্ঞাসা করল তোমার নিকট কি আছে? বললেন- ৪০ দীনার, পুনরায় জিজ্ঞাসা করল কোথায়? বললেন আমার কাপড়ের বগলের নিচে সেলাই করা আছে। একথা শুনে আহমদ আদেশ দিল ভাল করে দেখ সঠিক কি না? যখন ডাকাতরা কাপড় ফেড়ে ফেলল, তখন সত্য সত্য ৪০টি দীনার বের হয়ে পড়ল। এই ঘটনায় সকলে হতবাক হয়ে গেল এবং আহমদ তাকে জিজ্ঞাসা করল, হে ছেলে! বল? যে জিনিস যত্নে লুকিয়ে রেখেছিলে আমাদের জিজ্ঞাসায় কেন বলে দিলে। শায়েখ (রঃ) বললেন- বাড়ী থেকে বের হওয়ার সময় আমার মাতা আমাকে বলে দিয়েছিলেন যে, সর্বদা সত্য কথা বলবে। কখনও মিথ্যা কথা বলবে না। অতএব তার আদেশ অমান্য করতে পারি না। ডাকাত সর্দার একথা শুনে কেঁদে ফেলল এবং বলতে লাগল তুমি তো তোমার মায়ের আদেশ অমান্য করতে পার না। নিজের উপর অনুতাপ হচ্ছে যে, বছরের পর বছর আমার সৃষ্টিকর্তা প্রভুর কথা অমান্য করে চলেছি। আচ্ছা আমি তোমার হাতে তওবা করছি, আগামীতে কখনও স্বীয় মহান প্রভুর নাফরমানি করব না। একথা শুনে অন্য ডাকতরাও তওবা করল এবং কাফেলার সব মাল ফিরিয়ে দিল।

دیکھو! شیخ رحمتہ اللہ علیہ کے سچ کی برکت سے قافلہ والوں کا مال واپس مل گیا۔ خود ڈاکو بھی اس مصیبت سے بچ گئے جوان برے فعلوں کی وجہ سے آخرت میں ان پر آنے والی تھی۔ تمہیں چاہئے کہ خدا کے اس برگزیدہ ولی کی طرح ہمیشہ سچ بولو۔ اور اس کے حکم کی تعمیل کرو۔ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ط اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو۔ اور درست اور سچی بات کہو۔'' جس طرح اس آیت میں سچ بولنے کا حکم ہے، اسی طرح دوسری آیت میں جھوٹ بولنے سے منع بھی کیا گیا ہے، چنانچہ فرمایا وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ط جھوٹ بولنے سے بچے رہو۔ جھوٹ بولنا بہت بری عادت ہے۔ اس سے اپنی ذات کے علاوہ اوروں کا بھی نقصان ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک دفعہ کسی شخص کے جھوٹ بولنے سے دہلی میں قتل عام ہو گیا تھا جس کا قصہ یوں ہے۔

حکات: پچھلے سبقوں میں اکبر بادشاہ کا حال پڑھ چکے ہو۔ اسی کی اولاد میں سے ایک بادشاہ محمد شاہ بھی تھا۔ یہ اپنا فرض ادا نہ کرتا تھا۔ اور ہر وقت عیش وطرب میں ڈوبا رہتا تھا۔ ملک کا اچھا انتظام نہ تھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایران کے بادشاہ نادر شاہ نے اس پر حملہ کیا اور چھوٹی سی لڑائی کے بعد فتح پائی۔ مگر اس نے اسلامی اخوت کے لحاظ سے محمد شاہ کے ساتھ کوئی برا سلوک نہیں کیا۔ بلکہ عزت سے پیش آیا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ লক্ষ্য কর! হযরত শায়েখ(রঃ) এর সততার বরকতে কাফেলার সকলের মালপত্র ফিরে পেল, ডাকাতরাও নিজেদের ঐসব বিপদ থেকে বেঁচে গেল, যা তাদের কুকর্মের কারণে পরকালে তাদের উপরে আসার ছিল। তোমাদের উচিত যে, আল্লাহ্‌র ঐ সমস্ত মনোনীত ব্যক্তিদের মত সর্বদা সত্য কথা বলবে এবং তাদের আদেশগুলি পালন করা। "হে ঈমানদারগণ, আল্লাহকে ভয় কর এবং সঠিক ও সত্য কথা বল"। যেভাবে এই আয়াতের মধ্যে সত্যকথা বলার আদেশ হল। তদ্রূপ অন্য আয়াতে মিথ্যা কথা বলার নিষেধও করা হয়েছে। অতঃপর বলা হল, "মিথ্যা বলা থেকে বাঁচ"। মিথ্যা কথা বলা বড় খারাপ অভ্যাস, এতে নিজের সত্ত্বা ছাড়া অন্যদেরও ক্ষতি হয়। অতএব একবার কোন ব্যক্তি মিথ্যা বলাতে দিল্লিতে ব্যাপক হত্যাকাণ্ড ছড়িয়ে পড়েছিল যার ঘটনা এই।

ঘটনা ঃ পূর্ব পাঠে আকবর বাদশাহের ঘটনা পড়ে থাকবে। তার পুত্রদ্বয়ের মধ্যে মুহাম্মদ শাহ নামে একজন বাদশাহ ছিল। সে নিজে কর্তব্য পালন করত না। সর্বদাই আরাম আয়েসে ডুবে থাকত। রাজ্য চালনায় যোগ্য ছিল না। যার ফলে, ইরানের বাদশাহ নাদিরশাহ তার উপর আক্রমণ করল এবং সামান্য লড়াই করে জয় করে নিল। কিন্তু তিনি ইসলামে ভ্রাতৃত্বের কারণে মোহাম্মদ শাহের সাথে খারাপ আচরণ করেনি বরং সম্মান প্রদর্শন করলেন।

کچھ عرصہ دونوں بادشاہ دہلی میں رہے۔ ان ہی دنوں میں کسی شخص نے رات کے وقت یہ خبر جھوٹی اڑادی کہ محمد شاہ نے نادر شاہ کو مرواڈالا۔ دہلی والوں نے اسے سچ سمجھ لیا۔ اور نادر شاہ کے سپاہیوں کو لاوارث جان کر قتل کرنا شروع کر دیا۔ چنانچہ اس کے سینکڑوں سپاہی مارے گئے۔ نادر شاہ کو جب یہ معلوم ہوا تو اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔ صبح ہی گھوڑے پر سوار ہو کر بازار پہنچا۔ جب اسے دیکھ کر بھی اپنے کرتوت سے باز نہ آئے تو اس نے غصہ کی حالت میں قتل عام کا حکم دے دیا۔ ہزاروں آدمی مارے گئے۔ گلی کوچوں میں لہو کی ندیاں بہنے لگیں۔ تیسرے پہر قتل عام بند ہو گیا۔ مگر شہر ڈیڑھ دو مہینہ تک لٹتا رہا۔ آخر نادر شاہ دہلی کو بے چراغ کر کے اس کی ساری دولت سمیٹ کر ایران واپس چلا گیا۔ اگر چہ اس حکایت سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ خود اس شخص کا جس نے یہ جھوٹ بولا تھا کیا حال ہوا؟ مارا گیا یا بچ رہا۔ لیکن یہ عام بات ہے کہ جھوٹے کا جھوٹ ایک دفعہ معلوم ہو جاتا ہے، تو پھر اس کا اعتبار نہیں رہتا۔ کوئی اس کی بات نہیں مانتا، وہ سچ بھی کہے تو لوگ اسے جھوٹا ہی سمجھتے ہیں اور اس طرح کبھی کبھی اس کی جان پر بھی بن جاتی ہے جیسے اس منظوم حکایت سے معلوم ہوتا ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ কিছুদিনের জন্য বাদশাহ দিল্লীতে থেকে গেলেন, ঐদিন গুলিতে কোন একজন (ব্যক্তি) রাতের বেলায় মিথ্যা খবর রটিয়ে দিল যে, মুহাম্মদ শাহ নাদির শাহকে হত্যা করেছে। দিল্লীবাসীরা একথা সত্য মনে করল এবং নাদির শাহের সিপাহীদেরকে লা-ওয়ারেশ মনে করে হত্যা শুরু করে দিল। যার ফলে তার শত শত সিপাহী মারা পড়ল। নাদির শাহ যখন জানতে পারলেন, তখন তার চোখে রক্ত উঠে গেল। সকালেই ঘোড়ায় চড়ে বাজারে পৌঁছালেন। যখন তাকে দেখেও স্বীয় জঘন্য কর্ম থেকে ফিরে এল না, তখন তিনি রাগান্বিত হয়ে গণ হত্যার আদেশ দিলেন। হাজার হাজার মানুষ মারা পড়ল। অলিতে গলিতে রক্ত গঙ্গা বয়ে গেল। তৃতীয় দিনে হত্যা বন্ধ হল, কিন্তু শহরবাসীরা দেড়, দুমাস ধরে লড়াই চালাতে থাকল। শেষ পর্যন্ত নাদির শাহ দিল্লীকে জনশূন্য (পরিত্যাগ) করে সমস্ত ধন-সম্পদ নিয়ে ইরানে ফিরে গেলেন। যদিও এ ঘটনাতে প্রকাশ পায়নি যে, যে লোকটি মিথ্যা রটিয়েছিল তার কি অবস্থা হল? মারা গেল না বেঁচে ছিল। কিন্তু ইহা সাধারণ ব্যাপার এই যে, মিথ্যা কোন না কোন সময় মিথ্যা প্রমাণিত হলে তখন তার প্রতি বিশ্বাস থাকে না। কেহ তার কথা মানে না, সে যদি সত্যও বলে তবুও লোকেরা তাকে মিথ্যা মনে করে এবং তদ্রূপ কখনও কখনও তার জীবন সংহার হওয়ার সম্ভবনা থাকে, যেমন এই পদ্যকারের ঘটনাটি দ্বারা জানা যায়।

نظم

ایک لڑکے کا سنو تم ماجرا — بکریاں اپنی چرا تا تھا سدا
دل میں اس کے ایک دن آئی مزاح — ہو گئی وہ وجہ رسوائی مزاح
شرم بھی اس کو نہ تھی زنجیر پا — دفعتا جنگل میں غل کر تا چلا
کوئی دوڑو بھیڑ یئے نے آلیا — میری ساری بکر یوں کو کھا لیا
کہنے پہ لڑ کے کے دوڑے لوگ واں — گرگ کا لیکن نہ پایا کچھ نشاں
آ کے شرمندہ ہوئے سب آدمی — دیکھ کر ان کو اسے آئی ہنسی
اس طرح اس نے کیا جب ایک بار — پھر رہا اس کا نہ مطلق اعتبار
آخر ایک دن اتفاق ایسا ہوا — گرگ اس کی بکر یوں میں آپڑا
تب وہ رواٹھا نہایت شورکر — بھیڑ یا آیا ہے تم دوڑو ادھر
پر نہ کوئی اس کے پاس آیا وہاں — بھیڑ یئے نے خوب کھائیں بکر یاں
پھاڑ کر لڑ کے کو بھی پھر کھا لیا — جھوٹ کا جھوٹے نے بد لہ پا لیا
اب سمجھ اس بات کو اے با صفا — جھوٹ کہنا ہے ہنسی سے بھی برا
اس سخن کو یاد رکھ کیا خوب ہے — جھوٹ کہنا ہر طرح معیوب ہے

বঙ্গানুবাদ ঃ (১) একটি ছেলের ঘটনা তোমরা শোন, সর্বদা নিজের ছাগলপাল চরাত। (২) একদিন তার মনে কৌতুহল হল, সে কৌতুহল তার অপমানের কারণ হয়ে গেল। (৩) তার লজ্জা শরম ছিল না, সে জঙ্গলের মধ্যে উচ্চকণ্ঠে চিৎকার করে বলতে লাগল। (৪) কে আছো দৌড়ে এসো, বাঘ এসে আমার বকরি গুলি খেয়ে ফেলল। (৫) বলার পর ছেলেরা ও লোকেরা সেখানে পৌঁছে বাঘের (নেকড়ের) কোন চিহ্ন পেল না। (৬) সমস্ত লোকেরা এসে লজ্জিত হল, ইহা দেখে তার (রাখালের) হাসি পেল। (৭) ঐ রকম যখন সে একবার করল, তখন তার প্রতি কারও বিশ্বাস থাকল না। (৮) অবশেষে একদিন হঠাৎ করে বকরি পালের উপর সত্যি সত্যি বাঘ এসে পড়ল। (৯) তখন সে কাঁদতে কাঁদতে বাঘ এসেছে তোমরা দৌড়ে এসে বলে চিৎকার করতে লাগল। (১০) অতঃপর তার নিকট কেউই উপস্থিত হল না নেকড়ে (বাঘ) বকরিগুলি খেয়ে নিল। (১১) রাখাল ছেলেটাকেও ফেড়ে খেয়ে ফেলল, মিথ্যা ও মিথ্যা বলার পুরস্কার সে পেল। (১২) হে শ্রেণী কক্ষের ছেলেরা! তোমরা এখন বুঝতে পারলে যে, হাস্য করা থেকে মিথ্যা বলা আরও খারাপ। (১৩) এই কথাগুলি খুব মনে রাখবে, মিথ্যা বলা সর্বদাই দোষণীয়।

ان باتوں سے جھوٹ کی برائی تمہارے ذہن نشین ہوگئی ہوگی لیکن ہم تمہیں یہ بھی بتاتے ہیں کہ جو آدمی جھوٹ بولنا چھوڑ دیتا ہے۔ وہ سارے عیبوں اور کل گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے، پھر اس سے کوئی بھی برائی نہیں ہوتی، جس کی تصدیق اس حکایت سے بخوبی ہوتی ہے۔

حکایت: ایک شخص حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کی یا رسول اللہ! مجھ میں چار بری خصلتیں ہیں زنا کرنا، شراب پینا، چوری کرنا اور جھوٹ بولنا۔ میں ان سب کو ایک دفعہ چھوڑ نہیں سکتا۔ آپ فرمائیں ان سب میں سب سے زیادہ بری خصلت کون سی ہے تاکہ میں اسے ہی پہلے چھوڑ دوں،'' حضرت رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ '' جھوت بولنا چھوڑ دے'' اس نے اسے بہت آسان سمجھا اور اسی وقت جھوٹ بولنے سے توبہ کرلی جب رات ہوئی چاہا کہ شراب پیئے، اور زنا کرے لیکن اس کے دل میں خیال آیا کہ صبح نبی اکرم ﷺ کی خدمت مبارک میں حاضر ہوں گا۔ اگر آپ مجھ سے دریافت فرمائیں گے آج رات کیا کیا تو کیا جواب دوں گا۔ جھوٹ بول نہیں سکتا۔ سچ کہوں گا تو لوگوں میں رسوا ہوں گا اور سزا پاؤں گا۔ یہ سوچ کر ان دونوں گناہوں سے باز آیا۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এসব কথাবার্তায় মিথ্যার জঘন্যতা তোমাদের স্মৃতিপটে অংকিত হয়ে থাকবে। কিন্তু আমরা তোমাদের এ-ও বলতে চাই যে, যে ব্যক্তি মিথ্যা বলা ছেড়ে দেয়, সে সমস্ত দোষত্রুটি ও পাপ থেকে মুক্ত থাকে। পুনরায় তার দ্বারা কেউই খারাপ হয় না। যার সত্যায়ন এ ঘটনা দ্বারা সুন্দররূপে দেওয়া হয়। এক ব্যক্তি হযরত রাসূল (সঃ) এর কাছে হাযির হল এবং আরয করল যে, হে আল্লাহর রাসূল, আমার চারটি খারাপ অভ্যাস আছে। ক) জ্বিনা করা খ) মদ খাওয়া গ) চুরি করা ঘ) এবং মিথ্যা বলা। আমি এগুলি একেবারে ছাড়তে পারছি না। এখন আপনি বলুন, ঐসবের মধ্যে সব থেকে খারাপ অভ্যাস কোনটি? যাতে আমি তা-ই প্রথম ছেড়ে দেব। নবীজী (সঃ) বললেন, মিথ্যা বলা ছেড়ে দাও। সে তা খুব সহজ মনে করল, এবং তৎক্ষণাৎ মিথ্যা বলা থেকে তওবা করল। যখন রাত হল, তখন মনে করল, মদ খাই এবং জ্বিনা করি, কিন্তু তার মনে এই খেয়াল হল যে, সকালে নবীজী (সঃ) এর দরবারে হাযির হতে হবে, যদি নবীজী (সঃ) আমাকে জিজ্ঞাসা করে আজ রাতে কি কি করেছ? তবে কী উত্তর দেব। মিথ্যা বলতে পারব না। সত্যি কথা বললে তো লোকদের কাছে অপমানিত বা লজ্জিত হব এবং শাস্তি পাব। একথা বুঝে ঐ দুটি পাপ থেকে বিরত থাকল।

جب رات بہت ہوئی اور لوگ سو سلا رہے۔ اس نے چوری کا ارادہ کیا۔ اس وقت بھی اس کے دل میں خیال آیا صبح جناب رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پو چھنے پر جھوٹ کہہ نہ سکوں گا۔ سچ بولوں گا مال ہاتھ سے جائے گا اور سزا بھی ملے گی۔ اس خیال کا آنا تھا کہ چوری سے بھی باز آیا۔ صبح حضرت رسول خدا صلعم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ! آپ نے مجھ سے ایسی چیز کی توبہ لی کہ جتنی بری خصلتیں مجھ میں تھیں اس کی برکت سے سب کے سب چھوٹ گئیں۔ اب میں آئندہ کے لئے سب سے توبہ کرتا ہوں۔ آپ اس بات کو سن کر بہت خوش ہوئے۔

کلمہ طیبہ: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کو کلمہ طیبہ یا کلمہ کہتے ہیں ہر ایک مسلمان کو چھوٹا ہو یا بڑا، اس کے معنی اور مطلب جاننا ضروری ہے کیونکہ سب سے پہلی بات جس پر مسلمان کو ایمان لانا چاہئے ہے کہ اگر اس کو نہ جانے گا تو پکا مسلمان نہیں ہوسکتا۔ پس اے بچو! ذرا غور سے اس کے معنی سنو اور انہیں خوب یاد رکھو۔ اس کلمہ کے دو حصے ہیں۔ ایک لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دوسرا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے معنی ہیں اللہ کے سوا کوئی اس لائق نہیں کہ اس کی بندگی کی جائے

বঙ্গানুবাদ ঃ যখন রাত বেশী হল, লোকেরা শয্যায় ঘুমিয়ে গেল, সে চুরি করার ইচ্ছা করল এসময় তার মনে উদয় হল, সকালে নবীজী (সঃ) এর কাছে জিজ্ঞাসিত হলে মিথ্যা বলতে পারব না। সত্য বললে মাল হাত ছাড়া হয়ে যাবে এবং শাস্তি পাব। এই খেয়াল হওয়ায় চুরি করা থেকে বিরত থাকল। সকালে সে রাসূল (সঃ) এর খেদমতে হাযির হল এবং আরয করল হে আল্লাহর রাসূল! আপনি আমাকে এমন জিনিসের তওবা করালেন যে, যত বদঅভ্যাস আমার মধ্যে ছিল, তার বরকতে সমস্তই ছুটে গেছে এখন আমি ভবিষ্যতের জন্য সবগুলি হতে তওবা করছি, হযরত (সঃ) একথা শুনে খুব সন্তুষ্ট হলেন।

কালিমা তাইয়্যেবাহ ঃ "লাইলাহা ইল্লাল্লাহু মোহাম্মাদুর রাসূলুল্লাহ" কে কালিমা তাইয়্যিবা বা কালিমা বলে। প্রত্যেক মুসলমান ছোট হোক বড় হোক তার অর্থ এবং উদ্দেশ্য জানা দরকার। কেননা সর্বপ্রথম কথা, যার উপর মুসলমানের ঈমান আনা উচিত। যদি উহা না জানে, তবে সে পাকা মুসলমান হতে পারে না। অতএব হে ছেলেরা, খুব মন দিয়ে এর অর্থ শোনো এবং এটিকে খুব স্বরণ রাখ। এ কালেমার মধ্যে দুটি অংশ আছে। প্রথম ঃ লা ইলাহা ইল্লাল্লাহ। দ্বিতীয় ঃ মুহাম্মাদুর রাসূলুল্লাহ। লা ইলাহা ইল্লাল্লাহ এর অর্থ আল্লাহ ব্যতীত কোন মাবুদ (প্রভু) নাই যে, তার ইবাদত করা যাবে।

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ اس کے معنی ہیں کہ محمد (رسول اللہ) ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ پہلے حصہ پر غور کرو تو تمہیں ان باتوں کا جاننا ضروری معلوم ہوگا۔ اول اللہ ہے۔ دوسرے وہ ایک ہے۔ تیسرے وہی عبادت کے لائق ہے۔ چوتھے اس کی عبادت کیوں کرنی چاہیئے۔ دوسرے حصہ کے معنی ہیں فکر کرو تو تمہارے دل میں یہ خیال پیدا ہوگا کہ رسول کسے کہتے ہیں؟ اس کی کیا ضرورت ہے؟ کیوں مان لیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ یہ باتیں ایسی ہیں کہ ان میں سے ہر ایک کے لئے جدا جدا کتابیں بنائی جائیں جب کہیں جا کر ان کا پورا پورا حال بیان ہو مگر ہم تمہاری سمجھ کے مطابق ہر ایک بات کو تھوڑا تھوڑا بیان کرتے ہیں۔ ان کو اچھی طرح سمجھ کر پڑھو اور خوب یاد رکھو۔ تو تمہارے لئے ابھی اتنا ہی کافی ہے۔ جب بڑے ہو گے تو زیادہ تفصیل کی ضرورت پڑے گی۔ جسے تم بڑی بڑی کتابوں میں دیکھ لو گے۔

ا۔ اللہ ہے: تم گھر سے مدرسہ آتے ہو تو دور ہی سے سنتے ہو کہ مدرسہ میں آواز آرہی ہے اسی وقت سمجھ لیتے ہو کہ افسوس دیر ہوگئی اور لڑکے مجھ سے پہلے مدرسہ میں پہنچ گئے، وہی بول رہے ہیں اور انہیں کی آواز آرہی ہے۔ اس کے سوا تمہارے دل میں کوئی اور خیال پیدا نہیں ہوگا۔ اور کبھی نہ سمجھو گے کہ مدرسہ میں کوئی بولنے والا نہیں

বঙ্গানুবাদ ঃ মুহাম্মাদুর রাসূলুল্লাহ্ এর অর্থ, মুহাম্মদ (সঃ) আল্লাহর রাসূল। প্রথম অংশের প্রতি লক্ষ্য কর তোমাদের এই কথাগুলি জানা আবশ্যক মনে হবে। প্রথম আল্লাহ, দ্বিতীয় তিনি এক, তৃতীয় তিনিই ইবাদত করার উপযুক্ত। চতুর্থ তারই ইবাদত কেন করা উচিত? দ্বিতীয় অংশের অর্থ, এই যে, চিন্তা করলে তোমাদের মনে এটাই উদয় হবে যে, রাসূল কাকে বলে? তার কি দরকার? কেন মানব যে, হযরত মুহাম্মদ (সঃ) আল্লাহর রাসূল। একথা এমন যে, তার মধ্যে প্রত্যেকটির জন্য আলাদা আলাদা কিতাব তৈরি করা হবে যখন বলা হবে তার পূর্ণ অবস্থার কথা বর্ণনা করা হোক। কিন্তু আমরা তোমাদের বুঝানোর উদ্দেশ্যে প্রত্যেকটি অল্প অল্প বর্ণনা করছি। এগুলো সুন্দররূপে বুঝে বুঝে পড় এবং খুব স্মরণ রাখ। অবশ্য তোমাদের জন্য এখন এতটুকুই যথেষ্ট, যখন বড় হবে তখন দীর্ঘ আলোচনার দরকার হবে। তখন তোমরা বড় বড় কিতাবাদিতে দেখে নেবে।

(১) তুমি বাড়ি হতে মাদ্রাসায় যাওয়ার সময় দূর হতে, মাদ্রাসা থেকে শব্দ শুনতে পাও, তৎক্ষণাত বুঝে নাও যে, আফসোস আমার দেরী হয়ে গেছে। অন্যান্য ছেলেরা আমার আগে মাদ্রাসায় পৌঁছে গেছে। তারাই বলাবলি করছে এবং তাদের আওয়াজ আসছে। এছাড়া তোমাদের মনে অন্য কোনও ধারণা সৃষ্টি হবে না, আর কখনও বুঝবে না যে, মাদ্রাসাতে কেউ বলার নেই,

اور آپ سے آپ یہ آواز نکل رہی ہے۔ اسی طرح کتاب ہو یا تختی، قلم ہو یا دوات کوئی، بھی آپ سے آپ نہیں بن گئی۔ ضرور ان کو لوگوں نے بنایا ہے۔ چنانچہ کتاب کے لئے کسی نے کاغذ تیار کیا، کسی نے سیاہی، کسی نے اسے لکھا، کسی نے چھاپا، کسی نے اس کے تمام ورقوں کو توڑ توڑ کر اکٹھا کیا اور سی دیا، جب جا کر کتاب بنی اور تمہارے پڑھنے کے لائق ہوئی۔ ایسا ہی تختی بڑھی نے بنائی، قلم تم نے آپ تراشا، یا استاد نے بنا دیا، دوات کمھار نے تیار کی۔ اچھا ان چیزوں کو تو جانے دو۔ اب یہ بتاؤ کہ تمہارا مدرسہ کیونکر بنا؟ تمہارا شہر کسی کس طرح آباد ہوا؟ ریل بنی تو کیونکر؟ تار برقی کا سلسلہ چلا تو کسی طرح؟ کیا یہ سب چیزیں آپ سے آپ بن گئیں۔ کسی نے ان کو بنایا نہیں؟ ان سوالوں کے جواب میں تم یہی کہو گے کہ مدرسہ انجمن حمایت الاسلام لاہور نے بنایا۔ شہر کو راجہ، بادشاہ یا زمیندار نے آباد کیا۔ ریل اور تار برقی سرکار نے بنائی۔ ان میں سے ایک چیز بھی آپ سے آپ نہیں بن گئی۔ جب دنیا کی چھوٹی سے چھوٹی چیزیں بھی آپ سے آپ نہیں بن گئیں، کسی کاریگر کے بنانے سے بنی ہیں، تو پھر یہ آدمی یہ حیوان زمین اور اسمان کسی طرح بنے؟ درخت کیوں کراگے؟ پہاڑ کہاں سے آئے؟ سورج اور چاند ستارے روشن ہوئے تو کس طرح؟

বঙ্গানুবাদ ঃ আপনা আপনি এই শব্দ বের হচ্ছে। তদ্রূপ বই হোক বা শ্লেট, কলম হোক বা দোয়াত, কোনটাই আপনা আপনি তৈরী হয়নি। অবশ্যই তাকে মানুষেরা তৈরি করেছে। অতঃপর বইয়ের জন্য কেউ কাগজ, কেউ কালি তৈরি করেছে, কেহ লিখেছে, কেহ ছাপিয়েছে, কেউ এর সমস্ত পাতাগুলি ছিঁড়ে একত্রিত করেছে এবং সেলাই করে দিয়েছে এবং তোমাদের পড়ার উপযোগীহল, এরূপে স্লেট ছুতার মিস্ত্রি তৈরি করেছে। কলম তুমি নিজে কেটেছো, বা শিক্ষক তৈরি করে দিয়েছে, দোয়াত কুম্ভকর তৈরি করেছে। আচ্ছা এসব থাক এখন বল যে, তোমাদের মাদ্‌রাসা কিভাবে তৈরি হল? তোমার শহরে কেমন করে জনবসতি হল? রেলগাড়ী কি করে তৈরি হল? তারের মধ্যে দিয়ে বিদ্যুৎ পরিচালিত কেমন করে হল? এসব জিনিস কি আপনা আপনি তৈরি হয়ে গেল? কেউ কি এগুলো তৈরি করেনি? এসব প্রশ্নের উত্তরে তুমি ইহাই বলবে, মাদ্‌রাসা আঞ্জুমানে হেমায়েত ইসলাম লাহোর তৈরি করেছে। শহরে রাজাবাদশাহ বা জমিদারগণ বসতি স্থাপন করেছে, রেল, তার, বিদ্যুৎ সরকার তৈরি করেছে, তম্মধ্যে একটা জিনিসও আপনা আপনি তৈরি হয়নি। যখন পৃথিবীতে ছোট থেকে ক্ষুদ্র জিনিসও আপনা আপনিতে হয়নি, কোন কারিগর দ্বারা তৈরি হয়েছে, তাহলে এই মানুষ, জন্তু, মাটি এবং আকাশ কি করে তৈরি হল, গাছ কি করে জম্মাল? পাহাড় কোথা থেকে এল? সূর্য্য, চন্দ্র তারকামণ্ডলী উজ্জলতা কিভাবে পেল?

کیا یہ سب آپ سے آپ بن گئے؟ کیا کسی آدمی نے انہیں بنایا؟ کیا یہ کسی درخت، پہاڑ، دریا کی کاری گری ہے، یا سورج، چاند، ستاروں کی؟ نہیں یہ چیزیں ان میں سے کسی نے بھی نہیں بنائی ہیں اور جس طرح پہلی چیزیں آپ سے آپ نہیں بن گئیں۔اس طرح ان کا بنانے والا بھی کوئی ہے، جس کی طاقت، جس کی صنعت، جس کی حکمت، جس کی سمجھ، سب سے بڑھ کر ہے۔ وہی خدا ہے، اسی کا نام اللہ

ہیہ سن کر تم دل میں کہتے ہوگے کہ اللہ کی شکل وصورت کیسی ہے؟ کہاں رہتا ہے؟ یہ سوال ایسے ہیں کہ ابھی تم ان کا جواب بخوبی نہ سمجھ سکو گے لیکن پھر بھی اتنا یاد رکھو کہ نہ اس کی کوئی شکل ہے، نہ صورت، نہ ہماری تمہاری طرح اس کے ہاتھ ہیں نہ پاؤں، نہ وہ کسی چیز کی طرح ہے کہ تمہیں نظر آسکے۔ نہ وہ کہیں کسی خاص مکان میں رہتا ہے کہ ہم تمہیں اس کا پتہ بتائیں۔اس نے سب چیزوں کو بنایا۔ان کی خبر رکھتا ہے۔اور ہر ایک چیز کی حاجت سمجھتا اور اس کو پورا کرتا ہے۔سب جگہ موجود ہے مگر اسے کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ تمہارے چاروں طرف ہر جگہ ''ہوا'' بھری ہوئی ہے۔مگر تمہیں اس کی کوئی شکل وصورت نظر نہیں آتی۔ اگر چہ خدائے تعالیٰ ہوا کی طرح نہیں۔مگر پھر بھی تم اس سے خیال کر سکتے ہو کہ جس طرح ہوا زمین کے ارد گرد کچھ دور تک ہر جگہ موجود ہے

বঙ্গানুবাদ ঃ এগুল কি আপনা আপনি হল? এগুলো কি কোন মানুষ তৈরী করেছে? ইহা কি বৃক্ষ, পাহাড় সমুদ্রের কারিগরি, বা সূর্য, চন্দ্র, তারকামণ্ডলীর? না এসব জিনিস তন্মধ্য হতে কেউ তৈরি করেনি। যেমন রূপে প্রথম জিনিসগুলি আপনা আপনি তেরি হয়নি, ঐরূপে এগুলো সৃষ্টিকারী কেউ আছেন। যার শক্তি, যার শিল্প নৈপুণ্যতা যার জ্ঞান ভাণ্ডার, যার বিবেক, সবার থেকে উচ্চ। তিনিই খোদা; তারই নাম 'আল্লাহ'।

একথা শুনে তোমরা মনে মনে বলবে যে, আল্লাহর আকার আকৃতি কেমন? কোথায় থাকে? এ প্রশ্নটা এমন যে, এখন তোমরা এর উত্তর ভালভাবে বুঝতে পারবে না, তবে এতটুকু মনে রাখো যে, তার কোনোও আকার আকৃতি নাই, আমাদের তোমাদের মত হাত-পা নাই। তিনি কোন জিনিসের সমতুল্য নয় যে, তোমার দৃষ্টিতে আসবে। তিনি কোন নির্দিষ্ট স্থানে অবস্থান করেন না, যা আমরা তোমাদেরকে তার ঠিকানা দেব। তিনি যাবতীয় জিনিসগুলো সৃষ্টি করেছেন। তার খবর রাখেন, এর প্রত্যেক জিনিসের অভাবগুলি বোঝেন এবং তা পূরণ করেন। সর্বত্র অবস্থান করেন, কিন্তু তাকে কেউ দেখতে পায় না । তোমাদের চারিদিকে বাতাসে ভরপুর। কিন্তু তোমার তার আকার আকৃতি নজরে আসে না। যদিও আল্লাহ বাতাসের মত নয়। কিন্তু পুনরায় তুমি মনে করবে যে, যেমনভাবে হাওয়া আশে-পাশে কিছু দূরে প্রত্যেক জায়গায় বিদ্যমান আছে

اوراس کی شکل وصورت نہیں خدائے تعالیٰ بھی زمین وآسمان ہر جگہ موجود ہے اور اس کی کوئی شکل وصورت نہیں۔ اس امر کے سمجھانے کے لئے ایک حکایت لکھی جاتی ہے۔ امید ہے کہ اسے سن کر یہ بات بہت آسانی سے تمہاری سمجھ میں آجائے گی۔

حکایت: ایک شخص نے کسی فقیر سے پوچھا تو کہتا ہے خدا سب جگہ موجود ہے، میں تو نہیں دیکھتا، دکھا کہاں ہے؟ فقیر نے مٹی کا ڈھیلا اٹھا کر اس کے سر پر دے مارا، وہ درد کے مارے بے قرار ہو گیا۔ اور شہر کے قاضی کے پاس جا، نالش کی، قاضی صاحب نے فقیر کو بلوا کر پوچھا دو تم نے اسے جواب تو دیا نہیں، الٹا ڈھیلا یوں مارا فقیر صاحب نے جواب دیا ''یہی اس کے سوال کا جواب ہے؟ قاضی صاحب نے پوچھا ''کیونکر؟ فقیر صاحب نے فرمایا'' یہ کہتا ہے کہ اس کے سر میں درد ہے میں تو دیکھتا نہیں۔ یہ مجھے اپنے سر کا درد دکھادے کہ کہاں ہے؟ جب یہ ایسی معمولی چیز دکھاوے گا تو میں بھی خدا دکھا دوں گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا درد کی طرح تو نہیں، مگر جیسے درد کی کوئی صورت نہیں اور سارے بدن کو بے قرار کر دیتا ہے اسی طرح خدائے تعالیٰ کی کوئی شکل وصورت نہیں، اور وہ ہر جگہ موجود ہے۔ اور جو کچھ کہیں ہوتا ہے اس کے ارادے سے ہوتا ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ এবং এর আকার আকৃতি নেই। এর গুণাগুণ বুঝানোর জন্য একটি ঘটনা উল্লেখ করছি। আশা করি তা শুনে একথা খুব সহজেই তোমাদের বোধগম্য হবে । এক ব্যক্তি কোনও দরবেশকে জিজ্ঞাসা করল, তুমি বলে থাক, আল্লাহ সর্বত্র বিদ্যমান আমি তো দেখতে পাই না, দেখাও কোথায় আছে? দরবেশ একটি মাটির ঢিলা নিয়ে তার মাথায় ছুড়ে মারল। সে ব্যথায় অস্থির হয়ে গেল এবং শহরের বিচারকের কাছে বিচার প্রার্থী হল। কাজী সাহেব দরবেশকে ডেকে জিজ্ঞাসা করল, তুমি তার উত্তর না দিয়ে উল্টো কেন ঢিল মারলে? দরবেশ সাহেব উত্তর দিলেন, এটাই তার প্রশ্নের উত্তর । কাজী সাহেব জিজ্ঞাসা করলেন সেটা কেমন? দরবেশ বললেন, সে বলে তার মাথায় ব্যথা লেগেছে, আমি তো দেখছি না। সে আমাকে মাথায় ব্যথা কোথায় আছে দেখিয়ে দিক? যখন সে এই সামান্য জিনিস দেখিয়ে দেবে; তখন আমিও আল্লাহকে দেখিয়ে দেব। এর উদ্দেশ্য এই যে, আল্লাহ তা'আলা তো ব্যথার মত নয়, কিন্তু যেমন ব্যথার কোন আকার নাই, সমস্ত শরীরকে অস্থির করে দেয়, ঐ রকম আল্লাহ তা'আলার কোন আকার আকৃতি নাই; এবং তিনি সর্বত্র আছেন এবং যা কিছু ঘটে তাঁর ইচ্ছাতেই ঘটে ।

۲۔ اللہ ایک ہے: سچا آدمی کبھی جھوٹ نہیں بولتا۔ اس کی بات ہمیشہ سچ ہوتی ہے جو کچھ وہ کہے مان لینا چاہے۔ پس جب کئی سچے آدمی ایک ہی بات کہیں تو وہ بالکل درست اور ٹھیک ہوتی ہے۔ اس میں ذرا بھی غلطی نہیں ہوتی اب ذرا غور کرو کہ جب سے دنیا قائم ہوئی ہے کروڑوں ہی سچے آدمی گزر گئے ہیں۔ جو کہے رہے ہیں کہ خدا ایک ہے۔ دو نہیں، تین نہیں، جو لوگ ان سچے آدمیوں کے خلاف ہیں وہ جھوٹے ہیں۔ ان کی بات ماننے کے قابل نہیں۔ اگر معاذ اللہ! یہ مان لیا جائے کہ خدا ایک نہیں دو چار ہیں تو ممکن نہیں کہ ہمیشہ ان کی ایک رائے رہے، کبھی اختلاف واقع نہ ہو۔ بلکہ ضرور کبھی نہ کبھی مخالفت ہو گی۔ ایک کام کو ایک تو کسی طرح کرنا چاہے گا، دوسرا اس کے خلاف اور طرح۔ اور اس خلاف رائے کی وجہ سے دنیا کے کاموں میں بے انتظامی اور جھگڑا فساد ہونا ضروری ہے۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں جب سے دنیا قائم ہے، کبھی ایسا نہیں ہوا ہمیشہ سے دنیا کا انتظام ایک ہی قاعدے اور ترتیب پر نہایت عمدگی کے ساتھ چل رہا ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ یہ سب ایک ہی حاکم کے حکم سے ہو رہا ہے۔ دوسرے کا اس میں کچھ بھی دخل نہیں۔

---

(২) বঙ্গানুবাদ ঃ সত্যবাদী ব্যক্তি কখনও মিথ্যা কথা বলে না। তার কথা সর্বদা সত্য হয়। যা কিছু সে বলে, মেনে নেওয়া উচিত। অতএব, যখন কোনও সত্যবাদী ব্যক্তি এক কথা বলে, তখন তা একবারে যথার্থ এবং ঠিক (বলে) হয়। তাতে সামান্য পরিমাণ ভুল হয় না। এখন একটু চিন্তা কর যে, যখন পৃথিবী প্রতিষ্ঠিত হল, কোটি কোটি সত্যবাদী মানুষ চলে গেছে। যারা বলে গেছে আল্লাহ এক। দ্বিতীয় বা তৃতীয় নাই। ইহাই সঠিক যার মধ্যে কোনও সন্দেহ নাই এবং কোন প্রকার ভুল নাই। যেসব লোক সত্যবাদী মানুষদের বিরোধী; তাদের কথা মানার যোগ্য নয়। আল্লাহ ক্ষমা করুন ! যদি মেনে নেওয়া হয় আল্লাহ এক নয়, দু চারটি, তবে সম্ভব নয় যে, সর্বদা তাদের মতামত এক থাকবে, কখনও মতানৈক্য হবে না বরং অবশ্যই কখনও না কখন বিরোধ ঘটবে। একজন কোন একটি কাজ একভাবে করতে চাইলে, অন্যজন উহার বিপরীত অন্যভাবে করতে চাইবে এবং তাদের মতপার্থক্যের কারণে পৃথিবীতে কোন কাজে অনিয়ম ও ঝগড়া-ফাসাদ অবশ্যই হয়ে পড়বে। কিন্তু আমরা দেখেছি, যখন থেকে পৃথিবী প্রতিষ্ঠিত। কখনও এ রকম হয়নি। সর্বদা একই ব্যবস্থা এক নিয়মে এবং ধারাবাহিকতা ও সুশৃঙ্খলতার সাথে সুন্দররূপে চলে আসছে। যাতে প্রকাশ পায় যে, এসব একজন বাদশাহরই আদেশে চলছে। অন্যের তাতে কোনও দখল নাই।

یہ بات درست ہے اور دنیا کے سارے عقلمندوں کا اس پر اتفاق ہے کہ دو بادشاہ ایک ملک پر حکومت نہیں کر سکتے اور ہمیشہ دو عملی سے بے انتظامی ہوا کرتی ہے، جیسا کہ نیچے کی حکایت سے ظاہر ہے۔

حکایت: ایک بادشاہ بیمار ہو گیا۔ دو طبیب اس کا علاج کرنے لگے۔ دونوں بڑے تجربہ کار اور علم طب کے پورے ماہر تھے، مگر مرض کی تشخیص میں ان کا اتفاق رائے نہ ہوا۔ ایک کچھ کہتا اور دوسرا کچھ، جو علاج ایک کرتا، دوسرا اس کے خلاف اور ہی بتاتا، آخر کار ان کی نا اتفاقی سے بادشاہ زیادہ بیمار ہو گیا اور اس کی جان کے لالے پڑ گئے۔ بادشاہ کا وزیر بڑا عقلمند تھا۔ جب اس نے دیکھا کہ طبیبوں کے اختلاف رائے کے سبب بادشاہ کی جان جاتی ہے، تو اس نے ان میں سے ایک کو کسی کام سے باہر بھیج دیا اور دوسرے کو علاج کرنے پر مقرر کیا، ابھی تھوڑے دن بھی نہ گزرنے پائے تھے کہ بادشاہ کی طبیعت سنبھل گئی، اور تندرست ہو گیا۔ اب وزیر نے بادشاہ کی خدمت میں بیماری کے بڑھ جانے اور طبیبوں میں سے ایک کو نکال دینے کی وجہ بیان کی بادشاہ نے پوچھا تمہیں یہ بات کیوں کر سوجھی کہ اگر ایک ہی علاج کرے تو بہتری کی امید ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ একথা সঠিক এবং পৃথিবীর সকল জ্ঞানী-গুণীজনই এর উপর একমত যে, দুজন বাদশাহ এক দেশে রাজত্ব করতে পারে না এবং সব সময় দুরকম কাজের দ্বারা অনিয়ম দেখা দেয়। যেমন নিচের ঘটনায় প্রকাশ পায়।

ঘটনা ঃ এক বাদশাহ অসুস্থ হয়ে পড়ে। দুজন ডাক্তার তার চিকিৎসা করতে থাকে। দুজনই বড় রকমের অভিজ্ঞ ও ডাক্তারি বিদ্যায় পারদর্শী ছিল। কিন্তু রোগ নির্ণয়ের ক্ষেত্রে তাদের সমতা হল না। একজন কিছু বললে, অন্যজন অন্য কিছু বলে। একজন যে চিকিৎসা করত; অন্যজন তার বিপরীত অন্য কিছু বলত। শেষ পর্যন্ত তাদের অনৈক্যের কারণে বাদশাহের রোগ আরও বেড়ে গেল এবং তার জীবন সংহার হওয়ার উপক্রম হল। বাদশাহের উজির খুব বুদ্ধিমান ছিল। যখন তিনি দেখলেন ডাক্তারদের মতপার্থক্যের কারণে বাদশাহর জীবন যাচ্ছে। তখন তাদের মধ্যে একজনকে অন্য কোথাও কোন কাজের জন্য পাঠালেন। অপর জনকে চিকিৎসার জন্য নির্দিষ্ট করলেন। বেশিদিন অতিবাহিত হয়নি, বাদশাহর স্বাস্থ্য ভাল হতে লাগল এবং সুস্থ হয়ে গেলেন। এখন উজির সাহেব বাদশাহর সামনে হাযির হয়ে রোগ বেড়ে যাওয়া ও ডাক্তারদের একজনকে বের করে দেওয়ার কারণ উল্লেখ করলেন। বাদশাহ বললেন, তুমি এ কথা কেমন করে বুঝলে যে, যদি একজন চিকিৎসা করে তবে আরগ্যের আশা করা যাবে।

وزیر نے کہا کہ خدائے تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں فرمایا ہے لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا (اگران دونوں یعنی زمین وآسمان میں اللہ کے سوااور بھی خدا ہوتے تو دونوں کا انتظام بگڑ جاتا) پس میں نے اس آیت سے یہ سمجھا کہ اگر دو طبیب آپ کا علاج کریں گے تو آپ شفا نہیں پائیں گے اسی لئے یک کو باہر بھیج دیا اور دوسرے سے علاج کرایا۔ سو خدا کا شکر ہے کہ آپ تندرست ہو گئے۔اس سے ظاہر ہے کہ دنیا کی ایک بڑی بھاری سلطنت پر ایک ہی بادشاہ حکمران ہے جس کے سامنے دنیاوی بادشاہ ایسے ہی عاجز اور محتاج ہیں جیسے ان کا کوئی ادنی غلام۔ ان کے آگے۔ اور وہی ایک بادشاہوں کا بادشاہ ہمارا مالک، ہمارا خالق، ہمارا معبود ہے۔

۳۔ اللہ ہی عبادت کے لائق ہے: کوئی شخص اگر تمہیں اپنے پاس سے کچھ دے تو اسے اچھا سمجھتے ہو کہیں ملے تو اس کی عزت کرتے ہو۔ اگر کوئی آدمی اس سے بھی زیادہ اچھی شئے دے تو پہلے کی نسبت تم اس کی عزت زیادہ کرو گے اور بہت محبت سے اسے دیکھو گے اور جہاں ملے گا اس کی تعظیم بجالاؤ گے۔ ان دونوں کی نسبت استاد کی تم اور بھی زیادہ عزت کرتے ہو، کیونکہ وہ تمہیں علم جیسی بے بہا دولت دیتا ہے،

বঙ্গানুবাদ ঃ উজির সাহেব বললেন, আল্লাহ তাআ'লা নিজের কালামে পাকে বলেছেন, "পৃথিবী ও আকাশের মধ্যে আল্লাহ ব্যতীত যদি আরও কেউ খোদা হত, তবে উভয়ের কার্যক্রম বিনষ্ট হয়ে যেত।" অতঃপর আমি এই আয়াতে এটাই বুঝলাম যে, যদি দুজন ডাক্তার চিকিৎসা করে তবে আপনি রোগ হতে মুক্তি পাবেন না। এজন্য একজনকে বাইরে পাঠিয়েছি। অন্যজনকে দিয়ে চিকিৎসা করিয়েছি। খোদার শোকর যে, আপনি ভাল হয়ে গেছেন। এতে প্রকাশ পায় যে, পৃথিবীতে এক বড় ধরনের রাজত্ব পরিচালনায় একজনই বাদশাহীর হুকুমত যথেষ্ট। যার সামনে দুনিয়ার বাদশাহ এমনই অসহায় এবং মুখাপেক্ষী যেন সে অতি নগণ্য গোলাম তার সামনে। এমন একজন বাদশাহের বাদশাহ আমাদের প্রভু, যিনি আমাদের সৃষ্টিকর্তা এবং মা'বুদ।

(৩) কোন ব্যক্তি যদি নিজ হতে তোমাকে কিছু দেয় তাহলে তুমি তাকে ভাল মনে করে থাক, কোথাও দেখা হলে তাকে সম্মান করে থাক, আবার কোন লোক এর চেয়ে আরও ভালো জিনিস বেশী দেয় তাহলে প্রথম ব্যক্তির চেয়েও তুমি তাকে আরও বেশী সম্মান করতে থাকবে এবং খুব মহব্বতের সাথে তাকে দেখবে এবং যেখানে পাবে সেখানে তাকে সম্মান দিতে থাকবে। ঐ দুজন অপেক্ষাও শিক্ষকগণের তুমি আরও বেশী সম্মান করে থাক। কারণ, তারা তোমাদের ইলমের মত অমূল্য সম্পদ দিয়ে থাকে,

جو ساری عمر تمہارے کام آتی ہے۔ ایسے ہی ماں باپ ہیں، جن کی خوشی سے تم خوش ہوتے ہو اور تکلیف سے رنج اٹھاتے ہو، ان کا حکم مانتے ہو اور جان و دل سے ان کی عزت کرتے ہو، جس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ تمہیں اپنے مقدور بھی اچھا کھلاتے ہیں، عمدہ لباس پہنا تے ہیں، تمہاری تعلیم و تربیت میں سینکڑوں روپے اٹھاتے ہیں۔ اور ہر وقت تمہاری بھلائی کے خیال میں ڈوبے رہتے ہیں۔ لیکن سینکڑوں چیزیں ایسی بھی ہیں جو نہ تو کوئی اپنا دیتا ہے، نہ بیگانہ، نہ استاد، نہ ماں باپ، بلکہ وہ کسی اور ہی کی دی ہوئی ہر وقت تمہارے کام آرہی ہیں۔ تم پوچھو گے ایسی چیزیں کون سی ہیں؟ تو ہم تمہیں ان میں سے بعض چیزیں بتائے دیتے ہیں۔ اول ہوا ہے، جو دم بھر کے لئے بھی نہ ملے تو ہمارا تمہارا وہی حال ہو جو بن پانی کے مچھلی کا۔ ہم تم دم گھٹ کر مر جائیں۔ دوم پانی ہے، اگرچہ اس کے پئے بغیر آدمی تھوڑے عرصہ تک زندہ رہ سکتا ہے۔ لیکن اگر بالکل ہی نہ ملے تو انسان پیاس کے مارے تڑپ تڑپ کر جان دیدے، پانی ہمارے پینے، نہانے، لباس اور برتن دھونے ہی کے کام نہیں آتا، بلکہ اس کے بغیر نہ غلہ پیدا ہو نہ جانور زندہ رہ سکیں، نہ ہوا ہی سانس لینے کے قابل رہے، دیکھتے نہیں گرمیوں میں جب بارش نہیں ہوتی ہوا میں پانی کی ملاوٹ کم ہو جاتی

বঙ্গানুবাদ ঃ যা সারাজীবন তোমাদের কাজে আসে। তদ্রুপ মাতা-পিতা, যাদের খুশীতেই তোমরা খুশী হও এবং কষ্টে দুঃখ পাও, তাদের আদেশ মানা, এবং মন-প্রাণ দিয়ে সম্মান করে থাক, যার বড় কারণ এই যে, তারা তোমাদের নিজের সাধ্যমত ভালো খাওয়ায়, ভালো পোশাক পরায়, তোমার শিক্ষা-দীক্ষার জন্য শত সহস্র টাকা ব্যয় করে এবং সর্বদাই তোমাদের ভালোর চিন্তায় নিমগ্ন থাকে। কিন্তু শত সহস্র জিনিস এমন আছে যা কেউ এমনি করে দেয় না। না অপর কেউ দেয়, না উস্তাদ দেয়, না পিতা মাতা দেয়, এবং তা অন্য কারও দান তোমাদের প্রতি মুহূর্তে কাজে আসে। তুমি প্রশ্ন করবে এ রকম জিনিস কোনটি? হ্যাঁ, আমরা তোমাদের তম্মধ্য হতে কতক জিনিস বলে দিচ্ছি।

প্রথমতঃ বাতাস এক নিঃশ্বাস পরিমাণ না পেলে আমাদের তোমাদের এমনই অবস্থা হবে যা পানিবিহীন মাছের হয়ে থাকে। তুমি আমি দম বন্ধ হয়ে মারা যাব। দ্বিতীয়তঃ যদিও পানি পান না করে মানুষ মুহূর্ত কাল বেঁচে থাকতে পারে। কিন্তু যদি মোটেও না পাওয়া যায়, তবে মানুষ পিপাসায় ছটফট করে প্রাণ হারাবে। পানি আমাদের পান করা, গোসল করা, জামা-কাপড়, থালা-বাসন ধোয়ার কাজেই আসে না বরং উহা ব্যতীত শস্য উৎপন্ন হবে, না জন্তু জানোয়ার বাঁচবে, না বাতাস শ্বাস গ্রহণের যোগ্য থাকবে। দেখনি ! গরমের দিনে যখন বৃষ্টি হয় না, তখন বাতাসের মধ্যে পানির সংমিশ্রণ কম হয়ে যায়

اور لو چلنے لگتی ہے تو کیسی مشکل بنتی ہے۔ سوم روشنی ہے، یہ نہ ہو تو گھپ اندھیرے میں کسی کو نہ دیکھ سکیں، ٹکرا ٹکرا کر مر جائیں۔ چہارم زمین ہے، یہ نہ ہو تو ہم کہاں رہیں، گھر بنائیں تو کیونکر، ٹھہریں تو کس پر؟ کھانے کی چیزیں لائیں تو کہاں سے؟ کھانا پکائیں تو کس جگہ؟ پنجم سب سے بڑی چیز خود ہماری جان ہے۔ اگر یہی نہ ہو تو ہم کون اور ہماری حقیقت کیا؟ مٹی کے ڈھیلے اور ہم میں کچھ فرق نہ ہوگا۔ یہ اور ایسی ہی ہزاروں عمدہ اور قیمتی چیزیں جس پاک ذات نے ہمیں عنایت کی ہیں اس کی تو بہت ہی تعظیم کرنی چاہئے اور جہاں تک ہو سکے اس کی مہربانی کا شکر گزار رہیں، کسی کی بھی اتنی عزت نہ کریں جتنی اس بڑے رحیم کی۔ کیونکہ اگر ہم ایسا کریں گے تو ایک ادنی کو اعلیٰ تر کے برابر کر دیں گے اور یہ بڑی بے انصافی کی بات ہوگی۔ اب دیکھنے اور سمجھنے کے قابل یہ بات ہے کہ یہ چیزیں ہمیں کس نے عنایت کی ہیں؟ آؤ اسی پر غور کریں اور سوچیں۔ ماں باپ تمہیں روٹی کھلاتے اور کپڑا پہناتے ہیں تو اپنے مقدور کے موافق، استاد علم پڑھاتا ہے تو اپنے علم کے بموجب، حاکم کسی مجرم کو سزا دیتا ہے تو اپنے اختیار کے اندر اندر اسی طرح جو چیزیں ہمیں بروقت برتنے کے لئے ملی ہوئی ہیں

বঙ্গানুবাদ ঃ এবং লু-হাওয়া বইতে থাকে । তখন কী রকম অসুবিধার মধ্যে পড়তে হয়? তৃতীয়তঃ (কিরণ) আলো না হলে, ঘন আধারেও আমরা কাউকেই দেখতে পাব না । সংঘর্ষ খেয়ে মারা পড়ব। চতুর্থতঃ মাটি, যদি ইহা না হত তবে আমরা কোথায় থাকতাম ? বাড়ী তৈরী করতাম কি করে? দাঁড়াতাম কিসের উপর? খাদ্য কোথা হতে আসত? খাদ্য পাকাবে তো কোন জায়গায়? পঞ্চমতঃ সব থেকে বড় জিনিস আমাদের জীবন । যদি এটা না থাকে, তবে তুমি কে এবং আমাদের বাস্তবতা কি? মাটির ঢিলা এবং আমাদের মধ্যে কোন পার্থক্য হবে না। এ রকম হাজারো মূল্যবান এবং দামী জিনিস যে পবিত্র সত্ত্বা আমাদের দান করেছেন, তাকে তো বেশী করে শ্রদ্ধা করা দরকার এবং সাধ্যমত তার অনুগ্রহে কৃতজ্ঞ থাকা উচিত । কারও এতটুকু ইয্যত করবে না যতটুকু ইয্যত মহামহীমের করবে। কেননা যদি আমরা এমনটি করি তাহলে এক নগণ্যকে মহোত্তমের সমান করে দেব এবং এটা বড় ধরনের অবিচার করা হবে। এখন দেখা ও বুঝার বিষয় হল, এসব জিনিস আমাদেরকে কে দান করেছেন ? এসো এর উপর চিন্তা করি এবং ভাবি । পিতা-মাতা নিজের সামর্থ্যমত তোমাদের রুটি খাওয়ান এবং কাপড় পরান; শিক্ষক নিজের ইল্ম অনুপাতে ইলম শিখান, হাকিম (বিচারক) কোন অপরাধীকে শাস্তি দেন, তো স্বীয় ক্ষমতার গণ্ডীর ভেতরে। তদ্রূপ যেসব জিনিস আমরা সময় সময় ভাগ্যগুণে পেয়ে যাই,

ان کے عطا کرنے والے کو پہچاننے کے واسطے ضروری ہے کہ دیکھیں کسی میں اتنا مقدور ہے کہ اتنی بڑی طاقت معلوم ہوگی ہم اسے ہی چیزوں کا عطا کرنے والا قرار دے سکیں گے، دیکھو اگر کسی لڑکے کے ماں باپ بہت مفلس ہوں یہاں تک کہ کھانے کو ٹکڑا، پہننے کو پھٹا پرانا کپڑا، خرچ کرنے کو پھوٹی کوڑی ان کے پاس نہ ہو اور اپنے لڑکے کو کپڑوں کا قیمتی جوڑا دیں تو لڑکا اگر ذرا بھی عقل رکھتا ہے تو جھٹ سمجھ لے گا کہ ماں باپ نے نہ تو وہ جوڑا اپنے گھر سے نکال کر دیا ہے، نہ بازار سے مول لے کر بلکہ کسی امیر نے انہیں بخشا ہے، تب انہوں نے اسے دیا ہے ایسی ہی ہزاروں مثالیں ہیں۔ جب یہ بات معلوم ہوگئی کہ جس چیز کا دینے والا کسی کو اسی وقت کہہ سکتے ہیں جب اس میں اس کے دینے کی قدرت بھی ہو تو اب ہم کو یہ دیکھنا چاہئے کہ ہوا، پانی، زمین، روشنی اور لاکھوں چیزیں دینے کی طاقت کس میں ہے؟ اس امر کے معلوم کرنے کیلئے ہم دنیا کی بڑی بڑی چیزوں میں سے ایک ایک کو لیتے ہیں اور دیکھتے ہیں۔ ان میں کتنی قدرت ہے؟ اور ان میں سے کوئی بھی ایسی ہے کہ ان سب چیزوں کا دینے والا قرار دے سکیں۔ سب سے پہلے ہوا ہی کو لیں اور دیکھیں اس میں کتنی قوت ہے، شاید تم دل میں کہتے ہو گے کہ یہ بڑی طاقت والی شئے ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ সেসবের দাতা সত্তাকে চেনার জন্য আবশ্যক হল, দেখি কার মাঝে এতটুকু ক্ষমতা আছে যে, এত বড় শক্তিধর বুঝা যায়, আমরা তাকেই সমূহ জিনিসের দাতা সাব্যস্ত করতে পারব। দেখ! যদি কোনও ছেলের পিতা-মাতা অত্যন্ত দরিদ্র হয়, এমনকি সামান্য খাদ্যদ্রব্য, পরিধানের জন্য ছেঁড়া-ফাঁড়া পুরনো কাপড়, খরচের জন্য পাই-পয়সাও তার কাছে না থাকে, এবং সে তার ছেলেকে মূল্যবান কাপড়ের জোড়া দেয়, তাহলে ছেলের মধ্যে যদি সামান্যতম জ্ঞান থাকে তবে সে তৎক্ষণাত বুঝে ফেলবে যে, পিতা মাতা এ সেট ঘর থেকে বের করে দিয়েছেন, না বাজার থেকে ক্রয় করে দিয়েছেন, বরং কোন ধনী আমীর তাদের দান করেছেন। তখন তারা তাকে দিয়েছে । এ রকম হাজার হাজার দৃষ্টান্ত রয়েছে । যখন এ কথা জানা গেল যে, কোনও জিনিসের দাতা কাউকে তখনই বলা যেতে পারে, যখন তার দেওয়ার মত ক্ষমতা থাকবে। কাজেই আমাদের ইহা দেখা উচিত যে, বাতাস, পানি, মাটি, আলো আরও লক্ষ লক্ষ জিনিস দেবার ক্ষমতা কার মধ্যে আছে? ঐ বিষয় জানার জন্য আমরা পৃথিবীর বড় বড় জিনিসের মধ্য থেকে এক একটা নিয়ে দেখতে থাকি। তার মধ্যে কতটুকু শক্তি আছে? তার মধ্যে একটিও এমন আছে যে, ঐ সব জিনিসগুলির দাতা সাব্যস্ত করতে পারি। সর্বপ্রথম বাতাসকে নিই এবং দেখি তার মধ্যে কত শক্তি আছে? হয়ত তুমি মনে মনে বলবে যে, ইহা বড় শক্তিশালী বস্তু।

کیونکہ جب آندھی آتی ہے تو بڑے بڑے درختوں کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دیتی ہے۔ کبھی کبھی عالیشان مضبوط مکانوں کو بھی ستیاناس کر دیتی ہے لیکن ہم اس کی طاقت کو دیکھنا نہیں چاہتے ہمارا مدعا یہ ہے کہ دیکھیں وہ خود بخود کیا کرتی ہے۔ اس امر کے لئے یہ ہے کہ ایک برتن لو، اس میں ہوا تو بھری ہوئی ہے، اس کے منہ کو اس طرح بند کر و کہ وہ کسی طرح نکلنے نہ پائے۔ اب اس برتن کو کسی جگہ الگ رکھ دو اور دیکھو کہ اس برتن کی ہوا کیا کر سکتی ہے؟ سینکڑوں نہیں ہزاروں بلکہ لاکھوں، کروڑوں برس برتن پڑا رہے تو نہ ہوا اپنے آپ اس میں سے نکل سکے گی، نہ برتن کو کہیں لے جا سکے گی، نہ اور کسی قسم کی کوئی بات اس سے ہو سکے گی۔ جس سے ظاہر ہے کہ وہ ایسی محتاج اور بے بس ہے کہ جب تک اس کوئی برتن میں سے نہ نکالے اپنے آپ نہیں نکل سکتی، پھر ایسی چیز میں بھلا یہ قدرت کہاں کہ اوروں کو کوئی چیز بنا کر دے، بڑے ہو کر جب تم اوپر کی جماعتوں میں جاؤ گے تو یہ بھی معلوم کر لو گے کہ آندھی میں جو طاقت ہے وہ اس کی اپنی نہیں کسی نے اس میں ایک ترکیب سے پیدا کر دی ہے۔ پانی کو لو تو اس کا بھی یہی حال ہے، برتن میں ڈال کر اسے بھی رکھ دیکھو، ہوا کی طرح یہ بھی کچھ نہ کر سکے گا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ دوسرے کا محتاج ہے، اپنے آپ کچھ نہیں کر سکتا

বঙ্গানুবাদ ঃ কেননা, যখন প্রবল ঝড় আসে তখন বড় বড় গাছের শিকড় পর্যন্ত উপড়ে ফেলে। কখনও কখনও মজবুত অট্টালিকা গুলোও ধ্বংস করে দেয় । কিন্তু আমরা তার শক্তি দেখতে চাই না। আমাদের দাবী এই যে, দেখব সে নিজে নিজে কি করে? বিষয়টি ভালভাবে বুঝার জন্য, একটি পাত্র নাও, এতে বাতাস তো পরিপূর্ণ আছে। তার মুখ এমনভাবে বন্ধ কর তা যেন কোনভাবে বের হতে না পারে। এখন ঐ পাত্র অন্য জায়গায় রেখে দাও এবং লক্ষ কর পাত্রের ঐ বাতাস কি করতে পারে? শত শত কোটি না হাজার বরং লক্ষ কোটি বছর পাত্র পড়ে থাকলেও বাতাস নিজে তার ভেতর থেকে বের হতে পারবে না। পাত্রকেও সে অন্য কোথাও নিয়ে যেতে পারবে না। না অন্য কোন প্রকার কাজ এর দ্বারা হতে পারবে! এতে প্রকাশ পায় যে, সে এমন অপারগ এবং নিঃস্ব যে, যতক্ষণ পর্যন্ত কেউ পাত্রটিকে বের না করবে নিজে নিজে বের হতে পারবে না । তারপর এমন বস্তুর মধ্যে ভালো ক্ষমতা কোথায় যে অন্যকে কোনও জিনিস তৈরী করে দেবে। বড় হয়ে তোমরা যখন উপর শ্রেণীতে উঠবে তখন ইহা জানতে পারবে যে, প্রবল ঝড়ের মধ্যে যে শক্তি আছে, তা আপনা হতে নয়, কেউ তার মধ্যে এক বিশেষ প্রক্রিয়ায় সৃষ্টি করেছেন । পানিরও একই অবস্থা। পাত্রে ঢেলে রেখে দেখো, বাতাসের মত ইহাও কিছু করতে পারে না। যাতে বুঝা যায় সেও অপরের মুখাপেক্ষী। নিজে নিজে কিছু করতে পারে না

اور اسی واسطے اسے بھی کسی چیز کا دینے والا نہیں مان سکتے۔ ہوا اور پانی کے سوا اور لا کھوں چیزیں ہیں آ ؤ! ان میں سے بھی دو چار کی طاقت کا اندازہ کریں۔ پہلی ہی نظر میں او نچے اونچے درخت نظر آتے ہیں جن کی شکل وصورت دیکھ کر حیرت ہوتی ہے، یا جنگل، پہاڑ، دریا اور سمندر میں نئی نئی صورت، نئی نئی شکل کے جانور دکھائی دیتے ہیں جن کے کاموں کو دیکھ کر عقل چکراتی ہے۔ مگر کیا ان میں سے کسی درخت مثلاً بڑ، اور پیپل نے ہمیں یہ آرام کی چیزیں عطا کی ہیں یا کسی حیوان مثلاً شیر، مگر مچھ، میل، گائے نے؟ اس کا جواب دینے سے پہلے ہم دیکھتے ہیں کہ خود ان کا کیا حال ہے؟ وہ تو وا، پانی، اور روشنی وغیرہ کے ایسے محتاج ہیں کہ ان کے بغیر دم بھر نہیں رہ سکتے پھر کیونکر یہ مان لیں کہ ان میں سے کسی نے یہ چیزیں ہمیں بنا کر دی ہیں درختوں اور جانوروں کی نسبت ایسا خیال کرنا کہ ان میں سے کسی نے یہ چیزیں عطا کی ہیں بہت ہی بیہودہ اور نکمی بات معلوم ہوتی ہے، کیونکہ وہ خود قوت وطاقت میں ہم سے بہت کم ہیں۔ دیکھو ہم سب آدمی مل کر چاہیں تو درختوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں، سارے جانوروں کو ایک ایک کر کے مار ڈالیں، درختوں کو ہوا، پانی اور روشنی وغیرہ پہنچنے پر بھی ہم انہیں چاہیں بڑھنے نہ دیں بلکہ سرسبز شاداب ہی نہ ہونے دیں، جانوروں کا ایسا قافیہ تنگ کریں کہ وہ کھانے پینے کی سب چیزیں سامنے موجود پائیں مگر ہم انہیں ایک بھی نہ لینے دیں،

রঙ্গানুবাদ ঃ এবং এজন্য ইহাকেও কোনও বস্তুর দাতা মানতে পারি না। পানি এবং বাতাস ছাড়া আরও লক্ষ লক্ষ বস্তু আছে। এসো! তন্মধ্যে দু চারটির শক্তির কথা আলোচনা করি। প্রথমেই দৃষ্টিতে উঁচু উঁচু গাছ দৃশ্যমান হয়, যার আকার আকৃতি দেখে আশ্চর্য হতে হয়। জঙ্গলে বা পাহাড়ে, সাগরে, সমুদ্রে নতুন নতুন আকৃতির জীব-জন্তু দেখা যায়। যাদের কর্মকাণ্ড দেখে মাথা ঘুরে যায়। কিন্তু তন্মধ্যে কোনও গাছ যেমন, বট ও পিপুল কি আমাদেরকে এ আরামের জিনিস দান করেছে? অথবা কোনও প্রাণী যেমন বাঘ, নেকড়ে, বলদ-গাভী? তার উত্তর পাওয়ার আগে, আমাদের দেখতে হবে যে, উহাদের নিজের অবস্থা কি? তারাও তো বাতাস, পানি, আলো ইত্যাদির প্রতি মুখাপেক্ষী হয়ে আছে। উহা ব্যতীত এক নিঃশ্বাস পরিমাণ বাঁচতে পারে না। তদুপরি কি করে মেনে নেব যে, উহাদের মধ্যে হতে কেউ এই বস্তুগুলি বানিয়ে দিয়েছে। বৃক্ষলতা এবং পশুপক্ষীদের ব্যাপারে এমন ধারণা করা যে, উহাদের মধ্যে হতে কেউ এ জিনিসগুলি দিয়েছে। অত্যন্ত অহেতুক এবং বাজে কথা মনে হয়। কেননা এরা নিজের শক্তি ও ক্ষমতায় আমাদের চেয়েও দুর্বল। দেখ! আমরা সকল মানুষ একত্রিত হয়ে যদি চেষ্টা করি তবে গাছের শিকড় গুলি উপরে ফেলতে পারি, সমস্ত জীব-জন্তুকে একত্র করে মেরে ফেলতে পারি, গাছ-পালায় আলো, বাতাস, পানি প্রভৃতি পৌছা সত্ত্বেও আমরা চাইলে ওগুলো বাড়তে না দিতে পারি। বরং সবুজ ও সতেজ হতে দেব না, জন্তুগুলির এমন জীর্ণ শীর্ণ করি যে, খানা পানি সব জিনিস সামনে উপস্থিত পাবে কিন্তু আমরা উহাদের একটিও গ্রহণ করতে দেব না,

وہ ہزاروں جتن اور جان توڑ محنت وکوشش کریں مگر کچھ نہ کرسکیں، بے بس ہوکر بھو
کے پیاسے مرجائیں، پھرایسی چیزوں کا کیا منھ، کہ ہم ان کو ان نعمتوں کا دینے والا قر
ار دیں۔ زمین کی سطح پر پہاڑوں سے بڑی کوئی چیز نظر نہیں آتی، مگر کیا ان میں بھی یہ
طاقت ہے کہ انہوں نے ہمیں یہ چیزیں بنا کردی ہوں وہ تو ان درختوں اور جانوروں
سے بھی زیادہ بے بس ہیں جانور جہاں چاہے جاسکتا ہے۔ ہزاروں کام کی چیزیں بنا
سکتا ہے۔ جو چیز چاہے اس کے لینے کی لئے کوسس کرنا اور اکثر محنت کر کے حاصل کرلیتا
ہے درخت کہیں جا تو نہیں سکتے مگر پھر بھی اپنی جگہ کھڑے کھڑے بڑھتے ہیں، زمین
میں سے اپنی خوراک کھینچتے ہیں اور سبز وشاداب رہتے ہیں۔ ان میں میوے لگتے ہیں۔
پھول آتے ہیں اور بیج پیدا ہوتے ہیں۔ جن سے ان کی پودھ پھیلتی اونسل بڑھتی ہے۔
لیکن پہاڑ جہاں کھڑے ہیں وہیں کھڑے ہیں۔ نہ ہل چل سکیں، نہ جا آسکیں، پہلے دن
سے جتنے اونچے بنے ہیں نہ اس سے اونچے بڑھ سکیں، نہ نیچے ہوسکیں، نہ ان کی پود پھیلے
نہ نسل چلے۔ وہ تو پتھر ہیں نہ کسی کو اپنے اوپر سے ہٹا سکیں۔ پھر ایسی بے بس چیز میں یہ
طاقت کہاں کہ ہمارے جیسے بااختیار جاندار کی ضرورتیں پوری کرے اور ہمیں وہ چیزیں
بنا کردے جو اس سے بھی زیادہ طاقت وقدرت کی ہیں۔

বঙ্গানুবাদ ঃ সে হাজার চেষ্টাতেও জীবন দিয়ে পরিশ্রম করলেও কিছুই করতে পারবে না। অসহায় হয়ে ক্ষুৎ পিপাসায় মারা যাবে। তদুপরি এমন জিনিসের কি মান আছে যে, আমরা ওগুলোকে নেয়ামত রাজির দাতা সাব্যস্ত করব। ভূ-পৃষ্ঠের উপর পাহাড়গুলি ছাড়া অন্য কোন বড় জিনিস দেখা যায় না। কিন্তু তবু কি তার মধ্যে এই ক্ষমতা আছে যে, তা আমাদের ঐ জিনিসগুলি তৈরি করে দিয়েছে। সে তো ঐসব বৃক্ষ এবং জন্তুদের থেকে বেশী অকর্মন্য। জীব-জন্তু যেখানে ইচ্ছা যেতে পারে। হাজার হাজার কাজের বস্তু তৈরি করতে পারে, যে জিনিস ইচ্ছে, তা নেওয়ার জন্য চেষ্টা করে এবং অধিকাংশই পরিশ্রম করে হাসিল করে নেয়। বৃক্ষ কোথাও যেতে পারে না, কিন্তু নিজের জায়গায় দাঁড়িয়ে বাড়তে থাকে। মাটি থেকে খাদ্য সংগ্রহ করে এবং সবুজ সতেজ থাকে। উহাতে ফল ধরে। ফুল ফোটে এবং বীজ তৈরি হয়। যার দ্বারা চারা বিস্তার হয় এবং বংশ বৃদ্ধি পায়। কিন্তু পাহাড় যেখানে দাঁড়িয়ে আছে, সেখানেই দাঁড়িয়ে থাকে, নড়াচড়া করতে পারে না, যাওয়া আসা করতে পারে না। প্রথম থেকে যত উঁচু আছে, এর থেকে উঁচু হতে পারে না, নিচু হতে পারে না। এর না চারা ফলে, না বংশ বৃদ্ধি পায়। তা তো পাথর, কাউকে নিজের উপর থেকে সরাতে পারে না। তদুপরি এমন অসহায় জিনিসের মধ্যে এ শক্তি কোথায় যে, আমাদের মত স্বাধীন জীবের প্রয়োজনাদি পুরণ করবে? এবং আমাদের ঐসব জিনিস বানিয়ে দেবে যেগুলো তার চেয়েও অধিক শক্তি ও ক্ষমতা সম্পন্ন?

ہوااور پانی کے ساتھ ایک بڑی چیز روشنی ہے، آؤ اس کی طاقت وقدرت بھی دیکھ لیں۔لمپ چراغ اور آگ کی روشنی بھی کوئی شئے ہے۔؟ جسے ہم خود ایک ترکیب سے جلاتے ہیں اور جب تک اس سے چاہتے ہیں فائدہ اٹھاتے ہیں۔ پھر جب چاہیں بجھا کر اس کا وجود ہی نابود کردیتے ہیں ہاں البتہ کوئی شئے ہے تو چاند سورج کی روشنی، اگر چہ ہم اسے بند مکان بنا کر پہنچنے نہیں دیتے۔ مگر پھر بھی ہمارا اس پر کچھ قابو نہیں۔ نہ تو دن میں سورج کی روشنی کو ہٹا سکیں، نہ رات کو چاند کی روشنی کا کچھ بگاڑ سکیں۔ دیکھنے کی بات تو یہ ہے کہ ان میں اتنی قدرت ہے یا نہیں کہ انہوں نے ہمارے لئے کوئی چیز بنائی ہو۔ رات کے وقت ستاروں کی چمک اور چاند کی روشنی اپنی نہیں، مانگے کی چیز ہے، اسے تم ابھی نہیں سمجھ سکتے، بڑے ہوگے تو معلوم کرلوگے کہ ان میں بھی جو روشنی ہے وہ سورج کی دی ہوئی ہے اس سے تم کو ستاروں اور چاند کی روشنی کی حقیقت معلوم ہوگئی کہ وہ الگ سے نہیں اور اس واسطے نہ ان کی روشنی اور نہ وہ خود اس قابل ہیں کہ انہوں نے ہمارے لئے کوئی چیز بنائی ہو۔ البتہ تم کہہ سکتے ہو کہ سورج اور اس کی روشنی تو کچھ قدرت والی چیز ہے جس سے سارا جہاں منور ہو رہا ہے۔ ہاں، تمہاری یہ رائے درست ہے، اب ہم اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اس میں کیا قدرت ہے۔

বঙ্গানুবাদ ঃ বাতাস এবং পানির সাথে এক বড় জিনিস আলো। এসো! তার শক্তি এবং ক্ষমতা দেখে নেই। প্রদীপের আলো এবং আগুনের রোশনী কি বস্তু ? যা আমরা এক বিশেষ পদ্ধতিতে জ্বালিয়ে থাকি এবং যতক্ষণ ইচ্ছা করি উপকৃত হই এবং যখন ইচ্ছা করি নিভিয়ে দিয়ে তার অস্তিত্বকে বিলীন করে দেই । হাঁ অবশ্য কোন জিনিস থাকে তবে চাঁদ ও সূর্যের কিরণ। যদিও আমরা তাকে বদ্ধ ঘরে পৌঁছুতে না দেই। কিন্তু তবুও এর উপর আমাদের কোন সাধ্য নাই। না দিনে সূর্যের কিরণ হটাতে পারি । না চাঁদের আলো এতটুকু পরিবর্তন করতে পারি। লক্ষ্য করার বিষয় এই যে, উহাতে এত ক্ষমতা থাকা সত্ত্বেও উহা আমাদের কোন জিনিস তৈরি করতে পারে না। রাতের তারকারাজির দীপ্তি এবং চাঁদের উজ্জ্বলতা নিজস্ব নয়। উহা তোমরা এখন বুঝতে পারবে না। বড় হলে জানতে পারবে। উহাতে যে, কিরণ আছে, তা সূর্যের দেওয়া আলো। এতে তোমাদের তারাগুলির এবং চাঁদের রোশনীর মূল জানতে পারলে যে, সে পৃথক নয়। এইজন্য না তার কিরণ, না সে নিজে এর উপযুক্ত যে, যা আমাদের কোন জিনিস তৈরি করতে পারে। অবশ্যই তোমরা বলবে যে, সূর্য এবং তার কিরণ তো কিছু শক্তিশালী বস্তু! যা সমস্ত পৃথিবীকে আলোকিত করে দেয়। হাঁ তোমাদের এ মত সঠিক, এখন আমরা তার প্রতি মনোযোগী হচ্ছি এবং দেখব যে, তাতে কত ক্ষমতা!

سورج کی روشنی کی طاقت کا اندازہ کرنے کو تو جانے دو۔ خود سورج ہی کو لو، اگر اسی میں یہ طاقت نہ پائی جائے کہ وہ ہمارے واسطے کوئی چیز بنا سکے تو پھر اس کی نکلی ہوئی روشنی کا کیا مقدور کہ ایسا کر سکے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ سورج سال بھر میں ایک معین انداز سے ادھر ادھر سرکتا ہے۔ جتنے وقت ایک سال میں ہر روز ہمیں نظر آتا ہے، اتنے ہی وقت دوسرے سال بھی جتنی دیر تک سال میں ہر رات کو ہماری نظر سے غائب رہتا ہے اتنی ہی دیر دوسرے سال میں بھی۔ جتنی دور ہم سے آج ہے، اتنی ہی دور ہمیشہ ہمیسہ ہے نہ کبھی معین انداز سے دور ہوا۔ نہ نزدیک آیا۔ ایک چکر میں پڑا ہے، رات ہو یا دن، ایک ہی رفتار سے چل رہا ہے۔ ہمیشہ مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں ڈوبتا ہے، ایسا کبھی نہ ہوا کہ ڈوبتے ڈوبتے اوپر چڑھنے لگا ہو اور جدھر سے گیا تھا ادھر ہی سے واپس آیا ہو، یا کبھی شمال کو چل نکلا ہو، یا جنوب کی طرف رخ کیا ہو۔ ہم جہاں چاہتے ہیں چلے جاتے ہیں، کبھی بیٹھتے ہیں، کبھی چلتے ہیں، ابھی مشرق کو جا رہے تھے کہ جی گھبرایا مغرب کو چل کھڑے ہوئے یا شمال کی راہ لی۔ ادھر سے طبیعت اکتائی تو جنوب کی سیر کو روانہ ہو گئے۔ غرض نہ ہم ایک جگہ کے پابند ہیں نہ ایک خاص طرف جانے کے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم اپنے ارادہ سے جو چاہیں کر سکتے ہیں،

বঙ্গানুবাদ ঃ সূর্য্যকিরণের ক্ষমতার (আন্দাজ) অনুমানকে বাদ দাও। কেবলমাত্র সূর্য্যকেই ধর। যদি তার মধ্যে কোন শক্তি না পাওয়া যে, তবে আমাদের জন্য কোন জিনিস তৈরি করবে তাহলে উহা হতে বিচ্ছুরিত কিরণের কি শক্তি আছে যে, এরকম করতে পারে। আমরা দেখি যে, সারা বৎসর এক নির্দিষ্ট নিয়মে এদিক ওদিক প্রদক্ষিণ করে। এক বৎসর কাল যত সময় প্রতিদিন আমাদের দৃষ্টিগোচর হয় ততটুকু সময় পরবর্তী বৎসর ও যতক্ষণ পর্যন্ত বছরে প্রতি রাতে আমাদের থেকে অদৃশ্য থাকে। ততটুকু সময় পরবর্তী বছরও। আমাদের থেকে আজ যত দূরে আছে। অতটা দূরে সবর্দা থাকে না কোন নিদিষ্ট অনুপাতে দূরে যায়, না নিকটবর্ত্তি হয়। এক পরিভ্রমণের মধ্যে থাকে। রাত হোক বা দিন হোক একই গতিতে চলতে থাকে। সবর্দা পূর্বদিকে উঠে, পশ্চিমদিকে অস্ত যায়। এমন কখনও হয়নি যে, ডুবতে ডুবতে উপরে উঠে গেছে এবং যে দিক থেকে গিয়েছে, অন্য দিক থেকে ফিরে এসেছে। অথবা কখনও উত্তর দিকে উদয় হয়ে দক্ষিণ দিকে থেমে গেছে। আমরা যেখানে ইচ্ছা সেখানে চলে যেতে পারি । কখনও বসি কখনও চলি এখন পূর্বে যাচ্ছিলাম পরক্ষণে মন পাল্টে গেল তৎক্ষণাত পশ্চিমে যেতে আরম্ভ করলাম, বা উত্তরে পথ ধরলাম। ওদিকে পছন্দ না হলে দক্ষিণের দিকে রওনা দিলাম। ফলকথা, আমরা একস্থানে নির্দিষ্ট থাকি না। যাতে বোঝা যায় যে, আমরা নিজের ইচ্ছাতে যা ইচ্ছা তাই করি।

مگر سورج کی یہ مجال نہیں کہ وہ جس چال سے چل رہا ہے اسے بدل سکے جدھر کو جا رہا ہے ادھر سے منھ موڑ کر اور طرف جا سکے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ اپنے اختیار میں نہیں، جس طرح ہم ایک کل کو چلا دیتے ہیں اور جب تک نہ روکیں وہ ایک طرح کام کئے جاتی ہے اسی طرح یہ بھی ایک کل ہے جو کسی اعلیٰ طاقت نے چلا رکھی ہے۔ اور جب یہ بات ہے تو اس خوبصورت منور سورج کا جو ہم سے بھی زیادہ مجبور ہے یہ حق نہیں کہ ہم اسے ان چیزوں کا دینے والا مان لیں جن کا اوپر ذکر ہوا۔ اوپر کے بیان سے صاف ظاہر ہے کہ دنیا کی کوئی چیز بھی ایسی نہیں کہ آدمی کے مقابلہ میں کوئی عزت رکھتی ہو یا اس کی ضرورت کی چیزوں کا انتظام کر سکتی ہو۔ اس سے تمہارے دل میں شاید یہ خیال پیدا ہو کہ کوئی آدمی ہی ایسا ہوگا جس نے ہماری ضرورت کی ان چیزوں کو پیدا کیا ہے، لیکن یاد رکھو کہ یہ بات بھی درست نہیں، کیونکہ جس طرح ایک آدمی دنیا کی چیزوں کا محتاج ہے، اسی طرح کوئی کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو احتیاج سے خالی نہیں، جس طرح ہمیں تمہیں ہوا پانی روشنی اور دوسری چیزوں کی ضرورت ہے اور ان کے سوا گزارہ نہیں ہو سکتا، اسی طرح بادشاہ ہو یا گدا، امیر ہو یا فقیر، دنیا دار ہو یا تارک الدنیا (ولی) چھوٹا ہو یا بڑا، پیر ہو یا پیغمبر سب کے سب ان چیزوں کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے

বঙ্গানুবাদ ঃ কিন্তু সূর্যের পক্ষে তা সম্ভব নয় যে, সে যে গতিতে চলছে তা পরিবর্তন করবে যে দিকে যাচ্ছিল ও দিক থেকে মুখ ঘুরিয়ে অন্যদিকে যেতে পারে। এতে প্রকাশ পায় যে, তার নিজের কোন ক্ষমতা নাই। যেমন করে আমরা একটি মেশিন চালিয়ে থাকি এবং যতক্ষণ পর্যন্ত বন্দ না করি ততক্ষণ সে কাজ করে যায় তদ্রূপ ইহাও একটি মেশিন যা কোন মহা শক্তি চালাচ্ছেন। যখন এই কথা, তখন এই সুন্দর দ্বীপ্তিমান সূর্যের যা আমাদের থেকেও অধিক দুর্বল। তার ক্ষমতা নেই যে, আমরা ঐ সব জিনিসের দাতা মেনে নেব, যা উপরে বর্ণিত হয়েছে। উপরের বর্ণনায় সুস্পষ্ট প্রকাশ পেলো যে, পৃথিবীতে কোন বস্তু এমন নেই যে, মানুষের সমতুল্য সম্মান রাখে এবং উহাদের দরকারী জিনিস সমূহ ব্যবস্থা করতে পারে। এতে তোমাদের মনে এ খেয়াল হবে যে, কোনও মানুষ এমনও থাকতে পারে, যারা আমাদের দরকারী ঐসব জিনিস সৃষ্টি করেছে। কিন্তু মনে রেখো! এ কথা সঠিক নয়। কেননা যেমন করে একটি মানুষ দুনিয়ার সম্পদের উপর নির্ভরশীল, ঐরূপ যত বড় কেউ হোক না কেন। পরনির্ভরশীলতা থেকে মুক্ত নয়। যেমন আমাদের তোমাদের বাতাস, পানি, আলো এবং অন্যান্য জিনিসগুলির দরকার। উহা ব্যতীত চলতেও পারি না। ঐরূপ বাদশাহ হোক বা ভিক্ষুক, আমীর হোক বা ফকির, দুনিয়াদারী (সংসারী) হোক, বা সংসার ত্যাগী (ওলী) হোক, ছোট হোক বা বড়ো, পীর হোক বা পয়গম্বর। সবাই ঐ সব জিনিস ব্যতীত বেঁচে থাকতে পারে না।

کسی کو اپنی جان پر اختیار نہیں کوئی اپنی عمر بڑھا نہیں سکتا۔ کوئی اپنے آپ کو مرنے سے بچا نہیں سکتا۔ پس اس صورت میں کوئی بھی آدمی اس قابل نہیں کہ ہم اسے اپنی ضرورت کی چیزوں کا بنا دینے والا سمجھ سکیں۔ پس ان پچھلے سبقوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ دنیا کی چیزیں نہ تو آپ بن گئی ہیں نہ دنیا کی مخلوق میں سے کسی نے بنائی ہیں۔ بلکہ وہ سب اسی قادر مطلق خدا کے بنانے سے بنی ہیں، اور اسی نے یہ نہایت ہی مفید چیزیں عطا کی ہیں، اس کے سوا کسی اور نے کچھ بھی نہیں کیا پس اس کی تعظیم، اس کی عزت سب سے بڑھ کر کرنی واجب ہے۔ اور مناسب نہیں کہ اس کے برابر اور کی تعظیم کریں۔ کیونکہ اور سب چیزیں اس سے ادنیٰ ہیں اور اسی کی بنائی ہوئی ہیں۔ خدائے پاک کی تعظیم کرنے کا نام عبادت یا بندگی یا پوجا ہے اور جیسا کہ اوپر بیان ہوا، اس کی سوا کوئی بھی اس لائق نہیں کہ اس کی عبادت کریں۔ پس تمہیں چاہئے کہ اللہ ہی کی عبادت کرو۔ اور اس کے علاوہ کسی اور کی ہرگز ایسی تعظیم نہ کرو جو خدا کی عبادت کے مشابہ ہو، جو لوگ ایسا کرتے ہیں وہ بڑے بے انصاف ہیں۔ خدا ان سے راضی نہیں، انہیں آخرت میں سخت عذاب ہوگا۔ کلام اللہ میں ہے لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ط ۵ (ترجمہ: اللہ کے ساتھ تو کسی اور کو خدا نہ بنا۔ ورنہ تو دوزخ میں ملامت کیا ہوا اور ڈھکیلا ہوا جائے گا۔)

বঙ্গানুবাদ ঃ কাহারও নিজের জীবন নিয়ন্ত্রণে নাই। কেউ নিজের বয়স বাড়াতে পারে না, কেউ নিজের মরণ থেকে বাঁচতে পারে না। অতএব, এমতাবস্থায় কোনও মানুষ তার যোগ্য নয় যে, আমরা তাকে নিজের জিনিসের প্রস্তুতকারী বুঝব! সুতরাং পূর্ব পাঠে প্রকাশ পেয়েছে যে, পৃথিবীর কোন বস্তু না নিজে নিজে তৈরি হয়েছে, না পৃথিবীর সৃষ্ট জীবের মধ্যে কেউ বানিয়েছে। বরং সকলের ক্ষমতাবান খোদাতায়ালা সৃষ্টি করেছেন এবং তিনি যথার্থই উপকৃত বস্তু দান করেছেন। তিনি ব্যতীত অন্য কেউ কিছুই করে নাই। তাকে ইজ্জত সম্মান অন্য সবার থেকে বেশি করা আবশ্যক এবং তার সমতুল্য অন্য কাউকেও সম্মান করা উচিত নয়। কেননা সমস্ত জিনিস তার কাছে সামান্য এবং তারই সৃষ্ট।

আল্লাহ পাকের সম্মান করার নাম ইবাদত বা বন্দেগী বা পুজা এবং যা উপরে বর্ণনা করা হয়েছে। তিনি ব্যতীত অন্য কেউ উপযুক্ত নাই যে, তাকে ইবাদত করবে। অতএব তোমাদের উচিত যে, আল্লাহকে ইবাদত করা এবং তিনি ব্যতীত অন্য কাউকেও কখনও এমন সম্মান না করা যা আল্লাহর ইবাদত সদৃশ হয়। যে সব মানুষ এ রকম করে তারা বড় অন্যায়কারী। আল্লাহ তাদের উপর সন্তুষ্ট না। তাদের পরকালে কঠিন সাজা হবে। পাক কালামে আছে, "আল্লাহর সাথে তুমি অন্য কাউকেও মা'বুদ বানিও না, তা হলে তুমি তিরস্কৃত ও নিন্দিত অবস্থায় জাহান্নামে নিক্ষিপ্ত হবে।"

۴۔ اللہ کی عبادت کیونکر کرنی چاہیئے: سب سے بڑی عبادت تو یہی ہے کہ آدمی اللہ کا ذکر کرتا رہے ہر ایک کام کرتے وقت اس سے ڈرتا رہے جیسا کہ کلام اللہ میں ہے۔ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا ط (اللہ کا بہت ہی ذکر کرو) وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ط (بے شک اللہ کا ذکر بہت ہی بڑی بات ہے) وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ط اور اللہ سے ڈرو، تاکہ تم بھلائی حاصل کرو، اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ط (بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے اسی کی عزت زیادہ ہے جو زیادہ ڈرنے والا پرہیزگار ہے) لیکن یہ عام احکام ہیں ان میں طریق عبادت کا ذکر نہیں سرکار ہمارے مال و دولت کی چور چکاروں سے حفاظت کرتی ہے، ہمارے فائدے کے لئے سڑکیں بناتی ہے، مدرسے اور ڈاک خانے کھولتی، مقدمے فیصل کرنے کو عدالتیں مقرر کرتی او ظالموں کو سزا دیتی ہے۔ اسی واسطے ہم اس کا حکم مانتے اور اس کے شکر گزار رہتے ہیں، جب کوئی حاکم ملتا ہے تو اس کی عزت کرتے ہیں، اس کے پاس جانے کو اپنا فخر سمجھتے ہیں، وہ جس بات کا حکم دے اس کے کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ مینھ برسے یا آندھی چلے، کڑاکے کی سردی ہو یا گرمی، بھوک لگے یا پیاس، مال خرچ کرنا پڑے یا سفر میں جانا ہو، کسی بات سے دریغ نہیں کرتے اور جس طرح بنے اس کی رضامندی حاصل کرتے ہیں پھر اس ساری سرکاروں سے بھی بڑی سرکار، سارے حاکموں سے بڑے حاکم،

(8) সব থেকে বড় ইবাদত এটাই যে, মানুষ সর্বদা আল্লাহর স্মরণ করতে থাকবে, প্রত্যেক কাজ করার সময় তাঁকে ভয় করবে। যেমন ঃ আল্লাহ্‌র পাক কালামে আছে, আল্লাহকে বেশী বেশী স্মরণ কর, নিঃসন্দেহে আল্লাহ্‌র স্মরণ অতি শ্রেষ্ঠ। আল্লাহকে ভয় কর তবে তুমি মুক্তি পাবে। নিঃসন্দেহে তোমাদের মধ্য থেকে সেই আল্লাহর নিকট বেশি সম্মানিত, যে বেশি আল্লাহকে ভয় করে এবং পরহেজগার। কিন্তু ইহা ব্যাপক আদেশ, এর মধ্যে ইবাদতের নিয়ম বলা নেই। সরকার আমাদের মালপত্র চোর চোট্টা থেকে হেফাজত করে, আমাদের উপকারের জন্য সড়ক তৈরি করে, শিক্ষা প্রতিষ্ঠান, ডাকঘর খোলে, মামলা নিষ্পত্তি করার জন্য আদালত নির্দিষ্ট করে, এবং অত্যাচারীকে শাস্তি দেয়। এজন্য আমরা তার হুকুম মানি, এবং তার কৃতজ্ঞতা প্রকাশ করি। যখন কেউ বিচারকের সাথে সাক্ষাত করে তখন তার সম্মান প্রদর্শন করে এবং তার কাছাকাছি হওয়াকে গর্ব মনে করে। তিনি যে আদেশ করেন তা পালন করার জন্য প্রস্তুত হয়ে যায়। বর্ষা হোক, অন্ধকার হোক, কড়া শীত বা গরম পড়ুক, ক্ষুধা বা পিপাসায় কাতর হোক, টাকা খরচ হোক, বা সফরে হোক, কোন ব্যাপারে কুণ্ঠাবোধ করে না এবং যে কোন প্রকারে তার সন্তুষ্টি অর্জন করে। অতঃপর ঐ সকল সরকারের বড় সরকার, সকল বিচারকের বড় বিচারক,

کل بادشاہوں کے شہنشاہ کے دربار کی حاضری اوراس کی رضامندی حاصل کرنی کیسی ضروری ہے۔ بے شک اس کی درگاہ میں مشرف ہونے اوراس کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے جان جائے یامال خرچ ہو، ہرگز دریغ نہیں کرنا چاہئے، بلکہ اس امر کے لئے کتنی ہی تکلیف کیوں نہ ہوضرور اٹھانی چاہئے۔لیکن اس کا بڑا فضل وکرم ہے کہ وہ ہم سے ایسی باتوں میں خاموش ہو جاتا ہے جن سے ہمیں چنداں تکلیف نہیں ہوتی، ان میں سے ایک عبادت ہے، جوچار طرح سے کی جاتی ہے،اول نماز، دوم روزہ، سوم زکوۃ، چہارم حج۔

نماز: خدائے تعالیٰ سب جگہ حاضروناظر ہے، اس لئے اس کے دربار میں بار پانے کے لئے کسی مکان کی تلاش کرنے کی ضرورت نہیں گھر بیٹھے ہوں یا سفر کر رہے ہوں، بیمار ہوں یا تندرست، بھوکے پیاسے ہوں یا پیٹ بھر کر کھایا پیا ہو، صاحب مال ہوں یا فقیر، ہر حالت میں اس کے دربار میں حاضر ہو سکتے ہیں، جس کا طریق یہ ہے کہ مقررہ قاعدہ کے مطابق ہر روز پانچ وقت نماز پڑھ لیا کریں

روزہ: جس طرح ہم اپنے ضروری کاموں میں کبھی تمام دن کھاتے پیتے کچھ نہیں، اسی طرح سال بھر میں ایک دفعہ ماہ رمضان کے سب روزے رکھیں۔اوردن بھر بھوک پیاس کا دکھ اٹھا کر اللہ کو یاد کر کے اس کی خوشنودی حاصل کریں۔

